شیطان کے اس گھر سے فرار ہونے کا تذکرہ' جس میں سورہ بقرہ کی تلاوت کی جاتی ہے ۸۱۵

شیاطین کا آیت الکرسی کی تلاوت سے احتراز کرنے کا تذکرہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان سے بچائے ۸۱۵

دجال سے بچنے کے لئے سورہ کہف کی دس آیات کی تلاوت کرنے کا تذکرہ ۸۱۵

اللہ تعالیٰ ہمیں اس (دجال) کے شر سے بچائے ۸۱۶

اس بات کا بیان' جن آیات کی تلاوت سے آدمی دجال کے فتنے سے محفوظ رہ سکتا ہے ۸۱۷

وہ سورہ کہف کی آخری دس آیات ہیں ۸۱۷

سورہ ملک کی تلاوت زیادہ کرنے کا حکم ہونا ۸۱۷

سورہ ملک کی تلاوت کرنے والے شخص کو حاصل ہونے والے ثواب (یعنی اس سورت کا اس شخص کے لئے دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ) ۸۱۸

جو شخص اپنے بستر پر جائے اسے سورہ کافرون کی تلاوت کرنے کا حکم ہونا ۸۱۹

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس فعل کا حکم دیا گیا ہے ۸۱۹

اللہ تعالیٰ نے سورہ اخلاص کی تلاوت کرنے والے شخص کو جو فضیلت عطا کی ہے ۸۲۰

اسے ایک تہائی قرآن کا اجر ملتا ہے' اس کا تذکرہ ۸۲۰

اس بات کے بیان کا تذکرہ' عرب اپنی لغت میں بعض اوقات فعل کی نسبت فعل کی طرف ہی کر دیتے ہیں جس طرح کبھی وہ فعل کی نسبت فاعل کی طرف کرتے ہیں اور دونوں صورتیں ایک جیسی ہیں ۸۲۰

سورۃ اخلاص سے محبت کرنے والے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کی محبت کے اثبات کا تذکرہ ۸۲۱

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا سورہ اخلاص سے اس طرح محبت کرنا کہ اس کی باقاعدگی سے تلاوت کرتا رہے' اسے یہ چیز جنت میں داخل کر دیتی ہے ۸۲۱

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قرأت کرنے والا شخص کوئی ایسی

AlHidayah - الهداية

عنوان	صفحہ
چیز قرأت نہیں کرتا	۸۲۱
جو سورۂ فلق کے مقابلے میں زیادہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچتی ہو	۸۲۲
اس بات کے بیان کا تذکرہ' قرأت کرنے والا شخص کوئی ایسی چیز تلاوت نہیں کرتا' جو سورہ فلق اور سورہ ناس کے ساتھ مشابہت رکھتی ہو	۸۲۲
ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی کے لئے اپنے اسباب میں معوذتین کی تلاوت مستحب ہے	۸۲۳
آدمی کے لئے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ' وہ قرآن کی تلاوت ایسی حالت میں کرے	۸۲۳
جب کہ اس نے اپنا سر اپنی بیوی کی گود میں رکھا ہو' اور وہ عورت حیض کی حالت میں ہو	۸۲۴
بے وضو شخص کے لئے اس بات کی اباحت کا تذکرہ' وہ قرآن کی تلاوت کرسکتا ہے' جبکہ وہ جنبی نہ ہو	۸۲۴
اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس شخص کو غلط فہمی ہوئی ہے' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا	۸۲۵
اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس شخص کو غلط فہمی ہوئی' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا	۸۲۵
اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے ان لوگوں کو یہ وہم ہو' جنہوں نے علم حدیث کو اس کے اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا گیا ہے روایت ان دو روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں	۸۲۶
باب 8: اذکار کے بارے میں روایات	۸۲۸
اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ بندے کا اپنے پروردگار کا بے وضو حالت میں ذکر کرنا جائز نہیں ہے	۸۲۹
اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے وہ عمل کیا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے	۸۲۹
اللہ تعالیٰ کے ان اسماء کا تذکرہ جنہیں شمار کرنے والا شخص (یعنی انہیں یاد کرنے والا شخص) جنت میں داخل ہوگا	۸۳۰
ان اسماء کا تفصیلی تذکرہ جنہیں یاد رکھنے والے شخص کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کردے گا	۸۳۱
اس بات کے بیان کا تذکرہ' پست آواز میں اپنے پروردگار کا ذکر اس سے افضل ہے کہ وہ اتنی بلند آواز میں ذکر کرے کہ دوسرا شخص اس کی آواز کو سن لے	۸۳۲
اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بندے کا پست میں ذکر کرنا اس سے افضل ہے کہ وہ یوں ذکر کرے کہ لوگ اسے سن سکیں	۸۳۳
اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ اس شخص کا تذکرہ ملکوت میں کرتا ہے' جو اپنے دل میں اللہ کا ذکر کرتا ہے' نیز اللہ تعالیٰ اس کے ہمراہ وہ اس شخص کا تذکرہ مقرب فرشتوں میں کرتا ہے	۸۳۳
ان روایات کا تذکرہ (جن کے مطابق) جب بندہ دل میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں میں مغفرت کے حوالے سے اس شخص کا تذکرہ کرتا ہے	۸۳۵
اللہ تعالیٰ کا اپنے فرشتوں کے سامنے اپنا ذکر کرنے والے شخص پر فخر کا اظہار کرنا جبکہ اس شخص نے ذکر کے ہمراہ غور و فکر کو بھی ساتھ ملایا ہو	۸۳۶
آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ تمام اوقات اور تمام اسباب میں باقاعدگی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہے	۸۳۷
اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا شخص جب اپنے ہونٹوں کو حرکت دیتا ہے' تو اس کی جلدی مغفرت ہونے کی امید کا تذکرہ	۸۳۸
اس بات کا تذکرہ' اس شخص کو جو عزت عطا کرے گا' جو دنیا میں اس کا ذکر کرتا تھا	۸۳۸

AlHidayah - الهداية

عنوان	صفحہ
آدمی کا اپنے پروردگار کا ذکر کرتے ہوئے بے خود ہو جانے کے مستحب ہونے کا تذکرہ	۸۳۹
اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اللہ تعالیٰ کے ذکر کو باقاعدگی کے ساتھ کرنا	۸۳۹
اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین اعمال میں سے ایک ہے....	۸۴۰
اس بات کا تذکرہ' جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہونے کے وقت اور آغاز میں اپنے پروردگار کا ذکر کر لیتا ہے' تو پھر آدمی کے گھر میں شیطان کو رہنے کی جگہ اور رات کا کھانا نہیں ملتا	۸۴۰
اس بات کے مستحسن ہونے کا تذکرہ' آدمی بکثرت **لا حول ولا قوۃ الا باللہ** پڑھا کرے کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک ہے	۸۴۰
اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ جب بھی بکثرت ''**لا حول ولا قوۃ الا باللہ**'' پڑھے گا تو جنت میں اس کی طرف سے زیادہ درخت لگ جائیں گے	۸۴۱
اس چیز کا تذکرہ' جو اپنے پڑھنے والے کو ہدایت دیتی ہے اور اس کے لئے کفایت کر لیتی ہے اور اس کے لئے بچاؤ (کا ذریعہ) بن جاتی ہے' جب آدمی وہ کلمہ اپنے گھر سے نکلتے ہوئے پڑھتا ہے	۸۴۱
جو شخص صور میں پھونک مارے جانے یعنی قیامت قائم ہونے کا انتظار کر رہا ہے اسے اس بات کا حکم ہے کہ وہ یہ پڑھے	۸۴۲
اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جن اشیاء میں نشوونما ہوتی ہے ان میں روح موجود نہیں ہوتی' جب تک وہ تر رہتی ہیں' وہ تسبیح پڑھتی رہتی ہیں	۸۴۳
اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو عطا کی ہے' جو اس کی تسبیح بیان کرتا ہے وہ یہ کہ وہ اس کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے اور اس کے لئے نیکیاں نوٹ کر دیتا ہے	۸۴۴
اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ نے اس شخص کو عطا کی ہے' جو اس کی پاکی بیان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے جنت میں کھجور کے درخت لگانے کا حکم دے دیتا ہے' تا کہ اس کی عزت افزائی ہو	۸۴۴
اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں حجاج صواف نامی راوی منفرد ہے	۸۴۵
اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی تعداد' اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر تسبیح بیان کرنے کا حکم کے ہونے کا تذکرہ	۸۴۵
تسبیح اور تحمید کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا آدمی کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دینے کا تذکرہ	۸۴۶
(اس تسبیح اور تحمید) کی تعداد متعین ہو	۸۴۶
اس تسبیح کا تذکرہ' جسے پڑھنا دن کے ہمراہ رات بھر اور رات کے ہمراہ دن بھر اپنے پروردگار کا ذکر کرنے سے افضل ہے	۸۴۷
اس تسبیح کا تذکرہ جس کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور قیامت کے دن اس کی وجہ سے آدمی کا میزان وزنی ہو گا	۸۴۸
اس تسبیح کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ آدمی کو آسمانوں کے وزن جتنا اجر و ثواب عطا کرتا ہے	۸۴۸
آدمی کے لئے بکثرت تسبیح، تحمید، تمجید، تہلیل اور تکبیر کہنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ	۸۴۹
یہ اُمید رکھتے ہوئے کہ اس کی وجہ سے قیامت کے دن اس کا میزان وزنی ہو گا	۸۴۹
اس بات کا بیان کہ آدمی کا یہ کہنا' جو ہم ذکر کر چکے ہیں' یہ اس کے لئے اس سے زیادہ بہتر ہے' جس بھی چیز پر بھی سورج طلوع ہوتا ہے' وہ اسے مل جائے	۸۵۰
اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ کلمات اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین کلمات میں سے ایک ہیں	۸۵۱

AlHidayah - الہدایۃ

عنوان	صفحہ
اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ کلمات بہترین کلمات میں سے ایک ہیں اور آدمی ان میں سے جس کے ذریعے بھی آغاز کرے تو کوئی نقصان نہیں ہوگا	۸۵۱
تسبیح، تحمید، تہلیل اور تکبیر اتنی تعداد میں کہنے کا تذکرہ' جو اس تعداد کے مطابق ہو جسے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور جسے اس نے پیدا کرنا ہے	۸۵۲
اللہ تعالیٰ کا بندے کے لئے' ہر تسبیح کے عوض میں صدقہ نوٹ کرنا اور اسی طرح تکبیر، تحمید اور تہلیل کے عوض میں بھی (صدقہ نوٹ کرنا)	۸۵۲
اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہم نے تسبیح' تحمید اور تہلیل اور تکبیر کے بارے میں' جو یہ چیز بیان کی ہے کہ یہ افضل' بہترین کلام ہے' تو اس میں آدمی کو کوئی حرج نہیں ہوگا کہ وہ ان میں سے جس سے چاہے آغاز کرے	۸۵۳
اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ کلمات جن کا ہم نے ذکر کیا ہے جس میں ''لا حول ولا قوۃ الا باللہ'' پڑھا جاتا ہے' تو یہ باقی رہ جانے والی نیکیوں کے ساتھ ہے	۸۵۴
اس بات کا حکم ہونا کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت والے کلمات کو اس کی تسبیح کے کلمات کے ساتھ ملا دیا جائے کیونکہ یہ چیز قیامت کے دن میزان کو وزنی کر دے گی	۸۵۴
اس بات کا مستحب ہونا کہ آدمی اپنی تسبیح وتہلیل، تقدیس کے کلمات کو انگلیوں کے پوروں پر شمار کرے کیونکہ ان سے حساب لیا جائے گا اور انہیں گویائی عطا کی جائے گی	۸۵۵
نبی اکرم ﷺ کا اس عمل کو اختیار کرنے کا تذکرہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے	۸۵۵
اللہ تعالیٰ کا اپنی حمد بیان کرنے والے شخص کو یہ فضیلت عطا کرنا کہ قیامت کے دن اسے میزان بھر کر اجر وثواب عطا کرے گا	۸۵۶
اللہ تعالیٰ کی حمد ایسے الفاظ میں کرنے کا تذکرہ' ان الفاظ کے ہمراہ اپنے پروردگار کی حمد بیان کرنے والے کے لئے اس کی مانند کلمات نوٹ کر لئے جاتے ہیں گویا کہ اس نے ایسا کیا ہے.	۸۵۶
اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنا' دعا میں سے سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور ''لا الہ الا اللہ'' پڑھنا ذکر میں سے سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے	۸۵۷
بندہ مسلمان کو اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد اس بات پر بیان کرے کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کی طرف اس کی رہنمائی کی ہے ایسا وہ اس وقت کرے' جب وہ کسی غیر اسلامی چیز کو یا کسی غیر مسلم کی قبر کو دیکھے	۸۵۸
ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی پر اللہ تعالیٰ کی حمد اس حوالے سے لازم ہوتی ہے کہ اس نے آدمی کو اس چیز سے بچایا ہے' جس سے منہ موڑ کر وہ شخص اس کی طرف آیا ہے	۸۵۹
اس تہلیل کی صفت کا تذکرہ (یعنی ان کلمات کا تذکرہ' جنہیں دس مرتبہ پڑھنے والے شخص کو اللہ تعالیٰ غلام آزاد کرنے کا ثواب عطا کرتا ہے)	۸۵۹
اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ اس طریقے کے مطابق ''لا الہ الا اللہ'' پڑھنے والے شخص کو غلام آزاد کرنے کا ثواب دیتا ہے' جبکہ آدمی اس میں زندگی اور موت کی نسبت اپنے خالق کی طرف کر لے	۸۶۰
ان کلمات کا تذکرہ' جب بندہ مسلم ان کلمات کو پڑھتا ہے' تو اس کا پروردگار اس کی تصدیق کرتا ہے	۸۶۱
اس بات کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے اسباب کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کر کے انہیں محفوظ کرے' ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر تکیہ نہ کرے	۸۶۲
ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کا مستحب ہونا اس چیز سے بچتے ہوئے کہ ان میں سے کچھ جگہیں قیامت کے دن حسرت کا	

AlHidayah - الهداية

عنوان	صفحہ

باعث نہ ہوں ۸۶۲

نبی اکرم ﷺ کا اس جگہ کی مثال بیان کرنا' جہاں اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے ۸۶۳

اور اس جگہ کی مثال بیان کرنا' جس میں اللہ کا ذکر نہیں کیا جاتا.. ۸۶۳

فرشتوں کا ان لوگوں کو ڈھانپ لینے کا تذکرہ' جو اللہ کا ذکر کرنے کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں' نیز ان لوگوں پر سکینت کا نازل ہونا ۸۶۴

اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں کی مغفرت کر دینا' جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں اور جو اس سے جنت مانگتے ہیں اور جہنم سے پناہ مانگتے ہیں ہم بھی اس سے پناہ مانگتے ہیں ۸۶۴

اس بات کا بیان کہ' جو شخص اللہ کا ذکر کرنے والوں کے ساتھ بیٹھتا ہے' تو اس شخص کے ان لوگوں کے ساتھ بیٹھنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کو بھی سعادت عطا کر دیتا ہے ۸۶۶

اللہ تعالیٰ کا بکثرت ذکر کرنے والے مردوں اور خواتین کا قیامت کے دن جنت کی طرف جاتے ہوئے' دیگر اطاعت گزاروں سے سبقت لے جانے کا تذکرہ ۸۶۷

اگر بندہ صبح اور شام کے وقت ''سبحان اللہ و بحمدہ'' متعین تعداد میں پڑھ لے' تو اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا بندے کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دینے کا تذکرہ ۸۶۸

اس چیز کا تذکرہ' جب انسان صبح کے وقت اسے پڑھ لے' تو قیامت کے دن اس شخص جیسا اجر و ثواب اور کسی کے پاس نہیں ہوگا ۸۶۸

اس چیز کا تذکرہ کہ جب آدمی صبح کے وقت اسے پڑھ لے' تو وہ شکر ادا کرنے والا شمار ہوگا ۸۶۹

اس چیز کا تذکرہ جس کی وجہ سے آدمی شام تک اچانک آنے والی بلا سے محفوظ رہتا ہے' جبکہ آدمی نے اسے صبح کے وقت پڑھ لیا ہو' اور جب شام کے وقت پڑھا ہو' تو صبح تک محفوظ رہتا ہے ۸۶۹

اس شخص کے لئے جنت واجب ہونے کا تذکرہ' جو یہ کہتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے کے راضی ہوں' اور اس کے ہمراہ' وہ اسلام اور نبی اکرم ﷺ سے رضامندی کا بھی اظہار کرتا ہے ۸۷۰

اس چیز کا تذکرہ' جب آدمی مصیبت کے وقت اسے پڑھ لے' تو پھر یہ امید کی جا سکتی ہے ۸۷۰

کہ وہ مصیبت اس سے زائل ہو جائے گی ۸۷۱

اس بات کا تذکرہ' جس شخص کو کوئی شدت یا پریشانی لاحق ہو' تو وہ تحمید کے ہمراہ ''لا الہ الا اللّٰہ'' پڑھے گا اور اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرے گا ۸۷۱

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا نام ''محمد'' ہے۔ آپ کی کنیت ''ابوحاتم'' ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا اسمِ منسوب ''تمیمی'' ہے' جو آپ کے جدِ امجد ''تمیم بن مر'' کی نسبت کی وجہ سے ہے' جن کا سلسلۂ نسب الیاس بن مضر پہ جا کر' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتا ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا دوسرا اسمِ منسوب ''بُستی'' ان کے آبائی شہر ''بست'' کی نسبت سے ہے۔ یہ مشہور تاریخی صوبے خراسان کے علاقے بجستان کا ایک شہر ہے۔ اور ہمارے زمانے میں یہ افغانستان کا حصہ ہے۔

یہ شہر 43 ہجری میں اسلامی سلطنت کا حصہ بنا تھا' جب عبدالرحمٰن بن سمرہ نے اسے فتح کیا تھا اور وہ اس سے آگے بڑھ کر کابل تک پہنچ گئے تھے۔

کسی تاریخی حوالے سے یہ بات واضح نہیں ہو پاتی کہ امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا سنِ پیدائش کیا ہے۔ تاہم اکثر مؤرخین کے نزدیک امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ 280 ہجری کے آس پاس پیدا ہوئے تھے۔ امام ذہبی نے یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے تیسری صدی ہجری کے اختتام پر علمِ حدیث کی طلب کا آغاز کیا تھا۔ مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے: اس وقت ان کی عمر 20 برس کے لگ بھگ تھی۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ علم حدیث کی طلب میں طویل اسفار کیے۔ انہوں نے اپنے وقت کے تمام بڑے شہروں میں جا کر وہاں موجود محدثین سے احادیث وروایات کا علم حاصل کیا۔ ان شہروں میں بجستان' ہرات' مرو' سنج' شاش' بخارا' نسا' نیشاپور' تہران' اہواز' بصرہ' کوفہ' موصل' رقہ' انطاکیہ' طرطوس' حمص' دمشق' بیروت' رملہ' بیت المقدس' مصر اور حجازِ مقدس شامل ہیں۔

امام ابنِ حبان رحمۃ اللہ علیہ کے مشائخ کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق دو ہزار سے زیادہ ہے۔ تاہم شعیب الارناؤط نے یہ بات تحریر کی ہے: امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں 21 مشائخ سے زیادہ احادیث روایت کی تھیں۔

امام ابن خزیمہ (301 روایات)' امام ابویعلیٰ موصلی (1174 روایات)' امام حسن بن سفیان خراسانی (815 روایات)' امام فضل بن حباب بجمی (732 روایات)' امام ابومحمد ازدی جو ابن شیرویہ کے نام سے معروف ہیں (463 روایات)' امام محمد لخمی عسقلانی (464 روایات)' امام ابوحفص بجیری سمرقندی (357 روایات)' امام ابومحمد عبداللہ مقدسی (313 روایات)' امام ابوبکر طائی منبجی (281 روایات)' امام ابواسحاق جرجانی (232 روایات)' امام ابوعباس سراج ثقفی (173 روایات)' امام ابوعروبہ حرانی

AlHidayah - الهداية

جزری (167 روایات)' امام حسین بن ادریس ہروی (136 روایات)' امام ابوعبداللہ سامی ہروی (112)' امام ابوجعفر نسوی (99 روایات)' امام ابوعلی رقی (90 روایات)' امام ابوالحسین رازی (91 روایات)' امام عبدان جوالیقی (73 روایات)' امام ابوجعفر تستری (75 روایات)' امام ابوعبداللہ بغدادی (70 روایات)' محدث اسحاق بُستی (69 روایات)۔

یہ وہ مشائخ ہیں جن سے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے زیادہ روایات نقل کی ہیں۔ ابن حبان کے باقی شیوخ میں سے زیادہ تر وہ حضرات ہیں جن سے انہوں نے 1 سے لے کر 60 تک روایات نقل کی ہیں۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے کے اکابر محدثین میں سے ایک تھے۔ یہی وجہ ہے کہ خلقِ کثیر نے ان سے استفادہ کیا۔ آپ کے مشہور تلامذہ کے اسماء درج ذیل ہیں:

(i) امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری (یہ مستدرک حاکم کے مصنف ہیں)

(ii) امام ابوالحسن علی دارقطنی (یہ سنن دارقطنی کے مصنف ہیں)

(iii) امام حافظ ابوعبداللہ محمد بن اسحاق عبدی (یہ کتاب معرفۃ الصحابہ کے مصنف ہیں)

(iv) امام محدث ابوالحسن محمد بن احمد زوزنی (انہوں نے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی ''صحیح'' روایت کی ہے)

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے کئی تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ جن میں سے مطبوعہ کتب کا اجمالی تذکرہ درج ذیل ہے:

(i) المسند الصحیح (یہ صحیح ابن ابن حبان کے نام سے معروف ہے)

(ii) الثقات (یہ ثقہ راویوں کے بارے میں ہے)

(iii) معرفۃ المجروحین (یہ صرف ضعیف اور متروک راویوں کے بارے میں ہے)۔

(iv) مشاہیر علماء الامصار (یہ 1600 اہلِ علم کے حالات پر مشتمل ہے)

(v) روضۃ العقلاء (یہ اخلاقیات کے بارے میں ہے)

علم حدیث کی تحصیل اور تعلیم کے حوالے سے بھرپور زندگی گزارنے کے بعد امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے شب جمعہ میں' 22 شوال المکرّم 354 ہجری میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ انہیں جمعے کی نماز کے بعد ان کے آبائی وطن ''بست'' میں سپردِ خاک کیا گیا۔

AlHidayah - الهداية

صحیح ابن حبان

علم حدیث کے اس عظیم مآخذ کے مصنف امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

فاضل مصنف نے اس کتاب کا نام "المسند الصحیح علی التقاسیم والانواع" تجویز کیا تھا۔

فاضل مصنف اس بات کے خواہش مند تھے کہ وہ احادیث کا ایسا مجموعہ ترتیب دیں' جس میں موضوعاتی تقسیم کو کسی نئے پہلو سے پیش کیا گیا ہوتا کہ علمِ حدیث کے طلباء اس کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے احادیث کو ان کے اصل مضمون کے حوالے سے یاد رکھیں۔

فاضل مصنف نے اپنی کتاب کا نام تجویز کرتے ہوئے لفظ "المسند" استعمال کیا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اس کتاب میں جو روایات منقول ہیں' ان کی سند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک جاتی ہے۔

کتاب کے نام میں استعمال ہونے والے لفظ "الصحیح" سے مراد یہ ہے: اس میں مذکور تمام روایات مستند طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

کتاب کے نام میں استعمال ہونے والے لفظ "التقاسیم والانواع" سے مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول احادیث کو پہلے ایک بنیادی قسم کے تحت تقسیم کیا گیا ہے اور پھر ان میں سے ہر ایک قسم کو متعدد ذیلی اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔

تقاسیم سے مراد بنیادی تقسیم اور انواع سے مراد ذیلی تقسیم ہے۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب کو پانچ بنیادی حصوں میں تقسیم کیا ہے:

(i) وہ روایات جن میں کسی کام کو کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔

(ii) وہ روایات جن میں کسی کام کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہو۔

(iii) وہ روایات جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔

(iv) وہ روایات جن میں مباح امور کا تذکرہ ہے۔

(v) وہ روایات جن میں ان افعال کا تذکرہ ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہیں۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح کے آغاز میں ایک مقدمہ تحریر کیا جس میں سے ان پانچ اقسام کی ذیلی اقسام کی وضاحت کی' یہ مقدمہ اس کتاب میں شامل ہے۔

AlHidayah - الهداية

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں احادیث نقل کرتے ہوئے جس اچھوتی طرز کو اختیار کیا ہے وہ سب سے الگ اور نمایاں ہے' لیکن اس کا دوسرا پہلو یہ ہے: عام قاری اس تقسیم کے تحت حدیث کو تلاش نہیں کرسکتا' کیونکہ وہ یہ اندازہ نہیں کرپاتا کہ اس کی مطلوبہ حدیث اُسے کہاں مل سکتی ہے؟ کیونکہ حدیث کو تلاش کرنا اسی وقت ممکن ہوسکتا ہے جب دیگر کتب ''صحاح'' و''سنن'' کی طرح کتاب کو فقہی حوالے سے مرکزی اور ذیلی ابواب میں تقسیم کیا جائے۔ اس طرح قاری ابواب کی فہرست دیکھ کے حدیث کو تلاش کرسکتا ہے۔

علمِ حدیث کے طلباء اور قارئین کی اسی مشکل کو محسوس کرتے ہوئے آٹھویں صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے ایک فاضل امیر علاؤالدین علی بن بلبان فارسی نے اس کتاب کو موضوعاتی ترتیب کے ساتھ' روایتی فقہی ابواب بندی کے ہمراہ مرتب کیا۔ انہوں نے احادیث ذکر کرنے سے پہلے مناسب تراجم ابواب تحریر کیے۔

ابن بلبان نے اپنی اس خدمت کو ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' کا نام دیا۔

آج دنیا میں زیادہ تر اسی کتاب کے نسخے ''صحیح ابن حبان'' کے طور پر شائع ہوتے ہیں' تاہم سرِ ورق پر یہ صراحت موجود ہوتی ہے کہ یہ کتاب اصل مصنف ابن حبان کی ترتیب کی بجائے ابن بلبان کی ترتیب کے مطابق ہے۔

ہمارے سامنے اس وقت اس کتاب کا جو نسخہ موجود ہے وہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت' لبنان سے 1418 ہجری بمطابق 1997 عیسوی میں شائع ہوا۔ یہ نسخہ 16 جلدوں پر مشتمل ہوا۔

اس نسخے کے متن کی تحقیق' احادیث کی تخریج اور تعلیق نگاری کی خدمت شیخ شعیب الارناؤط نے سرانجام دی ہے۔

فاضل محقق نے کتاب کے آغاز میں تفصیلی مقدمہ تحریر کیا ہے۔ انہوں نے کتاب کے مختلف قلمی نسخوں کا تعارف اور ان کے چند صفحات کے عکس بھی مقدمے میں شامل کیے ہیں۔

فاضل محقق نے ابن بلبان کی ترتیب والے نسخے اور اصل کتاب یعنی ''المسند الصحیح'' کے درمیان تقابل کیا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے جو تعلیقات تحریر کی ہیں' ان میں بہت سے فوائد ذکر کردیے ہیں اور کچھ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

ہم نے اپنی اس طباعت میں شیخ شعیب الارناؤط کی تخریج کو کسی مراجعت کے بغیر شامل کرلیا ہے۔ تاہم ان کی تعلیقات میں سے بعض اضافی چیزیں حذف کردی ہیں۔

اس کتاب کا مطبوعہ نسخہ ہمیں محترم ڈاکٹر راغب حسین نعیمی دامت برکاتہم العالیہ نے جامعہ نعیمیہ لاہور کی مرکزی لائبریری سے فراہم کیا۔ اس کے لیے ہم ان کے شکرگزار ہیں۔

پس نوشت: ''صحیح ابن حبان'' کے حوالے سے ایک اہم خدمت شیخ حافظ نورالدین علی بن ابوبکر ہیثمی نے سرانجام دی ہے' انہوں نے ''صحیح ابن حبان'' کی ان تمام روایات کو ایک جگہ اکٹھا کردیا ہے جو ''صحیحین'' پر زائد ہیں۔ انہوں نے کتاب کا نام ''موارد الظمآن علی زوائد ابن حبان'' تجویز کیا ہے۔ انہوں نے اس کتاب میں ''صحیح ابن حبان'' میں سے صرف وہ روایات نقل کی ہیں جو ''صحیح بخاری'' و''صحیح مسلم'' میں نہیں ہیں۔

محدث ابن بلبان رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام علی بن بلبان ہے۔ جبکہ سابقہ ولاحقہ کے ہمراہ آپ کا نام امیر علاؤالدین ابوالحسن علی بن بلبان بن عبداللہ فارسی مصری ہے۔

آپ 675 ہجری میں پیدا ہوئے۔ اپنے زمانے کے اکابر اہلِ علم سے استفادہ کیا۔ آپ کے مشہور اساتذہ میں سے ایک امام شرف الدین عبدالمؤمن بن خلف دمیاطی (متوفی 705 ہجری) ہیں۔ جو"المتجر الرابح" کے مصنف ہیں۔

ان کے علاوہ آپ کے دیگر مشائخ میں درج ذیل حضرات شامل ہیں:

(i) شیخ بہاؤالدین قاسم بن عساکر (متوفی 723 ہجری)

(ii) شیخ محمد بن علی محروسی خالدی' (متوفی 714 ہجری)

(iii) شیخ علی بن نصراللہ مصری (متوفی 712 ہجری)

(iv) حلب سے تعلق رکھنے والے اپنے وقت کے قطب عبدالکریم بن عبدالنور حنفی (متوفی 735 ہجری) شامل ہیں۔

ابن بلبان' فقہ حنفی کے پیروکار ہیں۔ انہوں نے علم فقہ اُس وقت کے شیخ حنفیہ فخر الدین عثمان بن ابراہیم ماردینی سے حاصل کیا' جو ابن ترکمانی کے نام سے مشہور ہیں۔ (انہوں نے سنن بیہقی پر اختلافی نوٹ تحریر کیے ہیں)۔

ابن بلبان کے علم فقہ میں دوسرے بڑے استاد شمس الدین ابوالعباس احمد سروجی حنفی ہیں۔

ابن بلبان' علم حدیث وفقہ کے ہمراہ علمِ نحو میں بھی بڑی مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنے زمانے کے عظیم نحودان ولغت دان امام ابوحیان اندلسی سے علمِ نحو میں استفادہ کیا جو قرآن پاک کی نحوی تفسیر "البحر المحیط" کے مصنف ہیں۔

ابن بلبان کے سوانح نگاروں نے یہ بات تحریر کی ہے کہ وہ ایک کثیر التصانیف بزرگ تھے اور ان کا طبعی میلان اس طرف زیادہ تھا کہ وہ طلباء کی سہولت کے لئے کوئی کام کریں۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی دقیق ترین تصنیف "المسند الصحیح علی التقاسیم الانواع" کو موضوعاتی ترتیب کے ساتھ مرتب کیا۔ بعض مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے کہ شیخ ابن بلبان نے امام طبرانی کی "معجم" کو بھی موضوعاتی ترتیب کے ساتھ مرتب کیا تھا۔

کیونکہ ابن بلبان ایک فقیہ بھی تھے' اس لئے انہوں نے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "الجامع الکبیر" کی ایک تلخیص کی شرح بھی تحریر کی' اس تلخیص کے مصنف کمال الدین خلاطی حنفی تھے۔ کشف الظنون کے مصنف نے یہ بات تحریر کی ہے کہ یہ ایک طویل اور بھرپور

شرح ہے۔

مؤرخین نے یہ بات بھی بیان کی ہے شیخ ابن بلبان نے نبی اکرم ﷺ کی سیرت پر بھی ایک کتاب تحریر کی تھی۔اس کے علاوہ انہوں نے حج کے احکام کے بارے میں ایک کتاب تحریر کی تھی' اس کے علاوہ انہوں نے ابن دقیق العید کی تصنیف ''الالمام'' کی تلخیص بھی تحریر کی تھی۔

ابن بلبان کا سب سے عظیم کارنامہ' جس نے انہیں زندہ و جاوید کر دیا' وہ ''صحیح ابن حبان'' کو موضوعاتی ترتیب پر مرتب کرنا ہے۔جس کا نام انہوں نے ''الاحسان'' تجویز کیا تھا۔یہ ان کا عظیم کارنامہ ہے۔انہوں نے اس کتاب کو کتب یعنی مرکزی ابواب اور ابواب یعنی ذیلی ابواب کی صورت میں تقسیم کیا ہے۔

شیخ ابن بلبان کا انتقال 9 شوال المکرم 739 ہجری میں کم وبیش 64 برس کی عمر میں ہوا۔اورانہیں مصر میں سپردِ خاک کیا گیا۔

اصطلاحاتِ حدیث

اس حقیقت سے ہر شخص آگاہ ہے کہ دنیا میں مختلف اشیاء سے واقفیت کے حصول کے لیے مختلف علوم وفنون ایجاد کیے گئے ہیں۔ عام طور پر کسی علم میں کسی شے کی حقیقت اور اس کے احوال زیر بحث لائے جاتے ہیں تاہم بعض اوقات کسی علم سے واقفیت اور شناسائی کا حصول آسان کرنے کے لیے مزید کسی علم کو ایجاد کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

علم حدیث وہ فن ہے جس میں اسلام کی تعلیمات کا بنیادی ماخذ یعنی نبی اکرم ﷺ کی شخصیت' احوال' فرامین وغیرہ کا ذکر کیا جاتا ہے لیکن اس فن کو سیکھنے کے کچھ خاص قواعد ہیں جنہیں ''علم اصول حدیث'' کا نام دیا گیا ہے۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے کسی زبان کو سیکھنے کے دو طریقے ہیں لسانیات یعنی زبان سے متعلق ادب کا مطالعہ اور قواعد یعنی اس زبان کی گرائمر کا علم' علم اصول حدیث کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اسی علم کے قواعد وضوابط کی روشنی میں کوئی محدث یا فقیہہ کسی حدیث کی استنادی حیثیت کا فیصلہ کرسکتا ہے۔

ابتدائی دو صدیوں کے دوران حدیث کی روایت کا زیادہ تر کام زبانی بیان تک محدود رہا' کوئی شخص اپنے استاد سے کوئی حدیث سُن کر اسے اپنے شاگردوں تک منتقل کردیتا تھا اس نقل کے دوران اس بات کا امکان موجود تھا کہ وہ راوی اپنی کسی فطری یا فکری کمزوری کے باعث حدیث کے الفاظ نقل کرنے میں کسی شعوری یا غیر شعوری غلطی یا غلط فہمی کا مرتکب ہو جاتا پھر یہ پہلو بھی قابلِ غور تھا کہ دوسری صدی ہجری میں بہت سے فرقے نمودار ہو چکے تھے جن میں سے بہت سے لوگوں نے اپنے باطل مزعومات کی تائید میں جھوٹی روایات ایجاد کر کے نبی اکرم ﷺ کی طرف منسوب کر کے بیان کرنا شروع کردی تھیں اس لیے صحیح اور غلط' مستند اور غیر مستند کے درمیان فرق کی وضاحت کے لیے محدثین نے اصولِ حدیث کا فن ایجاد کیا۔

''اصول حدیث'' کی تمام تر بحث تین امور کے گرد گھومتی ہے:

(i) سند (ii) متن (iii) راوی

ان تینوں موضوعات پر بحث کرنے سے پہلے ہم چند بنیادی قواعد کی وضاحت کریں گے۔

علم اصول حدیث کی تعریف

یہ وہ علم ہے جس کے ذریعے ایسے قواعد کی واقفیت حاصل کی جاتی ہے جن کی مدد سے کسی روایت کے متن یا اس کی سند کو قبول کرنے یا مسترد کرنے کا فیصلہ کیا جاسکے۔

علم اصول حدیث کا فائدہ

اس علم سے واقفیت کے نتیجے میں انسان صحیح اور غلط' مستند اور غیر مستند حدیث کے درمیان فرق کرسکتا ہے۔

سند: اس سے مراد راویوں کے اسماء کا وہ سلسلہ ہے جن کے وساطت سے حدیث نقل ہوئی ہے۔

AlHidayah - الهداية

متن: اس سے مرادوہ مضمون ہے جو نبی اکرم ﷺ یا کسی صحابی کے قول وفعل کے ذکر پر مشتمل ہو۔

سند کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم

سند کے اعتبار سے حدیث کی دو بنیادی قسمیں ہیں:

(i) متواتر (ii) غیر متواتر

غیر متواتر کی مزید تین ذیلی قسمیں ہیں:

(i) مشہور (ii) عزیز (iii) غریب

ذیل میں ہم تمام اقسام کی تعریفات بیان کریں گے۔

متواتر کی تعریف: متواتر کا لغوی معنی کسی چیز کا مسلسل اور لگا تار ہونا ہے اور محدثین کی اصطلاح میں ''متواتر'' ایسی حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند میں ہر طبقے میں اتنی کثیر تعداد میں راوی موجود ہوں کہ ان سب کا کسی جھوٹی بات کو نقل کرنے پر اتفاق کر لینا ناممکن ہو۔

اس تعریف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ خبر متواتر کے لیے تین چیزیں شرط ہیں:

(i) اس حدیث کے راوی کثیر تعداد میں ہوں۔

(ii) یہ کثرت تمام طبقات میں پائی جاتی ہو۔

(iii) ان سب کا کسی جھوٹی بات کو نقل کرنے پر متفق ہونا ناممکن ہو۔

خبر متواتر کا حکم: خبر متواتر کے ذریعے انسان کسی واقعہ کے بارے میں ایسا یقینی علم حاصل کر لیتا ہے جیسے اس نے بذاتِ خود اس کا مشاہدہ کیا ہو اس لیے خبر متواتر کے تمام راویوں کے حالات کا علم نہ بھی ہو تو بھی ایسی خبر کے ذریعے عمل واجب ہو جاتا ہے۔

غیر متواتر حدیث کی تین قسمیں ہیں:

(1) مشہور: محدثین کی اصطلاح میں ایسی حدیث کو مشہور کہا جاتا ہے جسے ہر زمانے میں کم از کم تین راوی روایت کریں اور کسی بھی طبقے میں راویوں کی تعداد تین سے کم نہ ہو۔ بعض محدثین نے یہاں ایک اور اصطلاح ''مستفیض'' کا بھی ذکر کیا ہے اس سے مراد کیا ہے؟ اس بارے میں محدثین کے دوران اختلاف پایا جاتا ہے بعض محدثین کے نزدیک یہ اصطلاح ''مشہور'' کے مترادف ہے جبکہ بعض دیگر محدثین کے نزدیک ان دونوں اصطلاحات کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت پائی جاتی ہے۔

(ii) عزیز: اس سے مراد وہ حدیث ہے جس کی سند کے اکثر طبقات میں کم از کم تین راوی ہوں اور کسی ایک یا ایک سے زیادہ طبقوں میں کم از کم دو راوی ہوں۔

بعض اہلِ علم نے عزیز کی یہ تعریف کی ہے کہ اس کی سند کے ہر طبقے میں کم از کم دو راوی موجود ہوں۔

(iii) غریب: اس سے مراد وہ روایت ہے جس کی سند کے کسی بھی ایک طبقے میں صرف ایک راوی ہو۔

بعض محدثین نے ایسی روایت کے لیے ''غریب'' کی بجائے ''فرد'' کی اصطلاح استعمال کی ہے۔

محدثین نے حدیثِ غریب کی دو قسمیں بیان کی ہیں:

(i) ایسی روایت جسے صرف ایک صحابی نے نقل کیا ہو اور سند کے بقیہ طبقات کے راویوں کی تعداد زیادہ ہو۔

(ii) ایسی روایت جس میں صحابی کے علاوہ کسی اور طبقے میں صرف ایک راوی موجود ہو۔

AlHidayah - الهداية

محدثین نے ''غریب'' حدیث کی ایک اور تقسیم کی بھی نشاندہی کی ہے۔

(i) اس ایک راوی نے جو سند یا متن نقل کیا ہے' وہ اس کے علاوہ کسی اور دوسرے راوی سے منقول نہ ہو' بلکہ وہ پہلا راوی اس روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو۔

(ii) اس ایک سند میں کسی ایک طبقے میں وہ اکیلا راوی ہو' تاہم وہی روایت کسی اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہو۔

''صحیح'' کی تعریف: اس سے مراد وہ حدیث ہے جس کی سند میں آغاز سے لے کر اختتام تک تمام راویوں کی کڑی متصل ہو' وہ تمام راوی عادل ہوں' ضابط ہوں اور اس حدیث کے متن میں کوئی شذوذ وعلت نہ ہو۔

''صحیح'' کا حکم: محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خبرِ صحیح پر عمل کرنا واجب ہے۔

ایک اہم اصول: اصول یہ ہے کہ بعض اوقات کوئی لفظ اپنے لغوی یا عرفی معنی میں استعمال ہوتا ہے پھر کسی ایک فن کے ماہرین اسے اپنی مخصوص اصطلاح میں استعمال کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی لفظ کو دو مختلف فنون کے ماہرین اپنی' اپنی مخصوص اصطلاح میں استعمال کرتے ہیں اس لیے یہ بات ہمیشہ پیشِ نظر رہے کہ ''صحیح'' محدثین کی مخصوص اصطلاح ہے اور اس سے مراد وہ حدیث ہے جس میں مذکورہ بالا پانچ شرائط پائی جاتی ہوں اگر محدثین کسی حدیث کے بارے میں یہ کہہ دیں کہ یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوگا کہ وہ حدیث ''غلط'' ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس حدیث میں مذکورہ بالا شرائط میں سے کوئی ایک یا چند ایک شرائط موجود نہیں ہیں۔

صحیح لغیرہ کی تعریف: اس سے مراد وہ حدیث ہوتی ہے جو درحقیقت ''حسن لذاتہ'' ہی ہو لیکن کسی اور سند کے ہمراہ منقول ہو جو پہلی سند کے برابر یا اس سے زیادہ مستند ہو۔ ایسی ''حسن لذاتہ'' حدیث کو ''صحیح لغیرہ'' کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بذاتِ خود صحیح نہیں ہوتی لیکن دوسری سند کی وجہ سے اس کی حیثیت مزید مستند ہو جاتی ہے۔

صحیح لغیرہ کا حکم: یہ حدیث صحیح لذاتہ سے کم اور حسن لذاتہ سے زیادہ مستند ہوتی ہے۔

''حسن'' کی تعریف: حسن اس حدیث کو کہتے ہیں جو صحیح اور ضعیف کی درمیانی حیثیت کی حامل ہو لیکن اس کی اصطلاحی تعریف کیا ہوگی؟ اس بارے میں محدثین کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے تاہم حافظ ابن حجر نے اس کی تعریف یوں کی ہے:

''جس روایت کے تمام راوی عادل ہوں' سند میں اتصال پایا جاتا ہو۔ نیز اس کے اندر کسی قسم کی کوئی علت یا شذوذ موجود نہ ہو تاہم اس کے کسی راوی کا ضبط (یادداشت) کمزور ہو تو ایسی حدیث کو ''حسن لذاتہ'' کہا جائے گا۔''

حسن لذاتہ کا حکم: اگرچہ تکنیکی اعتبار سے یہ روایت ''صحیح لذاتہ'' جتنی مستند تو نہیں ہوتی مگر دلیل اور ثبوت کے طور پر پیش کرنے کے حوالے سے یہ ''صحیح لذاتہ'' جتنی مستند ہے' یہی وجہ ہے کہ محدثین اور فقہاء اسے سند کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

حسن لغیرہ کی تعریف: اس سے مراد وہ ضعیف روایت ہے جو کئی اسناد کے ہمراہ منقول ہو تاہم اس ضعیف روایت کا ضعف راوی کے فسق یا کذب کی وجہ سے نہ ہو۔

حسن لغیرہ کا حکم: کیونکہ یہ حدیث مقبول ہی کی ایک قسم ہے اس لیے ایسی حدیث سے استدلال کرنا جائز ہے۔

ضعیف کی تعریف: وہ روایت جو کسی تکنیکی خامی کی وجہ سے کم از کم حسن کے مرتبے تک بھی نہ پہنچ سکے۔

ضعیف کا حکم: ضعیف روایت کے ذریعے کسی بنیادی عقیدے یا فقہی اعتبار سے کسی حلال یا حرام حکم کو ثابت نہیں کیا جا سکتا۔

AlHidayah - الهداية

نوٹ: یہاں یہ اصول پیشِ نظر رکھیں کہ کسی حدیث کے ضعیف ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ وہ سرے سے حدیث ہی نہیں ہے کیونکہ جو بات سرے سے حدیث ہی نہ ہو یعنی کسی نے اسے اپنی طرف سے ایجاد کر کے' گھڑ کر نبی اکرم ﷺ سے منسوب کر دیا ہو تو ایسی روایت کو محدثین کی اصطلاح میں ''موضوع'' کہا جاتا ہے۔

محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ضعیف روایت کو حدیث کے طور پر نقل کیا جا سکتا ہے البتہ موضوع روایت کو حدیث کے طور پر نقل کرنا جائز نہیں ہے۔ ترغیب وترہیب کے لئے' فضائل کے اظہار کے لیے' وعظ ونصیحت کے لیے' ضعیف روایات کو نقل کیا جا سکتا ہے۔

ضعیف کی اقسام: عام طور پر کسی روایت کے ضعف کا تعلق دو چیزوں سے ہوتا ہے:

(i) سند میں انقطاع آ جانا یعنی راویوں کی کڑی کا درمیان سے ٹوٹ جانا۔

(ii) کسی راوی میں کسی شخصی خامی کا موجود ہونا۔

(2) مرفوع کی تعریف: اس سے مراد وہ متن ہے جس میں نبی اکرم ﷺ کے کسی قول' فعل یا تقریر کا ذکر موجود ہو۔ مرفوع حدیث کی چار قسمیں ہیں:

(i) مرفوع قولی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کا کوئی قول مذکور ہو۔

(ii) مرفوع فعلی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کے کسی عمل کا ذکر موجود ہو۔

(iii) مرفوع تقریری: وہ متن جس میں اس بات کا ذکر موجود ہو کہ نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں کوئی کام کیا گیا اور آپ نے اس سے منع نہیں کیا۔

(iv) حدیث وصفی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کی کسی صفت کا ذکر ہو جیسے حسن و جمال' جود و سخا اور قوت و بہادری وغیرہ۔

(3) موقوف کی تعریف: اس سے مراد وہ متن ہے جو کسی صحابی یا تابعی کے قول و فعل یا تقریر پر مشتمل ہو' اس کی دو قسمیں ہیں:

(i) موقوفِ صحابی: وہ متن جس میں کسی صحابی کا قول' فعل یا عمل موجود ہو۔

(ii) موقوفِ تابعی: وہ متن جس میں کسی تابعی کا قول' فعل یا عمل موجود ہو۔

یہاں ایک بات نہایت ضروری ہے اور وہ یہ کہ بعض اوقات کوئی روایت بظاہر موقوف محسوس ہوتی ہے لیکن اگر دقت نظر سے جائزہ لیا جائے تو وہ درحقیقت حدیث مرفوع ہوتی ہے۔ محدثین کے نزدیک ایسی روایت لفظی طور پر موقوف لیکن معنوی اعتبار سے وہ مرفوع حکمی ہوتی ہے۔

اعتبار کی تعریف:

اگر کوئی راوی کسی روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو تو اس کی تائید میں کسی دوسرے راوی کی روایت تلاش کرنا۔

متابع کی تعریف:

وہ حدیث جو انفرادی طور پر منقول ہو تو اس کی تائید کے لیے کوئی ایسی روایت تلاش کرنا جو لفظی یا معنوی اعتبار سے اس حدیث کے ساتھ مطابقت رکھتی ہو۔ بشرطیکہ دونوں روایات کو روایت کرنے والے صحابی ایک ہی ہوں۔

شاہد کی تعریف:

وہ حدیث جو انفرادی طور پر منقول ہو اس کی تائید کے لیے کوئی ایسی روایت تلاش کی جائے جو اس حدیث کے ساتھ لفظی یا معنوی مشابہت رکھتی ہو البتہ دونوں روایات کو نقل کرنے والے صحابی مختلف ہوں۔

رَبِّ يَسِّرْ بِخَيْرٍ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا عَلَّمَ مِنَ الْبَيَانِ وَاَلْهَمَ مِنَ التِّبْيَانِ' وَتَمَّمَ مِنَ الْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ.

وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ الْاِتَّمَانِ الْاَكْمَلَانِ عَلٰى سَيِّدِ وُلْدِ عَدْنَانَ الْمَبْعُوْثِ بِاَكْمَلِ الْاَدْيَانِ' الْمَنْعُوْتِ فِى التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ' وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ' صَلَاةً دَآئِمَةً مَا كَرَّ الْجَدِيْدَانُ وَعُبِدَ الرَّحْمٰنُ.

وَبَعْدُ' فَاِنَّ مِنْ اَجْمَعِ الْمُصَنَّفَاتِ فِى الْاَخْبَارِ النَّبَوِيَّةِ' وَاَنْفَعِ الْمُؤَلَّفَاتِ فِى الْآثَارِ الْمُحَمَّدِيَّةِ' وَاَشْرَفِ الْاَوْضَاعِ' وَاَطْرَفِ الْاَبْدَاعِ: كِتَابَ "التَّقَاسِيْمِ وَالْاَنْوَاعِ

[1] لِلشَّيْخِ الْاِمَامِ' حَسَنَةِ الْاَيَّامِ حَافِظِ زَمَانِهٖ' وَضَابِطِ اَوَانِهٖ مَعْدَنِ الْاِتْقَانِ اَبِىْ حَاتِمٍ مُحَمَّدِ بْنِ حِبَّانَ' التَّمِيْمِيِّ الْبُسْتِيِّ شَكَرَ اللّٰهُ مَسْعَاهُ' وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ'

فَاِنَّهٗ لَمْ يُنْسَجْ لَهٗ عَلٰى مِنْوَالٍ' فِىْ جَمْعِ سُنَنِ الْحَرَامِ وَالْحَلَالِ لٰكِنَّهٗ لِبَدِيْعِ صُنْعِهٖ' وَمَنِيْعِ وَضْعِهٖ قَدْ عَزَّ جَانِبُهٗ' فَكَثُرَ مَجَانِبُهٗ' تَعَسَّرَ اِقْتِنَاصُ شَوَارِدِهٖ' فَتَعَذَّرَ الْاِقْتِبَاسُ مِنْ فَوَائِدِهٖ وَمَوَارِدِهٖ'

فَرَأَيْتُ اَنْ اَتَسَبَّبَ لِتَقْرِيْبِهٖ' وَاَتَقَرَّبَ اِلَى اللّٰهِ بِتَهْذِيْبِهٖ وَتَرْتِيْبِهٖ' وَاُسَهِّلَهٗ عَلٰى طُلَّابِهٖ' بِوَضْعِ كُلِّ حَدِيْثٍ فِىْ بَابِهٖ' الَّذِىْ هُوَ اَوْلٰى بِهٖ' لِيَؤُمَّهٗ مَنْ هَجَرَهٗ' وَيُقَدِّمَهٗ مَنْ اَهْمَلَهٗ وَاَخَّرَهٗ' وَشَرَعْتُ فِيْهِ مُعْتَرِفًا بِاَنَّ الْبِضَاعَةَ مُزْجَاةٌ' وَاَنْ لَّا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ' فَحَصَّلْتُهٗ فِىْ اَيْسَرِ مُدَّةٍ' وَجَعَلْتُهٗ عُمْدَةً لِلطَّلَبَةِ وَعُدَّةً'

فَاَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰهِ مَوْجُوْدًا بَعْدَ اَنْ كَانَ كَالْعَدَمِ مَقْصُوْدًا' كَنَارٍ عَلٰى اَرْفَعِ عَلَمٍ' مَعْدُوْدًا بِفَضْلِ اللّٰهِ مِنْ اَكْمَلِ النِّعَمِ قَدْ فُتِحَتْ سَمَاءُ يُسْرِهٖ فَصَارَتْ اَبْوَابًا وَزُحْزِحَتْ جِبَالُ عُسْرِهٖ فَكَانَتْ سَرَابًا وَقُرِنَ كُلُّ صِنْوٍ بِصِنْفِهٖ' فَاَضْحٰى اَزْوَاجًا' وَكُلُّ تِلْوٍ بِاَلِفِهٖ' فَضَاءَتْ سِرَاجًا وَّهَّاجًا' وَسَمَّيْتُهٗ:

الاحسان فى تقريب صحيح ابن حبان

---

[1] یہ خطبہ امیر علاؤ الدین علی بن بلبان فارسی (متوفی ۷۳۹ھ) کا تحریر کردہ ہے۔

وَاللّٰهَ اَسْاَلُ اَنْ يَّجْعَلَهٗ زَادًا لِحُسْنِ الْمَصِيْرِ اِلَيْهِ، وَعَتَادًا لِيُمْنِ الْقُدُوْمِ عَلَيْهِ، اِنَّهٗ بِكُلِّ جَمِيْلٍ كَفِيْلٌ، وَهُوَ حَسْبِىْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، وَهَا اَنَا اَذْكُرُ مُقَدَّمَةً تَشْتَمِلُ عَلٰى ثَلَاثَةِ فُصُوْلٍ:

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ: فِىْ ذِكْرِ تَرْجَمَتِهٖ لِيُعْرَفَ قَدْرُ جَلَالَتِهٖ.

وَالْفَصْلُ الثَّانِىْ: فِىْ نَصِّ خُطْبَتِهٖ، وَمَا نَصَّ عَلَيْهِ فِىْ غُرَّةِ دِيْبَاجَتِهٖ وَخَاتَمَتِهٖ، لِيُعْلَمَ مَضْمُوْنُ قَرَارِهٖ، وَمَكْنُوْنُ مَصُوْنِهٖ وَاَسْرَارِهٖ.

وَالْفَصْلُ الثَّالِثُ: فِىْ ذِكْرِ مَا رَتَّبَ عَلَيْهِ هٰذَا الْكِتَابُ مِنَ الْكُتُبِ وَالْفُصُوْلِ وَالْاَبْوَابِ قَصْدًا لِتَكْمِيْلِ التَّهْذِيْبِ وَتَسْهِيْلِ التَّقْرِيْبِ.

مقدمہ

(یہ مقدمہ علامہ ابن بلبان نے تحریر کیا ہے)

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' (اس بات پر کہ) اس نے ''بیان'' (بات کرنے) کا علم دیا ہے' اور تبیان (یعنی مافی الضمیر کو واضح طور پر بیان کرنے کی صلاحیت) عطا کی ہے' اس نے (ہم پر اپنا) جو فضل اور احسان مکمل کیا ہے۔

(ایسے) درود و سلام' جو پورے اور مکمل ہوں' وہ عدنان کی اولاد کے سردار' جنہیں سب سے کامل ترین دین کے ہمراہ مبعوث کیا گیا ہے' اور جن کا تذکرہ تورات' انجیل اور فرقان (یعنی قرآن مجید) میں ہے (یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ) پر نازل ہو' اور ان کی آل' ان کے اصحاب اور ان (آل اور اصحاب) کی احسان (بھلائی) کے ہمراہ پیروی کرنے والوں پر (درود نازل ہو) ایسا درود' جو (اس وقت تک نازل ہوتا رہے) جب تک دن و رات چلتے رہیں گے' اور جب تک ''رحمٰن'' کی عبادت کی جاتی رہے گی۔

(حمد و صلوٰۃ کے بعد) نبی اکرم ﷺ کے بارے میں روایات سے متعلق سب سے جامع تصنیف اور حضرت محمد ﷺ کے آثار کے بارے میں سب سے زیادہ فائدہ مند تالیف' جس میں سب سے عمدہ طریقہ اختیار کیا گیا اور سب سے مختلف طرز اختیار کی گئی' وہ کتاب ''التقاسیم والانواع'' ہے' جو شیخ' امام' ایام کی اچھائی' اپنے زمانے کے حافظ الحدیث' اپنے دور کے (روایات کے الفاظ کے) ضابط' اتقان کا معدن' ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو قبول کرے اور جنت کو ان کا ٹھکانہ بنا دے کیونکہ حرام اور حلال سے متعلق احادیث کو جمع کرنے کے حوالے سے' کوئی بھی (دوسرا مصنف) ان جیسے طریقے پر عمل پیرا نہیں ہوا۔ لیکن اس کتاب کی نرالی طرز اور مختلف اسلوب کے باوجود اس کا وجود کمیاب ہو گیا' اور اس سے لاتعلقی اختیار کی گئی۔ اس کے سرکش (شکار) کو قابو کرنا مشکل تھا' اس لیے اس کے فوائد اور موارد سے روشنی حاصل کرنا ممکن نہیں رہا۔ اس لیے میں نے یہ مناسب سمجھا کہ میں اسے قریب (یعنی آسان) کرنے کی کوشش کروں اور اس کی تہذیب و ترتیب کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنے کی کوشش کروں۔ میں اس کے طلبگاروں کے لئے اسے آسان کر دوں' یوں کہ اس کی ہر حدیث کو (اس حدیث کے موضوع سے متعلق مناسب) باب میں رکھ دوں' جو (باب موضوع کی مناسب کے حوالے سے) اس (حدیث) کے لئے زیادہ مناسب ہو' تاکہ جو شخص اس (کتاب) سے لاتعلقی اختیار کر چکا ہے وہ اس کو پیشوا بنا لے اور جس نے اسے پرے اور مؤخر کر دیا ہے وہ اسے مقدم کر لے۔ تو میں' (اپنے پاس) زادِ راہ کم ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے اس کام کا آغاز کیا (اور میں یہ بھی اعتراف کرتا ہوں) کہ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ میں نے (یہ مقصد) تھوڑی مدت میں ہی حاصل کر لیا۔ میں نے اسے (علم حدیث

AlHidayah - الھدایۃ

کے) طلباء کے لئے عمدہ اور تیاری (یعنی بنیادی ضرورت کا سامان) بنا دیا' تو اللہ تعالیٰ کی حمد ہے (کہ اس کے فضل کی وجہ سے) یہ کتاب موجود ہوگئی حالانکہ پہلے یہ معدوم کی مانند ہو چکی تھی اور (اب یہ کتاب) پہاڑ کی چوٹی پر رکھی ہوئی آگ کی مانند (لوگوں کا) مقصود بن چکی ہے؟ اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا شمار کامل ترین نعمتوں میں ہوتا ہے۔ اس کی آسانی کے آسمان کو کھول دیا گیا' تو وہ دروازے بن گیا' اس کی مشکل کے پہاڑوں کو ان کی جگہ سے ہٹا دیا گیا' تو وہ راستہ بن گئے' اس کی صنف (یعنی تصنیف) کے خوشوں کو ملایا گیا' تو وہ جوڑی دار بن گئے اور اس کے الف (یعنی تالیف) کے ہر تابع کو (مرتب کیا گیا)' تو وہ چمکتا ہوا سورج بن گیا۔

میں نے اس کا نام

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

(یعنی صحیح ابن حبان سے استفادہ آسان کرنے کے بارے میں بھلائی) تجویز کیا ہے۔

میں اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں اچھی حالت میں واپسی کے لئے زادِ راہ بنا دے اور اسے برکت کے ہمراہ اپنی بارگاہ میں حاضری کے لئے تیار کیا ہوا سامان بنا دے۔ بے شک وہ ہر اچھائی کے لئے کفیل ہے اور وہ میرے لئے کافی ہے' اور وہ بہترین کارساز ہے۔

میں یہاں ایک مقدمہ تحریر کروں گا' جو تین فصول پر مشتمل ہوگا۔

پہلی فصل: ان (یعنی ابن حبان) کے حالات کے بارے میں ہوگی' تاکہ ان کی قدر و منزلت کا پتہ چل سکے۔

دوسری فصل: میں ان کا تحریر کردہ خطبہ ہوگا اور انہوں نے اپنے دیباچے کے آغاز اور اختتام پر جو کچھ تحریر کیا وہ سب ہوگا' تاکہ ان کے مقرر کردہ مضمون اور اس کے فوائد و اسرار کا علم حاصل ہو سکے۔

تیسری فصل: اس بات پر مشتمل ہوگی کہ اس کتاب کو ان کتب و فصول و ابواب پر مرتب کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے: تہذیب کی تکمیل ہو جائے اور استفادہ کرنا آسان ہو جائے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

اَقُوْلُ وَبِاللهِ التَّوْفِيْقِ هُوَ الْإِمَامُ الْعَالِمُ الْفَاضِلُ الْمُتْقِنُ الْمُحَقِّقُ الْحَافِظُ الْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ بْنُ حِبَّانَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حِبَّانَ بِكَسْرِ الْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ وَبِالْبَاءِ الْمُوَحَّدَةِ فِيْهِمَا ابْنِ مُعَاذِ بْنِ مَعْبَدٍ بِالْبَاءِ الْمُوَحَّدَةِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ سَهِيْدٍ بِفَتْحِ السِّيْنِ الْمُهْمَلَةِ وَكَسْرِ الْهَاءِ وَيُقَالُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ هَدِيَّةَ بِفَتْحِ الْهَاءِ وَكَسْرِ الدَّالِ وَتَشْدِيْدِ الْيَاءِ آخِرِ الْحُرُوْفِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ سَعْدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ مُرَّةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ دَارِمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ زَيْدِ مَنَاةِ بْنِ تَمِيْمِ بْنِ مُرِّ بْنِ اُدِّ بْنِ طَابِخَةَ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ مُضَرِ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنَانَ اَبُوْ حَاتِمٍ التَّمِيْمِيُّ الْبُسْتِيُّ الْقَاضِيُّ اَحَدُ الْاَئِمَّةِ الرَّحَّالِيْنَ وَالْمُصَنِّفِيْنَ.

ذَكَرَهُ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ كَانَ مِنْ اَوْعِيَةِ الْعِلْمِ فِي اللُّغَةِ وَالْفِقْهِ وَالْحَدِيْثِ وَالْوَعْظِ مِنْ عُقَلَاءِ الرِّجَالِ وَكَانَ قَدِمَ نِيْسَابُوْرَ فَسَمِعَ بِهَا مِنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شِيْرَوَيْهِ ثُمَّ اَنَّهُ دَخَلَ الْعِرَاقَ فَاَكْثَرَ عَنْ اَبِي خَلِيْفَةَ الْقَاضِيِّ وَاَقْرَانِهِ وَبِالْاَهْوَازِ وَبِالْمُوْصِلِ وَبِالْجَزِيْرَةِ وَبِالشَّامِ وَبِمِصْرَ وَبِالْحِجَازِ وَكَتَبَ بِهَرَاةٍ وَمَرْوٍ وَبُخَارِى.

وَرَحَلَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ وَاَكْثَرَ عَنْهُ وَرَوٰى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سُفْيَانَ وَاَبِيْ يَعْلَى الْمُوْصِلِيِّ.

ثُمَّ صَنَّفَ فَخَرَجَ لَهُ مِنَ التَّصْنِيْفِ فِي الْحَدِيْثِ مَا لَمْ يُسْبَقْ اِلَيْهِ وَوَلِيَ الْقَضَاءَ بِسَمَرْقَنْدَ وَغَيْرِهَا مِنَ الْمُدُنِ بِخُرَاسَانَ ثُمَّ وَرَدَ نِيْسَابُوْرَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثُ مِائَةٍ وَخَرَجَ اِلَى الْقَضَآءِ اِلٰى نَسَا وَغَيْرِهَا وَانْصَرَفَ اِلَيْنَا سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَلَاثِيْنَ فَاَقَامَ بِنِيْسَابُوْرَ وَبَنَى الْخَانَقَاهَ وَسَمِعَ مِنْهُ خَلْقٌ كَثِيْرٌ.

رَوٰى عَنْهُ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ وَاَبُوْ عَلِيٍّ مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَالِدِ الْهَرَوِيُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَلْمٍ وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ النُّوْقَاتِيُّ وَاَبُوْ مُعَاذٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ رِزْقٍ السِّجِسْتَانِيُّ وَاَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الزُّوْزَنِيُّ.

وَقَالَ اَبُوْ سَعْدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ الْاِدْرِيْسِيُّ اَبُوْ حَاتِمٍ الْبُسْتِيُّ كَانَ مِنْ فُقَهَاءِ النَّاسِ وَحُفَّاظِ الْاٰثَارِ الْمَشْهُوْرِيْنَ فِي الْاَمْصَارِ وَالْاَقْطَارِ عَالِمًا بِالطِّبِّ وَالنُّجُوْمِ وَفُنُوْنِ الْعُلُوْمِ اَلَّفَ الْمُسْنَدَ الصَّحِيْحَ وَالتَّارِيْخَ وَالضُّعَفَآءَ وَالْكُتُبَ الْمَشْهُوْرَةَ فِي كُلِّ فَنٍّ وَفَقَّهَ النَّاسَ بِسَمَرْقَنْدَ ثُمَّ تَحَوَّلَ اِلٰى بُسْتٍ ذَكَرَهُ عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ سَعِيْدٍ فِي الْبُسْتِيِّ.

وَذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ وَقَالَ وَكَانَ ثِقَةً ثَبْتًا فَاضِلًا فَهِمًا.

AlHidayah - الهداية

وَذَكَرَهُ الْاَمِيْرُ فِيْ حِبَّانَ بِكَسْرِ الْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ وَلِيَ الْقَضَاءَ بِسَمَرْقَنْدَ وَكَانَ مِنَ الْحُفَّاظِ الْاَثْبَاتِ.

تَوَفِّي بِسَجِسْتَانَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ لِثَمَانِ لَيَالٍ بَقِيْنَ مِنْ شَوَّالٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ وَقِيْلَ بِبُسْتٍ فِيْ دَارِهِ الَّتِيْ هِيَ الْيَوْمَ مَدْرَسَةٌ لِاَصْحَابِهِ وَمَسْكَنٌ لِلْغُرَبَاءِ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ بِهَا مِنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَالْمُتَفَقِّهَةِ مِنْهُمْ وَلَهُمْ جَرَايَاتٌ يَسْتَنْفِقُوْنَهَا وَفِيْهَا خِزَانَةُ كُتُبٍ.

فصل اوّل

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف

از-ابن بلبان

میں یہ کہتا ہوں وہ امام عالم' فاصل' متقن' محقق' حافظ' علامہ محمد بن حبان بن احمد بن حبان (اس میں ح پر زیر ہے اور اس کے بعد ب ہے) ابن معاذ بن معبد (یہ ب کے ساتھ ہے) بن سعید بن سہید (اس میں سین پر زبر اور ہ پر زیر ہے)' اور ایک قول کے مطابق بن معبد بن ہدیہ (اس میں ہ پر زبر اور ی پر شد ہے) بن مرہ بن سعد بن یزید بن مرہ بن زید بن عبداللہ بن دارم بن مالک بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم بن مر بن اد بن طابخہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ابو حاتم تمیمی بستی ہیں۔ یہ قاضی تھے اور (علم حدیث کی طلب میں) سفر کرنے والے (اور علم حدیث کے موضوع پر) تصنیف کرنے والے ائمہ میں سے ایک ہیں۔

امام ابوعبداللہ حاکم نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے یہ لغت، فقہ، حدیث، وعظ میں بھرپور مہارت رکھتے تھے۔

انتہائی سمجھ دار تھے یہ نیشا پور تشریف لائے تھے۔ انہوں نے عبداللہ بن شیرویہ سے احادیث کا سماع کیا پھر یہ عراق تشریف لے گئے اور ابوخلیفہ قاضی اور ان کے معاصرین سے بکثرت روایات نقل کیں۔

انہوں نے اہواز، موصل، جزیرہ، شام، مصر، حجاز میں (مختلف محدثین سے احادیث کا سماع کیا)

انہوں نے مرو اور بخارا میں احادیث نوٹ کیں۔

یہ عمر بن محمد بن بجیر کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے بکثرت روایات نقل کیں۔

انہوں نے حسن بن سفیان اور (مسند ابویعلیٰ کے مصنف) ابویعلیٰ موصلی سے بھی روایات نقل کی ہیں۔

پھر اس کے بعد انہوں نے تصانیف کا آغاز کیا اور علم حدیث میں ایسی تصنیف پیش کی جس کی مثال پہلے نہیں آئی تھی۔

یہ سمرقند اور خراسان کے دوسرے شہروں کے قاضی بھی رہے' پھر یہ 334ھ میں نیشا پور تشریف لے آئے' یہ نساء اور دیگر علاقوں کے قاضی بن کر فرائض سرانجام دینے کے لئے نیشا پور سے چلے گئے اور پھر یہ واپس 337ھ میں نیشا پور تشریف لے آئے اور وہیں قیام اختیار کیا' وہاں انہوں نے خانقاہ بنائی' وہاں ان سے ایک بڑی تعداد میں لوگوں نے احادیث کا سماع کیا۔

ان سے احادیث روایت نقل کرنے والوں میں (مستدرک حاکم کے مصنف) امام ابوعبداللہ حاکم، ابوعلی منصور بن عبداللہ بن خالد ہروی، ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن سلم، ابوبکر محمد بن احمد بن عبداللہ نوقانی، ابو معاذ عبدالرحمٰن بن محمد بن علی بن رزق

AlHidayah - الهداية

بجستانی، ابوالحسن محمد بن احمد بن محمد زوزنی شامل ہیں۔

شیخ ابوسعد عبدالرحمٰن بن احمد ادریسی فرماتے ہیں: ابوحاتم بستی اکابر فقہاء میں سے ایک تھے' وہ آثار کے بڑے حافظ تھے اور مشہور ومعروف شخصیت کے مالک تھے۔

وہ طب اور نجوم کا علم رکھتے تھے، مختلف علوم کے ماہر تھے' انہوں نے ایک ''مسند صحیح'' تالیف کی ہے۔

اس کے علاوہ تاریخ لکھی ہے۔

ضعیف راویوں کے بارے میں کتاب لکھی ہے اور ہر فن کے بارے میں مشہور کتابیں تصنیف کی ہیں۔

انہوں نے سمرقند میں لوگوں کو فقہ کی تعلیم دی' پھر وہ ''بست'' واپس تشریف لے گئے۔

عبدالغنی بن سعید نے ان کا تذکرہ ''بُستی'' میں کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے: یہ ثقہ، ثبت، فاضل اور سمجھ دار تھے۔

امیر نے حبان میں ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ کہا ہے: یہ سمرقند کے قاضی بنے تھے اور یہ حفاظ اور اثبات میں سے تھے (یعنی حافظ الحدیث اور ثبت تھے)

ان کا انتقال جمعہ کی رات 22 شوال المکرّم 354ھ میں بجستان میں ہوا۔

ایک قول یہ ہے: ان کا انتقال ''بست'' میں ان کے اس گھر میں ہوا' جہاں آج ان کے شاگردوں کا مدرسہ ہے۔

اور وہ مسافروں کا مسکن ہے' جہاں وہ علم حدیث سیکھنے کے لئے قیام کرتے ہیں اور علم فقہ سیکھنے کے لئے قیام کرتے ہیں۔

ان لوگوں کے لئے وظائف مقرر ہیں جہاں سے وہ خرچ حاصل کرتے ہیں اور وہاں کتابوں کا خزانہ ہے۔

الفصل الثّانیّ

(مقدمة ابن حبان فی صحیحه)

(یہ وہ مقدمہ ہے جو امام ابن حبان نے اپنی تصنیف ''المسند الصحیح علی التقاسیم والانواع'' کے آغاز میں تحریر کیا)

قَالَ رَحِمَهُ اللهُ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُسْتَحِقِّ الْحَمْدَ لِآلَائِهِ الْمُتَوَحِّدِ بِعِزِّهٖ وَكِبْرِيَائِهِ الْقَرِيْبِ مِنْ خَلْقِهٖ فِیْ اَعْلٰی عُلُوِّهٖ الْبَعِيْدِ مِنْهُمْ فِیْ اَدْنٰی دُنُوِّهٖ الْعَالِمِ بِكَنِيْنِ مَكْنُوْنِ النَّجْوٰی وَالْمُطَّلِعِ عَلٰی اَفْكَارِ السِّرِّ وَاَخْفٰی وَمَا اسْتَجَنَّ تَحْتَ عَنَاصِرِ الثَّرٰی وَمَا جَالَ فِيْهِ خَوَاطِرُ الْوَرٰی الَّذِیْ ابْتَدَعَ الْاَشْيَاءَ بِقُدْرَتِهٖ وَذَرَاَ الْاَنَامَ بِمَشِيَّتِهٖ مِنْ غَيْرِ اَصْلٍ عَلَيْهِ افْتُعِلَ وَلَا رَسْمٍ مَرْسُوْمٍ امْتُثِلَ ثُمَّ جَعَلَ الْعُقُوْلَ مَسْلَكًا لِذَوِی الْحِجَا وَمَلْجَاً فِیْ مَسَالِكِ اُولِی النُّهٰی وَجَعَلَ اَسْبَابَ الْوُصُوْلِ اِلٰی كَيْفِيَّةِ الْعُقُوْلِ مَا شَقَّ لَهُمْ مِّنَ الْاَسْمَاعِ وَالْاَبْصَارِ وَالتَّكَلُّفِ لِلْبَحْثِ وَالْاِعْتِبَارِ فَاَحْكَمَ لَطِيْفَ مَا دَبَّرَ وَاَتْقَنَ جَمِيْعَ مَا قَدَّرَ.

ثُمَّ فَضَّلَ بِاَنْوَاعِ الْخِطَابِ اَهْلَ التَّمْيِيْزِ وَالْاَلْبَابِ ثُمَّ اخْتَارَ طَائِفَةً لِصَفْوَتِهٖ وَهَدَاهُمْ لُزُوْمَ طَاعَتِهٖ مِنْ اِتِّبَاعِ سُبُلِ الْاَبْرَارِ فِیْ لُزُوْمِ السُّنَنِ وَالْآثَارِ فَزَيَّنَ قُلُوْبَهُمْ بِالْاِيْمَانِ وَاَنْطَقَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْبَيَانِ مِنْ كَشْفِ اَعْلَامِ دِيْنِهٖ وَاتِّبَاعِ سُنَنِ نَبِيِّهٖ بِالدُّؤُوْبِ فِی الرِّحَلِ وَالْاَسْفَارِ وَفِرَاقِ الْاَهْلِ وَالْاَوْطَارِ فِیْ جَمْعِ السُّنَنِ.

وَرَفْضِ الْاَهْوَاءِ وَالتَّفَقُّهِ فِيْهَا بِتَرْكِ الْآرَاءِ فَتَجَرَّدَ الْقَوْمُ لِلْحَدِيْثِ وَطَلَبُوْهُ وَرَحَلُوْا فِيْهِ وَكَتَبُوْهُ وَسَاَلُوْا عَنْهُ وَاَحْكَمُوْهُ وَذَاكَرُوْا بِهٖ وَنَشَرُوْهُ وَتَفَقَّهُوْا فِيْهِ وَاَصَّلُوْهُ وَفَرَّعُوْا عَلَيْهِ وَبَذَلُوْهُ وَبَيَّنُوا الْمُرْسَلَ مِنَ الْمُتَّصِلِ وَالْمَوْقُوْفَ مِنَ الْمُنْفَصِلِ وَالنَّاسِخَ مِنَ الْمَنْسُوْخِ وَالْمُحْكَمَ مِنَ الْمَفْسُوْخِ وَالْمُفَسَّرَ مِنَ الْمُجْمَلِ وَالْمُسْتَعْمَلَ مِنَ الْمُهْمَلِ وَالْمُخْتَصَرَ مِنَ الْمُتَقَصّٰی وَالْمَلْزُوْقَ مِنَ الْمُتَفَصّٰی وَالْعُمُوْمَ مِنَ الْخُصُوْصِ وَالدَّلِيْلَ مِنَ الْمَنْصُوْصِ وَالْمُبَاحَ مِنَ الْمَزْجُوْرِ وَالْغَرِيْبَ مِنَ الْمَشْهُوْرِ وَالْفَرْضَ مِنَ الْاِرْشَادِ وَالْحَتْمَ مِنَ الْاِيْعَادِ وَالْعُدُوْلَ مِنَ الْمَجْرُوْحِيْنَ وَالضُّعَفَاءَ مِنَ الْمَتْرُوْكِيْنَ وَكَيْفِيَّةَ الْمَعْمُوْلِ وَالْكَشْفَ عَنِ الْمَجْهُوْلِ وَمَا حُرِّفَ عَنِ الْمَخْزُوْلِ وَقُلِبَ مِنَ الْمَنْحُوْلِ مِنْ مُخَايَلِ التَّدْلِيْسِ وَمَا فِيْهِ مِنَ التَّلْبِيْسِ حَتّٰی حَفِظَ اللّٰهُ بِهِمُ الدِّيْنَ عَلَی الْمُسْلِمِيْنَ وَصَانَهٗ عَنْ ثَلْبِ الْقَادِحِيْنَ وَجَعَلَهُمْ عِنْدَ التَّنَازُعِ اَئِمَّةَ الْهُدٰی وَفِی النَّوَازِلِ مَصَابِيْحَ الدُّجٰی فَهُمْ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ وَمَاْنَسُ الْاَصْفِيَاءِ وَمَلْجَاُ الْاَتْقِيَاءِ وَمَرْكَزُ الْاَوْلِيَاءِ .

فَلَهُ الْحَمْدُ عَلٰی قَدْرِهٖ وَقَضَائِهٖ وَتَفَضُّلِهٖ بِعَطَائِهٖ وَبِرِّهٖ وَنِعْمَائِهٖ وَمَنِّهٖ بِآلَائِهٖ.

وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا الَّذِى بِهِدَايَتِهٖ سَعِدَ مَنِ اهْتَدٰى وَبِتَايِيْدِهٖ رَشَدَ مَنِ اتَّعَظَ وَارْعَوٰى وَبِخِذْلَانِهٖ ضَلَّ مَنْ زَلَّ وَغَوٰى وَحَادَ عَنِ الطَّرِيْقَةِ الْمُثْلٰى.

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الْمُصْطَفٰى وَرَسُوْلُهُ الْمُرْتَضٰى بَعَثَهُ اِلَيْهِ دَاعِيًا وَاِلٰى جَنَانِهٖ هَادِيًا فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَزْلَفَهُ فِى الْحَشْرِ لَدَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ.

اَمَّا بَعْدُ! فَاِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنْتَخَبَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ وَلِيًّا وَبَعَثَهُ اِلٰى خَلْقِهٖ نَبِيًّا لِيَدْعُوا الْخَلْقَ مِنْ عِبَادَةِ الْاَشْيَاءِ اِلٰى عِبَادَتِهٖ وَمِنْ اِتِّبَاعِ السُّبُلِ اِلٰى لُزُوْمِ طَاعَتِهٖ حَيْثُ كَانَ الْخَلْقُ فِىْ جَاهِلِيَّةٍ جَهْلَاءَ وَعَصَبِيَّةٍ مُضِلَّةٍ عُمْيَاءَ يَهِيْمُوْنَ فِى الْفِتَنِ حَيَارٰى وَيَخُوْضُوْنَ فِى الْاَهْوَاءِ سُكَارٰى يَتَرَدَّدُوْنَ فِىْ بِحَارِ الضَّلَالَةِ وَيَجُوْلُوْنَ فِىْ اَوْدِيَةِ الْجَهَالَةِ شَرِيْفُهُمْ مَغْرُوْرٌ وَوَضِيْعُهُمْ مَقْهُوْرٌ.

فَبَعَثَهُ اللّٰهُ اِلٰى خَلْقِهٖ رَسُوْلًا وَجَعَلَهُ اِلٰى جَنَانِهٖ دَلِيْلًا فَبَلَّغَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ رِسَالَاتِهٖ وَبَيَّنَ الْمُرَادَ عَنْ آيَاتِهٖ وَاَمَرَ بِكَسْرِ الْاَصْنَامِ وَدَحْضِ الْاَزْلَامِ حَتّٰى اَسْفَرَ الْحَقُّ عَنْ مَحْضِهٖ وَاَبْدَى اللَّيْلُ عَنْ صُبْحِهٖ وَانْحَطَّ بِهٖ اَعْلَامُ الشِّقَاقِ وَانْهَشَمَ بِهٖ بَيْضَةُ النِّفَاقِ.

وَاِنَّ فِىْ لُزُوْمِ سُنَّتِهٖ تَمَامَ السَّلَامَةِ وَجِمَاعَ الْكَرَامَةِ لَا تُطْفَاُ سُرُجُهَا وَلَا تُدْحَضُ حُجَجُهَا مَنْ لَزِمَهَا عُصِمَ وَمَنْ خَالَفَهَا نَدِمَ اِذْ هِىَ الْحِصْنُ الْحَصِيْنُ وَالرُّكْنُ الرَّكِيْنُ الَّذِىْ بَانَ فَضْلُهُ وَمَتُنَ حَبْلُهُ مَنْ تَمَسَّكَ بِهٖ سَادَ وَمَنْ رَامَ خِلَافَهُ بَادَ فَالْمُتَعَلِّقُوْنَ بِهٖ اَهْلُ السَّعَادَةِ فِى الْآجِلِ وَالْمَغْبُوْطُوْنَ بَيْنَ الْاَنَامِ فِى الْعَاجِلِ.

وَاِنِّىْ لَمَّا رَاَيْتُ الْاَخْبَارَ طُرُقُهَا كَثُرَتْ وَمَعْرِفَةُ النَّاسِ بِالصَّحِيْحِ مِنْهَا قَلَّتْ لِاشْتِغَالِهِمْ بِكِتْبَةِ الْمَوْضُوْعَاتِ وَحِفْظِ الْخَطَا وَ الْمَقْلُوْبَاتِ حَتّٰى صَارَ الْخَبَرُ الصَّحِيْحُ مَهْجُوْرًا لَا يُكْتَبُ وَالْمُنْكَرُ الْمَقْلُوْبُ عَزِيْزًا يُسْتَغْرَبُ وَاِنَّ مَنْ جَمَعَ السُّنَنَ مِنَ الْاَئِمَّةِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَتَكَلَّمَ عَلَيْهَا مِنْ اَهْلِ الْفِقْهِ وَالدِّيْنِ اَمْعَنُوْا فِىْ ذِكْرِ الطُّرُقِ لِلْاَخْبَارِ وَاَكْثَرُوْا مِنْ تَكْرَارِ الْمُعَادِ لِلْآثَارِ قَصْدًا مِنْهُمْ لِتَحْصِيْلِ الْاَلْفَاظِ عَلٰى مَنْ رَامَ حِفْظَهَا مِنَ الْحُفَّاظِ فَكَانَ ذٰلِكَ سَبَبُ اِعْتِمَادِ الْمُتَعَلِّمِ عَلٰى مَا فِى الْكِتَابِ وَتَرْكِ الْمُقْتَبِسِ التَّحْصِيْلَ لِلْخِطَابِ.

فَتَدَبَّرْتُ الصِّحَاحَ لِاُسَهِّلَ حِفْظَهَا عَلَى الْمُتَعَلِّمِيْنَ وَاَمْعَنْتُ الْفِكْرَ فِيْهَا لِئَلَّا يَصْعُبَ وَعْيُهَا عَلَى الْمُقْتَبِسِيْنَ فَرَاَيْتُهَا تَنْقَسِمُ خَمْسَةَ اَقْسَامٍ مُتَسَاوِيَةٍ مُتَّفِقَةِ التَّقْسِيْمِ غَيْرَ مُتَنَافِيَةٍ.

فَاَوَّلُهَا الْاَوَامِرُ الَّتِىْ اَمَرَ اللّٰهُ عِبَادَهُ بِهَا.

وَالثَّانِىْ النَّوَاهِىْ الَّتِىْ نَهَى اللّٰهُ عِبَادَهُ عَنْهَا.

وَالثَّالِثُ اِخْبَارُهُ عَمَّا اُحْتِيْجَ اِلٰى مَعْرِفَتِهَا.

وَالرَّابِعُ الْاِبَاحَاتُ الَّتِىْ اُبِيْحَ اِرْتِكَابُهَا.

وَالْخَامِسُ اَفْعَالُ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِىْ اِنْفَرَدَ بِفِعْلِهَا.

AlHidayah - الهداية

ثُمَّ رَأَيْتُ كُلَّ قِسْمٍ مِنْهَا يَتَنَوَّعُ اَنْوَاعًا كَثِيْرَةً وَمِنْ كُلِّ نَوْعٍ تَتَنَوَّعُ عُلُوْمٌ خَطِيْرَةٌ لَيْسَ يَعْقِلُهَا اِلَّا الْعَالِمُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِي الْعِلْمِ رَاسِخُوْنَ دُوْنَ مَنِ اشْتَغَلَ فِي الْاُصُوْلِ بِالْقِيَاسِ الْمَنْكُوْسِ وَاَمْعَنَ فِي الْفُرُوْعِ بِالرَّاْيِ الْمَنْحُوْسِ.

وَاَنَا نُمْلِيْ كُلَّ قِسْمٍ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاَنْوَاعِ وَكُلَّ نَوْعٍ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاِخْتِرَاعِ الَّذِيْ لَا يَخْفٰى تَحْضِيْرُهٗ عَلٰى ذَوِي الْحِجَا وَلَا تَتَعَذَّرُ كَيْفِيَّتُهٗ عَلٰى اُولِي النُّهٰى.

وَنَبْدَاُ مِنْهُ بِاَنْوَاعِ تَرَاجِمِ الْكِتَابِ ثُمَّ نُمْلِي الْاَخْبَارَ بِاَلْفَاظِ الْخِطَابِ بِاَشْهَرِهَا اِسْنَادًا وَاَوْثَقِهَا عِمَادًا مِنْ غَيْرِ وُجُوْدِ قَطْعٍ فِيْ سَنَدِهَا وَلَا ثُبُوْتِ جَرْحٍ فِيْ نَاقِلِيْهَا لِاَنَّ الْاِقْتِصَارَ عَلٰى اَتَمِّ الْمُتُوْنِ اَوْلٰى وَالْاِعْتِبَارَ بِاَشْهَرِ الْاَسَانِيْدِ اَحْرٰى مِنَ الْخَوْضِ فِيْ تَخْرِيْجِ التَّكْرَارِ وَاِنْ آلَ اَمْرُهٗ اِلٰى صَحِيْحِ الْاِعْتِبَارِ.

وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ لِمَا قَصَدْنَا بِالْاِتْمَامِ وَاِيَّاهُ نَسْاَلُ الثَّبَاتَ عَلَى السُّنَّةِ وَالْاِسْلَامِ وَبِهٖ نَتَعَوَّذُ مِنَ الْبِدَعِ وَالْآثَامِ وَالسَّبَبِ الْمُوْجِبِ لِلْاِنْتِقَامِ اِنَّهُ الْمُعِيْنُ لِاَوْلِيَائِهٖ عَلٰى اَسْبَابِ الْخَيْرَاتِ وَالْمُوَفِّقُ لَهُمْ سُلُوْكَ اَنْوَاعِ الطَّاعَاتِ وَاِلَيْهِ الرَّغْبَةُ فِيْ تَيْسِيْرِ مَا اَرَدْنَا وَتَسْهِيْلِ مَا اَوْ مَانَا اِنَّهٗ جَوَّادٌ كَرِيْمٌ رَءُوْفٌ رَحِيْمٌ.

دوسری فصل

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' اس کی (عطا کردہ) نعمتوں کی وجہ سے' (وہ اللہ) جو اپنے غلبہ اور کبریائی کے حوالے سے یکتا ہے جو اپنی تمام تر عظمت کے باوجود اپنی مخلوق کے قریب ہے' اپنے قریب ترین ہونے کے باوجود ان سے دور ہے۔ وہ سرگوشی میں کی جانیوالی پوشیدہ بات کا بھی علم رکھتا ہے اور پوشیدہ مخفی افکار پر بھی مطلع ہے۔ زمین کے عناصر کے نیچے جو کچھ پوشیدہ ہے اور مخلوق کے ذہنوں میں جو کچھ گھومتا ہے' (وہ ان سب سے واقف ہے' وہ اللہ) جس نے کسی سابقہ مثال (کے موجود ہونے) کے بغیر' اپنی قدرت کے ذریعے اشیاء کو پیدا کیا اور کسی سابقہ ایجاد (جس کو سامنے رکھ کر) کچھ ایجاد کیا جائے یا سابقہ منظر' جس کی بنیاد پر کچھ بنایا جائے' کے نہ ہونے کے باوجود مخلوق کو بنایا۔

پھر اس نے عقل مند افراد کے لئے عقول کو راستہ بنایا' اور تجربہ کار لوگوں کے طریقے میں (اس عقل کو) پناہ گاہ بنایا اور عقول کی کیفیت تک رسائی کے لئے یہ اسباب بنائے کہ (لوگوں کو) سماعت و بصارت عطا کی اور تحقیق و قیاس آرائی کو اپنانے (کا راستہ بنایا) تو اس نے جو تدبیر کی' اس میں عمدہ طور پر محکم (طریقہ بنایا) اور جو کچھ اس نے تقدیر (میں طے کیا' یا بنایا) ان سب میں مضبوط (طریقہ مقرر) کیا۔

پھر اس نے تمیز کرنے کی صلاحیت رکھنے والوں اور عقل مند لوگوں کو مختلف قسم کے خطاب کے ہمراہ فضیلت عطا کی اور ایک گروہ کو اپنا مقرب (بنانے کے لئے) اختیار کر لیا اور ان کی اس بات کی طرف رہنمائی کی کہ وہ سنن اور آثار کو لازم کر کے' نیک لوگوں کے راستے کی پیروی کرتے ہوئے اس (یعنی اللہ تعالیٰ) کے حکم کی فرمانبرداری کریں تو (اللہ تعالیٰ) نے ان لوگوں کے دلوں کو ایمان کے ذریعے مزین کر دیا اور ان کی زبانوں کو بیان کے ذریعے گویائی عطا کی۔ (جس بیان کا تعلق اس بات سے ہے کہ وہ لوگ) اس کے دین کی معلومات کی وضاحت کریں اور اس کے نبی ﷺ کی سنتوں کی پیروی کریں۔ اس کے ہمراہ وہ ان سنتوں کو جمع کرنے کے لئے' کوچ اور سفر' اہل خانہ اور اپنی ضروریات سے جدائی (کی شکل میں) مشکلات (کا سامنا کریں) اور اپنی خواہشات کو پرے کر دیں' آراء کو ترک کر کے ان (احادیث) کی سمجھ بوجھ حاصل کریں۔

تو ایک گروہ نے (خود کو) احادیث کے لئے مختص کر دیا۔ انہوں نے (اس علم حدیث) کی تلاش کی' اس کے لیے سفر کیا' اسے نوٹ کیا' اس کی تحقیق کی' اسے محکم کیا' اس کا مذاکرہ کیا' اسے پھیلایا' اس کی سمجھ بوجھ حاصل کی' اس کے اصول مقرر کیے' ان پر فروعی مسائل (کا اضافہ کیا) اور اسے عام کیا۔

انہوں نے متصل کے مقابلے میں مرسل' منفصل کے مقابلے میں موقوف' منسوخ کے مقابلے میں ناسخ' فسخ شدہ کے مقابلے

میں محکم، مجمل کے مقابلے میں مفسر، مہمل کے مقابلے میں مستعمل، تفصیلی کے مقابلے میں مختصر، متفصی کے مقابلے میں ملزوق، خصوص کے مقابلے میں عموم، منصوص کے مقابلے میں دلیل، ممنوع کے مقابلے میں مباح، مشہور کے مقابلے میں غریب، مستحب کے مقابلے میں فرض، دہرانے کے مقابلے میں حتمی (روایات کون سی ہیں؟ اس بات کی وضاحت کی) اور مجروح کے مقابلے میں عادل، متروک کے مقابلے میں ضعیف (راوی کون سے ہیں، اس بات کی وضاحت کی۔ انہوں نے) معمول کی کیفیت، مجہول کی وضاحت، اور شکستہ پشت سے جو پھیر دیا گیا اور بیمار سے جو پلٹ دیا گیا، (اس سب کی وضاحت کی) جس کا تعلق تدلیس کی غلط فہمی اور اس میں موجود تلبیس (یعنی دھوکہ دہی) سے ہے۔

یہاں تک کہ ان حضرات کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے، مسلمانوں کے لئے ان کے دین کو محفوظ کر دیا۔ اور اسے ناقدین کی تنقید سے بچالیا۔ اور ان حضرات کو اختلاف کی صورت میں، ہدایت کا پیشوا بنایا اور نئے پیش آمدہ مسائل میں اندھیرے کا چراغ بنایا تو یہ حضرات انبیاء کرام کے وارث ہیں۔ اصفیاء کے لئے سکون کا مرکز ہیں۔ پرہیزگاروں کے لئے پناہ گاہ ہیں اور اولیاء کے لئے مرکز ہیں۔

تو (اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ اس) تقدیر، اس کے فیصلے، اس کے اپنی اس عطا کے ذریعے کیے گئے، فضل، اس کی مہربانی، اس کی نعمتوں اور اس کے نعمتوں کے ذریعے احسان کرنے پر، تمام تر تعریفیں، اس کیلئے مخصوص ہیں۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جس کی (عطا کردہ) ہدایت کے ذریعے ہدایت حاصل کرنے والا سعادت مند ہوتا ہے اور اس کی تائید کے ذریعے وہ شخص رہنمائی حاصل کر لیتا ہے جو نصیحت حاصل کرتا ہے اور رجوع کرتا ہے اور اس کے رسوا کرنے کی وجہ سے، وہ شخص گمراہ ہو جاتا ہے جو پھسل جائے اور سرکشی اختیار کرے اور وہ مثالی راستے سے ہٹ جاتا ہے۔

میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے منتخب بندے ہیں اور چنے ہوئے رسول ہیں، جنہیں اس نے اپنی ذات کی طرف دعوت دینے والا اور اپنی جنت کی طرف رہنمائی کرنے والا بنا کر بھیجا ہے تو اللہ تعالیٰ ان پر درود نازل کرے اور حشر کے دن انہیں اپنا قرب (خاص) عطا کرے اور ان کی تمام ''طیب وطاہر آل'' پر (بھی درود نازل کرے)

امابعد! بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو اپنے ولی کے طور پر منتخب کیا اور انہیں اپنی مخلوق کی طرف نبی کے طور پر مبعوث کیا تاکہ وہ مخلوق کو اس بات کی دعوت دیں کہ وہ لوگ مختلف اشیاء کی عبادت کو چھوڑ کر، اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کریں اور مختلف راستوں کی پیروی کو چھوڑ کر، اس (اللہ تعالیٰ) کی فرمانبرداری کو لازم پکڑ لیں (انہیں اس وقت مبعوث کیا) جبکہ مخلوق انتہائی جاہلیت اور گمراہ کن اندھی عصبیت کا شکار تھی۔ وہ حیرانگی کے عالم میں فتنوں میں چکرا رہے تھے اور مدہوشی کے عالم میں نفسانی خواہشات (کی پیروی) میں ڈوبے ہوئے تھے۔ وہ گمراہی کے سمندروں میں ادھر ادھر ہو رہے تھے اور جہالت کی وادیوں میں چکر لگا رہے تھے۔ ان کے اونچے طبقے کا فرد دھوکے کا شکار تھا اور نچلے طبقے کا فرد قہر کا شکار تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے انہیں (یعنی حضرت محمد ﷺ کو) ان کی طرف رسول بنا کر بھیجا اور انہیں اپنی جنت کی طرف رہنمائی کرنے والا بنایا تو نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا۔ اس کی آیات کی مراد کو واضح کر دیا۔ آپ نے بتوں کو توڑنے اور (پانسے کے) تیروں کو پرے کرنے کا حکم دیا، یہاں تک کہ صرف

آپ کی وجہ سے حق روشن ہوگیا اور آپ کی صبح کی وجہ سے (گمراہی کی) رات رخصت ہوگئی۔ آپ کی وجہ سے دشمنی کے جھنڈے سرنگوں ہو گئے اور نفاق کا انڈہ ٹوٹ گیا۔

بے شک آپ کی سنت کو لازم پکڑنے میں ہی تمام سلامتی ہے اور پوری بزرگی ہے۔ جس (سنت) کے چراغ بجھ نہیں سکتے اور اس کے دلائل کو پرے نہیں کیا جا سکتا جو اسے لازم پکڑ لے وہ محفوظ ہو گیا۔ جس نے اس کی مخالفت کی وہ ندامت کا شکار ہوگا۔ کیونکہ یہی (سنت) محفوظ پناہ گاہ اور مضبوط ستون ہے۔ جس کی فضیلت واضح ہے اور اس کی رسی مضبوط ہے' جو شخص اسے مضبوطی سے تھام لے گا وہ سردار بن جائے گا اور جو اس کے خلاف کا قصد کرے گا وہ ہلاک ہو جائے گا تو اس سے متعلق افراد دیر سے (یعنی آخرت میں) اہل سعادت ہونگے اور جلدی (یعنی دنیا میں) قابل رشک ہونگے۔

جب میں نے دیکھا کہ روایات کے طرق زیادہ ہو گئے ہیں اور ان (روایات) میں سے ''صحیح'' کے بارے میں لوگوں کی معرفت کم ہو گئی ہے کیونکہ لوگ ''موضوع'' روایات نوٹ کرنے' (روایات میں نقل ہونے والی) غلطیوں کو یاد رکھنے' مقلوب (روایات کو یاد رکھنے) میں مشغول ہیں۔ یہاں تک کہ ''صحیح'' حدیث کو چھوڑ دیا گیا ہے کہ اسے نوٹ نہیں کیا جاتا جبکہ منکر اور مقلوب روایات غالب ہیں جنہیں نادر سمجھا جاتا ہے حالانکہ اہل فقہ و دین سے تعلق رکھنے والے ائمہ عظام نے' احادیث کو جمع کرتے ہوئے اور ان کے بارے میں کلام کرتے ہوئے روایات کے طرق اس لیے ذکر کیے اور ان روایات کو تکرار کے ساتھ اس لیے نقل کیا تاکہ اس شخص کو (روایات کے) الفاظ (کا علم) حاصل کرنے میں (آسانی ہو) جو انہیں حفظ کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔ (لوگوں نے غیر مستند روایات اس لیے نوٹ کرنا شروع کر دی ہیں) کیونکہ طالبعلم لکھی ہوئی چیز پر اعتماد کرتا ہے۔ اور فیضیاب ہونیوالے نے خطاب (روایات کے متن) کے حصول کو ترک کر دیا ہے۔

تو میں نے مستند روایات میں تدبر کیا تاکہ میں (علم حدیث کے) طلباء کے لئے ان (روایات کو) حفظ کرنے کو آسان کر دوں۔ میں نے اس میں خوب غور و خوض کیا تاکہ فیضیاب ہونیوالے کے لئے ان (احادیث) کو یاد رکھنا مشکل نہ رہے تو میں نے یہ دیکھا کہ یہ (تمام تر) روایات پانچ اقسام میں تقسیم ہوتی ہیں جو برابر کی متفقہ تقسیم ہے اس میں کوئی منافات نہیں ہے۔

ان میں سے پہلی (قسم) یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جو'اوامر' دیے ہیں۔

دوسری (قسم) وہ ''نواہی'' ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منع کیا ہے۔

تیسری (قسم) وہ اطلاعات ہیں' جو ان امور کے بارے میں ہیں۔ جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔

چوتھی (قسم) وہ ''اباحات'' ہیں جن کے ارتکاب کو مباح قرار دیا گیا ہے۔

پانچویں (قسم) نبی اکرم ﷺ کے وہ افعال ہیں جنہیں کرنے میں آپ ﷺ منفرد ہیں۔

پھر میں نے یہ دیکھا کہ ان میں سے ہر ایک قسم میں بہت سی شاخیں (یعنی ذیلی اقسام) ہیں اور ان میں سے ہر ایک شاخ بہت سی معلومات پر مشتمل ہے جس کا فہم صرف عالموں کو حاصل ہو سکتا ہے۔ وہ (علماء) جو علم میں رسوخ رکھتے ہیں۔ وہ لوگ نہیں جو اصول کے بارے میں اوندھے قیاس میں مشغول ہوتے ہیں اور فروع میں منحوس رائے کے ذریعے غور و فکر کرتے ہیں۔

AlHidayah - الهداية

ہم ان میں سے ہر ایک قسم کو املاء کروائیں گے اوراس میں جوانواع (یعنی ذیلی اقسام) موجود ہیں اوران میں سے ہر نوع میں جو معلومات ہیں (ان سب کو ہم املاء کروائیں گے) تا کہ اہل حجت کے لئے انہیں حاضر کرنا مخفی نہ رہے اوراہل عقل کے لئے ان کی کیفیت متعذر نہ رہے۔

ہم پہلے ہر نوع کے تراجم ابواب املاء کروائیں گے۔ پھر روایات کے الفاظ مشہور اسناد اور قابل وثوق حوالوں سے املاء کروائیں گے (ان روایات) کی سند میں کوئی انقطاع موجود نہیں ہوگا اوراس کے نقل کرنے والوں میں سے (کسی کے بھی) بارے میں جرح ثابت نہیں ہوگی۔

اس کی وجہ یہ ہے مکمل ترین متون پر اکتفاء کر لینا' زیادہ مناسب ہے اور مشہور اسانید پر اعتماد کرنا زیادہ لائق ہے۔

بہ نسبت اس کے کہ تکرار کی تخریج کا اہتمام کیا جائے۔ اگرچہ اس کے معاملے نے صحیح اعتبار کی طرف ہی لوٹنا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہی اسے مکمل کرنے کی توفیق عطا کرنے والا ہے' جو قصد ہم نے کیا ہے اور ہم اسی سے' سنت اور اسلام پر ثابت قدم رہنے کا سوال کرتے ہیں' اور ہم بدعات' گناہوں اور انتقام کو لازم کرنے والی چیزوں سے' اس کی پناہ مانگتے ہیں۔ بے شک وہ بھلائی کے اسباب میں اپنے دوستوں کا مددگار ہے اور مختلف قسم کی طاعات کے راستے کی ان لوگوں کو توفیق دینے والا ہے' ہم نے جو ارادہ کیا ہے اس کو آسان کرنے کے لئے اور جو اشارہ کیا ہے اس کی تسہیل کے لئے' اسی کی طرف امید کی جاسکتی ہے۔ بے شک وہ جواد کریم' مہربان اور رحیم ہے۔

اَلْقِسْمُ الْاَوَّلُ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ وَهُوَ الْاَوَامِرُ

قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ تدبرت خطاب الاوامر عن المصطفى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاستكشاف ما طواه فى جوامع كلمه فرايتها تدور على مائة نوع وعشرة انواع يجب على كل منتحل لسنن ان يعرف فصولها وكل منسوب الى العلم ان يقف على جوامعها لئلا يضع السنن الا فى مواضعها ولا يزيلها عن موضع القصد فى سننها.

فاما اَلنَّوْعُ الْاَوَّلُ من انواع الاوامر فهو لَفْظُ الْاَمْرِ الَّذِىْ هُوَ فَرْضٌ عَلَى الْمُخَاطَبِيْنَ كافة فِىْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ وَفِىْ كُلِّ الْاَوْقَاتِ حَتّٰى لا يسع اَحَدًا منهم الخروج منه بحال.

اَلنَّوْعُ الثَّانِىْ اَلْفَاظُ الْوَعْدِ الَّتِىْ مُرَادُهَا الْاَوَامِرُ بِاِسْتِعْمَالِ تِلْكَ الْاَشْيَاءِ.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ لَفْظُ الْاَمْرِ الَّذِىْ اُمِرَ بِهِ الْمُخَاطَبُوْنَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الْكُلِّ.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ لَفْظُ الْاَمْرِ الَّذِىْ اُمِرَ بِهِ بعض الْمُخَاطَبِيْنَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الْكُلِّ.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ اَلْاَمْرُ بِالشَّىْءِ الَّذِىْ قامت الدلالة من خبر ثان على فرضيته وعارضه بعض فعله ووافقه البعض.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ لَفْظُ الْاَمْرِ الَّذِىْ قامت الدلالة من خبر ثان على فرضيته قد يسع ترك ذٰلِكَ الامر المفروض عند وجود عشر خصال معلومة فمتى وجد خصلة من هذه الخصال العشر كان الامر بِاِسْتِعْمَالِ ذٰلِكَ الشىء جائزا تركه ومتى عدم هذه الخصال العشر كان الامر بِاِسْتِعْمَالِ ذٰلِكَ الشىء واجبا.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ الامر بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءٍ مَقْرُوْنَةٍ فِى اللَّفْظِ الْاَوَّلُ منها فرض يشتمل على اجزاء وشعب تختلف احوال الْمُخَاطَبِيْنَ فيها والثَّانِىْ ورد بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ اِسْتِعْمَالُهُ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ لِاَنَّ رده فرض على الكفاية والثَّالِثُ اَمْرُ نُدْبٍ وَّاِرْشَادٍ.

والنَّوْعُ الثَّامِنُ الامر بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءٍ مَقْرُوْنَةٍ فِى اللَّفْظِ الْاَوَّلُ منها فرض عَلَى الْمُخَاطَبِيْنَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ والثَّانِىْ فرض عَلَى الْمُخَاطَبِيْنَ فِىْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ والثَّالِثُ امر اِبَاحَةُ لاحتم.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ الامر بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءٍ مَقْرُوْنَةٍ فِى الذِّكْرِ احدها فرض عَلٰى جَمِيْعِ الْمُخَاطَبِيْنَ فِىْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ والثَّانِىْ والثَّالِثُ اَمْرُ نُدْبٍ وَّاِرْشَادٍ لَا فَرِيْضَةٌ وَّاِيْجَابٌ.

اَلنَّوْعُ الْعَاشِرُ الامر بشيئين مقرونين فى اللفظ احدهما فرض على بعض الْمُخَاطِبِيْنَ على الكفاية والثَّانِيْ امر اِبَاحَةُ لاحتم.

اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ عَشَرَ الامر بِثَلاثَةِ اَشْيَاءٍ مَقْرُوْنَةٍ فِى اللَّفْظِ الْاَوَّلُ منها فرض عَلَى الْمُخَاطِبِيْنَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ والثَّانِىُّ فَرْضٌ عَلَى بَعْضِ الْمُخَاطِبِينَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ والثَّالِثُ فرض عَلَى الْمُخَاطِبِيْنَ فى جميع الاوقات.

اَلنَّوْعُ الثَّانِىُّ عَشَرَ الامر باربعة اشياء مَقْرُوْنَةٍ فِى الذِّكْرِ الْاَوَّلُ منها فرض عَلٰى جَمِيْعِ الْمُخَاطَبِيْنَ فِىْ كُلِّ الْاَوْقَاتِ والثَّانِىُّ فرض عَلَى الْمُخَاطِبِيْنَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ والثَّالِثُ فرض على بعض الْمُخَاطَبِيْنَ فى بعض الاوقات والرَّابِعُ ورد بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ وله تخصيصان اثنان من خبرين آخرين.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ عَشَرَ الامر باربعة اشياء مَقْرُوْنَةٍ فِى الذِّكْرِ الْاَوَّلُ منها فرض عَلٰى جَمِيْعِ الْمُخَاطَبِيْنَ فِىْ كُلِّ الْاَوْقَاتِ والثَّانِىُّ فرض عَلَى الْمُخَاطِبِيْنَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ والثَّالِثُ فَرْضٌ عَلَى بَعْضِ الْمُخَاطَبِيْنَ فِى بَعْضِ الْاَحْوَالِ والرَّابِعُ امر تاديب وارشاد امر به المخاطب الا عند وجود علة معلومة وخصال معدودة.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ عَشَرَ الْاَمْرُ بِالشَّىْءِ الواحد للشخصين المتباينين وَالْمُرَادُ مِنْهُ احدهما لا كلاهما.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ عَشَرَ الامر الَّذِىْ اُمِرَ بِهٖ انسان بعينه فى شىء معلوم لا يَجُوْزُ لاحد بعده استعمال ذٰلِكَ الفعل الى يوم القيامة وان كان ذٰلِكَ الشىء معلوما يوجد.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ عَشَرَ الامر بفعل عند وجود سبب لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ وعند عدم ذٰلِكَ السبب الامر بفعل ثان لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ خلاف تلك العلة المعلومة الَّتِىْ من اجلها امر بالامر الْاَوَّلِ.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ عَشَرَ الامر باشياء معلومة قد كرر بذكر الامر بشىء من تِلْكَ الْاَشْيَاءِ المامور بها على سبيل التاكيد.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ عَشَرَ الامر بِاِسْتِعْمَالِ شىء باضمار سبب لا يَجُوْزُ استعمال ذٰلِكَ الشىء الا باعتقاد ذٰلِكَ السبب المضمر فِىْ نَفْسِ الْخِطَابِ.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ عَشَرَ الْاَمْرُ بِالشَّىْءِ الَّذِىْ امر على سبيل الحتم مراده استعمال ذٰلِكَ الشىء مع الزَّجْرِ عَنْ ضده.

اَلنَّوْعُ الْعِشْرُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّىْءِ الَّذِىْ اُمِرَ بِهٖ الْمُخَاطَبُوْنَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ عند وقتين معلومين على سبيل الفرض والايجاب قد دل فعله على ان المامور به فى احد الوقتين المعلومين غير فرض وبقى حكم الوقت الثَّانِيْ على حالته.

اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ وَالْعِشْرُوْنَ الفاظ اعلام مُرَادُهَا الْاَوَامِرُ الَّتِىْ هى المفسرة لمجمل الخطاب فى

الکتاب.

اَلنَّوْعُ الثَّانِيُّ وَالْعِشْرُوْنَ لفظة امر بشیء یشتمل علی اجزاء وشعب فما کان من تلک الاجزاء والشعب بالاجماع انه لیس بفرض فهو نفل وما لم یدل الاجماع ولا الخبر علی نفلیته فهو حتم لا یَجُوْزُ ترکه بحال.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ: الاوامر الَّتِیْ وردت بالفاظ مجملة مختصرة ذکر بعضها فِیْ اَخْبَارٍ اُخَرَ.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ الاوامر الَّتِیْ وردت بالفاظ مجملة مختصرة ذکر بعضها فِیْ اَخْبَارٍ اُخَرَ.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ بیان کیفیته فی افعاله صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْعِشْرِیْنَ الامر بشیئین متضادین علی سبیل الندب خیر المامور به بینهما حَتّٰی انه لیفعل ما شاء من الامرین المامور بهما والقصد فیه اَلزَّجْرُ عَنْ شَیْءٍ ثالث.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ الامر بشیئین مقرونین فی الذکر اَلْمُرَادُ مِنْ احدهما الحتم والایجاب مع اضمار شرط فیه قد قرن به حَتّٰی لا یکون الامر بذٰلِکَ الشیء الا مقرونا بذٰلِکَ الشرط اَلَّذِیْ هو المضمر فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ والآخر امر ایجاب علی ظاهره یشتمل علی الزَّجْرِ عَنْ ضده.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ لَفْظُ الْاَمْرِ الَّذِیْ ظاهره مستقل بنفسه وله تخصیصان اثنان احدهما من خبر ثان والآخر من الاجماع وقد یستعمل الخبر مرة علی عمومه وتارة یخص بخبر ثان واخری یخص بالاجماع.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ الامر بشیئین مقرونین فی الذکر خیر المامور به بینهما حَتّٰی انه موسع علیه ایفعل ایهما شاء منهما.

اَلنَّوْعُ الثَّلاثُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ ورد بلفظ البدل حَتّٰی لا یَجُوْزُ اِسْتِعْمَالُهُ الا عند عدم السبیل الی الفرض الْاَوَّلِ.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالثَّلاثُوْنَ: لفظة امر بفعل من اجل سبب مضمر فی الخطاب فمتی کان السبب للمضمر الَّذِیْ من اجله امر بذٰلِکَ الفعل معلوما بعلم کان الامر به واجبا وقد عدم علم ذٰلِکَ السبب بعد قطع الوحی فغیر جائز استعمال ذٰلِکَ الفعل لاحد الی یوم القیامة.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالثَّلاثُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِاِسْتِعْمَالِ فعل عند عدم شیئین معلومین فمتی عدم الشیئان اللذان ذکرا فی ظاهر الخطاب کان استعمال ذٰلِکَ الفعل مباحا للمسلمین کافة ومتی کان احد ذینک 4 الشیئین موجودا کان استعمال ذٰلِکَ الفعل منهیا عنه بعض الناس وقد یباح استعمال ذٰلِکَ الفعل تارة لمن وجد فیه الشیئان اللذان وصفتهما کما زجر عن اِسْتِعْمَالُهُ تارة اخری من وجدا فیه.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالثَّلَاثُوْنَ: اَلْاَمْرُ باعادة فعل قصد المؤدى لذٰلِكَ الفعل اداء ه فاتى به على غير الشرط الَّذِیْ اُمِرَ بِهٖ.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالثَّلَاثُوْنَ: اَلْاَمْرُ بشيئين مقرونين فى الذكر عند حدوث سببين احدهما معلوم يستعمل على كيفيته والآخر بيان كيفيته فى فعله وامره.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالثَّلَاثُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ اُمِرَ بِهٖ بلفظ الايجاب والحتم وقد قامت الدلالة من خبر ثان على انه سنة والقصد فيه علة معلومة امر من اجلها هذا الامر المامور به.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالثَّلَاثُوْنَ: المر بالشیء الَّذِیْ كَانَ مَحْظُوْرًا فابيح به ثُمَّ نهى عنه ثُمَّ ابيح ثُمَّ نهى عنه فهو محرم الى يوم القيامة.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالثَّلَاثُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ خير المامور به بين ثلاثة اشياء مَقْرُوْنَةٍ فِی الذِّكْرِ عند عدم القدرة على كل واحد منها حَتّٰى يكون المفترض عليه عند العجز عن الْاَوَّلُ له ان يؤدى الثَّانِیُّ وعند العجز عن الثَّانِیُّ له ان يؤدى الثَّالِثُ.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالثَّلَاثُوْنَ: لَفْظُ الْاَمْرِ الَّذِیْ خير المامور به بين امرين بلفظ التخيير على سبيل الحتم والايجاب حَتّٰى يكون المفترض عليه له ان يؤدى ايهما شاء منها.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالثَّلَاثُوْنَ: لَفْظُ الْاَمْرِ الَّذِیْ خير المامور به بين اشياء محصورة من عدد معلوم حَتّٰى لا يكون له تعدى ما خير فيه الى ما هو اكثر منه من العدد.

اَلنَّوْعُ الْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ هُوَ فَرْضٌ خير المامور به بين ثلاثة اشياء حَتّٰى يكون المفترض عليه له ان يؤدى ايما شاء من الاشياء الثلاث.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ خير المامور به فى ادائه بين صفات ذوات عدد ثُمَّ ندب الى الاخذ منها بايسرها عليه.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ خير المامور به فى ادائه بين صفات اربع حَتّٰى يكون المامور به له ان يؤدى ذٰلِكَ الفعل باى صفة من تلك الصفات الاربع شاء والقصد فيه الندب والارشاد.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ هو مقرون بشرط فمتى كان ذٰلِكَ الشرط موجودا كان الامر واجبا ومتى عدم ذٰلِكَ الشرط بطل ذٰلِكَ الامر.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بفعل مقرون بشرط حكم ذٰلِكَ الفعل على الايجاب وسبيل الشرط على الارشاد.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ امر باضمار شرط فى ظاهر الخطاب فمتى كان ذٰلِكَ الشرط

AlHidayah - الهداية

المضمر موجودا كان الامر واجبا ومتى عدم ذٰلِكَ الشرط جَازَ اِسْتِعْمَالُ ضد ذٰلِكَ الامر.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بشيئين مقرونين فى الذكر احدهما فرض قامت الدلالة من خبر ثان على فرضيته والآخر نفل دل الاجماع على نفليته.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بشيئين فى الذكر اَحَدًاهما اراد به التعليم والآخر امر اِبَاحَةُ لا حتم.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءٍ مَقْرُوْنَةٍ فِى الذِّكْرِ اَحَدًاهما فرض عَلٰى جَمِيْعِ الْمُخَاطِبِيْنَ فِىْ كُلِّ الْاَوْقَاتِ والثَّانِىُّ فرض علٰى بعض الخاطبين فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ والثَّالِثُ له تخصيصات اثنان من خبرين آخرين حَتّٰى لا يَجُوْزُ اِسْتِعْمَالُهٗ على عموم ما ورد الخبر فيه الا باحد التخصيصين اللذين ذكرتهما.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءٍ مَقْرُوْنَةٍ فِى الذِّكْرِ الْمُرَادُ مِنَ اللفظين الْاَوَّلِيتين امر فضيلة وارشاد والثَّالِثُ امر اِبَاحَةُ لا حتم.

اَلنَّوْعُ الْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءٍ مَقْرُوْنَةٍ فِى الذِّكْرِ الْاَوَّلُ منها فرض لا يَجُوْزُ تركه والثَّانِىُّ والثَّالِثُ امران لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ مُرَادُهَا الندب والارشاد.

اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ باربعة اشياء مَقْرُوْنَةٍ فِى الذِّكْرِ الْاَوَّلٰى والثَّالِثُ امرا ندب وارشاد والثَّانِىُّ قرن بشرط فالفعل المشار اليه فى نفسه نفل والشرط الَّذِىْ قرن به فرض والرَّابِعُ امر اِبَاحَةُ لاحتم.

اَلنَّوْعُ الثَّانِىُّ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّىْءِ يذكر تعقيب شىء ماض وَالْمُرَادُ مِنْهُ بدايته فاطلق الامر بلفظ التعقيب والقصد منه البداية لعدم ذٰلِكَ التعقيب الا بتلك البداية.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ بفعل فى اوقات معلومة من اجل سبب معلوم فمتى صادف المرء ذٰلِكَ السبب فى احد الاوقات المذكورة سقط عنه ذٰلِكَ فى سائرها وان كان ذٰلِكَ اَمْرُ نُدْبٍ وَّاِرْشَادٍ.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ بفعل مقرون بصفة معين عليها يَجُوْزُ استعمال ذٰلِكَ الفعل بغير تلك الصفة الَّتِىْ قرنت به.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ باشياء من اجل علل مضمرة فِىْ نَفْسِ الْخِطَابِ لم تبين كيفيتها فى ظواهر الاخبار.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ بخمسة شياء مَقْرُوْنَةٍ فِى الذِّكْرِ الْاَوَّلُ منها بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ الخاص والثَّانِىُّ والثَّالِثُ لكل واحد منهما تخصيصان اثنان كل واحد منهما من سنة ثابتة والرَّابِعُ قصد به بعض الْمُخَاطِبِيْنَ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ وَالْخَامِسُ فرض على الكفاية اذا قام به البعض سقط عن الآخرين فرضه.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ بستة اشياء مَقْرُوْنَةٍ فِى اللَّفْظِ الثلاثة

الْاَوَّلُ فرض عَلَى الْمُخَاطِبِيْنَ فِيْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ والثلاثة الاخر فرض عَلَى الْمُخَاطِبِيْنَ فِيْ كُلِّ الْاَحْوَالِ.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ بسبعة اشياء مَقْرُوْنَةٍ فِي الذِّكْرِ الْاَوَّلُ والثَّانِيُّ منهما امرا ندب وارشاد والثَّالِثُ والرَّابِعُ اطلقا بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ البعض لَا الْكُلُّ وَالْخَامِسُ والسَّابِعُ امرا حتم وايجاب فى الوقت دون الوقت والسَّادِسُ امر بِاسْتِعْمَالِهِ على الْعُمُومِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ اسْتِعْمَالُهُ مَعَ الْمُسْلِمِينَ دُوْنَ غيرهم.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلْاَمْرُ بفعل عند وجود شيئين معلومين وَالْمُرَادُ مِنْهُ احدهما لا كلاهما لعدم اجتماعهما معا فى السبب الَّذِىْ من اجله امر بِذٰلِكَ الفعل.

اَلنَّوْعُ السِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بترك طاعة لتفرد المرء باتيانها من غير ارداف ما يشبهها او تقديم مثلها.

اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ وَالسِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بشيئين مقرونين فى الذكر احدهما فرض لا يسع رفضه والثَّانِيُّ مراده التغليظ والتشديد دون الحكم.

اَلنَّوْعُ الثَّانِيُّ وَالسِّتُّوْنَ: لفظة امر قرن بزجر عن ترك استعمال شىء قد قرن اباحته بشرطين معلومين ثُمَّ قرن احد الشرطين بشرط ثالث حَتّٰى لا يباح ذٰلِكَ الفعل الا بهذه الشرائط المذكورة.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّيْءِ الَّذِىْ مراده التحذير مما يتوقع فى المتعقب مما حظر عليه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّيْءِ الَّذِىْ مراده الزَّجر عَنْ سبب ذٰلِكَ الشىء المامور به.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّيْءِ الَّذِىْ خرج مخرج الخصوص وَالْمُرَادُ مِنْهُ ايجابه على بعض المسلمين اذا كان فيهم الآلة الَّتِىْ من اجلها امر بِذٰلِكَ الفعل موجودة.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسِّتُّوْنَ: لَفْظَةِ اَمْرٍ بِقَوْلٍ مُرَادُهَا اسْتِعْمَالُهُ بِالْقَلْبِ دُوْنَ النطق باللسان.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: الاوامر الَّتِىْ امر بِاسْتِعْمَالِهَا قصدا منه للارشاد وطلب الثواب.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بشىء يذكر بشرط معلوم زاد ذٰلِكَ الشرط او نقص عن تحصيره كان الامر حالته واجبا بعد ان يوجد من ذٰلِكَ الشرط ما كان من غير تحصير معلوم.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّيْءِ الَّذِىْ امر من اجل سبب تقدم وَالْمُرَادُ مِنْهُ التاديب لئلا يرتكب المرء ذٰلِكَ السبب الَّذِىْ من اجله امر بِذٰلِكَ الامر من غير عذر.

اَلنَّوْعُ السَّبْعُوْنَ: الاوامر الَّتِىْ وردت مُرَادُهَا الاِبَاحَةُ والاطلاق دون الحكم والايجاب اَلنَّوْعُ.

الْحَادِىْ وَالسَّبْعُوْنَ: الاوامر الَّتِىْ ابيحت من اجل اشياء محصورة على شرط معلوم للسعة والترخيص.

اَلنَّوْعُ الثَّانِيُّ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّيْءِ عند حدوث سبب باطلاق اسم المقصود على سببه.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالسَّبْعُوْنَ: الاوامر الَّتِیْ وردت مُرَادُهَا التهديد والزَّجر عَنْ ضد الامر الَّذِیْ اُمِرَ بِهٖ.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ عند فعل ماض مراده جواز استعمال ذٰلِكَ الفعل المسؤول عنه مع اِبَاحَةُ اِسْتِعْمَالُهٗ مرة اخرى.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِاِسْتِعْمَالِ شیء قصد به الزجر استعمال شیء ثان وَالْمُرَادُ مِنْهُما معا علة مضمرة فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ لا ان استعمال ذٰلِكَ الفعل محرم وان زجر عن ارتكابه.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ مراده التعليم حيث جهل المامور به كيفية استعمال ذٰلِكَ الفعل لا انه امر على سبيل الحتم والايجاب.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ اُمِرَ بِهٖ والمراد الوثيقة ليحتاط المسلمون لدينهم عند الاشكال بعده.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسَّبْعُوْنَ: الاوامر الَّتِیْ امرت مُرَادُهَا التعليم.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ اُمِرَ بِهٖ لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ لَمْ تُذْكَرْ فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ وقد دل الاجماع على نفى امضاء حكمه على ظاهره.

اَلنَّوْعُ الثَّمَانُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِاِسْتِعْمَالِ شیء باطلاق اسم على ذٰلِكَ الشیء وَالْمُرَادُ مِنْهُ ما تولد منه لا نفس ذٰلِكَ الشیء.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ الاوامر الَّتِیْ اطلقت بالكنايات دون التصريح.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیْ وَالثَّمَانُوْنَ: الاوامر الَّتِیْ امر بها النساء فِیْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ دون الرجال.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالثَّمَانُوْنَ: الاوامر الَّتِیْ وردت بالفاظ التعريض مُرَادُهَا الْاَوَامِرُ بِاِسْتِعْمَالِهَا.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: لفظة امر بشیء بلفظ المسالة مراده اِسْتِعْمَالُهٗ على سبيل العتاب 2 لمرتكب ضده.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالثَّمَانُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ قرن بذكر نفى الاسم عن ذٰلِكَ الشیء لنقصه عن الكمال.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالثَّمَانُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ قرن بذكر عدد معلوم من غير ان يكون الْمُرَادُ مِنْ ذكر ذٰلِكَ العدد نفيا عَمَّا وراءه.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: اَلْاَمْرُ بمجانبة شیء مراده الزجر عَمَّا تولد ذٰلِكَ الشیء منه.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالثَّمَانُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ ورد بلفظ الرد والارجاع مراده نفى جواز استعمال الفعل دون اجازته وامضائه.

اَلنَّوْ عُ التَّاسِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ المدح للاشياء الَّتِیْ مُرَادُهَا الْاَوَامِرُ بها.

اَلنَّوْ عُ التِّسْعُوْنَ: الاوامر المعللة الَّتِیْ قرنت بشرائط يَجُوْزُ القياس عليها.

اَلنَّوْ عُ الْحَادِیْ وَالتِّسْعُوْنَ: لفظ الاخبار عن نفي شيء الا بذكر عدد محصور مراده الامر على سبيل الايجاب قد استثنى بعض ذٰلِكَ العدد المحصور بصفة معلومة فاسقط عنه حكم ما دخل تحت ذٰلِكَ العدد المعلوم الَّذِیْ من اجله امر بذٰلِكَ الامر.

اَلنَّوْ عُ الثَّانِیُّ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلْفَاظُ الْإِخْبَارِ للاشياء الَّتِیْ مُرَادُهَا الْاَوَامِرُ بها.

اَلنَّوْ عُ الثَّالِثُ وَالتِّسْعُوْنَ: الاخبار عن الاشياء الَّتِیْ مُرَادُهَا الامر بالمداومة عليها.

اَلنَّوْ عُ الرَّابِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: الاوامر المضادة الَّتِیْ هي من اختلاف المباح.

اَلنَّوْ عُ الْخَامِسُ وَالتِّسْعُوْنَ: الاوامر الَّتِیْ امرت لاسباب موجودة وعلل معلومة.

اَلنَّوْ عُ السَّادِسُ وَالتِّسْعُوْنَ: لفظة امر بفعل مع استعمله ذٰلِكَ الامر المامور به ثُمَّ نسخها فعل ثان وامر آخر.

اَلنَّوْ عُ السَّابِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ هُوَ فَرْضٌ خير المامور به بين ادائه وبين تركه مع الاقتداء ثُمَّ نسخ الاقتداء والتخيير جميعا وبقى الفرض الباقي من غير تخيير.

اَلنَّوْ عُ الثَّامِنُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ اُمِرَ بِهٖ ثُمَّ حرم ذٰلِكَ الفعل على الرجال وبقى حكم النساء مباحا لهن اِسْتِعْمَالُهٗ.

اَلنَّوْ عُ التَّاسِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: الفاظ اوامر منسوخة نسخت بالفاظ اخرى من ورود اِبَاحَةُ على حظر او حظر على اِبَاحَةُ.

اَلنَّوْ عُ الْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ هو المستثنى من بعض ما ابيح بعد حظره.

اَلنَّوْ عُ الْحَادِیْ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ بالاشياء الَّتِیْ نسخت تلاوتها وبقى حكمها.

اَلنَّوْ عُ الثَّانِیُّ وَالْمِئَةُ: الفاظ اوامر اطلقت بالفاظ المجاورة من غير وجود حقائقها.

اَلنَّوْ عُ الثَّالِثُ وَالْمِئَةُ: الاوامر الَّتِیْ امر قصدا لمخالفة المشركين واهل الكتاب.

اَلنَّوْ عُ الرَّابِعُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ بالادعية الَّتِیْ يتقرب العبد بها الى بارئه جل وعلا.

اَلنَّوْ عُ الْخَامِسُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ باشياء اطلقت بالفاظ اضمار القصد فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ.

اَلنَّوْ عُ السَّادِسُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ الَّذِیْ امر لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ فارتفعت العلة وبقى الحكم على حالته فرضا الى يوم القيامة.

اَلنَّوْ عُ السَّابِعُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ على سبيل الندب عند سبب متقدم ثُمَّ عطف بالزَّجر عَنْ مثله

AlHidayah - الهداية

مراده السبب المتقدم لا نفس ذٰلِكَ الشیء المامور به.

اَلـنَّـوْعُ الثَّامِنُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ قرن بشرط معلوم مراده الزَّجْر عَنْ ضد ذٰلِكَ الشرط الَّذِیْ قرن بالامر.

اَلـنَّـوْعُ التَّاسِعُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ قصد به مخالفة اهل الكتاب قد خير المامور به بين اشياء ذوات عـدد بـلـفـظ مـجـمـل ثُـمَّ استثنى من تِلْكَ الْاَشْيَاءِ شیء فزجر عنه وثبتت الباقية على حالتها مباحا اِسْتِعْمَالُهَا.

اَلنَّوْعُ الْعَاشِرُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ مراده الاعلام بنفی جواز استعمال ذٰلِكَ الشیء لا الامر به.

AlHidayah - الهداية

سنن (یعنی احادیث کی اقسام) میں سے پہلی قسم جو اوامر کے بارے میں ہے

امام ابوحاتم بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے منقول ''اوامر'' کے صحیفوں کے بارے میں' جب میں نے غور وفکر کیا' تا کہ اس بات کا جائزہ لوں کہ ان کے جامع ترین کلمات کن (اقسام) پر مشتمل ہیں؟ تو میں نے اس بات کو دیکھا کہ یہ 110 ذیلی اقسام کے گرد گھومتے ہیں۔

تو سنتوں کا علم حاصل کرنے والے شخص کے لئے یہ بات لازم ہے کہ وہ ان کی فصول کی معرفت حاصل کرے اور ہر وہ شخص جو علم کی طرف نسبت رکھتا ہے' اسے چاہئے کہ ان کے مجموعہ سے واقفیت حاصل کرے۔

تا کہ وہ احادیث کو ان کے مخصوص مقام پر رکھے اور (ان کی وضاحت کرتے ہوئے) مقصود کے مقام سے اسے زائل نہ کرے۔

جہاں تک پہلی قسم کا تعلق ہے' جو اوامر کی اقسام سے تعلق رکھتی ہے' تو وہ قسم یہ ہے: لفظ ''امر'' کا ہو' اور وہ تمام مخاطب افراد پر تمام احوال اور تمام اوقات میں فرض ہو' اور کسی بھی شخص کے لئے' کسی بھی صورت میں' اس سے باہر جانے کی گنجائش نہ ہو۔

دوسری قسم: وعدے کے الفاظ ہوں' لیکن مراد یہ ہو کہ ان اشیاء کو استعمال کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔

تیسری قسم: امر کا لفظ استعمال ہو' اور اس کے ذریعے مخاطبین کو بعض صورتوں میں (کام کرنے کا حکم دیا گیا ہو) تمام صورتیں مرادنہ ہوں۔

چوتھی قسم: امر کا لفظ ہو' جس کے ذریعے بعض مخاطبین کو' بعض حالتوں میں حکم دیا گیا ہو' تمام حالتوں میں حکم نہ دیا گیا ہو۔

پانچویں قسم: کسی چیز کا حکم دیا گیا ہو' اور دوسری روایت سے یہ بات ثابت ہوتی ہو کہ وہ کام فرض ہے' جبکہ اس کے مقابلے میں نبی اکرم ﷺ کا ایک فعل موجود ہو' اور اس کی موافقت میں بھی ایک روایت موجود ہو۔

چھٹی قسم: امر کا لفظ ہو' اور دوسری روایت سے یہ بات ثابت ہوتی ہو کہ وہ فرض ہے اور اس فرض شدہ امر کو ترک کرنے کی گنجائش دس متعین صورتوں میں ہو' تو جب ان دس صورتوں میں سے کوئی ایک صورت پائی جائے گی' تو اس چیز پر عمل کرنے کا حکم ایسا ہو گا کہ اسے ترک کرنا جائز ہو گا۔

AlHidayah - الهداية

اور جب یہ دس صورتیں معدوم ہوں گی' تو اس چیز پر عمل پیرا ہونا واجب ہوگا۔

7ویں قسم: تین اشیاء کے بارے میں حکم ہوا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہو' لیکن ان میں سے پہلی چیز فرض ہے' جو مختلف اجزاء اور شعبوں پر مشتمل ہے اور اس کے بارے میں مخاطب لوگوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں' جب کہ دوسری چیز عمومی لفظ کے ذریعے منقول ہوئی ہے۔

اور اس سے مراد یہ ہے: بعض صورتوں میں اس پر عمل کیا جائے گا' اس کی وجہ یہ ہے: اس کی ادائیگی فرض کفایہ ہے۔

اور تیسری صورت ندب اور ارشاد یعنی استحباب کے طور پر حکم ہے۔

8ویں قسم: تین اشیاء کا حکم دیا گیا' جو لفظی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ ملی ہوئی ہیں' لیکن ان میں سے پہلی تمام مخاطبین پر بعض صورتوں میں فرض ہے۔

اور دوسری تمام مخاطبین پر تمام صورتوں میں فرض ہے۔

اور تیسری مباح قرار دینے کے طور پر حکم ہے۔ لازمی نہیں ہے۔

9ویں قسم: تین اشیاء کا حکم دیا گیا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہے' ان میں سے ایک تمام مخاطبین پر تمام حالتوں میں فرض ہے۔

جبکہ دوسری اور تیسری ندب اور ارشاد (یعنی استحباب کے طور پر مذکور ہیں) فرض اور واجب کے طور پر نہیں ہے۔

10ویں قسم: دو چیزوں کا حکم دیا گیا' جو لفظی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ مذکور ہیں' جن میں سے ایک چیز بعض مخاطبین پر فرض کفایہ ہے اور دوسری مباح قرار دینے کے لئے ہے لازم نہیں ہے۔

11ویں قسم: تین اشیاء کا حکم ہوا ہے' جو لفظی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ مذکور ہیں' لیکن ان میں سے پہلی مخاطبین پر بعض صورتوں میں فرض ہے۔ دوسری بعض صورتوں میں' بعض مخاطبین پر فرض ہے۔

اور تیسری مخاطبین پر تمام اوقات میں فرض ہے۔

12ویں قسم: چار اشیاء کا حکم ہوا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا' جن میں سے پہلی تمام مخاطبین پر' تمام اوقات میں فرض ہے۔ دوسری مخاطبین پر' بعض صورتوں میں فرض ہے۔ تیسری بعض مخاطبین پر' بعض اوقات میں فرض ہے اور چوتھی عمومی لفظ کے ذریعے منقول ہوئی ہے' لیکن اس میں دو قسم کی تخصیص پائی جاتی ہے' جو دوسری دو روایات سے ثابت ہے۔

13ویں قسم: چار باتوں کا حکم ہوا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہے' ان میں سے پہلی تمام مخاطبین پر تمام اوقات میں فرض ہے۔

دوسری مخاطبین پر بعض حالتوں میں فرض ہے۔ تیسری بعض مخاطبین پر بعض حالتوں میں فرض ہے۔

اور چوتھی ادب سکھانے کے لئے اور رہنمائی کرنے کے لئے ہے۔

اس کا حکم مخاطب کو اس وقت دیا گیا ہے' جب ایک متعین علت موجود ہو' یا ایک متعین صورت موجود ہو۔

14ویں قسم: ایک چیز کا حکم دو مختلف اشخاص کو ہو' اور اس سے مراد ایک شخص ہے' دونوں اشخاص مراد نہیں ہیں۔

15ویں قسم: ایک ایسا حکم جو ایک متعین شخص کو دیا گیا' اور ایک متعین چیز کے بارے میں ہے۔

AlHidayah - الهداية

اس شخص کے بعد کسی اور شخص کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ قیامت تک اس فعل کا ارتکاب کرے اگرچہ وہ چیز متعین ہے اوراب بھی پائی جاسکتی ہے۔

16 ویں قسم: ایک فعل کا حکم ہو جو ایک متعین علت کی وجہ سے سبب پائے جانے کی صورت میں ہوگا اور اس سبب کی غیر موجودگی میں دوسرے فعل کا حکم ہوگا جو متعین علت کی وجہ سے ہوگا جو پہلی والی متعین علت کے برخلاف ہوگی جس کی وجہ سے پہلا حکم دیا گیا تھا۔

17 ویں قسم: متعین اشیاء کے بارے میں حکم دینا اور جن چیزوں کا حکم دیا گیا ہے ان میں سے کسی ایک چیز کا تذکرہ تکرار کے ساتھ کرنا تاکہ تاکید پیدا ہو۔

18 ویں قسم: سبب کو پوشیدہ رکھتے ہوئے کسی چیز پر عمل کرنے کا حکم دینا اس چیز کا استعمال صرف اس کے سبب کے اعتقاد کی صورت میں جائز ہوگا جو خطاب کے صیغے میں پوشیدہ ہے۔

19 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم ہونا جس کا حکم لازمی طور پر دیا گیا اور اس سے مراد یہ ہے: اس چیز پر عمل کیا جائے اور اس کی متضاد چیز سے ممانعت کی جائے۔

20 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم ہونا جس کا حکم مخاطبین کو بعض حالتوں میں دیا گیا ہے جو دو متعین اوقات کے بارے میں ہے اور فرض اور واجب قرار دینے کے طور پر ہے۔

جبکہ نبی اکرم ﷺ کا فعل اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جس شخص کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے ان دو متعین اوقات میں سے اس وقت میں یہ چیز اس پر لازم نہیں ہے۔

اور دوسرے وقت میں اس کا حکم اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ (یعنی دوسرے وقت میں وہ لازم ہوگی)

21 ویں قسم: الفاظ ایسے ہیں کہ جیسے کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہے اور اس سے مراد حکم دینا ہے اور وہ حکم کتاب میں مذکور "مجمل" حکم کی وضاحت ہے۔

22 ویں قسم: کسی چیز کو کرنے کا حکم دینے کے الفاظ ہیں وہ چیز مختلف اجزاء اور شعبوں پر مشتمل ہے۔

تو اگر وہ اجزاء اور شعبے ایسے ہیں جس پر اتفاق ہے کہ وہ فرض نہیں ہیں تو وہ چیز نفل شمار ہوگی۔

اور جس چیز کے بارے میں قرآن اور حدیث سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ وہ نفل ہے وہ لازم شمار ہوگی اسے ترک کرنا کسی بھی صورت میں جائز نہیں ہوگا۔

23 ویں قسم: ایسے امر جو مجمل الفاظ کے ذریعے وارد ہوتے ہیں اور ان کے اجمال کی وضاحت دوسری روایات میں ہے۔

24 ویں قسم: وہ احکام جو "مجمل" اور مختصر الفاظ کے ذریعے وارد ہوئے ہیں جن میں سے بعض کا تذکرہ دوسری روایات میں ہے۔

25 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں حکم دینا جس کی کیفیت کا بیان نبی اکرم ﷺ کے فعل سے ثابت ہے۔

AlHidayah - الهداية

26 ویں قسم: دو متضاد چیزوں کا استحباب کے طور پر حکم دینا۔ ان دونوں کے بارے میں مخاطب کو یہ اختیار دیا گیا ہو' یہاں تک کہ وہ ان دونوں میں سے جس پر چاہے عمل کر سکتا ہو' اور مقصود یہ ہو کہ اسے تیسری صورت سے منع کیا جائے۔

27 ویں قسم: دو اشیاء کے بارے میں حکم دینا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہے اور اس سے مراد یہ ہے: ان دونوں میں سے ایک حتمی اور لازمی ہے اور اس میں ایک شرط پوشیدہ ہے' جو اس کے ساتھ ذکر کی گئی ہے۔ یہاں تک کہ اس چیز کا حکم صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے' جب وہ شرط بھی اس کے ساتھ موجود ہو' جو خطاب کے صیغہ میں پوشیدہ ہے۔

جبکہ دوسرا حکم ظاہر کے مطابق ''ایجاب'' کے طور پر ہو۔ اور یہ اس کے متضاد کی ممانعت پر مشتمل ہو۔

28 ویں قسم: امر کا لفظ استعمال کیا گیا ہو' جس سے ظاہر یہ ہوتا ہو کہ یہ اپنی ذات کے اعتبار سے مستقل ہے' حالانکہ اس کے اندر دو قسم کی تخصیص پائی جاتی ہے۔ ان میں سے ایک تخصیص دوسری روایت کے ذریعے ثابت ہوتی ہے۔

اور دوسری تخصیص اجماع سے ثابت ہوتی ہے۔

اور اس حدیث کو کبھی اس کے عموم پر محمول کیا جاتا ہے اور کبھی دوسری روایت کے ذریعے اس کا حکم مخصوص کر لیا جاتا ہے اور کبھی اجماع کے ذریعے اس کا حکم مخصوص کر لیا جاتا ہے۔

29 ویں قسم: دو چیزوں کا حکم ہوا ہے' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہے' اس کے بارے میں مخاطب کو اختیار دیا گیا ہے اور اس کے لئے اس بات کی گنجائش ہے کہ وہ ان دونوں میں سے جس پر چاہے عمل کر لے۔

30 قسم: ایسا حکم جو بدل کے الفاظ کے طور پر استعمال ہوا ہے۔

یہاں تک کہ اس پر عمل کرنا جائز نہیں ہوگا' ماسوائے اس صورت کے' جب پہلے فرض پر عمل کرنا ممکن نہ ہو۔

31 قسم: امر کا صیغہ ہے' جو کسی فعل کے بارے میں ہے اور کسی سبب کی وجہ سے ہے' جو خطاب کے حکم میں پوشیدہ ہے۔

تو وہ پوشیدہ سبب جس کی وجہ سے اس فعل کو کرنے کا حکم دیا گیا ہے' جب بھی وہ متعین ہوگا' تو اس پر عمل کرنا واجب ہوگا۔

اور وحی کا سلسلہ منقطع ہونے کے بعد اس سبب کا علم معدوم ہو گیا ہے' تو اب قیامت تک کسی بھی شخص کے لئے اس فعل کو کرنا جائز نہیں ہوگا۔

32 ویں قسم: دو متعین چیزوں کی غیر موجودگی میں کسی فعل کو کرنے کا حکم دینا' تو جب وہ دو چیزیں معدوم ہوں گی' جس کا ذکر ظاہری خطاب میں ہے' تو اس فعل پر عمل کرنا' تمام مسلمانوں کے لئے مباح ہوگا اور جب ان اشیاء میں سے کوئی ایک بھی موجود ہوگی' تو اس فعل پر عمل کرنا' بعض لوگوں کے لئے ممنوع ہوگا اور اس فعل کو کرنا' بعض اوقات اس شخص کے لئے مباح ہوگا' جس میں وہ دونوں صفات پائی جاتی ہیں۔

جس طرح بعض اوقات اس پر عمل کرنے سے اس شخص کو منع کیا گیا ہے' جس میں وہ دونوں صفات پائی جاتی ہیں۔

33 ویں قسم: کسی فعل کو دوبارہ کرنے کا حکم ہونا' جس میں کرنے والے شخص نے اس فعل کو ادا کرنے کی نیت کی تھی' لیکن اس نے اس کی شرط کے مطابق اسے ادا نہیں کیا' جس شرط کا حکم دیا گیا تھا۔

AlHidayah - الہدایۃ

34 ویں قسم: دو چیزوں کا حکم ہونا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہے اور دو اسباب کے پیدا ہونے کی صورت میں ہے' ان میں سے ایک چیز متعین ہے' جس کی کیفیت پر عمل کیا جائے گا اور دوسری چیز کی کیفیت کا بیان آپ کے فعل اور امر میں ہوگا۔

35 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جس کے بارے میں واجب قرار دینے اور حتمی لفظ کے ذریعے حکم دیا گیا ہے' اور دوسری روایت کے ذریعے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ یہ عمل سنت ہے اور اس روایت میں مقصود یہ ہے: اس علت کا تعین کیا جائے' جس کی وجہ سے مامور بہ کو یہ حکم دیا گیا ہے۔

36 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جو پہلے ممنوع تھی اور پھر اسے مباح قرار دے دیا گیا' پھر اس سے منع کر دیا گیا' پھر اسے مباح قرار دیا گیا' پھر اسے منع کر دیا گیا' تو وہ قیامت کے دن تک کے لئے حرام ہے۔

37 ویں قسم: ایسا حکم جس میں مامور بہ کو تین چیزوں کے بارے میں اختیار دیا گیا ہے' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہے۔ ان میں سے کسی ایک کے بارے میں قدرت نہ ہونے کی صورت میں یہ حکم ہے۔

یہاں تک کہ اس شخص پر پہلی صورت سے عاجز ہونے کی صورت میں یہ لازم ہوگا کہ وہ دوسری کو ادا کرے' اور دوسری سے عاجز ہونے کی صورت میں یہ لازم ہوگا کہ وہ تیسری کو ادا کرے۔

38 ویں قسم: امر کا ایسا صیغہ جس کے ذریعے مامور بہ کو دو چیزوں کے درمیان اختیار دیا گیا ہے' اور یہ لفظ اختیار کے ذریعے ہے' یہ حتمی اور واجبی طور پر نہیں ہے۔

یہاں تک کہ اس شخص پر یہ بات لازم ہوگی' وہ ان دونوں میں سے جسے چاہے ادا کر دے۔

39 ویں قسم: امر کا صیغہ استعمال ہوا ہے' جس کے ذریعے مامور بہ کو چند متعین اور مخصوص چیزوں کے درمیان اختیار دیا گیا ہے یہاں تک کہ اسے اس بات کا اختیار نہیں ہوگا کہ اسے جن چیزوں کے بارے میں اختیار دیا گیا ہے' ان کی متعین حدود سے تجاوز کر جائے۔

40 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جو فرض ہے اور اس کے بارے میں مامور بہ کو تین چیزوں کے درمیان اختیار ہو' یہاں تک کہ اس پر یہ بات لازم ہوگی کہ ان تین اشیاء میں سے جسے چاہے ادا کر دے۔

41 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جس کے بارے میں مامور بہ کو یہ اختیار دیا گیا ہے' وہ متعین صفات کے درمیان اس کی ادائیگی کر دے اور پھر اس کے لئے یہ بات مستحب قرار دی گئی کہ ان میں سے جو چیز اس کے لئے آسان ہے' اسے اختیار کر لے۔

42 ویں قسم: ایسا حکم جس کے بارے میں مامور بہ کو یہ حکم دیا گیا ہے' وہ چار صورتوں میں اسے ادا کر سکتا ہے' یہاں تک کہ مامور بہ ان چار صورتوں میں سے جس صورت کے مطابق چاہے اسے ادا کر سکتا ہے اور اس کا مقصد ندب اور ارشاد (یعنی استحباب کے طور پر اس عمل کی ترغیب ہے۔)

43 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں حکم ہونا' جو کسی شرط کے ساتھ ملی ہوئی ہو' تو جب وہ شرط موجود ہوگی' تو وہ حکم واجب

ہوگا اور جب وہ شرط موجود نہیں ہوگی' تو وہ حکم کالعدم ہوگا۔

44 ویں قسم: کسی ایسے فعل کے بارے میں حکم دینا' جو کسی شرط کے ساتھ ملا ہوا ہے اور اس فعل کا حکم ایجاب کے طور پر ہے' لیکن شرط' ارشاد (یعنی استحباب) کے طور پر ہے۔

45 ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جس کا حکم کسی شرط کو ظاہری خطاب میں پوشیدہ رکھ کے دیا گیا ہو' تو جب وہ پوشیدہ شرط موجود ہوگی' تو وہ حکم واجب ہوگا اور جب وہ پوشیدہ شرط معدوم ہوگی' تو اس حکم کے متضاد پر عمل کرنا جائز ہوگا۔

46 ویں قسم: دو ایسی چیزوں کے بارے میں حکم دینا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہو' ان میں سے ایک فرض ہے اور دوسری روایت کے ذریعے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وہ چیز فرض ہے۔

جبکہ دوسری چیز نفل ہے اور اجماع اس کے نفل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

47 ویں قسم: دو چیزوں کے بارے میں حکم ہونا' جن کا ذکر ایک ساتھ کیا گیا ہے' ان میں سے ایک سے مراد تعلیم دینا ہے اور دوسرے سے مراد کسی کام کو مباح قرار دینا ہے۔ لازم قرار دینا مراد نہیں ہے۔

48 ویں قسم: تین اشیاء کے بارے میں حکم دینا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہے' ان میں سے ایک چیز فرض ہے اور تمام مخاطب لوگوں پر تمام اوقات میں فرض ہے۔

جبکہ دوسری چیز بعض مخاطب لوگوں پر بعض حالتوں میں فرض ہے۔

اور تیسری چیز میں دو خصوصیات پائی جاتی ہیں' جو دوسری دو روایات سے ثابت ہیں' یہاں تک کہ اس روایت میں عمومی طور پر جو چیز منقول ہوتی ہے' اس پر عمل کرنا اسی وقت جائز ہوگا' جب ان دو قسم کی تخصیص میں سے کوئی ایک تخصیص اس میں پائی جائے گی۔

49 ویں قسم: تین اشیاء کے بارے میں حکم ہونا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہے اور پہلے دو الفاظ سے مراد یہ ہے' یہ فضیلت اور ارشاد (یعنی استحباب کے طور پر) حکم ہے۔

اور تیسری سے مراد مباح قرار دینے کے لئے حکم ہے' لازمی نہیں ہے۔

50 ویں قسم: تین اشیاء کے بارے میں حکم ہونا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہے' ان میں سے پہلی چیز فرض ہے' جسے ترک کرنا جائز نہیں ہے' جبکہ دوسری اور تیسری متعین علت سے متعلق دو حکم ہیں اور اس سے مراد ندب اور ارشاد یعنی (استحباب) ہے۔

51 ویں قسم: چار چیزوں کے بارے میں حکم ہونا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہے' اس میں سے پہلی اور تیسری ندب اور ارشاد (یعنی استحباب) کے طور پر حکم ہے' جبکہ دوسری کو شرط کے ساتھ ملایا گیا ہے' تو جس فعل کی طرف اشارہ کیا گیا ہے' وہ اپنی ذات کے اعتبار سے نفل ہے۔ اور وہ شرط جو اس کے ساتھ ملائی گئی ہے' وہ فرض ہے۔

جبکہ چوتھی قسم اباحت کے لئے حکم ہے' حتمی نہیں ہے۔

52 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جس کا ذکر کسی گزری ہوئی چیز کے عقب میں کیا گیا ہے اور اس سے مراد آغاز کے طور پر یہ حکم ہو۔

AlHidayah - الہدایة

تو اب امر کا صیغہ ''تعقیب'' کے لفظ کے ہمراہ مطلق ہے' لیکن اس سے مراد ابتدائی اعتبار سے حکم دینا ہے' کیونکہ اب وہ تعقیب معدوم ہے۔

اب صرف نئے سرے سے آغاز ہوسکتا ہے۔

53 ویں قسم: متعین اوقات میں کسی فعل کے کرنے کا حکم ہونا' جو کسی متعین سبب کی وجہ سے ہے' تو جب ان مذکورہ اوقات میں کسی شخص کو وہ سبب درپیش ہو' تو تمام اوقات میں اس شخص سے وہ حکم ساقط ہو جائے گا۔ اگرچہ وہ حکم ندب اور ارشاد (یعنی استحباب) کے طور پر ہے۔

54 ویں قسم: کسی فعل کو کرنے کا حکم ہونا' جو کسی متعین صفت کے ساتھ ملا ہوا ہے اور اس فعل کا ارتکاب اس صفت کے بغیر کرنا بھی جائز ہے' جس صفت کا تذکرہ اس فعل کے ساتھ کیا گیا ہے۔

55 ویں قسم: ان چیزوں کے بارے میں حکم ہونا' جو نفس خطاب میں پوشیدہ علتوں کی وجہ سے ہے اور ظاہری الفاظ میں اس کی کیفیت کو بیان نہیں کیا گیا۔

56 ویں قسم: پانچ چیزوں کے بارے میں حکم ہو' جس کا ذکر ایک ساتھ کیا گیا ہے۔ ان میں سے پہلی کا ذکر لفظ کے عموم کے ساتھ ہے' لیکن اس کی مراد خاص ہے۔

دوسری اور تیسری میں سے ہر ایک کی دو تخصیص صورتیں ہیں جن میں سے ہر ایک سنت ثابتہ سے ثابت ہے۔

چوتھی قسم میں بعض مخاطبین کو بعض صورتوں میں مراد لیا گیا ہے۔

پانچویں قسم فرض کفایہ ہے۔ جب بعض لوگ اسے ادا کریں گے' تو باقی لوگوں سے اس کی فرضیت ساقط ہو جائے گی۔

51 ویں قسم: چھ چیزوں کا حکم لفظی طور پر ایک ساتھ دیا گیا ہے' جن میں پہلی تین چیزیں مخاطب لوگوں پر بعض صورتوں میں فرض ہیں۔

اور باقی تین چیزیں مخاطب لوگوں پر تمام صورتوں میں فرض ہیں۔

58 ویں قسم: سات چیزوں کا حکم ایک ساتھ دیا گیا ہے۔ ان میں سے پہلی اور دوسری ندب اور ارشاد (یعنی استحباب) کے طور پر ہیں۔

تیسری اور چوتھی میں لفظ عام ہے' لیکن اس کی مراد ''بعض'' مفہوم ہے پورا مفہوم مراد نہیں ہے۔

پانچویں اور ساتویں قسم میں حتمی اور ایجاب کے طور پر حکم دیا گیا ہے' لیکن یہ ایک مخصوص وقت میں ہے' جو دوسرے وقت میں نہیں ہے۔

چھٹی قسم میں عمومی طور پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور اس سے مراد یہ ہے: یہ عمل مسلمانوں کے ساتھ کیا جائے گا۔ دوسروں کے ساتھ نہیں کیا جائے گا۔

59 ویں قسم: ایک فعل کو کرنے کا حکم دیا گیا ہے' جو دو متعین چیزوں کی موجودگی کی صورت میں ہے اور اس سے مراد ایک چیز

ہے دونوں مراد نہیں ہیں۔

کیونکہ وہ دونوں اس سبب میں ایک ساتھ اکٹھی نہیں ہوسکتیں جس کی وجہ سے اس فعل کو کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

60ویں قسم: ایک اطاعت (یعنی نیکی کے کام) کو ترک کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ جب آدمی منفرد طور پر اسے سرانجام دے۔ اس کے بعد اس کے مشابہ عمل نہ ہو یا اس سے پہلے اس کے مشابہ عمل نہ ہو۔

61ویں قسم: دو چیزوں کا حکم ہونا' جن کا ذکر ایک ساتھ کیا گیا ہے' ان میں سے ایک فرض ہے' جس کا انکار نہیں کیا جاسکتا اور دوسری سے مراد شدت اور سختی بیان کرنا ہے' حکم دینا مراد نہیں ہے۔

62ویں قسم: امر کا لفظ استعمال ہوا ہے' جس کے ساتھ ممانعت کو بھی ملایا گیا ہے' جو ایسی چیز کے استعمال کو ترک کرنے کے بارے میں ہے جس کی اباحت کا ذکر دو متعین شرطوں کے ساتھ کیا گیا ہے اور پھر ان دو شرطوں میں سے' ایک کے ساتھ تیسری شرط بھی شامل کی گئی ہے۔ یہاں تک کہ وہ فعل ان مذکورہ شرائط کے بغیر کرنا مباح نہیں ہوگا۔

63ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جس سے مراد اس چیز سے منع کرنا ہو' جو اس کے بعد متوقع طور پر آسکتی ہے۔ جس کا تعلق ان چیزوں سے ہو جن سے منع کیا گیا ہے۔

64ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جس سے مراد اس چیز کے سبب سے مامور بہ کو روکنا ہے۔

65ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جو مخصوص صورتحال میں صادر ہوا ہے۔

لیکن اس سے مراد یہ ہے: اس کو بعض مسلمانوں کے لئے واجب قرار دیا جائے' جب کہ ان کے درمیان وہ آلہ موجود ہو' جس کی وجہ سے اس فعل کو کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

66ویں قسم: امر کے الفاظ قولی طور پر ہیں' لیکن اس سے مراد دلی طور پر اس پر عمل کرنا ہے' زبان کے ذریعے اسے بولنا مراد نہیں ہے۔

67ویں قسم: ایسے احکام جن پر عمل کرنے کا حکم اس مقصد کے لئے دیا گیا ہے' تاکہ رہنمائی کی جائے' اور ثواب طلب کیا جائے (یعنی اس پر عمل کرنا مستحب ہے)

68ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم ہونا' جس کا ذکر کسی متعین شرط کے ساتھ کیا گیا' تو اگر اس شرط سے کوئی چیز زائد ہو' یا اس سے کوئی چیز کم ہو' تو بھی حکم اپنی حالت پر واجب رہے گا۔

جبکہ وہ شرط پائی گئی ہو' تاہم اس کی حد بندی متعین نہیں ہوگی۔

69ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جو اسی سبب کی وجہ سے ہو' جس کا ذکر پہلے ہوگیا ہے' لیکن اس سے مراد ادب سکھانا ہو' تاکہ آدمی اس سبب کی وجہ سے' اس چیز کا مرتکب نہ ہو' جس کی وجہ سے اس حکم کو دیا گیا ہے' اور ایسا کسی عذر کے بغیر ہو۔

70ویں قسم: وہ احکام جو وارد ہوئے ہیں اور اس سے مراد کسی چیز کو مباح قرار دینا ہے اور مطلق قرار دینا ہے' اس سے مراد حکم دینا اور واجب قرار دینا نہیں ہے۔

71ویں قسم: وہ احکام جن میں متعین اشیاء کی وجہ سے کسی چیز کو مباح قرار دیا گیا ہے' جو متعین شرط کی وجہ سے ہے اور یہ وسعت اور رخصت عطا کرنے کے حوالے سے ہے۔

72ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جو کسی سبب کے پیش آنے کی صورت میں ہو' اور مقصود کے لفظ کا اطلاق اس کے سبب پر کیا گیا ہو۔

73ویں قسم: وہ احکام جو اس لئے وارد ہوئے ہیں' ان کی مراد یہ ہے: کسی چیز سے روکا جائے' اور اس حکم کے متضاد سے منع کیا جائے' جس کا حکم دیا گیا ہے۔

74ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں ایسا حکم' جو کسی گزرے ہوئے فعل کے ساتھ ہو' اور اس سے مراد یہ ہو: اس فعل کو کرنا جائز ہے' جس کے بارے میں سوال کیا گیا ہے اور اس کے ہمراہ دوسری مرتبہ اس پر عمل کرنے کو مباح قرار دیا گیا ہو۔

75ویں قسم: کسی کام کو کرنے کا حکم دیا ہو' لیکن اس سے مراد یہ ہو: دوسرے کام کو کرنے سے منع کیا گیا ہو' اور ان دونوں سے ایک ساتھ مراد وہ علت ہو' جو نفس خطاب میں پوشیدہ ہے' اس سے یہ مراد نہیں ہے: اس فعل کو کرنا حرام ہے۔

اگرچہ اس کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہو۔

76ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جبکہ اس سے مراد یہ ہو: اس چیز کی تعلیم دی جائے' جس سے مامور بہ شخص ناواقف ہے' اس پر عمل کیسے کیا جائے گا؟ اس سے یہ مراد نہیں ہے: یہ ایسا حکم ہے' جو کسی چیز کو حتمی قرار دینے یا واجب قرار دینے کے لئے ہے۔

77ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جبکہ اس سے مراد اس بات کی تلقین کرنا ہو کہ مسلمان آپ کے بعد اشکال پیش آنے کی صورت میں اپنے دین کے معاملے میں محتاط رہیں۔

78ویں قسم: وہ احکام جو دیئے گئے ہیں' لیکن اس سے مراد تعلیم دینا ہے۔

79ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دینا' جس کا حکم کسی متعین علت کی وجہ سے دیا گیا ہے' وہ علت نفس خطاب میں مذکور نہیں ہے' لیکن اجماع اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس حکم سے مراد اس کا ظاہری مفہوم نہیں ہے۔

80ویں قسم: کسی چیز پر عمل کرنے کا حکم ہونا' جس میں اسم کا اطلاق اس چیز پر کیا گیا ہو' اور مراد اس سے یہ ہو: اس چیز سے جو چیز پیدا ہوتی ہے' وہ مراد ہے۔ نفس چیز مراد نہیں ہے۔

81ویں قسم: امر کے وہ الفاظ جنہیں کنایہ کے طور پر ذکر کیا گیا ہو' تصریح کے طور پر ذکر نہیں کیا گیا۔

82ویں قسم: وہ اوامر جن کے ذریعے خواتین کو بعض حالتوں کے بارے میں حکم دیا گیا ہو۔ یہ حکم مردوں کے لئے نہ ہو۔

83ویں قسم: وہ احکام جو تعریض کے طور پر منقول ہیں' لیکن اس سے مراد یہ ہے: ان احکام پر عمل کیا جائے۔

84ویں قسم: سوالیہ الفاظ کے ہمراہ کسی چیز کو کرنے کا حکم دینا اور اس سے مراد یہ ہے: جو شخص اس حکم سے متضاد صورت کا مرتکب ہوا ہو' اس پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے اسے عمل کرنے کی ہدایت کی جائے۔

85ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں ایسا حکم دینا' جس میں اس چیز کے اسم کی اس سے نفی کی گئی ہو' کیونکہ اس صورت میں وہ چیز کامل نہیں رہتی۔

86ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم ہونا' جس کا ذکر کسی متعین تعداد کے ہمراہ کیا گیا ہو' حالانکہ اس سے یہ مراد نہ ہو: اس مخصوص تعداد کے علاوہ کی نفی کی گئی ہے۔

87ویں قسم: کسی چیز سے الگ رہنے کا حکم ہونا' اس سے مراد یہ ہے: اس چیز سے جو چیز آگے آتی ہے' اس سے منع کیا جائے۔

88ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم ہونا جو لفظ مستر د کرنے یا رجوع کرنے کے ساتھ وارد ہو' اور اس سے مراد یہ ہو: اس چیز پر عمل کرنے کی نفی کی جائے۔

یہ مراد نہیں ہے: اسے جائز قرار دیا جائے' یا باقی رکھا جائے۔

89ویں قسم: الفاظ میں کچھ چیزوں کی تعریف کی گئی ہو' لیکن اس سے مراد یہ ہو: ان پر عمل کرنے کا حکم دیا جائے۔

90ویں قسم: وہ احکام جو کسی علت کی وجہ سے دیئے گئے ہیں' جو شرائط کے ساتھ ذکر کی گئی ہیں' ان پر قیاس کرنا جائز ہو۔

91ویں قسم: ایسے الفاظ جو کسی چیز کی نفی کی اطلاع دیتے ہیں' البتہ ایک متعین تعداد کے ذکر کا حکم مختلف ہو۔

اس سے مراد یہ ہوگا: واجب قرار دینے کے طور پر کسی چیز کا حکم دیا جائے' اور اس میں سے اس متعین تعداد کو متعین صفت کے ہمراہ مستثنیٰ کرلیا گیا ہے' تو جو اس متعین تعداد کے تحت داخل ہوگا' اس سے یہ حکم ساقط ہوگا' جس کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا ہے۔

92ویں قسم: ایسے الفاظ جو کچھ چیزوں کے بارے میں اطلاع دینے کے لئے ہیں' لیکن اس سے مراد یہ ہے: ان کا حکم دیا جائے۔

بدء الخلق صفة النبى صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ خصائصه وفضائله المعجزات تبليغه صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ مرضه صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ وفاته صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اِخْبَارِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يَكُونُ فى امته من الفتن والحوادث مناقب الصحابة رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنهُم مفصلا فضل الامة فضل الصحابة والتابعين وباب ذكر الحجاز واليمن والشام وفارس وعمان اِخْبَارِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَعْثِ واحوال الناس فى ذٰلِكَ اليوم وصف الجنة واهلها صفة النار واهلها.

واعلم انى وضعت بازاء كل حديث بالقلم الهندى صورة اَلنَّوْعُ الَّذِىْ هو منه فى كتاب التقاسيم والانواع ليتيسر ايضا كشفه من اصله من غير كلفة ومشقة مثاله اذا كان الحديث من اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ عَشَرَ مثلا كان بازائه هٰكَذَا 11 ثُمَّ ان كان من القسم الْاَوَّلُ كان العدد المرقوم مجردا عن العلامة كما رايته وان كان من القسم الثَّانِىُّ كان تحت العدد خط عرضى 1 هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الثَّالِثُ كان الخط من فوقه هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الرَّابِعُ كان العددين خطين هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الْخَامِسُ كان الخطان فوقه 11 توفيرا للخاطر وتيسيرا للناظر2 جعله الله خالصا لذاته وفى ابتغاء مرضاته انه على كل شىء قدير وبالاجابة جدير.

(ابن بلبان کہتے ہیں) بندۂ ضعیف جو اس کتاب کی ترتیب بندی کرنے لگا ہے وہ کہتا ہے: میں نے سوچا کہ میں اس کتاب کے آغاز میں اس میں موجود کتب (یعنی مرکزی ابواب) اور ابواب میں موجود فصول سے (اپنے قارئین کو) آگاہ کردوں تا کہ اس کا فائدہ آسان ہو جائے اور اس کی طرف رجوع کرنا زیادہ ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ سے یہ سوال ہے وہ اسے خاص طور پر اپنی ذات کیلئے اور اپنی رضا کے حصول کیلئے بنادے میرے لیے وہی کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

☆☆☆

مقدمہ

اللہ تعالیٰ کی حمد کے ذریعے آغاز کرنے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے۔

سنت اور اس کے متعلقات کو نقل حکم ممانعت کے حوالے سے مضبوطی سے تھامنا

کتاب: وحی (کے بارے میں روایات)

کتاب: معراج (کے بارے میں روایات)

کتاب: علم (کے بارے میں روایات)

کتاب: ایمان (کے بارے میں روایات)

فطرت - تکلیف (احکام کا پابند کرنا) - ایمان کی فضیلت - ایمان کی فرضیت - مومنین کی صفات شرک - نفاق کا بیان

احسان (بھلائی) (کے بارے میں روایات)

باب: سچائی کا بیان نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔

نیکیاں اور ان کا ثواب —— اخلاص اور پوشیدہ اعمال —— والدین کا حق —— صلہ رحمی اور اسے قطع کرنا —— رحمت —— اچھے اخلاق —— معاف کرنا —— کھانا کھلانا اور سلام پھیلانا —— پڑوسی ——

فصل: نیکی اور بھلائی —— نرمی —— ساتھ اور ہم نشینی —— راستے میں بیٹھنا ——

فصل: چھینکنے والے کو جواب دینا —— گوشہ نشینی

کتاب: (دلوں کو) نرم کرنے والی روایات

توبہ —— اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھنا —— خوف اور تقویٰ —— فقر زہد اور قناعت —— ورع اور توکل —— قرآن اور اس کی مطلق تلاوت —— مطلق اذکار —— مطلق دعائیں —— پناہ مانگنا

کتاب: طہارت (کے بارے میں روایات)

فطرت بمعنی سنت ___ وضو کی فضیلت ___ وضو کے فرائض ___ وضو کی سنتیں ___ وضو کے نواقض ___ غسل ___ غسل کیلئے پانی کی مقدار ___ جنبی کے احکام ___ جمعہ (کے دن) غسل کرنا ___ کافر کا اسلام قبول کرتے وقت غسل کرنا ___ پانیوں (کا بیان) ___ عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا ___ آب مستعمل ___ برتنوں کا بیان ___ جوٹھے (پانی کے احکام) ___ تیمم ___ موزوں اور دوسری چیزوں پر مسح کرنا ___ حیض اور استحاضہ ___ نجاست اور اسے پاک کرنا ___ پاکیزگی حاصل کرنا (یعنی استنجاء کرنا)

کتاب نماز (کے بارے میں روایات)

نماز کی فرضیت ___ نماز ترک کرنے پر وعید ___ نمازوں کے اوقات ___ ان کے ممنوعہ اوقات ___ دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا ___ مساجد ___ اذان ___ نماز کی شرائط ___ پانچ نمازوں کی فضیلت ___ نماز کا طریقہ ___ قنوت ___ امامت اور جماعت ___ جماعت کی فرضیت ___ وہ عذر جو اس کے ترک کو مباح کر دیتے ہیں ___ امام کی متابعت فرض ہونا ___ نمازی کیلئے کیا مکروہ ہے اور کیا مکروہ نہیں ہے ___ نماز کو دہرانا ___ وتر ___ نوافل ___ سواری پر نماز پڑھنا ___ چاشت کی نماز ___ تراویح ___ رات کے نوافل ___ قضا نمازیں پڑھنا ___ سجدہ سہو ___ مسافر (کی نماز) ___ سفر کی نماز ___ سجدہ تلاوت ___ نماز جمعہ ___ نماز عیدین ___ نماز کسوف ___ نماز استسقاء ___ نماز خوف ___ جنائز ___ بیمار کی عیادت کرنا ___ صبر کرنا اور بیماریوں و تکالیف کا ثواب ___ اس امت کی عمریں ___ موت کا تذکرہ ___ (زندگی طویل ہونے کی) امید ___ موت کی آرزو کرنا ___ نزع (کا عالم)

فصل: موت اور اس کے متعلق مومن کی راحت' اس کی خوشخبری' اس کی روح' اس کا عمل اور اس کی تعریف

(میت کو) غسل (دینا) ___ کفن دینا ___ جب میت کو اٹھایا جاتا ہے' تو وہ کیا کہتی ہے؟ ___ جنازے کیلئے کھڑے ہو جانا ___ نماز جنازہ ___ دفن کرنا ___ قبر میں میت کے احوال ___ نوحہ کرنا (اور اس جیسے دیگر امور) ___ قبریں ___ قبروں کی زیارت ___ شہید ___ خانہ کعبہ میں نماز پڑھنا ___

کتاب زکوٰۃ (کے بارے میں روایات)

حلال مال جمع کرنا اور اس سے متعلق امور ___ (کھجوروں کی پیداوار کا) اندازہ لگانا اور اس سے متعلق امور ___ زکوٰۃ کی فضیلت ___ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے کیلئے وعید ___ زکوٰۃ کی فرضیت ___ عشر ___ مصارف زکوٰۃ ___ صدقہ فطر ___ نفلی صدقہ ___

AlHidayah - الهداية

فصل: وہ اشیاء جو صدقہ کے حکم میں ہیں

احسان جتانے والا — مانگنے اور لینے' بدلہ دینے' تعریف کرنے' شکریہ ادا کرنے کے حوالے سے اس سے متعلق امور

کتاب: روزے (کے بارے میں روایات)

روزے کی فضیلت — رمضان کی فضیلت — رؤیت ہلال — سحری کرنا — روزے کے آداب — جنبی کا روزہ رکھنا — افطاری کرنا اور اسے جلدی کرنا — رمضان کی قضاء — کفارہ — روزہ دار کا پچھنے لگوانا — روزہ دار کا (بیوی کا) بوسہ لینا — مسافر کا روزہ — دوسرے کی طرف سے روزہ رکھنا — ممنوعہ روزے — صوم وصال — ہمیشہ (نفلی) روزے رکھنا — مشکوک دن میں روزہ رکھنا — عید کے دن روزہ رکھنا — ایام تشریق میں روزہ رکھنا — عرفہ کے دن روزہ رکھنا — جمعہ کے دن روزہ رکھنا — ہفتہ کے دن روزہ رکھنا — نفلی روزہ رکھنا — اعتکاف اور شب قدر

کتاب: حج (کے بارے میں روایات)

حج اور عمرہ کی فضیلت — حج کی فرضیت — مکہ کی فضیلت — مدینہ کی فضیلت — حج کے مقدمات (یعنی پیشگی امور) — حج کے مواقیت — احرام — مکہ میں داخل ہونا اور وہاں کیا' کیا جائے — صفا ومروہ — مکہ سے نکل کر منیٰ جانا — عرفہ اور مزدلفہ میں وقوف کرنا اور وہاں سے روانہ ہونا — جمرہ عقبہ کی رمی — سر منڈوانا اور ذبح کرنا — طواف زیارت کیلئے منیٰ سے واپس آنا — منیٰ کے دنوں میں رمی جمار کرنا — طواف صدر کیلئے منیٰ سے واپس آنا — (حج) قران — (حج) تمتع — نبی اکرم ﷺ کا حج — آپ کا عمرہ کرنا — محرم کیلئے کیا مباح ہے اور کیا مباح نہیں ہے — کفارہ — دوسرے کی طرف سے حج یا عمرہ کرنا — احصار — ہدی —

کتاب: نکاح اور اس کے آداب (کے بارے میں روایات)

ولی — مہر — نسب کا ثبوت اور قیافہ شناسی — حرمت مناکحت — متعہ — کنیز کے ساتھ نکاح کرنا — میاں بیوی کی معاشرت — عزل — غیلہ — عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی ممانعت — قسم (یعنی زیادہ بیویوں میں وقت کی تقسیم) — رضاعت — خرچ

کتاب: طلاق (کے بارے میں روایات)

رجعت — ایلاء — ظہار — خلع — لعان — عدت —

کتاب: (غلام) آزاد کرنے (کے بارے میں روایات)

ممالیک سے اچھا برتاؤ — شریک کا آزاد کرنا — بیماری کے دوران (غلام) آزاد کرنا — کتابت — ام ولد — ولاء

کتاب: ایمان (یعنی قسموں) اور نذروں (کے بارے میں روایات)

کتاب: حدود (کے بارے میں روایات)

زنااوراس کی حد — شراب نوشی کی حد — تعزیر — چوری — مرتد ہونا

کتاب: سیر (سیاسیات) (کے بارے میں روایات)

خلافت اور امارت — حکمرانوں کی بیعت کرنا اور اس کیلئے مستحب امور — حکمرانوں کی اطاعت — جہاد کی فضیلت — اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی فضیلت — شہادت کی فضیلت — گھوڑے — چراگاہ — دوڑ کا مقابلہ — تیر اندازی — ہار پہنانا اور گھنٹی (باندھنا) — نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات — جہاد کی فرضیت — خروج اور جہاد کی کیفیت — غزوہ بدر — مال غنیمت اور اس کی تقسیم — غلول (مال غنیمت میں خیانت) — فدیہ دینا اور قیدی آزاد کروانا — ہجرت کرنا — صلح کرنا — پیغام رساں — ذمی اور جزیہ

کتاب: لقطہ (کے بارے میں روایات)

کتاب: وقف (کے بارے میں روایات)

کتاب: خرید وفروخت (کے بارے میں روایات)

بیع سلم — بیع مدبر — وہ سودے جن سے منع کیا گیا — سود — اقالہ — آفت آنا — مفلس ہوجانا — قرضہ جات

کتاب: تصرف سے روکنے (کے بارے میں روایات)

کتاب: حوالہ (دوسرے کی ادائیگی اپنے ذمے لینے) (کے بارے میں روایات)

کتاب: قضاء (کے بارے میں روایات) رشوت کا بیان

کتاب: گواہی (کے بارے میں روایات)

کتاب: دعویٰ (کے بارے میں روایات)

حلف لینا (قرض کی واپسی میں) ٹال مٹول کرنے والے کو سزا دینا

کتاب: صلح (کے بارے میں روایات)

کتاب: عاریت (کے بارے میں روایات)

کتاب: ہبہ (کے بارے میں روایات) ہبہ میں رجوع کرنا

کتاب: رقبیٰ اور عمریٰ (کے بارے میں روایات) کتاب: اجارہ (کے بارے میں روایات) کتاب: غصب (کے بارے میں روایات) کتاب: شفعہ (کے بارے میں روایات) کتاب: مزارعت (کے بارے میں روایات) کتاب: بنجر زمین کو آباد کرنے (کے بارے میں روایات) کتاب: کھانے (کے بارے میں روایات) کھانے کے آداب کیا چیز کھانا جائز ہے اور کیا جائز نہیں ہے ضیافت عقیقہ

کتاب: مشروبات (کے بارے میں روایات)

پینے کے آداب' کیا پینا جائز ہے؟

کتاب: لباس اوراس کے آداب (کے بارے میں روایات)

زینت کا بیان' سونے کے آداب

کتاب: ممنوع اورمباح (چیزوں) (کے بارے میں روایات)

اس میں ایک فصل (کسی کو) عذاب دینے اور مثلہ کرنے کے بارے میں ہے' ایک فصل جانوروں سے متعلق روایات کے بارے میں ہے۔

باب: جانوروں کو مارنا

باب: مسلمانوں کے درمیان ایک دوسرے سے بغض رکھنے' حسد کرنے' ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرنے' کینہ رکھنے' لاتعلقی اختیار کرنے (کے بارے میں روایات)

باب: تواضع' تکبر خود پسندی ناپسندیدہ بات سننا' برا گمان رکھنا' غصہ کرنا فحش بات کرنا

باب: کون سا کلام مکروہ ہے اور کون سا مکروہ نہیں ہے۔

اس باب میں جھوٹ بولنے' لعنت کرنے' دوغلے پن' غیبت' چغل خوری' مدح' تفاخر' شعر' مسجع گفتگو کرنا' مزاح کرنا' ہنسنا' کے بارے میں روایات ہیں' ایک فصل کلام کے بارے میں ہے۔ باب: (اندر آنے کی) اجازت مانگنا' اسماء اور کنیت

باب: تصویریں اور تصویر بنانے والے' لہو ولعب' سماع

کتاب: شکار (کے بارے میں روایات)' کتاب: ذبائح (کے بارے میں روایات)' کتاب: اضحیہ (کے بارے میں روایات)' کتاب: رہن (کے بارے میں روایات)' فتنوں کا بیان

کتاب: دیات (کے بارے میں روایات)' تاوان (جرمانہ)

کتاب: وصیت (کے بارے میں روایات)' کتاب: وراثت (کے بارے میں روایات)' ذوی الارحام' خوابوں (کا بیان) کتاب: طب (کے بارے میں روایات)' کتاب: دم کرنے اور تعویذ لٹکانے (کے بارے میں روایات)' کتاب: عدویٰ اور طیرہ (کے بارے میں روایات)

باب: ہام اور غول کا بیان

کتاب: ستارہ شناسی اور نجوم (کے بارے میں روایات)' کتاب: کہانت اور جادو (کے بارے میں روایات)

کتاب: تاریخ (کے بارے میں روایات)' مخلوق کا آغاز — نبی اکرم ﷺ کا حلیہ مبارک — آپ کی خصوصیات اور فضائل — معجزات — آپ کی تبلیغ — آپ کی بیماری — آپ کا وصال — آپ کا اس بات کی اطلاع دینا کہ آپ کی امت میں فتنے اور حوادث پیدا ہوں گے — صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تفصیلی مناقب — امت کی فضیلت — صحابہ اور تابعین کی فضیلت — باب: حجاز' یمن' شام' فارس اور عمان کا تذکرہ —

نبی اکرم ﷺ کا (قیامت کے دن) دوبارہ زندہ ہونے اور اس دن میں لوگوں کی حالتوں کے بارے میں خبردینا۔
جنت اور اہل جنت کا تذکرہ ——جہنم اور اہل جہنم کا تذکرہ——

(ابن بلبان کہتے ہیں) یہ بات جان لیں! میں نے ہر حدیث کے سامنے ہندی قلم کے ساتھ اس ''نوع'' کی علامت بنادی ہیں جس نوع میں وہ حدیث کتاب ''التقاسیم والانواع'' میں موجود ہے تاکہ کسی مشکل اور پریشانی کے بغیر اصل کتاب میں اسے تلاش کرنا آسان ہو۔

اس کی مثال یہ ہے: جب وہ حدیث اا ویں ''نوع'' میں ہوگی تو اس کے سامنے اس طرح کی علامت ہوگی (اا)۔ پھر اگر وہ (نوع) پہلی قسم سے تعلق رکھتی ہوگی۔ تو لکھے ہوئے اس عدد پر مزید کوئی نشان موجود نہیں ہوگا۔

اگر وہ (نوع) دوسری قسم سے تعلق رکھتی ہو تو پھر عدد کے نیچے عرض لکیر ہوگی جو یوں ہوگی۔

اگر وہ (نوع) تیسری قسم سے تعلق رکھتی ہو تو پھر لکیر عدد کے اوپر یوں ہوگی۔

اگر وہ (نوع) چوتھی قسم سے تعلق رکھتی ہو تو عدد دولکیروں کے درمیان اس طرح ہوگا۔

اگر وہ (نوع) پانچویں قسم سے تعلق رکھتی ہو تو عدد کے اوپر اس طرح دولکیریں ہونگی۔

یہ چیز فہم کو زیادہ (سہولت دے) گی اور دیکھنے والے کیلئے آسانی کردے گی۔

اللہ تعالیٰ (اس خدمت) کو خاص طور پر اپنی ذات کیلئے کردے جو اس کی رضامندی کے حصول کیلئے ہو۔ بے شک وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور (دعا) قبول کرنے کے لائق ہے۔

۱؎ صحیح ابن حبان کے عربی نسخے کے محقق نے شیخ ابن بلبان کی ان علامات کی بجائے ہر حدیث کے بعد ارقام تحریر کئے ہیں جن میں سے بائیں طرف سے پہلا رقم حدیث کی پانچ بنیادی اقسام کے بارے میں ہے اور دوسرا رقم اس کی نوع کے بارے میں جیسے پہلی حدیث کے آخر میں (3:66) تحریر ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے: یہ حدیث اصل کتاب ''التقاسیم والانواع'' میں احادیث کی تیسری قسم کی 66 ویں نوع میں مذکور ہے۔

1- (اَلْمُقَدَّمَةُ)

مقدمہ

1- بَابُ مَا جَاءَ فِي الابْتِدَاءِ بِحَمْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى

باب 1: اللہ تعالیٰ کی حمد کے ذریعے آغاز کرنے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ ابْتِدَاءِ الْحَمْدِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي اَوَائِلِ كَلَامِهٖ عِنْدَ بُغْيَةِ مَقَاصِدِهٖ

ان روایات کا تذکرہ جو اس بارے میں ہیں' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اپنے مقصد کے حصول کے لئے کلام کے آغاز میں اللہ تعالیٰ کی حمد کے ذریعے آغاز کرے

1 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ اَبِي الْعِشْرِيْنَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ قُرَّةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ. عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ اَمْرٍ ذِي بَالٍ[1] لَا يُبْدَاُ فِيْهِ بِحَمْدِ اللّٰهِ فَهُوَ اَقْطَعُ. (3:66)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

---

[1] ملاعلی قاری تحریر کرتے ہیں: ''ذی بال'' سے مراد شان اور اعتبار والا کام ہے' جس کے اختتام پر اچھے انجام کی امید ہو۔ ویسے لفظ ''بال'' کا مطلب ''حال'' اور ''شان'' ہے اور ''امرِ ذی بال'' سے مراد شرف والا کام ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح' کتاب النکاح' باب اعلان النکاح)

1- إسناده ضعيف لضعف قرة -وأخرجه أحمد 2/359 من طريق عبد الله بن المبارك، والنسائي في عمل اليوم والليلة رقم 494، وأبو داوُد 4840 في الأدب: باب الهدى في الكلام. والدارقطني 1/229 في أول كتاب الصلاة، من طريق الوليد بن مسلم، وموسى بن أعين، وابن ماجه 1894 في النكاح: باب خطبة النكاح، وأبو عوانة في صحيحه من طريق عُبيد الله بن موسى، والبيهقي في السنن 3/208، 209، من طريق أبي المغيرة عبد القدوس بن الحجاج الخولاني كلهم عن الأوزاعي بهذا الإسناد وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة رقم 496 من طريق قتيبة بن سعيد، عن الليث، عن عقيل، عن الزهري مرسلًا، وأخرجه أيضًا برقم 495 من طريق محمود بن خالد، حدثنا الوليد، حدثنا سعيد بن عبد العزيز، عن الزهري، به، وهذا مرسل أيضًا، وذكره المزي في تحفة الأشراف 13/368 في قسم المراسيل.

''ہر وہ کام جس کا آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ نہ کیا جائے' وہ نامکمل ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اَنْ تَكُوْنَ فَوَاتِحُ اَسْبَابِهٖ بِحَمْدِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِئَلَّا تَكُوْنَ اَسْبَابُهٗ بُتْرًا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کو اس بات کا حکم ہے' وہ اپنے اسباب کا آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد کے ذریعے کرے تاکہ اس کے اسباب (یعنی کام) غیر مکمل شدہ نہ ہوں

2 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ اَبُوْ عَلِيٍّ بِالرَّقَّةِ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ قُرَّةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): كُلُّ اَمْرٍ ذِيْ بَالٍ لَا يُبْدَاُ فِيْهِ بِحَمْدِ اللّٰهِ فَهُوَ اَقْطَعُ. (1:92)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر وہ کام جس کا آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ نہ کیا جائے' وہ نامکمل ہوتا ہے''۔

2 -إسناده ضعيف، وهو مكرر ما قبله.

AlHidayah - الهداية

2- بَابُ الِاعْتِصَامِ بِالسُّنَّةِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهَا نَقْلًا وَاَمْرًا وَزَجْرًا

سنت اوراس سے متعلق دیگر اُمور‘ جونقل کے اعتبار سے ہوں‘ حکم کے اعتبار سے ہوں‘ یا ممانعت کے اعتبار سے ہوں انہیں مضبوطی سے تھامنا

3 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ. عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ مَثَلِىْ وَمَثَلَ مَا بَعَثَنِى اللّٰهُ بِهٖ كَمَثَلِ رَجُلٍ اَتٰى قَوْمَهُ فَقَالَ يَا قَوْمِ اِنِّىْ رَاَيْتُ الْجَيْشَ وَاِنِّىْ اَنَا النَّذِيْرُ فَاَطَاعَهُ طَائِفَةٌ مِنْ قَوْمِهٖ فَانْطَلَقُوْا عَلٰى مَهْلِهِمْ فَنَجَوْا وَكَذَّبَهُ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ فَاَصْبَحُوْا مَكَانَهُمْ فَصَبَّحَهُمُ الْجَيْشُ وَاَهْلَكَهُمْ وَاجْتَاحَهُمْ فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ اَطَاعَنِىْ وَاتَّبَعَ مَا جِئْتُ بِهٖ وَمَثَلُ مَنْ عَصَانِىْ وَكَذَّبَ مَا جِئْتُ بِهٖ مِنَ الْحَقِّ

✿✿ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”بے شک میری مثال اور جس چیز کے ہمراہ اللہ تعالیٰ نے مجھے مبعوث کیا ہے‘ اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہے‘ جو اپنی قوم کے پاس آتا ہے اور یہ کہتا ہے: اے میری قوم! میں نے ایک لشکر دیکھا ہے‘ اور میں ڈرانے والا ہوں (یعنی تم لوگوں کو خبردار کر رہا ہوں)‘ تو اس کی قوم کا ایک گروہ اس کی اطاعت کر لیتا ہے‘ اور وہ لوگ اس دوران چپکے سے چلے جاتے ہیں اور نجات پا لیتے ہیں‘ جبکہ ایک گروہ اس کی تکذیب کرتا ہے۔ وہ لوگ اپنی جگہ رہتے ہیں اور صبح کے وقت دشمن ان پر حملہ کر کے انہیں ہلاک کر دیتا ہے‘ اور انہیں تباہ و برباد کر دیتا ہے‘ تو یہ اس شخص کی مثال ہے‘ جو میری اطاعت کرتا ہے‘ اور جو میں لے کر آیا ہوں اس کی پیروی کرتا ہے‘ اور اس شخص کی مثال ہے‘ جو میری نافرمانی کرتا ہے‘ اور میں جس حق کو لے کر آیا ہوں‘ وہ اسے جھٹلاتا ہے“۔

4 - وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مَثَلَ مَا اٰتَانِى اللّٰهُ مِنَ الْهُدٰى وَالْعِلْمِ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَصَابَ اَرْضًا فَكَانَتْ مِنْهَا طَائِفَةٌ طَيِّبَةٌ قَبِلَتْ ذٰلِكَ فَاَنْبَتَتِ الْكَلَاَ وَالْعُشْبَ الْكَثِيْرَ وَاَمْسَكَتِ الْمَاءَ فَنَفَعَ اللّٰهُ بِهَا النَّاسَ

3- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخارى 6482 فى الرقاق: باب الانتهاء عن المعاصى و 7283 فى الاعتصام: باب الاقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، ومسلم 2282 فى الفضائل: باب شفقته صلى الله عليه وآله وسلم على أمته، ومبالغته فى تحذيرهم مما يضرهم، كلاهما عن أبى كُريب، بهذا الإسناد، ومن طريق البخارى أخرجه البغوى فى شرح السنة 95 وأخرجه البيهقى فى دلائل النبوة 1/396.

فَشَرِبُوا مِنْهَا وَسَقَوْا وَزَرَعُوا وَاَصَابَ مِنْهَا طَائِفَةٌ اُخْرٰى اِنَّمَا هِيَ قِيْعَانٌ لَا تُمْسِكُ مَاءً وَلَا تُنْبِتُ كَلَأً فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ فَقُهَ فِي دِيْنِ اللّٰهِ وَنَفَعَهُ مَا بَعَثَنِي اللّٰهُ بِهٖ فَعَلِمَ وَعَمِلَ وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يَرْفَعْ بِذٰلِكَ رَاْسًا وَلَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللّٰهِ الَّذِي اُرْسِلْتُ بِهٖ. (3:28)

✿✿ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ نے مجھے جو ہدایت اور علم عطا کیا ہے اس کی مثال بارش کی طرح ہے جو کسی سرزمین پر ہوتی ہے تو اس زمین کا کچھ حصہ پاکیزہ ہوتا ہے وہ اسے قبول کر لیتا ہے اور بہت زیادہ گھاس پھوس اور چارہ اگا دیتا ہے یا وہ پانی کو روک لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے لوگوں کو نفع دیتا ہے وہ لوگ اس میں سے خود بھی پیتے ہیں۔ (جانوروں وغیرہ) کو بھی پلاتے ہیں اور کھیتی باڑی بھی کرتے ہیں۔

یہ بارش زمین کے ایک اور حصے پر بھی ہوتی ہے جو چٹیل میدان ہوتا ہے وہ پانی کو روک نہیں سکتا اور گھاس اگا نہیں سکتا تو یہ اس شخص کی مثال ہے جو اللہ کے دین کا فہم حاصل کر لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجھے جس چیز کے ساتھ مبعوث کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کو اس چیز کے ذریعے نفع دے دیتا ہے وہ شخص علم حاصل کرتا ہے اور اس پر عمل بھی کرتا ہے اور یہ اس شخص کی مثال ہے جو اس کے لئے سر نہیں اٹھاتا (یعنی اس کی طرف توجہ نہیں کرتا) اور اللہ تعالیٰ کی اس ہدایت کو قبول نہیں کرتا جس کے ہمراہ مجھے بھیجا گیا ہے"۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْفِرْقَةِ النَّاجِيَةِ مِنْ بَيْنِ الْفِرَقِ الَّتِي تَفْتَرِقُ عَلَيْهَا اُمَّةُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مصطفیٰ کریم ﷺ کی اُمت جن فرقوں میں تقسیم ہوگی ان میں سے نجات پانے والے فرقے کی صفت کا تذکرہ

5 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدٍ الْبِرْتِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ حَدَّثَنَا الوليد بن مسلم حدثنا ثور بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ. حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو السُّلَمِيُّ وَحُجْرُ بْنُ حُجْرٍ الْكَلَاعِيُّ قَالَا

---

4 إسناده هو إسناد سابقه، وأخرجه البخاري 79 في العلم: باب من علم وعلّم، ومسلم 2282 في الفضائل: باب بيان مثل ما بعث النبي صلى الله عليه وآله وسلم من الهدى والعلم، ومن طريق البخاري أخرجه البغوي في شرح السنة 135 . وأخرجه أحمد 4/399، والنسائي في العلم من الكبرى كما في التحفة 6/439، والرامهرمزي في الأمثال ص24، والبيهقي في دلائل النبوة 1/368 من طرق عن أبي أسامة، به.

5-وأخرجه أحمد 4/126-127، وأبو داؤد 4607 ، والآجري في الشريعة ص 46، وابن أبي عاصم 32 و 57 وأخرجه الترمذي 2672 ، والطحاوي في مشكل الآثار 2/69، وابن أبي عاصم 54 ، وابن ماجه 44 ، والبغوي 102 ، والدارمي 1/44، والآجري 7 من طرق عن ثور بن يزيد به، إلا أنهم لم يذكروا حُجر بن حجر، وقال الترمذي: حسن صحيح، وصححه الحاكم 1/95، ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن ماجة 43 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي . وأخرجه ابن أبي عاصم 27 ، والبيهقي 6/542، والترمذي 2676 من طريق بقية، عن بحير بن سعد، عن خالد بن معدان، عن عبد الرحمٰن بن عمرو، عن العرباض.

(متن حدیث): اَتَيْنَا الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ وَهُوَ مِمَّنْ نَزَلَ فِيهِ (وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ) (التوبة: 92) فَسَلَّمْنَا وَقُلْنَا أَتَيْنَاكَ زَائِرِينَ وَمُقْتَبِسِينَ فَقَالَ الْعِرْبَاضُ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ ذَاتَ يَوْمٍ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ فَقَالَ قَائِلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَأَنَّ هٰذِهِ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَاذَا تَعْهَدُ إِلَيْنَا قَالَ: أُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَإِنْ عَبْدًا حَبَشِيًّا مُجَدَّعًا فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرَى اخْتِلَافًا كَثِيرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ فَتَمَسَّكُوا بِهَا وَعَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُورِ فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ. (3:6)

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: فِي قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي عِنْدَ ذِكْرِهِ الِاخْتِلَافَ الَّذِي يَكُونُ فِي أُمَّتِهِ بَيَانٌ وَاضِحٌ أَنَّ مَنْ وَاظَبَ عَلَى السُّنَنِ قَالَ بِهَا وَلَمْ يُعَرِّجْ عَلَى غَيْرِهَا مِنَ الْآرَاءِ مِنَ الْفِرَقِ النَّاجِيَةِ فِي الْقِيَامَةِ جَعَلَنَا اللّٰهُ مِنْهُمْ بِمَنِّهِ.

✿✿ عبدالرحمٰن بن عمرو سلمی اور حجر بن حجر کلاعی بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' یہ وہ صاحب ہیں' جن کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی:

''اور نہ ہی ان لوگوں پر کہ جب وہ تمہارے پاس آئے تا کہ تم ان کو سواری کے لئے جانور دو' تو تم نے کہا: مجھے وہ چیز نہیں ملتی جو میں تمہیں سواری کے لئے دوں۔''

ہم نے انہیں سلام کیا اور ہم نے یہ کہا: ہم آپ کی زیارت کرنے کے لئے اور آپ سے فیض یاب ہونے کے لئے آئے ہیں' تو حضرت عرباض نے فرمایا: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی پھر آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور آپ نے ہمیں بلیغ وعظ کیا جس کے نتیجے میں آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور دل لرز گئے۔

ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ الوداعی وعظ محسوس ہوتا ہے' تو آپ ہمیں کس چیز کی تلقین کرتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی۔ (حاکم وقت کی) اطاعت و فرمانبرداری کرنے کی تلقین کرتا ہوں' اگر چہ وہ (حاکم) کوئی ایسا حبشی غلام ہو' جس کے اطراف (یعنی کان یا ناک) کٹے ہوئے ہوں۔

تم میں سے جو شخص (زیادہ عرصے تک) زندہ رہے گا' وہ عنقریب بہت زیادہ اختلاف دیکھ لے گا۔

(تو ایسی صورتحال میں) تم لوگوں پر میری سنت اور ہدایت یافتہ اور ہدایت کا مرکز خلفاء کی سنت کی پیروی کرنا لازم ہے' تم لوگ اسے مضبوطی سے تھام لینا اور اچھی طرح پکڑ لینا اور تم نئے پیدا ہونے والے امور سے بچنا' کیونکہ ہر نئی پیدا ہونے والی چیز بدعت ہے' اور ہر بدعت گمراہی ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ ''تو تم پر میری سنت کو اختیار کرنا لازم ہے'' یہ اس صورتحال کے بارے میں ہیں جب آپ نے اس اختلاف کا ذکر کیا، جو آپ کی امت میں پیدا ہوگا، تو یہ اس بات کا واضح بیان ہے، جو شخص

سنت پر مواظبت (یعنی باقاعدگی سے اس پر عمل) اختیار کرے گا۔ اس (سنت) کے مطابق رائے دے گا۔ اس (سنت) کی بجائے دوسری آراء کو آگے نہیں کرے گا، تو ایسا شخص قیامت کے دن نجات پانے والے گروہ میں سے ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم کے تحت ہمیں بھی ان میں شامل رکھے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ سُنَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحِفْظِهِ نَفْسَهُ عَنْ كُلِّ مَنْ يَّأْبَاهَا مِنْ اَهْلِ الْبِدَعِ وَاِنْ حَسَّنُوْا ذٰلِكَ فِيْ عَيْنِهٖ وَزَيَّنُوْهُ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی پر یہ بات واجب ہے وہ نبی اکرم ﷺ کی سنت کو لازم پکڑ لے اور اپنے آپ کو ہر اس شخص سے بچائے جو اہل بدعت سنت کا انکار کرتے ہیں

اگرچہ وہ لوگ اس کی آنکھوں میں اور اس کے سامنے اس چیز کو خوبصورت اور آراستہ کر کے پیش کریں

6 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْعُمَرِيُّ بِالْمَوْصِلِ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ.

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

(متن حدیث): خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطًّا فَقَالَ: هٰذَا سَبِيْلُ اللّٰهِ ثُمَّ خَطَّ خُطُوْطًا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ ثُمَّ قَالَ: وَهٰذِهٖ سُبُلٌ عَلٰى كُلِّ سَبِيْلٍ مِّنْهَا شَيْطَانٌ يَدْعُوْ اِلَيْهِ ثُمَّ تَلَا (وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا) إلى أخر الآية (الأنعام: 153). (3:10)

❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (ایک مرتبہ) نبی اکرم ﷺ نے ہمارے سامنے ایک لکیر کھینچی، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کا راستہ ہے پھر آپ ﷺ نے اس لکیر کے دائیں طرف اور بائیں طرف کچھ اور لکیریں کھینچیں پھر آپ ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی: یہ مختلف راستے ہیں جن میں سے ہر ایک راستے پر ایک شیطان بیٹھا ہوا ہے جو اس راستے کی طرف دعوت دیتا ہے"۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی:

''بے شک یہ میرا راستہ ہے جو مستقیم ہے۔''

یہ آیت آپ ﷺ نے آخر تک تلاوت کی۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ تَتَبُّعِ السُّبُلِ دُوْنَ لُزُوْمِ الطَّرِيْقِ الَّذِيْ هُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ

اس بات کا تذکرہ کہ وہ راستہ جو صراط مستقیم ہے اسے لازم پکڑنا اور دوسرے راستوں کو ترک کرنا آدمی پر لازم ہے

7 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْمُعَدِّلُ بِالْفُسْطَاطِ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ

مسکین قال حدثنا بن وھب قَالَ حَدَّثَنِی حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِی وَائِلٍ. عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

(متن حدیث): خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطُوْطًا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَقَالَ: هٰذِهٖ سُبُلٌ عَلٰى كُلِّ سَبِيْلٍ مِّنْهَا شَيْطَانٌ يَدْعُوْ لَهٗ ثُمَّ قَرَاَ (وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِىْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ) الآية كلها (الأنعام: 153). (3:66)

✿ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے ایک لکیر کھینچی' جس کے دائیں طرف اور بائیں طرف کچھ اور لکیریں بھی کھینچی تھیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ مختلف راستے ہیں' ان میں سے ہر ایک راستے پر شیطان بیٹھا ہوا ہے' جو اس راستے کی طرف دعوت دیتا ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی:

''بے شک یہ میرا راستہ ہے' جو مستقیم ہے۔ تو تم اس کی پیروی کرو اور تم مختلف راستوں کی پیروی نہ کرو' ورنہ وہ تم لوگوں کو اس کے راستے سے بھٹکا دے گا''۔

یہ مکمل آیت ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ اَحَبَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا وَصَفِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِيْثَارِ اَمْرِهِمَا وَابْتِغَاءِ مَرْضَاتِهِمَا عَلٰى رِضَى مَنْ سِوَاهُمَا يَكُوْنُ فِى الْجَنَّةِ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہے' وہ ان دونوں کے حکم اور ان دونوں کی رضامندی کو' ان دونوں کے علاوہ ہر ایک کی رضامندی پر ترجیح دیتا ہے

ایسا شخص جنت میں مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوگا

8 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ اَعْرَابِيًّا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانُوْا هُمْ اَجْدَرَ اَنْ يَّسْاَلُوْهُ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: وَمَا اَعْدَدْتَ لَهَا ؟ قَالَ: مَا اَعْدَدْتُ لَهَا اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ: فَاِنَّكَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ

7- إسناده حسن كسابقه، وأخرجه الطيالسي 244 ، وأحمد 1/435 و465، والدارمي 1/67-68، والطبري قس تفسيره 14168 ، والنسائي في التفسير من الكبرى كما في التحفة 7/49، والبزار 2410 ،وصححه الحاكم 2/318، ووافقه الذهبي. وأخرجه البزار أيضًا 2211 من طريق الأعمش عن أبي وائل و 2213 من طريق منذر الثوري عن الربيع، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 7/25 من طريق زر بن حبيش، ثلاثتهم عن ابن مسعود به.وفي الباب عن جابر بن عبد الله عند أحمد 3/397، وابن ماجه 11 أخرجاه من طريق أبي خالد الأحمر، عن مجالد بن سعيد، عن الشعبي، عن جابر.

AlHidayah - الهداية

قَالَ اَنَسٌ: فَمَا رَاَيْتُ الْمُسْلِمِيْنَ فَرِحُوا بِشَىْءٍ بَعْدَ الْاِسْلَامِ اَشَدُّ مِنْ فَرْحِهِمْ بِقَوْلِهِ. (3:65)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا' حالانکہ صحابہ کرام کے لئے یہ زیادہ مناسب تھا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کرتے' اس دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے اس کے لئے تیاری تو نہیں کی ہے' البتہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک تم اس کے ساتھ ہوگے' جس سے تم محبت رکھتے ہو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان پر لوگ جتنے خوش ہوئے' میں نے انہیں اسلام قبول کرنے کے بعد اور کسی بات پر اتنا خوش ہوتے ہوئے نہیں دیکھا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ هَدْيِ الْمُصْطَفٰى بِتَرْكِ الْاِنْزِعَاجِ عَمَّا اُبِيحَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَهُ بِاِغْضَائِهِ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کو لازم پکڑے اور اس کے لیے دنیا میں جو کچھ مباح قرار دیا گیا ہے' اس سے چشم پوشی کرتے ہوئے' اس سے ہٹنے کو ترک کردے

9 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حدثنا بْنُ اَبِىْ السَّرِىِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

8- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد 3/178، والبخارى فى الأدب المفرد 352 ، ومسلم 2639 164 فى البر والصلة والآداب: باب المرء مع من أحب، والبغوى فى شرح السنة 3477 ، من طرق عن هشام الدستوائى، به. وأخرجه أحمد 3/173 و276، ومسلم 2639 164 من طريقين عن شعبة، عن قتادة، به .وأخرجه أحمد3/192، والبخارى 6167 فى الأدب: باب ما جاء فى قول الرجل: ويلك، من طريق همام، عن قتادة، به .وأخرجه مسلم 2639 164 من طريق قتيبة، عن أبى عوانة، عن قتادة، به .وأخرجه أحمد3/104 من طريق ابن أبى عدى، وأخرجه أحمد 3/221، 222 .وأخرجه أبو داوُد 5127 فى الأدب: باب إخبار الرجل بمحبته إياه، وابن منده 292 .وأخرجه مسلم 2639 161 ، وابن منده 292 من طريق مالك، عن إسحاق بن عبد الله بن أبى طلحة، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/172 و208 من طريق محمد بن جعفر وروح، عن شعبة، و 207 و255 من طريق أسود بن عامر، والبخارى 7153 فى الأحكام، ومسلم 2639 164 من طريق عثمان بن أبى شيبة عن جرير .وأخرجه الطيالسى 2131 من طريق شعبة، عن منصور والأعمش، عن سالم، عن أنس وأخرجه البخارى 6171 فى الأدب: باب علامة الحب فى الله، ومسلم 2631 164 من طريق شعبة، عن عمرو بن مرة، عن سالم بن أبى الجعد، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/167 من طريق حجاج، عن ليث، عن سعيد، عن شريك، عن أنس، و 3/202 من طريق يزيد، عن محمد بن عمرو، عن كثير بن أخنس، عن أنس.وفى الباب عن أبى ذر سيرد برقم 556 ، وعن أبى موسى سيرد برقم 557 ، وعن صفوان بن عسال سيرد برقم 562 ، وعن جابر عند أحمد 3/336 و394، وعن ابن مسعود عند أحمد 1/392، والبخارى 6169 وهذا الحديث فى عداد المتواتر، قال الحافظ فى الفتح: 10/560: وقد جمع أبو نعيم طرق هذا الحديث فى جزء سماه كتاب المحبين مع المحبوبين وبلغ عدد الصحابة فيه نحو العشرين. وذكر له الكتانى 15 صحابيًا. انظر نظم المتناثر ص129، و الأزهار المتناثرة للسيوطى ص26، و لقط اللآلىء المتناثرة للزبيدى ص85، 86.

قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ. عَنْ عائشة رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَتِ امْرَاَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ وَاسْمُهَا خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيْمٍ عَلٰى عَائِشَةَ وَهِيَ بَذَّةُ الْهَيْئَةِ فَسَاَلَتْهَا عَائِشَةُ مَا شَاْنُكِ فَقَالَتْ زَوْجِي يَقُوْمُ اللَّيْلَ وَيَصُوْمُ النَّهَارَ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ عَائِشَةُ لَهُ فَلَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ اِنَّ الرَّهْبَانِيَّةَ لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْنَا اَمَا لَكَ فِيَّ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَاَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَاَحْفَظُكُمْ لِحُدُوْدِهٖ. (3:66)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تشریف لائیں ان کا نام خولہ بنت حکیم تھا۔ وہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں آئیں تو ان کی حالت بری تھی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ انہوں نے بتایا: میرے شوہر رات بھر نفل پڑھتے رہتے ہیں اور دن کے وقت نفلی روزہ رکھ لیتے ہیں۔ (اسی دوران) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے آئے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کا تذکرہ آپ کے سامنے کیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ سے ہوئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اے عثمان! ہم پر رہبانیت لازم قرار نہیں دی گئی ہے۔ کیا تمہارے لئے میرے طریقے میں بہترین نمونہ نہیں ہے؟ اللہ کی قسم! میں تم سب لوگوں سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں اور اس کی حدود کا تم سب سے زیادہ خیال رکھتا ہوں۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَحَرِّي اسْتِعْمَالِ السُّنَنِ فِيْ اَفْعَالِهٖ وَمُجَانَبَةِ كُلِّ بِدْعَةٍ تُبَايِنُهَا وَتُضَادُّهَا

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اپنے افعال میں سنتوں پر عمل پیرا ہونے کی بھرپور کوشش کرے اور ہر بدعت سے لاتعلق رہے

جو سنت کے برخلاف اور متضاد ہوتی ہے

10 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ احْمَرَّتْ عَيْنَاهُ وَعَلَا صَوْتُهٗ وَاشْتَدَّ غَضَبُهٗ حَتّٰى كَاَنَّهٗ نَذِيْرُ جَيْشٍ يَقُوْلُ: صَبَّحَكُمْ وَمَسَّاكُمْ وَيَقُوْلُ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ يُفَرِّقُ بَيْنَ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى

9- ابن أبي السرى- صدوق له أوهام كثيرة. وباقي رجاله ثقات، وهو في مصنف عبد الرزاق برقم 10375، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/226، والبزار 1458 وإسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين، وأخرجه أحمد أيضًا 6/268، والبزار 1457 من طريق يعقوب بن إبراهيم، عن أبيه،

AlHidayah - الهداية

وَيَقُولُ: اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْىِ هَدْىُ مُحَمَّدٍ وَاِنَّ شَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ ثُمَّ يَقُوْلُ: اَنَا اَوْلٰى بِكُلِّ مُؤمِنٍ مِّنْ نَّفْسِهٖ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِاَهْلِهٖ وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيْعَةً، فَاِلَيَّ وَعَلَيَّ. (3:66)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب خطبہ دیتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں سرخ ہو جاتی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز بلند ہو جاتی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جوش زیادہ ہو جاتا تھا' یہاں تک کہ یوں لگتا تھا' جیسے آپ کسی لشکر (کے حملے) سے ڈرا رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے تھے: وہ صبح یا شام کے وقت (تم پر حملہ کر دے گا)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے تھے: مجھے اور قیامت کو ان دو کی طرح مبعوث کیا گیا ہے۔

آپ اپنی شہادت کی انگلی اور درمیان والی انگلی کے درمیان فرق کرتے تھے اور آپ یہ ارشاد فرماتے تھے:

امابعد! سب سے بہترین کلام' اللہ کی کتاب ہے' اور سب سے بہترین ہدایت' حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (کی لائی ہوئی) ہدایت ہے"۔

بے شک سب سے برا کام نیا پیدا شدہ کام ہے' اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ ارشاد فرماتے تھے: "میں ہر مومن کے نزدیک اس کی جان سے زیادہ قریب ہوں' جو شخص مال چھوڑ کر جائے گا' وہ اس کے اہل خانہ کو ملے گا اور جو شخص قرض یا بال بچے چھوڑ کر جائے گا' تو وہ میری طرف آئیں گے اور ان کی ادائیگی میرے ذمہ ہوگی۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْفَلَاحِ لِمَنْ كَانَتْ شِرَّتُهٗ اِلٰى سُنَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس شخص کے لئے کامیابی کا اثبات' جس کا مقصد مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہو

11- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُجَاهِدٍ. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةً وَاِنَّ لِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً فَمَنْ كَانَتْ شِرَّتُهٗ اِلٰى سُنَّتِيْ فَقَدْ اَفْلَحَ وَمَنْ كَانَتْ شِرَّتُهٗ اِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ فَقَدْ هَلَكَ. (1:89)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

10- وأخرجه مسلم 867 43 فی الجمعة: باب تخفيف الصلاة والخطبة، وابن ماجة 45 فی المقدمة: باب اجتناب البدع والجدل، والبيهقی فی السنن 3/206، من طرق، عن عبد الوهاب الثقفی بهذا الإسناد .'وأخرجه أحمد 3/310 و338 و371، ومسلم 867 44 و 45، والنسائی 3/188 فی الصلاة: باب كيف الخطبة، وفی العلم من الكبرى كما فی التحفة 2/274، وزاد: وكل ضلالة فی النار والرامهرمزی فی الأمثال ص19، والبغوی 4295، من طريق سفيان وسليمان بن بلال عن جعفر بن محمد، به، وصححه ابن خزيمة 1785 .

''بے شک ہر عمل کی ایک رغبت ہوتی ہے' اور ہر رغبت کی ایک فترت ہوتی ہے' جس شخص کی رغبت میری سنت کی طرف ہوگی وہ کامیاب ہوگیا اور جس شخص کی رغبت اس کی بجائے کسی اور طرف ہوگی وہ ہلاکت کا شکار ہوجائے گا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ سُنَنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّهَا عَنِ اللّٰهِ لَا مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِه

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' نبی اکرم ﷺ کی تمام سنتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں آپ ﷺ کی اپنی ذات کی طرف سے نہیں ہے

12 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِيُّ (حَدَّثَنَا) مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ رُؤْبَةَ عَنِ بن اَبِيْ عَوْفٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِ يكَرِبَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): اِنِّيْ اُوْتِيْتُ الْكِتَابَ وَمَا يَعْدِلُهُ يوشك شعبان عَلٰى اَرِيْكَتِهِ اَنْ يَّقُوْلَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ هٰذَا الْكِتَابُ فَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ حَلَالٍ اَحْلَلْنَاهُ وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ اَلَا وَاِنَّهُ لَيْسَ كَذٰلِكَ . (2:1)

❀❀ حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مجھے کتاب عطا کی گئی ہے اور وہ چیز (عطا کی گئی ہے) جو اس کے برابر ہے۔ عنقریب ایسا وقت آئے گا' جب ایک سیر (بھرے ہوئے پیٹ والا) شخص اپنے تکیے کے ساتھ ٹیک لگا کر یہ کہے گا: میرے اور تم لوگوں کے درمیان یہ کتاب (یعنی قرآن مجید) موجود ہے' جو چیز اس میں حلال ہوگی' ہم اسے حلال قرار دیں گے اور جو چیز اس میں حرام ہوگی' ہم اسے حرام قرار دیں گے۔

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) خبردار ایسا نہیں ہے۔

11- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه أحمد 2/188 و210، والطحاوى فى مشكل الآثار 2/88 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/158، وابن أبى عاصم فى السنة 51 ، والطحاوى 2/88من طرق عن حصين، به.وأخرجه أحمد /2 165 . وفى الباب عن أبى هريرة، سيرد برقم 349 .وعن يحيى بن جعدة عند أحمد 5/509، والطحاوى فى مشكل الآثار 2/88، وإسناده صحيح. وعن ابن عباس عند الطحاوى فى مشكل الآثار 2/88 بلفظ: إن لكل عمل شرة، ثم يكون شرة إلى فترة، فمن كانت فترته إلى سنتى فقد هدى، ومن كانت فترته إلى غير ذلك فقد ضل . قال الهيثمى: رواه البزار ورجاله رجال الصحيح. وعن جعد بن هبيرة عند الطحاوى أيضًا 2/81 بنحو لفظ ابن عباس . قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الكبير وفيه بشر بن نمير، وهو ضعيف. انظر المجمع 2/258، .259 وقوله: فمن كانت شرته كذا فى الأصل، والتقاسيم والأنواع /1لوحة 564، وفى سائر المصادر: فمن كانت فترته

12- وأخرجه الطبرانى فى الكبير 20 /669، والبيهقى فى السنن /9332 من طريق يحيى بن حمزة، عن الزبيدى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/131، وأبو داؤد 4604 فى السنة: باب لزوم السنة، والطبرانى فى الكبير 20/132، والترمذى 2664 فى العلم: باب ما نهى عنه أن يقال عند حديث النبى صلى الله عليه وآله وسلم، وابن ماجة 12 فى المقدمة: باب تعظيم حديث رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، والتغليظ على من عارضه، والدارمى 1/144، والطبرانى /20 649 ، والبيهقى فى السنن 7/76 و 9/331، من طرق عن معاوية بن صالح، عن الحسن بن جابر، عن المقدام بن معديكرب، وسنده حسن كما قال الترمذى، وصححه الحاكم 1/109، وأقره الذهبى.

13 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ سَالِمٍ اَبِي النَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا اَعْرِفَنَّ الرَّجُلَ يَاْتِيْهِ الْاَمْرُ مِنْ اَمْرِيْ اِمَّا اَمَرْتُ بِهٖ وَاِمَّا نَهَيْتُ عَنْهُ فَيَقُوْلُ مَا نَدْرِيْ مَا هٰذَا عِنْدَنَا كِتَابُ اللّٰهِ لَيْسَ هٰذَا فِيْهِ . (2:1)

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں کسی ایسے شخص کو نہ پاؤں، جس کے پاس میرے احکام میں سے کوئی حکم آئے، جس کے بارے میں، میں نے کرنے کا حکم دیا ہو، یا جسے کرنے سے میں نے منع کیا ہو۔

اور وہ شخص یہ کہے: ہمیں نہیں معلوم یہ کیا چیز ہے؟ ہمارے پاس اللہ کی کتاب موجود ہے۔ یہ حکم اس میں، تو نہیں ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الرَّغْبَةِ عَنْ سُنَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَقْوَالِهٖ وَاَفْعَالِهٖ جَمِيْعًا

اقوال اور افعال ہر معاملے میں مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روگردانی کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

14 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عن أنس بن مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ نَفَرًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلُوْا اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَمَلِهٖ فِي السِّرِّ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا اَتَزَوَّجُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا اٰكُلُ اللَّحْمَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا اَنَامُ عَلٰى فِرَاشٍ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ:

مَا بَالُ اَقْوَامٍ قَالُوْا كَذَا وَكَذَا لٰكِنِّيْ اُصَلِّيْ وَاَنَامُ وَاَصُوْمُ وَاُفْطِرُ وَاَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَّغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ . (2:61)

13- إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو إسحاق هو إبراهيم بن محمد بن الحارث . وأخرجه الشافعي فى المسند 1/17، ومن طريقه البيهقى فى السنن 7/76، وفى الدلائل 1/24، والحاكم 1/108، والبغوى فى شرح السنة 101 عن سفيان بن عيينة، عن سالم بن أبى النظر، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدى 551 ، وأبو داوٗد 4605 فى المقدمة، والبيهقى فى دلائل النبوة 6/549، من طرق عن ابن عيينة، عن سالم، به . ومن طريق الحميدى أخرجه الحاكم 1/108 وصححه ووافقه الذهبى، وأخرجه الحاكم أيضًا من طريق مالك، عن ابن أبى النضر، عن عبيد الله مرسلًا. وأخرجه أحمد 6/8 من طريق ابن لهيعة، عن ابن أبى النضر، بهذا الإسناد.

14- إسناده صحيح، رجاله رجال مسلم عدا محمد بن أبى صفوان، وأخرجه أحمد 3/ 241 و259و285، ومسلم 1401 فى النكاح: باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه إليه ووجد المؤنة، والنسائى 6/60 فى النكاح: باب النهى عن التبتل، والبيهقى فى السنن 7/77 من طرق عن حماد بن سلمة بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى 5063 فى النكاح: باب الترغيب فى النكاح، والبيهقى فى السنن 7/77، والبغوى فى شرح السنة 96 من طريق محمد بن جعفر، عن حميد الطويل، عن أنس بنحوه.

AlHidayah - الهداية

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پوشیدہ اعمال کے بارے میں دریافت کیا: (یعنی آپ خلوت میں جو عبادت کرتے تھے، اس کے بارے میں دریافت کیا)

تو ان افراد میں سے ایک نے یہ کہا: میں شادی نہیں کروں گا۔ ایک نے یہ کہا: میں گوشت نہیں کھاؤں گا۔

ایک نے یہ کہا: میں بچھونے پر نہیں سوؤں گا۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد میں اس بارے میں خطاب کرتے ہوئے) اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ وہ ''اس' اس طرح کی باتیں کرتے ہیں' جہاں تک میرا معاملہ ہے' تو میں (رات کے وقت نفل) نماز ادا بھی کرتا ہوں اور سو بھی جاتا ہوں۔ میں (نفلی) روزہ رکھ بھی لیتا ہوں اور ترک بھی کر دیتا ہوں' میں نے خواتین کے ساتھ شادیاں بھی کی ہیں' جو شخص میری سنت سے منہ موڑتا ہے۔ اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے''۔

فَصلٌ: ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُ اُمَّتَهٗ بِمَا يَحْتَاجُوْنَ اِلَيْهِ مِنْ اَمْرِ دِيْنِهِمْ قَوْلًا وَفِعْلًا مَعًا

(فصل): اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اُمت کو قول اور فعل دونوں حوالوں سے ان چیزوں کا حکم دیا ہے' جس کی لوگوں کو دینی معاملات میں ضرورت ہے

15 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُوْلِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بن اَبِیْ مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ فِیْ يَدِ رَجُلٍ فَنَزَعَهٗ فَطَرَحَهٗ فَقَالَ: يَعْمِدُ اَحَدُهُمْ اِلٰى جَمْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَيَجْعَلُهَا فِیْ يَدِهٖ فَقِيْلَ لِلرَّجُلِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ خُذْ خَاتَمَكَ فَانْتَفِعْ بِهٖ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ لَا اٰخُذُهٗ اَبَدًا وَقَدْ طَرَحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (2:5)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی بنی ہوئی انگوٹھی دیکھی تو اسے اتارا اور ایک طرف رکھ دیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ایک شخص جہنم کے انگارے کی طرف جاتا ہے' اور اسے اپنے ہاتھ میں رکھ لیتا ہے''۔

15- إسناده صحيح على شرط الصحيح . وأخرجه مسلم 2090 في اللباس: باب تحريم خاتم الذهب على الرجال، ونسخ ما كان من إباحته في أول الإسلام، من طريق محمد بن سهل التميمي، والطبراني في الكبير 12175 من طريق يحيى بن أيوب العلاف، والبيهقي في السنن 2/434 من طريق عبيد بن شريك، ثلاثتهم عن ابن أبي مريم بهذا الإسناد.

(راوی بیان کرتے ہیں) جب نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے' تو ان صاحب سے یہ کہا گیا: تم اپنی انگوٹھی لو اور اس کے ذریعے نفع حاصل کرو (یعنی اسے فروخت کر کے اس کی قیمت استعمال کرو)

تو اس شخص نے کہا: جی نہیں' اللہ کی قسم! میں اسے کبھی نہیں لوں گا' جب کہ نبی اکرم ﷺ نے اسے ایک طرف کر دیا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اَمْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشَّيْءِ لَا يَجُوْزُ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ مُفَسَّرًا يُعْقَلُ مِنْ ظَاهِرِ خِطَابِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' نبی اکرم ﷺ کا کسی چیز کے بارے میں حکم دینا اسی وقت درست ہوگا' جب اس کی وضاحت کی گئی ہو' اور خطاب کے الفاظ کے ذریعے اس کا مفہوم سمجھ میں آتا ہو

16 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا نُوْدِيَ بِالْاَذَانِ اَدْبَرَ الشَّيْطَانُ لَهٗ ضُرَاطٌ حَتّٰى لَا يَسْمَعَ الْاَذَانَ فَاِذَا قُضِيَ الْاَذَانُ اَقْبَلَ

16- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، ما خلا شيخ ابن حبان عبد الله بن محمد الأزدي وهو ثقة، وأخرجه مسلم 389 83 في المساجد باب السهو في الصلاة والسجود له، عن محمد بن المثنى، عن معاذ بن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي 2345، وأحمد 2/522، والبخاري 1231 في السهو: باب إذا لم يدر كم صلى ثلاثًا أو أربعًا، والنسائي 3/31 في السهو: باب التحري، والدارمي 1/273 و350، 351، والبيهقي في السنن 2/331 من طرق عن هشام الدستوائي، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/229 عن محمد بن مصعب، والبخاري 3285 في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده . وأخرجه أحمد 2/503، 504 وأخرجه الدارقطني 1/374،375، والبيهقي في السنن 2/340 من طريق ابن إسحاق. وأخرجه مالك 1/69 في الصلاة: باب ما جاء في النداء للصلاة، عن أبي الزناد عن الأعرج، عن أبي هريرة، ومن طريق مالك أخرجه البخاري 608 في الأذان: باب فضل التأذين، وأبو داؤد 516 في الصلاة: باب رفع الصوت بالأذان، والنسائي 2/21، 22 وأبو عوانة 1/334، والبغوي 412 وأخرجه البخاري 1222 في العمل في الصلاة: باب يفكر الرجل الشيء في الصلاة، من طريق جعفر، ومسلم 389 19 في الصلاة: باب فضل الأذان، من طريق أبي الزناد، كلاهما عن الأعرج، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/389و 531، ومسلم 389 16 و 17 و 18 في الصلاة، وأبو عوانة 1/334، والبيهقي في السنن 1/432، والبغوي 413 من طريق الأعمش وسهيل بن أبي صالح، وأخرجه أحمد 2/411 و460 من طريق العلاء بن عبد الرحمٰن، عن أبيه، عن أبي هريرة. وأخرجه دون ذكر الأذان مالك 1/100 في السهو: باب العمل في السهو، عن الزهري، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة، ومن طريق مالك أخرجه البخاري 1232 في السهو: باب السهو في الفرض والتطوع، وأبو داؤد 1030 في الصلاة: باب من قال يتم على أكبر ظنه، والنسائي 3/31 في السهو: باب التحري. وأخرجه كذلك الترمذي 397 في الصلاة: باب ما جاء في الرجل يصلي فيشك في الزيادة والنقصان، عن قتيبة بن سعيد عن الليث، عن الزهري، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة. وسيورده المؤلف برقم 1662 في كتاب الصلاة، من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن يحيى بن أبي كثير، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة. وبرقم 1663 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام بن منبه، عن أبي هريرة.

AlHidayah - الهداية

فَإِذَا ثُوِّبَ بِهَا أَدْبَرَ فَإِذَا قُضِيَ التَّثْوِيبُ أَقْبَلَ يَخْطُرُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهِ اذْكُرْ كَذَا لِمَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ حَتّٰى يَظَلَّ الرَّجُلُ إِنْ يَدْرِي كَمْ صَلّٰى فَإِذَا لَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ . (5:18)

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: أَمْرُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ شَكَّ فِي صَلَاتِهِ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ أَمْرٌ مُجْمَلٌ تَفْسِيرُهُ أَفْعَالُهُ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا لَا يَجُوزُ لِأَحَدٍ أَنْ يَأْخُذَ الْأَخْبَارَ الَّتِي فِيهَا ذِكْرُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ قَبْلَ السَّلَامِ فَيَسْتَعْمِلَهُ فِي كُلِّ الْأَحْوَالِ وَيَتْرُكَ سَائِرَ الْأَخْبَارِ الَّتِي فِيهَا ذِكْرُهُ بَعْدَ السَّلَامِ وَكَذٰلِكَ لَا يَجُوزُ لِأَحَدٍ أَنْ يَأْخُذَ الْأَخْبَارَ الَّتِي فِيهَا ذِكْرُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ فَيَسْتَعْمِلَهُ فِي كُلِّ الْأَحْوَالِ وَيَتْرُكَ الْأَخْبَارَ الْأُخَرَ الَّتِي فِيهَا ذِكْرُهُ قَبْلَ السَّلَامِ وَنَحْنُ نَقُولُ إِنَّ هٰذِهِ أَخْبَارٌ أَرْبَعٌ يَجِبُ أَنْ تُسْتَعْمَلَ وَلَا يُتْرَكُ شَيْءٌ مِنْهَا فَيَفْعَلُ فِي كُلِّ حَالَةٍ مِثْلَ مَا وَرَدَتِ السُّنَّةُ فِيهَا سَوَاءً فَإِنْ سَلَّمَ مِنَ الِاثْنَتَيْنِ أَوِ الثَّلَاثِ مِنْ صَلَاتِهِ سَاهِيًا أَتَمَّ صَلَاتَهُ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ عَلٰى خَبَرِ أَبِي هُرَيْرَةَ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا[1] وَإِنْ قَامَ مِنِ اثْنَتَيْنِ وَلَمْ يَجْلِسْ أَتَمَّ صَلَاتَهُ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ قَبْلَ السَّلَامِ عَلٰى خَبَرِ ابْنِ بُحَيْنَةَ وَإِنْ شَكَّ فِي الثَّلَاثِ أَوِ الْأَرْبَعِ يَبْنِي عَلَى الْيَقِينِ عَلٰى مَا وَصَفْنَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ قَبْلَ السَّلَامِ عَلٰى خَبَرِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَإِنْ شَكَّ وَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى أَصْلًا تَحَرَّى عَلَى الْأَغْلَبِ عِنْدَهُ وَأَتَمَّ صَلَاتَهُ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ عَلٰى خَبَرِ ابْنِ مَسْعُودٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ حَتّٰى يَكُونَ مُسْتَعْمِلًا لِلْأَخْبَارِ الَّتِي وَصَفْنَاهَا كُلِّهَا فَإِنْ وَرَدَتْ عَلَيْهِ حَالَةٌ غَيْرُ هٰذِهِ الْأَرْبَعِ فِي صَلَاتِهِ رَدَّهَا إِلٰى مَا يُشْبِهُهَا مِنَ الْأَحْوَالِ الْأَرْبَعِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا.

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب اذان دی جاتی ہے' تو شیطان پیٹھ پھیر کر وہاں تک چلا جاتا ہے' جہاں تک وہ اذان کی آواز نہ سن سکے اور اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوتی ہے' جب اذان مکمل ہو جاتی ہے' تو وہ پھر آ جاتا ہے' پھر جب اقامت کہی جاتی ہے' تو وہ پھر پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے' جب اقامت مکمل ہو جاتی ہے' تو وہ پھر آ جاتا ہے اور آدمی کے دل میں مختلف طرح کے خیالات پیدا کرتا ہے' تم فلاں چیز یاد کرو تم فلاں چیز یاد کرو! اور ایسی چیزیں' یاد کرواتا ہے' جو آدمی نے ویسے یاد نہیں کرنی تھیں۔

حتیٰ کہ آدمی کو یہ سمجھ نہیں آتی کہ اس نے کتنی نماز ادا کی ہے؟ تو جب آدمی کو یہ پتہ نہ چل سکے کہ اس نے کتنی نماز ادا کی ہے؟ تو اسے (آخری قعدہ میں) بیٹھنے کے دوران دو مرتبہ سجدہ سہو کر لینا چاہئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حکم ایسے شخص کے لئے ہے' جسے اپنی نماز کے بارے میں شک ہو جاتا ہے اور اسے یہ پتہ نہیں چل پاتا کہ اس نے کتنی نماز ادا کر لی ہے؟ تو وہ (قعدہ اخیرہ میں) بیٹھنے کے دوران دو مرتبہ سجدۂ سہو کر لے گا' یہ حکم ''مجمل'' ہے' اس کی وضاحت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عمل میں ہے' جس کا ذکر ہم نے کیا ہے۔ کسی بھی شخص کے

---

[1] أي في التقاسيم والأنواع، وسيرد هنا فيما بعد في سجود السهو.

لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ ان روایات کو اختیار کرے، جن میں یہ مذکور ہے کہ سجدۂ سہو سلام پھیرنے سے پہلے کیا جائے گا اور پھر وہ شخص ان روایات کو ہر طرح کی صورتحال میں اختیار کرے اور ان تمام روایات کو ترک کردے جن میں سلام پھیرنے کے بعد سجدہ سہو کرنے کا ذکر ہے۔

اسی طرح کسی بھی شخص کے لئے یہ بات بھی جائز نہیں ہے کہ وہ صرف ان روایات کو اختیار کرلے جن میں سلام پھیرنے کے بعد سجدہ سہو کرنے کا ذکر ہے اور پھر ان روایات پر ہر طرح کی صورتحال میں عمل کرے اور ان دوسری تمام روایات کو ترک کردے جن میں سلام پھیرنے سے پہلے سجدہ سہو کرنے کا ذکر ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ہم یہ کہتے ہیں: یہ چار طرح کی روایات ہیں اور یہ بات لازم ہے کہ ان پر عمل کیا جائے، اور ان میں سے کسی کو بھی ترک نہ کیا جائے' تو جس طرح کی صورتحال درپیش ہو اس کے مطابق، اس بارے میں منقول حدیث کے مطابق عمل کیا جائے۔ اگر کوئی شخص اپنی نماز کی دو یا تین رکعات ادا کر لینے کے بعد بھول کر سلام پھیر دیتا ہے' تو وہ اپنی نماز کو مکمل کر لے گا اور سجدہ سہو سلام پھیرنے کے بعد کرے گا۔ جیسا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے منقول روایت میں مذکور ہے جن کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔ اگر وہ دو رکعات ادا کر لینے کے بعد (بیٹھنے کی بجائے) کھڑا ہو جاتا ہے۔ بیٹھتا نہیں ہے' تو وہ اپنی نماز جاری رکھے گا اور سلام پھیرنے سے پہلے سجدہ سہو کر لے گا۔ جیسا کہ ابن بحینہ رضی اللہ عنہ سے منقول روایت میں مذکور ہے۔

اگر اسے تین یا چار رکعات کی ادائیگی کے حوالے سے شک ہوتا ہے' تو وہ یقین پر بناء قائم کرے گا۔ جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے۔

اور پھر سلام پھیرنے سے پہلے سجدہ سہو کر لے گا۔ جیسا کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث سے ثابت ہے۔

اگر آدمی کو شک لاحق ہو' اور اسے یہ سمجھ نہ آئے کہ اس نے کتنی نماز (یعنی کتنی رکعات) ادا کی ہیں' تو وہ غالب گمان قائم کرنے کی کوشش کرے۔ (اور اس کی بنیاد پر) اپنی نماز کو مکمل کر لے۔ وہ (اس صورتحال میں) سلام پھیرنے کے بعد سجدۂ سہو کرے گا۔ اس کی بنیاد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث ہے۔ جسے ہم ذکر کر چکے ہیں۔

(تو اس صورت میں) آدمی تمام احادیث پر عمل کرنے والا بن جائے گا، جن کو ہم نے ذکر کیا ہے۔

اگر ان چار صورتوں کے علاوہ کوئی اور صورت کسی شخص کو درپیش ہوتی ہے' تو اسے اس صورت کی طرف لوٹایا جائے گا' جو ان چار صورتوں جن کا ہم ذکر کر چکے ہیں ان میں سے جس صورت کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فِيمَا اَمَرَ وَنَهٰى

جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے' جو انہوں نے حکم دیا ہے یا جس چیز سے منع کیا ہے' اس کے لئے جنت واجب ہونے کا تذکرہ

17 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بِبُسْتَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ

مَوْلٰى ثَقِيفٍ بِنَيْسَابُورَ قَالَا: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَتَدْخُلُنَّ الْجَنَّةَ كُلُّكُمْ اِلَّا مَنْ اَبٰى وَشَرَدَ عَلَى اللّٰهِ كَشِرَادِ الْبَعِيرِ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَنْ يَّاْبٰى اَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: مَنْ اَطَاعَنِي دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ اَبٰى. (1:2)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: طَاعَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ الِانْقِيَادُ لِسُنَّتِهٖ بِتَرْكِ الْكَيْفِيَّةِ وَالْكَمِّيَّةِ فِيهَا مَعَ رَفْضِ قَوْلِ كُلِّ مَنْ قَالَ شَيْئًا فِي دِينِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِخِلَافِ سُنَّتِهٖ دُونَ الِاحْتِيَالِ فِي دَفْعِ السُّنَنِ بِالتَّاْوِيلَاتِ الْمُضْمَحِلَّةِ وَالْمُخْتَرَعَاتِ الدَّاحِضَةِ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے تم سب لوگ ضرور جنت میں داخل ہو گے۔ ماسوائے اس شخص کے جو انکار کرے اور اللہ تعالیٰ کے سامنے یوں سرکشی کرے جس طرح اونٹ سرکشی کرتا ہے۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون شخص جنت میں داخل ہونے سے انکار کرے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا اور جو میری نافرمانی کرے گا اس نے انکار کیا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اللہ تعالیٰ کے رسول کی فرمانبرداری یہ ہے: آپ کی سنت کی، اس کی کیفیت اور کمیت کو ترک کرتے ہوئے پیروی کی جائے اور ہر اس شخص کے قول کو مسترد کرتے ہوئے جس نے اللہ تعالیٰ کے دین کے بارے میں اپنی کوئی رائے پیش کی ہو جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے برخلاف ہو۔ آدمی اس سنت کو ترک کرنے کے لئے کمزور تاویلات اور فضول اختراعی باتوں کا حیلہ پیش کرنے کی کوشش نہ کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَنَاهِيَ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَوَامِرَ فَرْضٌ عَلٰى حَسَبِ الطَّاقَةِ عَلٰى اُمَّتِهٖ لَا يَسَعُهُمُ التَّخَلُّفُ عَنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول وہ احکام جن میں آپ نے کسی چیز سے منع کیا ہے یا کچھ کرنے کا حکم دیا ہے تو آپ کی اُمت پر اپنی استطاعت کے مطابق ان پر عمل پیرا ہونا لازم ہے اور ان کے لئے ان احکام پر عمل پیرا نہ ہونے کی گنجائش نہیں ہے

17- رجاله ثقات، رجال مسلم إلا خلف بن خليفة ونسبه الهيثمي في مجمع الزوائد 10/70، إلى الطبراني في الأوسط، وقال: ورجاله رجال الصحيح، وفي الباب ما يشهد له عن أبي هريرة عند أحمد 2/361، والبخاري 7280 في الاعتصام: باب الاقتداء بسنن رسول الله، والحاكم 1/55 . وعن أبي أمامة الباهلي عند أحمد 5/258، والحاكم 1/55، و4/247، قال الهيثمي في مجمع الزوائد 10/70-71: ورجال أحمد رجال الصحيح غير علي بن خالد وهو ثقة. واقتصر الحافظ في الفتح على نسبته إلى الطبراني، وجوّد إسناده.

AlHidayah - الهداية

18 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَسُفْيَانَ عَنِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): ذَرُوْنِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ عَلٰى اَنْبِيَائِهِمْ مَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا وَمَا اَمَرْتُكُمْ بِهٖ فَاْتُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ

قَالَ ابْنُ عَجْلَانَ: فَحَدَّثْتُ بِهٖ اَبَانَ بْنَ صَالِحٍ فَقَالَ لِي: مَا اَجْوَدَ هٰذِهِ الْكَلِمَةَ قَوْلَهُ: فَاْتُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ. (3:6)

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جن چیزوں کو میں ترک کردوں، تم ان چیزوں کے بارے میں مجھے ایسے ہی رہنے دو، کیونکہ تم سے پہلے کے لوگ اپنے انبیاء سے بکثرت سوالات کرنے اور ان سے اختلاف رکھنے کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے تھے۔

میں تم لوگوں کو جس چیز سے منع کردوں، اس سے باز آجاؤ اور میں تمہیں جس بات کا حکم دوں، تم سے جہاں تک ہو سکے اس پر عمل کرو''۔

ابن عجلان کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث ابان بن صالح کو سنائی تو انہوں نے مجھے فرمایا۔

یہ کلمہ کتنا عمدہ ہے (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان) ''جہاں تک تم سے ہو سکے تم اس پر عمل کرو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّوَاهِيَ سَبِيْلُهَا الْحَتْمُ وَالْاِيْجَابُ اِلَّا اَنْ تَقُوْمَ الدَّلَالَةُ عَلٰى نَدْبِيَّتِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن اُمور سے منع کیا ہے، تو یہ حکم حتمی اور واجب ہے البتہ اگر اس کے مستحب ہونے پر دلیل قائم ہو جائے، تو حکم مختلف ہے

19- إسناده صحيح رجاله رجال الشيخين ما عدا إبراهيم بن بشار الرمادي. والطريق الثاني حسن. وأخرجه مسلم 1337 4/1831 في الفضائل: باب توقيره صلى الله عليه وآله وسلم وترك إكثار سؤاله عما لا ضرورة إليه، عن ابن أبي عمر، والبغوي 1/199 من طريق الشافعي، كلاهما عن سفيان بن عيينة، عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/258 عن يزيد، عن محمد، عن أبي الزناد، به. وأخرجه الشافعي 1/15، وأحمد 2/247 عن سفيان بن عيينة، عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/248 و517، من طريقين عن ابن عجلان، به. وأخرجه مسلم 1337 في الحج: باب فرض الحج في العمر مرة، وأحمد 2/447 448و 457 و467 و508، والنسائي 5/110-111، والدارقطني 2/181، وابن خزيمة 2508، والبيهقي 4/326 من طريق محمد بن زياد، عن أبي هريرة وأخرجه مسلم 1337، وابن ماجة 1 و 2، وأحمد 2/495، والترمذي 2679 من طريق الأعمش عن أبي صالح عن أبي هريرة. وأخرجه عبد الرزاق في المصنف 20372 عن معمر، عن الزهري عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/482، من طريق هلال بن علي، عن عبد الرحمن بن أبي عمرة، عن أبي هريرة. وسيورده المؤلف بعده برقم 19 من طريق مالك، عن أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة. وبرقم 20 و 21 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام، عن أبي هريرة. ويرد تخريج كل طريق في موضعه.

19 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إسماعيل البخاري حدثنا 1 إسماعيل ابن اَبِىْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ سُؤَالُهُمْ وَاخْتِلَافُهُمْ عَلٰى أنبيائهم فإذا نهيتكم عَنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوْهُ وَاِذَا اَمَرْتُكُمْ بِاَمْرٍ فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ . (2:1)

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک تم سے پہلے کے لوگ اپنے انبیاء سے (غیر ضروری) سوالات کرنے اور اختلاف کرنے کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے' تو جب میں تمہیں کسی چیز سے منع کردوں' تو تم اس سے اجتناب کرو اور جب میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں' تو جہاں تک تمہارے لئے ممکن ہو' تم اس پر عمل کرو''۔

20 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا بْنُ اَبِى السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ما نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوْهُ وَمَا اَمَرْتُكُمْ بِالْاَمْرِ فَأْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ . (2:3)

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں تمہیں جس چیز سے منع کردوں' تم اس سے اجتناب کرو اور میں تمہیں جس بات کا حکم دوں جہاں تک تم سے ہو سکے تم اس پر عمل کرو''۔

21 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حدثنا بْنُ اَبِى السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ. عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ذَرُوْنِىْ مَا تَرَكْتُكُمْ فَاِنَّمَا هَلَكَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِسُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ عَلٰى اَنْبِيَائِهِمْ فَاِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوْهُ وَاِذَا أَمَرْتُكُمْ بِالشَّيْءِ فَأْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ . (2:25)

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

جس چیز کے بارے میں میں تمہیں چھوڑ دوں تم بھی مجھے ویسے ہی رہنے دو' کیونکہ تم سے پہلے کے لوگ اپنے انبیاء سے (غیر ضروری) سوالات کرنے اور اختلاف رکھنے کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے۔

جب میں تمہیں کسی چیز سے منع کردوں' تو تم اس سے اجتناب کرو اور جب میں تمہیں کسی چیز کا حکم دوں' تو جہاں تک تم سے ہو

21- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهذا الحديث عند البخاري برقم 7288 في: الاعتصام: باب الاقتداء بسنن النبي صلى الله عليه وآله وسلم، وتقدم ذكر طرقه فيما قبله . 20- وهو في مصنف عبد الرزاق 20374 ومن طريقه أخرجه أحمد 2 / 313، 314، ومسلم 1337 131 في الفضائل: باب توقيره صلى الله عليه وآله وسلم، وترك إكثار سؤاله عما لا ضرورة إليه، والبغوي في شرح السنة برقمي 98 و 99 . وتقدم برقم 18 من طريق ابن عيينة.

سکے تم اس پر عمل کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِذَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ اَرَادَ بِهٖ مِنْ اُمُوْرِ الدِّيْنِ لَا مِنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''جب میں تمہیں کسی چیز کا حکم دوں''

اس سے مراد دینی اُمور ہیں' دنیاوی اُمور مراد نہیں ہیں

22 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ. عَنْ عَائِشَةَ وَثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ اَصْوَاتًا فَقَالَ: مَا هٰذِهِ الْاَصْوَاتُ؟ قَالُوْا النَّخْلُ يَاْبِرُوْنَهُ فَقَالَ: لَوْ لَمْ يَفْعَلُوْا لَصَلُحَ ذٰلِكَ فَاَمْسَكُوْا فَلَمْ يَاْبِرُوْا عَامَّتَهُ فَصَارَ شِيْصًا فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِذَا كَانَ شَيْءٌ مِنْ اَمْرِ دُنْيَاكُمْ فَشَاْنُكُمْ وَاِذَا كَانَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِ دِيْنِكُمْ فَاِلَيَّ. (2:25)

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کچھ آوازیں سنیں۔ آپ نے دریافت کیا: یہ کس بات کی آوازیں ہیں؟ لوگوں نے عرض کی: لوگ کھجوروں کی پیوند کاری کر رہے ہیں۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر وہ ایسا نہ کریں' تو یہ زیادہ بہتر ہوگا۔

(راوی کہتے ہیں) تو وہ لوگ اس عمل سے باز آ گئے۔ انہوں نے اس سال پیوند کاری نہیں کی تو پیداوار ٹھیک نہیں ہوئی۔ اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: اگر تمہارا کوئی دنیاوی معاملہ ہو' تو اسے تم خود سنبھالو اور اگر کوئی دینی معاملہ ہو' تو وہ میری طرف آئے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ اَرَادَ بِهٖ مَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِّنْ اَمْرِ الدِّيْنِ لَا مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان کہ ''تمہیں میں جس چیز کا حکم دوں تو جہاں تک تم سے ہو سکے اس پر عمل پیرا ہو جاؤ''

اس سے مراد یہ ہے' میں تمہیں دینی معاملات میں جن چیزوں کا حکم دوں' یہاں دنیاوی معاملات مراد نہیں ہیں

22- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 6/123، ومسلم 2363 في الفضائل: باب وجوب امتثال ما قاله شرعًا دون ما ذكره من معايش الدنيا على سبيل الرأي، وابن ماجه 2471 في الرهون: باب تلقيح النخل، كلهم من طريق حماد بن سلمة بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/152 عن عبد الصمد وفي الباب عن رافع بن خديج في الحديث الذي بعده. وعن طلحة بن عبيد الله عند مسلم 2361، وابن ماجة 2470.

23 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الرُّومِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو النَّجَاشِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ قَالَ (متن حدیث): قَدِمَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يُؤَبِّرُونَ النَّخلَ يَقُولُ يُلَقِّحُونَ قَالَ: فَقَالَ: مَا تَصْنَعُونَ؟ فَقَالُوا: شَيْئًا كَانُوا يَصْنَعُونَهُ فَقَالَ: لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا كَانَ خَيْرًا فَتَرَكُوهَا فَنَفَضَتْ اَوْ نَقَصَتْ فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اِذَا حَدَّثْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِّنْ اَمْرِ دِينِكُمْ فَخُذُوا بِهٖ وَاِذَا حَدَّثْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِّنْ دُنْيَاكُمْ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ. (3:68)

قَالَ عِكْرِمَةُ هٰذَا اَوْ نَحْوَهٗ. اَبُو النَّجَاشِيِّ مَوْلٰى رَافِعٍ اسْمُهٗ عَطَاءُ بْنُ صُهَيْبٍ قَالَهُ الشَّيْخُ.

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے' تو لوگ کھجوروں کی پیوند کاری کیا کرتے تھے۔ لوگ اسے پیوند کاری کا نام دیتے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم لوگ کیا کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: یہ ایک ایسا طریقہ ہے' جو وہ لوگ پہلے استعمال کیا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم یہ نہ کرو' تو یہ زیادہ بہتر ہے' تو لوگوں نے اسے ترک کر دیا' تو پیداوار کم ہو گئی۔ لوگوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں ایک انسان ہوں' جب میں تمہارے سامنے کسی دینی معاملے کے بارے میں کوئی چیز بیان کروں' تو تم اسے اختیار کرلو اور جب میں تمہارے سامنے کسی دنیاوی معاملے کے بارے میں کوئی چیز بیان کروں' تو میں ایک انسان ہوں''۔

عکرمہ کہتے ہیں: یہ یا اس کی مانند الفاظ ہیں۔

ابونجاشی (نامی راوی) حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کا غلام ہے اور اس کا نام عطاء بن صہیب ہے۔ یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْاِيمَانِ عَمَّنْ لَمْ يَخْضَعْ لِسُنَنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ اعْتَرَضَ عَلَيْهَا بِالْمُقَايَسَاتِ الْمَقْلُوبَةِ وَالْمُخْتَرَعَاتِ الدَّاحِضَةِ

جو شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے سامنے سر نہیں جھکاتا' اس کے مقابلے میں غلط سلط قیاس پیش کرتا ہے یا باطل اختراعات پیش کرتا ہے

23– إسناده حسن من أجل عكرمة بن عمار، ورجاله رجال مسلم. أبو النجاشي: هو عطاء بن صهيب. وأخرجه مسلم 2362 في الفضائل: باب وجوب امتثال ما قاله شرعًا دون ما ذكره من معايش الدنيا على سبيل الرأي، عن عبد الله بن الرومي اليمامي، بهذا الإسناد. وأخرجه أيضًا عن عباس بن عبد العظيم العنبري وأحمد بن جعفر المعْقِري، عن النضر بن محمد به. وتقدم قبله من حديث عائشة وأنس.

اس سے ایمان کی نفی کا تذکرہ

24 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا لَيْثُ بن سعد عَنِ ابنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ

(متن حدیث):اِنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ خَاصَمَ الزُّبَيْرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شِرَاجِ الْحَرَّةِ الَّتِي يَسْقُوْنَ بِهَا النَّخلَ فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ سَرِّحِ الْمَاءَ يَمُرَّ فَاَبٰى عَلَيْهِ الزُّبَيْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ اَرْسِلْ اِلٰى جَارِكَ فَغَضِبَ الْاَنْصَارِيُّ وَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ كَانَ ابْنُ عَمَّتِكَ؟ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ احْبِسِ الْمَآءَ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَى الْجَدْرِ قَالَ الزُّبَيْرُ: فَوَاللّٰهِ لَاَحْسَبُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ فِيْ ذٰلِكَ (فَلا وَرَبِّكَ لا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ) الآية . (5:36)

عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا کہ انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حرہ سے آنے والی پانی کی نالی کے بارے میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ جھگڑا ہوگیا جس کے ذریعے کھجوروں کے باغوں کو سیراب کیا جاتا تھا۔

اس انصاری نے کہا: آپ پانی کو چھوڑ دیجئے تاکہ وہ گزر جائے تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اس کی یہ بات تسلیم نہیں کی (یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش ہوا تو) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے زبیر! (تم اپنے باغ کو سیراب کرلو) پھر اپنے پڑوسی کے لئے (پانی کو) چھوڑ دو تو وہ انصاری غصے میں آ گیا اور بولا: یارسول اللہ! (آپ نے یہ فیصلہ اس لئے دیا ہے) کیونکہ یہ آپ کے پھوپھی زاد ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کا رنگ تبدیل ہوگیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے زبیر! تم اپنے (باغ کو) سیراب کرو اور پھر پانی کو روکے رکھو یہاں تک کہ وہ منڈیروں تک پہنچ جائے''۔

24- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وأخرجه أبو داوُد 2637 في الأقضية: باب أبواب من القضاء ، عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد. وأخرجه من طرق عن الليث بهذا الإسناد: أحمد 4/4-5، والبخاري 2359 و 2360 في المساقاة: باب سكر الأنهار، ومسلم 2357 في الفضائل: باب وجوب اتباعه صلى الله عليه وآله وسلم، والترمذي 1363 في الأحكام: باب ما جاء في الرجلين يكون أحدهما أسفل من الآخر في الماء ، والنسائي 8/245 في القضاة: باب إشارة الحاكم بالرفق، وابن ماجة 15 في المقدمة: باب تعظيم حديث الرسول صلى الله عليه وآله وسلم و 2480 في الرهون: باب الشرب من الأودية ومقدار حبس الماء ، والبيهقي 6/153 و10/106، والطبري في تفسيره 9912 وابن الجارود في المنتقى 1021 . وصححه الحاكم 3/364 من طريق محمد بن عبد الله بن مسلم الزهري، عن عمه الزهري، به. وأخرجه من طرق عن الزهري، عن عروة بن الزبير عن الزبير أحمد 1/165، والبخاري 2361 في المساقاة: باب شرب الأعلى قبل الأسفل، و 2362 باب شرب الأعلى إلى الكعبين، و 2708 في الصلح: باب إذا أشار الإمام بالصلح فأبى حكم عليه بالحكم البين، و 4585 في التفسير: باب (فَلا وَرَبِّكَ لا يُؤْمِنُوْنَ) والطبري في تفسيره 9913 ، والبيهقي 6/153-154 و10/106، والبغوي 2194 ، وقد صح سماع عروة من أبيه، كما في تاريخ البخاري 7/31، وفي حديثه في مسند أحمد برقم 1418 تصريح بسماعه من أبيه، وسنده قوي.

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ آیت اسی بارے میں نازل ہوئی تھی:

''تمہارے پروردگار کی قسم! یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے' جب تک آپس کے اختلافی معاملات کے بارے میں تمہیں ثالث تسلیم نہ کریں۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَنِ اعْتَرَضَ عَلَى السُّنَنِ بِالتَّاْوِيْلَاتِ الْمُضْمَحِلَّةِ وَلَمْ يَنْقَدْ لِقَبُوْلِهَا كَانَ مِنْ اَهْلِ الْبِدَعِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جو شخص سنت کے مقابلے میں مضمحل تاویلات پیش کرتا ہے' اور سنتوں کو قبول کرنے کے لئے سر نہیں جھکاتا' وہ بدعتی ہے

25 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ نُعْمٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

(متن حدیث): قَالَ بَعَثَ عَلِيٌّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ بِذَهَبٍ فِيْ اَدَمٍ فَقَسَّمَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ زَيْدِ الْخَيْلِ وَالْاَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ وَعُيَيْنَةَ بْنِ حِصْنٍ وَعَلْقَمَةَ بْنِ عُلَاثَةَ فَقَالَ اُنَاسٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ: نَحْنُ اَحَقُّ بِهٰذَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَقَّ عَلَيْهِ وَقَالَ: اَلَا تَاْمَنُوْنِيْ وَاَنَا اَمِيْنُ مَنْ فِي السَّمَاءِ يَاْتِيْنِيْ خَبَرُ مَنْ فِي السَّمَاءِ صَبَاحًا وَمَسَاءً فَقَامَ اِلَيْهِ نَاتِئُ الْعَيْنَيْنِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ نَاشِزُ الْوَجْهِ كَثُّ اللِّحْيَةِ مَحْلُوْقُ الرَّاْسِ مُشَمَّرُ الْاِزَارِ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِتَّقِ اللّٰهَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَ لَسْتُ بِاَحَقِّ اَهْلِ الْاَرْضِ اَنْ اَتَّقِيَ اللّٰهَ ثُمَّ اَدْبَرَ فَقَامَ اِلَيْهِ خَالِدٌ سَيْفُ اللّٰهِ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ

25- إسناده صحيح على شرط الشيخين: أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وأخرجه مسلم 1064 145 في الزكاة: باب ذكر الخوارج وصفاتهم، من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/4-5، ومسلم 1064 146 من طريق محمد بن فضيل، عن عمارة بن القعقاع بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 4351 في المغازى: باب بعث على بن أبي طالب وخالد بن الوليد رضى الله عنهما إلى اليمن قبل حجة الوداع، ومسلم 1064 144 من طريق عبد الواحد، عن عمارة بن القعقاع، به. وأخرجه البخارى 3344 فى الأنبياء: باب قوله تعالى: (وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ) ، و 4667 فى التفسير: باب (وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ) ، و 7432 فى التوحيد: باب قول الله تعالى: (تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ اِلَيْهِ) ، وأحمد 3/68 و73، وعبد الرزاق فى المصنف 18676 ، وأبو داوٗد 4764 في السنة: باب الخوارج، والنسائى 7/118، فى تحريم الدم: باب من شهر سيفه ثم وضعه فى الناس، من طريق سفيان الثورى، عن أبيه سعيد بن مسروق، عن عبد الرحمٰن بن أبى نُعْم، عن أبى سعيد. وأخرجه مسلم 1064 143 من طريق أبى الأحوص، عن سعيد بن مسروق، عن عبد الرحمٰن بن أبى نُعْم، به. وأخرجه الطيالسى 2234 ، والنسائى 5/87 فى الزكاة: باب المؤلفة قلوبهم، والبيهقى فى دلائل النبوة 6/426 من طرق، عن سعيد بن مسروق، عن عبد الرحمٰن بن أبى نُعْم، به. وأخرجه البخارى 3610 و 6933 ، ومسلم 1064 148 ، من طريق الزهرى، عن أبى سلمة، عن أبى سعيد. وأخرجه البخاري أيضًا 5058 ، ومسلم 1064 147 من طريقين يحيى بن سعيد، عن محمد بن إبراهيم، عن أبى سلمة، عن أبى سعيد . وأخرجه البخارى أيضًا 6163 ، والبيهقى فى دلائل النبوة 6/427 من طريق الأوزاعى، عن الزهرى، عن أبى سلمة والضحاك، عن أبى سعيد. وفى الباب عن جابر عند أحمد 3/354، 355، وعن أبى برزة عنده أيضًا 4/421، وعن أبى بكرة 5/42.

اللّٰـهِ اَلا اَضْـرِبُ عُنُقَهُ فَقَالَ: لَا اِنَّهُ لَعَلَّهُ يُصَلِّي قَالَ: اِنَّهُ رُبَّ مُصَلٍّ يَقُولُ بِلِسَانِهِ مَا لَيْسَ فِي قَلْبِهِ قَالَ: اِنِّي لَمْ اُومَرْ اَنْ اَشُقَّ قُلُوبَ النَّاسِ وَلَا اَشُقَّ بُطُونَهُمْ فَنَظَرَ اِلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُقَفٍّي فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِيءِ هٰذَا قَوْمٌ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ قَالَ عُمَارَةُ فَحَسِبْتُ اَنَّهُ قَالَ: لَئِنْ اَدْرَكْتُهُمْ لَاَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ ثَمُوْدَ. (3:10)

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یمن سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چمڑے میں کچھ سونا بھیجا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سونا زید خیل، اقرع بن حابس، عینیہ بن حصن اور علقمہ بن علاثہ کے درمیان تقسیم کر دیا۔

مہاجرین اور انصار سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں نے یہ کہا: ہم اس کے زیادہ حق دار تھے۔ اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گراں گزری آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کیا تم لوگ مجھے امین نہیں سمجھتے ہو؟ حالانکہ میں اس ذات کا امین ہوں' جو آسمان میں ہے' میرے پاس آسمان میں موجود ذات کی خبریں صبح وشام آتی ہیں''۔

(راوی کہتے ہیں:) تو چھوٹی آنکھوں اور ابھرے ہوئے گالوں' تنگ پیشانی' گھنی داڑھی' منڈے ہوئے سر اور اوپر کئے ہوئے تہبند والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے ڈریئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمام اہل زمین سے زیادہ اس بات کا حق دار نہیں ہوں کہ میں اللہ سے ڈروں؟ پھر وہ شخص وہاں سے چلا گیا' تو اللہ کی تلوار حضرت خالد رضی اللہ عنہ اٹھ کر اس کی طرف جانے لگے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں اس کی گردن نہ اڑا دوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں! ہوسکتا ہے' وہ شخص نماز ادا کر رہا ہو۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کی گئی: نمازی ایسے ہیں' جو زبان کے ذریعے وہ بات کہتے ہیں' جو ان کے دل میں نہیں ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اس بات کا حکم نہیں دیا گیا کہ میں لوگوں کے دل چیر کے دیکھوں' یا ان کے پیٹ چیر کے دیکھوں۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کی طرف دیکھا وہ اس وقت واپس جا رہا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''عنقریب اس کی اولاد میں ایسے لوگ پیدا ہوں گے' جو اللہ کی کتاب کی تلاوت کریں گے' لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گی' اور وہ لوگ دین سے یوں خارج ہو جائیں گے' جس طرح تیر نشانے کے پار ہو جاتا ہے''۔

عمارہ نامی راوی یہ بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے۔ روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: ''اگر میں نے ان لوگوں کا زمانہ پالیا' تو میں انہیں اس طرح قتل کروں گا' جس طرح قوم ثمود کو قتل کیا گیا تھا''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّحَدِّثَ الْمَرْءُ فِي اُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ مَا لَمْ يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ وَلَا رَسُوْلُهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی مسلمانوں کے معاملے میں کوئی ایسی نئی چیز پیدا کرے' جس کی اجازت اللہ اور اس کے رسول نے نہ دی ہو

26 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ.

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَوْصٰى بِوَصَايَا اَبَرَهَا فِيْ مَالِهٖ فَذَهَبْتُ اِلَى الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَسْتَشِيْرُهٗ فَقَالَ الْقَاسِمُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ. (2:86)

ابراہیم بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے وصیت کرتے ہوئے اپنے مال کے بارے میں کسی کے ساتھ ترجیحی سلوک کیا' تو میں قاسم بن محمد کے پاس گیا تاکہ میں ان سے اس بارے میں مشورہ لوں' تو قاسم نے بتایا: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص ہمارے اس معاملے (یعنی دین) میں کوئی نئی چیز پیدا کرے گا' جس کا اس سے کوئی تعلق نہ ہو' تو وہ چیز مسترد کی جائے گی۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ مَنْ اَحْدَثَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ حُكْمًا لَيْسَ مَرْجِعُهٗ اِلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ فَهُوَ مَرْدُوْدٌ غَيْرُ مَقْبُوْلٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص بھی اللہ کے دین کے معاملے میں کوئی ایسا نیا حکم پیدا کرے گا' جس کا ماخذ کتاب وسنت نہ ہوں' تو وہ معاملہ مردود ہوگا' قبول نہیں کیا جائے گا

27 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّوْلَابِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ. (3:43)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ''جو شخص ہمارے اس معاملے (یعنی

---

26 - وأخرجه أحمد 6/73، ومسلم في صحيحه 1718 18 ، والبخاري في خلق أفعال العباد ص 43، وأبو عوانة 4/18، 19، من طريق عبد الله بن جعفر الزهري، أخرجه الطيالسي 1422 ، ومن طريقه أبو عوانة 4/17، عن إبراهيم بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/240 و270، والبخاري 2697 في الصلح: باب إذا اصطلحوا على صلح جور، فالصلح مردود، ومسلم 1718 17 في الأقضية: باب نقض الأحكام الباطلة ورد محدثات الأمور، وأبو داوُد 4606 في السنة: باب في لزوم السنة، وابن ماجة 14 في المقدمة باب تعظيم حديث رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم على من والتغليظ على من عارضه، والدارقطني 4/224 و225 و227، والبيهقي في السنن 10/119، والقضاعي في مسند الشهاب 359 و 360 و 361 ، وأبو عوانة 4/18، والبغوي في شرح السنة 103 من طرق عن إبراهيم بن سعد بهذا الإسناد.

27- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في مسند أبي يعلى 4594. وأخرجه مسلم 1718 17 ، وأبو داوُد 4606 عن محمد بن الصباح، بهذا الإسناد، وتقدم تخريجه في الرواية التي قبله.

دین) میں کوئی نئی چیز پیدا کرے، جس کا اس سے کوئی تعلق نہ ہو، تو وہ چیز مردود ہوگی"۔

فَصْلٌ ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِمَنْ نَسَبَ الشَّيْءَ اِلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ غَيْرُ عَالِمٍ بِصِحَّتِهِ

جو شخص مصطفیٰ کریم ﷺ کی طرف کوئی چیز منسوب کرے اور اسے اس کی نسبت صحیح ہونے کا علم نہ ہو تو اس کے لئے جہنم میں داخل ہونے کے لازم ہونے کا تذکرہ

28 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ . عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (**2:109**)

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

28 - إسناده حسن، وأخرجه ابن ماجة 34 في المقدمة: باب التغليظ في تعمد الكذب على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن محمد بن بشر، عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/410 و469 و519، والنسائي: في العلم كما في تحفة الأشراف 9/436 من طريقين عن شعبة، عن أبي حصين، عن أبي صالح، عن أبي هريرة . وأخرجه البخاري 110 في العلم: باب إثم من كذب على النبي، و 6297 في الأدب: باب من سمى بأسماء الأنبياء ومسلم 3 في المقدمة: باب تغليظ الكذب على رسول الله . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/762، وأحمد 2/321 و365، والطحاوي في المشكل 1/170 و171 من طريق بكر بن عمرو . ففي الباب عن أنس بن مالك سيرد برقم 31 . وعن الزبير بن العوام عند أحمد 1/165 و167، وابن ماجة 36 في المقدمة، وأبي داوٗد 3651 في العلم: باب التشديد في الكذب على رسول الله، والبخاري 607 ، وابن أبي شيبة 8/760، والقضاعي 549 ، والطحاوي في المشكل 1/211. وعن المغيرة عند البخاري 1291 في الجنائز، ومسلم 4 في المقدمة، وابن أبي شيبة 8/764، والطحاوي 1/226، والبيهقي في السنن 4/72. وعن عبد الله بن عمرو عند البخاري 3461 في الأنبياء ، والترمذي 2671 في العلم وأحمد 2/171 و202 و214، والبيهقي في السنن 10/222. وعن عبد الله بن مسعود عند الترمذي 2661 في العلم، وابن ماجة 30 في المقدمة، وابن أبي شيبة 8/759، والطحاوي في 1/213، والقضاعي 547 و 560 و 561 . وعن أبي سعيد الخدري عند أحمد 3/36 و44 و46 و56، ومسلم 3004 في الزهد، وابن ماجة 37 في المقدمة، وعبد الرزاق 20493 ، وابن أبي شيبة 8/762، والطحاوي 220 . وعن جابر عند أحمد 3/303، وابن ماجة 33 في المقدمة، والدارمي 1/76 وعن علي عند البخاري 106 ، ومسلم 1 ، والترمذي 2660 ، والبغوي 114 ، والطيالسي 107 والطحاوي 209 ، وابن ماجة 31 في المقدمة . وعن أبي قتادة عند ابن ماجة 35 في المقدمة، وابن أبي شيبة 8/761، والطحاوي 225 ، والحاكم 1/112. وعن ابن عباس عند الدارمي 1/76، وأحمد 1/233، وابن أبي شيبة 8/763، والطحاوي 214 ، والقضاعي 554 ، والطبراني في الكبير 12393 و 12394 . وعن قيس بن سعد بن عبادة عند أحمد 3/422. وعن سلمة بن الأكوع عند أحمد 4/47 وعن عقبة بن عامر عند أحمد 4/156 و202، والبيهقي في السنن 3/276. وعن زيد بن أرقم عند أحمد 4/367، وابن أبي شيبة 8/764، والبزار 217 ، والطحاوي 222 . وعن خالد بن عرفطة عند أحمد 5/292، وابن أبي شيبة 8/760، والبزار 213 ، والطحاوي 228 . وعن رجل من الصحابة عند أحمد 4/412.

''جو شخص میری طرف منسوب کرکے ایسی بات بیان کرے جو میں نے نہ کہی ہو تو وہ شخص جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا اَوْمَانَا اِلَيْهِ فِى الْبَابِ الْمُتَقَدِّمِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس مفہوم کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے، جس کی طرف ہم نے گزشتہ باب میں اشارہ کیا ہے

29 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى السِّخْتِيَانِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلَى . عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ حَدَّثَ حَدِيْثًا وَهُوَ يَرٰى اَنَّهُ كَذِبٌ فَهُوَ اَحَدُ الْكَاذِبِيْنَ . (2:109)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص کوئی بات بیان کرے اور وہ یہ بات جانتا ہو کہ یہ بات جھوٹ ہے تو وہ شخص بھی جھوٹوں میں سے ایک ہوگا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذهبنا إليه

دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے موقف کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے

30 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِشْكَابٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ حَفْصٍ الْمَدَائِنِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَفٰى بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ . (2:109)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''آدمی کے گناہ گار ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے وہ ہر سنی ہوئی بات کو (آگے) بیان کردے۔

29- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه مسلم فى المقدمة: باب وجوب الرواية عن الثقات وترك الكذابين، وابن ماجة 39 فى المقدمة: باب من حدث عن رسول الله حديثًا وهو يرى أنه كذب . وأخرجه الطيالسى 1/38، وأحمد 5/14، ومسلم، وابن ماجه 39 ، والطحاوى فى مشكل الآثار 1/175 من طرق عن شعبة بهذا الإسناد.

30- إسناده صحيح على شرط الصحيح، وأخرجه مسلم 5 فى مقدمة صحيحه عن على بن حفص ومعاذ العنبرى، وعبد الرحمٰن بن مهدى، وأبو داؤد 4992 عن على بن حفص، وابن أبى شيبة 8/595 عن أبى أسامة، والحاكم 1/112 عن على بن جعفر المدائنى وقد أرسله حفص بن عمر و أخرجه أبو داؤد 4992 ، والحاكم 1/112، والقضاعى 1416 ولا يضر إرسالهم، فإن الوصل زيادة وهى من الثقات مقبولة. وله شاهد من حديث أبى أمامة عند الحاكم 2/2120 وسنده حسن فى الشواهد.

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُوْلِ النَّارِ لِمُتَعَمِّدِ الْكَذِبِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کی طرف جان بوجھ کر جھوٹی بات منسوب کرنے والے کے جہنم میں داخل ہونے کے لازم ہونے کا تذکرہ

31 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ . (2:109)

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے وہ جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لئے تیار رہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْكَذِبَ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَفْرَى الْفِرٰى

اس بات کا بیان کہ نبی اکرم ﷺ کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنا سب سے بڑا جھوٹ ہے

32 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث): اِنَّ مِنْ اَعْظَمِ الْفِرْيَةِ ثَلَاثًا اَنْ يَّفْرِيَ الرَّجُلُ عَلٰى نَفْسِهِ يَقُوْلُ رَاَيْتُ وَلَمْ يَرَ شَيْئًا فِي الْمَنَامِ اَوْ يَتَقَوَّلَ الرَّجُلُ عَلٰى وَالِدَيْهِ فَيُدْعٰى اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ اَوْ يَقُوْلُ سَمِعَ مِنِّيْ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنِّيْ . (2:109)

✿✿ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

31- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أحمد 3/223 عن إسحاق، وأخرجه ابن ماجة 32 في المقدمة، عن محمد بن رمح المصرى، كلاهما عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة 8/763، وأحمد 3/116 و166 و176، وابنه في الزوائد 3/278، والدارمي 1/77 من طرق عن سليمان التيمي، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/203و209، وابنه 3/278، والدارمي 1/77، من طرق عن حماد بن أبي سليمان عن أنس .وأخرجه أحمد 3/98، وأخرجه مسلم 2 في المقدمة من طرق عن عبد العزيز بن صهيب، عن أنس.ومن طرق أخرى عن أنس أخرجه ابن أبي شيبة /8 759، وأحمد 3/113 و172 و209و280، وابنه في زوائده على المسند 3/278 و279، والدارمي 1/76 و77. وتقدم برقم 28 من حديث أبي هريرة، وأوردت في تخريجه هناك من رواه من الصحابة.

32- إسناده قوى، رجاله رجال الصحيح، إلا أن في معاوية بن صالح، وقد جاء الحديث عن غيره . وأخرجه أحمد 3/490 و491، والطبراني في الكبير /22 164 ، من طرق عن معاوية بن صالح بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 4/398، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 4/106، والبخاري 3509 في المناقب، الطبراني في الكبير /22 171-181 من طرق عن حريز بن عثمان، عن عبد الواحد بن عبد الله النصري، عن واثلة بن الأسقع . وأخرجه أحمد 4/107 من طريق سعيد بن أيوب عن محمد بن عجلان، عن النضر بن عبد الرحمٰن بن عبد الله، عن واثلة. وأخرجه الشافعي في الرسالة 1090 من طريق عبد العزيز بن محمد الدراوردي.

AlHidayah - الهداية

''بے شک سب سے بڑا جھوٹ (یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی' پھر فرمایا:) یہ ہے' آدمی اپنی ذات کے بارے میں جھوٹ بولے۔ وہ یہ کہے کہ میں نے یہ خواب دیکھا ہے' حالانکہ اس نے خواب میں سے کچھ نہ دیکھا ہو' یا پھر آدمی اپنے والدین کے بارے میں جھوٹی بات بیان کرے' تاکہ اسے اس کے باپ کی بجائے کسی اور کی طرف منسوب کیا جائے' یا پھر وہ شخص یہ کہے کہ اس نے مجھ سے یہ بات (یعنی حدیث) سنی ہے' حالانکہ اس نے مجھ سے وہ بات نہ سنی ہو''۔

2- كِتَابُ الْوَحْيِ

(کتاب: وحی کے بارے میں روایات)

بَيَانُ كَيفَ بَدْءُ الْوَحْيِ

وحی کا آغاز کیسے ہوا؟

33 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا بن اَبِى السَّرِيّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيّ اَخْبَرَنِى عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ يَرَاهَا فِي النَّوْمِ فَكَانَ لَا يَرٰى رُؤْيَا اِلَّا جَاءَتْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ ثُمَّ حُبِّبَ لَهُ الْخَلَاءُ فَكَانَ يَاْتِىْ حراء فَيَتَحَنَّثُ فِيْهِ وَهُوَ التَّعَبُّدُ اللَّيَالِيَ ذَوَاتِ الْعِدَّةِ وَيَتَزَوَّدُ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى خَدِيجَةَ فَتُزَوِّدُهُ لِمِثْلِهَا حَتّٰى فَجِئَهُ الْحَقُّ وَهُوَ فِيْ غَارِ حِرَاءَ فَجَاءَهُ الْمَلَكُ فِيْهِ فَقَالَ: اقْرَاْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَقُلْتُ: مَا اَنَا بِقَارِىءٍ قَالَ: فَاَخَذَنِىْ فَغَطَّنِىْ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّى الْجَهْدَ ثُمَّ اَرْسَلَنِىْ فَقَالَ لِىْ: اقْرَاْ فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِقَارِىءٍ فَاَخَذَنِىْ فَغَطَّنِى الثَّانِيَةَ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّى الْجَهْدَ ثُمَّ اَرْسَلَنِىْ فَقَالَ: اقْرَاْ فَقُلْتُ: مَا اَنَا بِقَارِىءٍ فَاَخَذَنِىْ فَغَطَّنِى الثَّالِثَةَ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّى الْجَهْدَ ثُمَّ اَرْسَلَنِىْ فَقَالَ: (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ) حَتّٰى بَلَغَ (مَا لَمْ يَعْلَمْ) قَالَ: فَرَجَعَ بِهَا تَرْجُفُ بَوَادِرُهُ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى خَدِيجَةَ فَقَالَ: زَمِّلُوْنِىْ زَمِّلُوْنِىْ فَزَمَّلُوهُ حَتّٰى ذَهَبَ عَنْهُ الرَّوْعُ ثُمَّ قَالَ: يَا خَدِيجَةُ مَا لِىْ وَاَخْبَرَهَا الْخَبَرَ وَقَالَ: قَدْ خَشِيتُهُ عَلَيَّ فَقَالَتْ: كَلَّا اَبْشِرْ فَوَاللّٰهِ لَا يُخْزِيكَ اللّٰهُ اَبَدًا اِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ وَتَصْدُقُ الْحَدِيثَ وَتَحْمِلُ الْكَلَّ وَتَقْرِى الضَّيْفَ وَتُعِينُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ ثُمَّ انْطَلَقَتْ بِهٖ خَدِيجَةُ حَتّٰى اَتَتْ بِهٖ وَرَقَةَ بْنَ نَوْفَلٍ وَكَانَ اَخَا اَبِيهَا وَكَانَ امْرَاً تَنَصَّرَ فِى الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ يَكْتُبُ الْكِتَابَ الْعَرَبِيَّ فَيَكْتُبُ بِالْعَرَبِيَّةِ مِنَ الْاِنْجِيلِ مَا شَاءَ اَنْ يَكْتُبَ وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا قَدْ عَمِيَ فَقَالَتْ لَهُ خَدِيجَةُ: اَىْ عَمِّ اسْمَعْ مِنِ ابْنِ اَخِيكَ فَقَالَ وَرَقَةُ: ابْنَ اَخِىْ مَا تَرٰى؟ فَاَخْبَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاٰى فَقَالَ وَرَقَةُ: هٰذَا النَّامُوسُ الَّذِىْ اُنْزِلَ عَلٰى مُوْسٰى يَا لَيْتَنِىْ اَكُوْنُ فِيهَا جَذَعًا اَكُوْنُ حَيًّا حِيْنَ يُخْرِجُكَ قَوْمُكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمُخْرِجِيَّ هُمْ قَالَ: نَعَمْ لَمْ يَاْتِ أحد قَطُّ بِمَا جِئْتَ بِهٖ اِلَّا عُوْدِىَ وَاُوْذِىَ وَاِنْ يُدْرِكْنِىْ يَوْمُكَ اَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ اَنْ تُوُفِّيَ وَفَتَرَ الْوَحْيُ فَتْرَةً حَتّٰى حَزِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (فِيمَا بَلَغَنَا)

حُزْنًا غَدَا مِنْهُ مرارا لكي يتردى من رؤوس شَوَاهِقِ الْجِبَالِ فَكُلَّمَا اَوْفٰى بِذِرْوَةِ جَبَلٍ كَيْ يُلْقِيَ نَفْسَهُ مِنْهَا تَبَدّٰى لَهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ لَهُ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا فَيَسْكُنُ لِذٰلِكَ جَاشُهُ وَتَقَرُّ نَفْسُهُ فَيَرْجِعُ فَاِذَا طَالَ عَلَيْهِ فَتْرَةُ الْوَحْيِ غَدَا لِمِثْلِ ذٰلِكَ فَاِذَا اَوْفٰى بِذِرْوَةِ الْجَبَلِ تَبَدّٰى لَهُ جِبْرِيْلُ فَيَقُوْلُ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ. (3:1)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وحی کے آغاز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سچے خواب دکھائی دینے لگے جو آپ نیند کی حالت میں دیکھتے تھے۔ آپ جو بھی خواب دیکھتے تھے وہ صبح کے نمودار ہونے کی مانند پورا ہو جاتا تھا' پھر آپ کی طبیعت خلوت کی طرف مائل کر دی گئی۔ آپ غارِ حرا تشریف لے جاتے تھے اور وہاں ''تحنث'' کرتے تھے۔

(راوی کہتے ہیں) یعنی آپ وہاں متعدد راتوں تک عبادت کرتے رہتے تھے۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا زادِ راہ ساتھ لے جایا کرتے تھے' پھر واپس سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آتے تھے۔ وہ اسی کی مانند مزید زادِ راہ تیار کر دیتی تھیں۔ یہاں تک کہ اچانک ایک دن حق آپ کے پاس آ گیا۔ آپ اس وقت غارِ حرا میں موجود تھے۔ وہاں فرشتہ آپ کے پاس آیا اور بولا: آپ پڑھئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں نے جواب دیا: میں نہیں پڑھوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اس نے مجھے پکڑ لیا۔ اس نے مجھے بھینچ لیا۔ یہاں تک کہ مجھے دقت کا سامنا کرنا پڑا۔

پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا' پھر اس نے مجھ سے کہا: آپ پڑھئے۔ میں نے کہا: میں نہیں پڑھوں گا۔ اس نے پھر مجھے پکڑ لیا اور دوسری مرتبہ مجھے بھینچ لیا۔ یہاں تک کہ مجھے دقت کا سامنا کرنا پڑا پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا اور بولا: آپ پڑھیے! میں نے کہا: میں نہیں پڑھوں گا۔ پھر اس نے مجھے پکڑ لیا اور مجھے تیسری مرتبہ بھینچ لیا۔ یہاں تک کہ مجھے دقت کا سامنا کرنا پڑا۔ پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا اور بولا:

''آپ اپنے پروردگار کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے پڑھئے' جس نے پیدا کیا ہے۔''

یہ آیات یہاں تک ہیں:

''جو وہ نہیں جانتا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (یا راوی کہتے ہیں) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس واپس تشریف لائے' تو آپ کے جسم پر کپکپی طاری تھی۔ آپ سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: مجھے اوڑھنے کے لئے کچھ دو! انہوں نے آپ کو اوڑھنے کے لئے کوئی چیز دے دی۔ یہاں تک کہ جب آپ کی یہ کیفیت ختم ہوگئی' تو آپ نے ارشاد فرمایا:

33- حديث صحيح . ابن أبي السَّرى قد توبع عليه، وباقي السند على شرطهما، وهو في مصنف عبد الرزاق 9719 ، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/232-233، والبخارى 4956 فى التفسير، و 6982 فى التعبير، ومسلم 160 253 فى الإيمان: باب بدء الوحى برسول الله، وأبو عوانة في مسنده 1/113، والبيهقي في دلائل النبوة 2/135-136، وأبو نعيم في دلائل النبوة 1/275-277، والآجرى فى الشريعة ص439-.440 . وأخرجه الطيالسى 1467 ، والبخارى 3 فى بدء الوحى، و 3392 فى حديث الأنبياء ، و 4953 و 4957 فى التفسير، و 6982 فى التعبير، ومسلم 160 254 ، والطبرى فى تفسيره 30/16 و162، وأبو عوانة 1/110 و113، والبغوى فى شرح السنة 3735 من طرق عن الزهرى، بهذا الإسناد.

''اے خدیجہ! میرے ساتھ کیا ہوا ہے؟ پھر آپ نے انہیں پوری بات بتائی۔ آپ نے ارشاد فرمایا: مجھے اپنی ذات کے بارے میں اندیشہ ہے' تو سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ہرگز نہیں۔ آپ کے لئے خوشخبری ہے' اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی بھی رسوا نہیں کرے گا۔ بے شک آپ صلہ رحمی کرتے ہیں' سچ بولتے ہیں' بوجھ اٹھاتے ہیں' مہمان نوازی کرتے ہیں' حق کے کاموں میں مدد کرتے ہیں''۔

پھر سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لے کر ورقہ بن نوفل کے پاس آئیں' جو ان کے چچا تھے' یہ صاحب زمانہ جاہلیت میں عیسائی ہو گئے تھے اور عربی میں تحریر کیا کرتے تھے۔ انہوں نے انجیل کا کچھ حصہ عربی میں نوٹ کیا ہوا تھا۔ یہ ایک بڑی عمر کے صاحب تھے' جو نابینا ہو چکے تھے۔ سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا: اے میرے چچا! آپ اپنے بھتیجے کی بات سنئے' ورقہ نے کہا: اے میرے بھتیجے! تم نے کیا دیکھا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بات دیکھی تھی اس کے بارے میں انہیں بتایا تو ورقہ نے کہا: یہ وہ ناموس (فرشتہ) ہے' جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا تھا۔

اے کاش کہ میں اس وقت موجود ہوتا' یا اس وقت زندہ ہوتا جب آپ کی قوم آپ کو (مکہ سے) نکال دیتی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا وہ لوگ مجھے نکال دیں گے؟ ورقہ نے جواب دیا: جی ہاں۔

آپ جو چیز لے کر آئے ہیں' اس طرح کی چیز جو بھی (نبی) لے کر آیا' تو اس سے دشمنی کی گئی اور اسے اذیت پہنچائی گئی۔

اگر مجھے وہ دن دیکھنے کو ملا' تو میں (اس موقعہ پر) آپ کی بھرپور مدد کروں گا۔

(راوی کہتے ہیں) اس کے کچھ عرصے کے بعد ورقہ کا انتقال ہو گیا۔

پھر وحی کے نزول کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غمگین ہو گئے۔ آپ کی یہ کیفیت اتنی شدید ہوئی کہ آپ کئی مرتبہ پہاڑ سے چھلانگ لگانے کے ارادے سے تشریف لے گئے۔

جب بھی آپ پہاڑ کی چوٹی سے خود کو نیچے گرانے کا ارادہ کرتے' تو جبرائیل علیہ السلام آپ کے سامنے آجاتے اور آپ سے یہ کہتے: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ کے سچے رسول ہیں۔ اس وجہ سے آپ کی بے چینی کو سکون آجاتا اور آپ کی جان کو قرار آجاتا۔

اور آپ واپس تشریف لے آتے' جب وحی کے انقطاع کا سلسلہ طویل ہو گیا' تو ایک مرتبہ آپ اسی کی مانند تشریف لے گئے۔ جب آپ پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ کے سامنے آئے اور انہوں نے آپ کے سامنے اسی کی مانند بات کہی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ يُضَادُّ خَبَرَ عَائِشَةَ الَّذِى تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا کہ یہ بات اس روایت کے برخلاف ہے' جو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

34 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِى كَثِيرٍ قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَبَا سَلَمَةَ اَىُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ أَوَّلُ قَالَ: (يَا اَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ) قُلْتُ: اِنِّى نُبِّئْتُ اَنَّ اَوَّلَ سُورَةٍ اُنْزِلَتْ مِنَ الْقُرْآنِ: (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِى خَلَقَ) قَالَ اَبُو سَلَمَةَ: سَاَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَىُّ الْقُرْآنِ اُنْزِلَ اَوَّلُ قَالَ: (يَا اَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ) فَقُلْتُ لَهُ: اِنِّى نُبِّئْتُ اَنَّ اَوَّلَ سُورَةٍ نَزَلَتْ مِنَ الْقُرْآنِ: (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ) قَالَ جَابِرٌ: لَا اُحَدِّثُكَ اِلَّا مَا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَاوَرْتُ فِى حِرَاءَ فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِى نَزَلْتُ فَاسْتَبْطَنْتُ الْوَادِى فَنُودِيتُ فَنَظَرْتُ اَمَامِى وَخَلْفِى وَعَنْ يَمِينِى وَعَنْ شِمَالِى فَلَمْ اَرَ شَيْئًا فَنُودِيتُ فَنَظَرْتُ فَوْقِى فَاِذَا اَنَا بِهِ قَاعِدٌ عَلَى عَرْشٍ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ فَجُئِثْتُ مِنْهُ فَانْطَلَقْتُ اِلَى خَدِيجَةَ فَقُلْتُ دَثِّرُونِى دَثِّرُونِى وَصُبُّوا عَلَىَّ مَاءً بَارِدًا فَاُنْزِلَتْ عَلَىَّ (يَا اَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ) . (3:1)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ فِى خَبَرِ جَابِرٍ هٰذَا: اِنَّ اَوَّلَ مَا اُنْزِلَ مِنَ الْقُرْآنِ (يَا اَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ) وَفِى خَبَرِ عَائِشَةَ: (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ) وَلَيْسَ بَيْنَ هٰذَيْنِ الْخَبَرَيْنِ تَضَادٌّ اِذِ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْزَلَ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ) وَهُوَ فِى الْغَارِ بِحِرَاءَ فَلَمَّا رَجَعَ اِلَى بَيْتِهِ دَثَّرَتْهُ خَدِيجَةُ وَصَبَّتْ عَلَيْهِ الْمَاءَ الْبَارِدَ وَاُنْزِلَ عَلَيْهِ فِى بَيْتِ خَدِيجَةَ (يَا اَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ) مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُونَ بَيْنَ الْخَبَرَيْنِ تَهَاتُرٌ اَوْ تَضَادٌ.

✿✿ یحییٰ بن ابوکثیر بیان کرتے ہیں: میں نے ابوسلمہ سے دریافت کیا: سب سے پہلے قرآن کا کون سا حصہ نازل ہوا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: ''یا ایہا المدثر'' میں نے کہا: مجھے تو پتہ چلا ہے' سب سے پہلے قرآن میں سے یہ سورت نازل ہوئی تھی:

''تم اپنے پروردگار کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے پڑھو' جس نے پیدا کیا ہے۔''

تو ابوسلمہ نے کہا: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: سب سے پہلے قرآن کا کون سا حصہ نازل ہوا تھا؟ انہوں نے جواب دیا ''یا ایہا المدثر''

میں نے ان سے کہا: مجھے تو یہ پتہ چلا ہے' سب سے پہلے قرآن میں سے یہ آیت نازل ہوئی تھی:

''تم اپنے پروردگار کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے' یہ پڑھو''

تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں وہی بات بتاؤں گا' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتائی تھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا:

34- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فى مسند أبى يعلى 1949 . وأخرجه من طرق عن يحيى بن أبى كثير بهذا الإسناد أحمد 3/306و392، ومسلم 161 257 و 258 فى الإيمان، والواحدى فى أسباب النزول ص 295، والطبرى فى تفسيره 29/90، والبخارى 4923 و 4924 فى التفسير، وأبو عوانة فى مسنده 1/113 و 114و115، والبيهقى فى دلائل النبوة 2/155-.156 وأخرجه من طرق عن الوهرى، عن أبى سلمة، عن جابر: البخارى 4 فى بدء الوحى، و03238 فى بدء الخلق، و 4925 و 4926 و 4954 فى التفسير، و 6214 فى الأدب، ومسلم 161 255 و 256 فى الإيمان، والطبرى فى تفسيره 29/9 والترمذى 3325 ، والبيهقى فى دلائل النبوة 2/138 و.156 وأبو نعيم فى دلائل النبوة 1/278، وانظر ما بعده.

''میں نے غارِ حرا میں اعتکاف کیا ہوا تھا' جب میرا یہ اعتکاف مکمل ہوا' تو میں نماز سے نیچے اترا' اور وادی کے نشیبی حصے میں آ گیا' تو مجھے پکار کر بلایا گیا' میں نے اپنے سامنے' اپنے پیچھے' اپنے دائیں طرف اور بائیں طرف دیکھا' لیکن مجھے کوئی چیز نظر نہیں آئی''۔

پھر مجھے پکارا گیا' میں نے اپنے اوپر دیکھا' تو میرے سامنے فرشتہ آسمان اور زمین کے درمیان ایک تخت پر بیٹھا ہوا تھا' تو میں اس سے گھبرا گیا اور میں خدیجہ کے پاس آ گیا۔ میں نے کہا: تم مجھے اوڑھنے کے لئے کچھ دو' تم مجھے اوڑھنے کے لئے کچھ دو' تم مجھ پر ٹھنڈا پانی بہاؤ۔

پھر مجھ پر یہ آیت نازل ہوئی:

''اے چادر اوڑھنے والے! تم اٹھو اور ڈراؤ اور اپنے پروردگار کی کبریائی بیان کرو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول اس روایت میں یہ مذکور ہے کہ قرآن میں سب سے پہلے یا ایھا المدثر نازل ہوئی جبکہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول روایت میں یہ مذکور ہے۔ اقرأ باسم ربك . سب سے پہلے نازل ہوئی۔ ان دونوں روایات میں تضاد نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر اقرأ باسم ربك اس وقت نازل کی جب آپ غارِ حرا میں تھے۔ پھر آپ واپس گھر تشریف لے آئے اور سیّدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو چادر اوڑھنے کے لئے دی اور آپ پر ٹھنڈا پانی ڈالا' تو سیّدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یا ایھا المدثر نازل ہوگئی' تو ان دو روایات کے درمیان کوئی اختلاف یا تضاد نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْقَدْرِ الَّذِىْ جَاوَرَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحِرَاءَ عِنْدَ نُزُوْلِ الْوَحْيِ عَلَيْهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وحی کے نزول کے وقت غارِ حرا میں جتنا عرصہ مقیم رہے تھے' اس کی مقدار کا تذکرہ

35-(سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ:

"جب نبی اکرم ﷺ ہم سے رخصت ہوئے' تو پروں کے ساتھ اڑنے والے ہر پرندے کے بارے میں بھی ہمارے پاس کوئی نہ کوئی علم تھا"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ "کے بارے میں بھی ہمارے پاس کوئی نہ کوئی علم تھا" سے مراد یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے اوامر' نواہی' اطلاعات' افعال اور مباح قرار دینے کے حوالے سے (ہمیں علم مل چکا تھا)۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ اَدّٰى مِنْ اُمَّتِهٖ حَدِيْثًا سَمِعَهٗ

اس بات کا تذکرہ کہ مصطفیٰ کریم ﷺ نے اپنی اُمت کے اس فرد کو دعا دی ہے جو کسی سنی ہوئی حدیث کو آگے منتقل کردے

66 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

65- إسناده صحيح . محمد بن عبد الله بن يزيد: هو المقرء، ثقة، وباقى السند على شرط الصحيح . وأخرجه الطبرانى 1647 عن محمد بن عبد الله الحضرمى، عن محمد بن عبد الله بن يزيد بهذا الإسناد، وزاد: ما بقى شىء يقرب من الجنة ويباعد عن النار إلا وقد بيّن لكم . وأخرجه البزار 147 قال: كتب إلى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، يخبرنى فى كتابه أن ابن عيينة حدثه عن فطر بن خليفة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/153 عن ابن نمير و162، والطيالسى 479 من طريق شعبة، كلاهما عن الأعمش، عن منذر الثورى، يحدث عن أصحابه، عن أبى ذر. قال الهيثمى فى مجمع الزوائد 8/263: رواه أحمد والطبرانى، ورجال الطبرانى رجال الصحيح.

(متن حدیث): نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعَى مِنْ سَامِعٍ . (5:12)

16
16

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے' جو ہم سے بات کوئی بات سنے اور پھر اسی طرح آگے پہنچا دے' جس طرح اسے سنا تھا' کیونکہ بعض اوقات (براہ راست) سننے والے کے مقابلے میں' وہ شخص اس کو زیادہ بہتر محسوس کرتا ہے' جس تک وہ بات پہنچائی گئی ہے''۔

ذِكْرُ رَحْمَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنْ بَلَّغَ اُمَّةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا صَحِيحًا عَنْهُ

اس شخص پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہونے کا تذکرہ' جو مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ایک صحیح حدیث کی تبلیغ کرے

67 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ هُوَ بن عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبَانَ هُوَ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ

(متن حدیث): خَرَجَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ مِّنْ عِنْدِ مَرْوَانَ قَرِيبًا مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ فَقُلْتُ مَا بَعَثَ اِلَيْهِ اِلَّا لِشَيْءٍ سَاَلَهُ فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ اَجَلْ سَاَلَنَا عَنْ اَشْيَاءَ سَمِعْنَاهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ امْرَاً سَمِعَ مِنِّي حَدِيثًا فَحَفِظَهُ حَتّٰى يُبَلِّغَهُ غَيْرَهُ فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ

66– إسناده حسن من أجل سماك بن حرب، قال الحافظ في التقريب : صدوق، وقد تغير بأخرة، فكان ربما تلقّن فمثله لا يرقى حديثه إلى الصحة . وأخرجه أبو نعيم في الحلية 7/331 من طريق محمد بن يونس السامي، عن عبد الله بن داوُد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/437، والترمذي 2657 في العلم: باب ما جاء في الحث على تبليغ السماع، وأخرجه ابن ماجة 232 في المقدمة: باب من بلغ علمًا، وابن عبد البر في جامع بيان العلم 1/45، من طريق شعبة، عن سماك بهذا الإسناد . وأخرجه الشافعي في المسند 1/14، والحميدي 88 ، والترمذي 2658 ، والحاكم في معرفة علوم الحديث ص322، والبيهقي في معرفة السنن والآثار 1/15، والخطيب في الكفاية ص 29، وابن عبد البر في جامع بيان العلم وفضله ص 45، والبغوي في شرح السنة 112 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن عبد الملك بن عمير، عن عبد الرحمٰن بن عبد الله، به. البيهقي في دلائل النبوة 1/23، والخطيب في الكفاية ص 173 . وأخرجه الخطيب في شرف أصحاب الحديث 26 ، وابن عبد البر في جامع العلم ص 45 و46 . وأخرجه أبو نعيم في أخبار أصبهان .2/90 وسيورد المؤلف برقم 68 من طريق شيبان، عن سماك، وبرقم 69 من طريق إسرائيل، عن سماك، بهذا الإسناد. وعن جبير بن مطعم عند أحمد 4/80و82، وابن ماجة 231 والدارمي 1/74، والطحاوي في مشكل الآثار 2/232، وابن عبد البر في جامع بيان العلم وفضله 1/41، والخطيب في شرف أصحاب الحديث 25 ، الطبراني في الكبير 1541 ، وابن أبي حاتم في الجرح والتعديل 1/10–11، وأبي يعلى في مسنده 1/349، والحاكم .1/87 وعن أبي سعيد الخدري عند البزار 141 ، والرامهرمزي 5 . وعن النعمان بن بشير عند الحاكم 1/88، وصححه، ووافقه الذهبي . قال الحاكم: وعن جماعة من الصحابة، منهم عمر وعثمان وعلي ومعاذ بن جبل وابن عمر وابن عباس وأبو هريرة وغيرهم. وعن أنس عند أحمد 3/225، وابن ماجة 236 ، وابن عبد البر .1/41 وعن أبي الدرداء عند الدارمي 1/75، .76

بِفِقْهِهٖ ثَلَاثُ خِصَالٍ لَا يَغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُسْلِمٍ اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ وَمُنَاصَحَةُ الْوُلَاةِ الْاَمْرِ وَلُزُومُ الْجَمَاعَةِ فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيطُ مِنْ وَّرَائِهِمْ. (1:2)

❀❀ عبدالرحمٰن بن ابان (اپنے والد جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ دوپہر کے وقت مروان کے پاس سے باہر نکلے تو میں نے سوچا اس وقت مروان نے انہیں کسی چیز کے بارے میں دریافت کرنے کے لئے ہی بلوایا ہوگا۔

میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: ایسا ہی ہے۔ اس نے ہم سے کچھ ایسی چیزوں کے بارے میں دریافت کیا تھا: جو ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہیں۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:)

''اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو مجھ سے کوئی بات سنے اور اسے محفوظ کر لے۔ یہاں تک کہ دوسرے تک اسے پہنچا دے۔ کیونکہ بعض اوقات فقہ (یعنی دینی علم) کی کوئی بات سننے والا شخص، اس شخص تک منتقل کر دیتا ہے، جو اس سے زیادہ دین کی سمجھ بوجھ رکھتا ہے''۔

بعض اوقات دینی بات کا علم حاصل کرنے والا شخص عالم نہیں ہوتا۔

تین خصوصیات ایسی ہیں، جن کے بارے میں کسی مسلمان کا دل خیانت کا شکار نہیں ہوتا۔

عمل کا اللہ تعالیٰ کے لئے خالص ہونا' حکمرانوں کے لئے خیر خواہی رکھنا اور (مسلمانوں کی) جماعت کے ساتھ رہنا۔

کیونکہ ان لوگوں کی دعا غیر موجود افراد تک بھی پہنچتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفَضْلِ اِنَّمَا يَكُوْنُ لِمَنْ اَدّٰى مَا وَصَفْنَا كَمَا سَمِعَهٗ سَوَاءً مِنْ غَيْرِ تَغْيِيرٍ وَلَا تَبْدِيلٍ فِيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ فضیلت اس شخص کو حاصل ہوگی، جو ہمارے بیان کردہ طریقے کے مطابق احادیث کو منتقل کرتا ہے (یعنی جس طرح اس نے احادیث کو سنا تھا) اسی طرح بغیر کسی تغیر و تبدیلی کے نقل کر دیتا ہے

67- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 5/183، وأبو داوٗد 3660 في العلم: باب فضل نشر العلم، والترمذي 2656 في العلم: باب ما جاء في الحث على تبليغ السماع، والدارمي 1/175، وابن عبد البر في جامع بيان العلم 1/39، والرامهرمزي في المحدث الفاصل 3 و 4، وابن أبي عاصم في السنة 94، والطحاوي في مشكل الآثار 2/232، والخطيب في شرف أصحاب الحديث 24، والطبراني 4890 و 4891 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة 230، والطبراني 4994 و 4925 من طريقين عن زيد بن ثابت ومن حديث جبير بن مطعم أخرجه الحاكم 1/86، 87، وصححه، ووافقه الذهبي.

68 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ قَالَ حَدَّثَنِي سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أبيه بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ سَمِعَ مِنِّیْ حَدِيْثًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰى لَهُ مِنْ سَامِعٍ . (1:2)

❀❀ عبدالرحمٰن بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو مجھ سے کوئی بات سنے اور پھر اسے آگے پہنچا دے۔ اسی طرح جیسے اس نے اسے سنا تھا' کیونکہ بعض اوقات (براہ راست) سننے والے کے مقابلے میں' وہ شخص اسے زیادہ بہتر طور پر محفوظ کرتا ہے' جس تک وہ بات پہنچائی گئی ہو''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ نَضَارَةِ الْوَجْهِ فِي الْقِيَامَةِ مَنْ بَلَّغَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَّةً صَحِيْحَةً كَمَا سَمِعَهَا

قیامت کے دن اس شخص کا چہرہ روشن ہوگا' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی ایک مستند حدیث کو اسی طرح آگے نقل کر دے جس طرح اس نے اسے سنا تھا

69 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مسعود عن اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَاً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰى مِنْ سَامِعٍ . (1:2)

❀❀ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے' جو ہم سے کوئی بات سنے اور جس طرح اسے سنا تھا' اسی طرح آگے پہنچا دے' کیونکہ بعض اوقات (براہ راست) سننے والے کے مقابلے میں وہ شخص زیادہ بہتر طور پر محسوس کر سکتا ہے' جس تک وہ بات پہنچائی گئی ہو''۔

68- إسناده حسن، وتقدم برقم 66 من طريق علي بن صالح، عن سماك، بهذا الإسناد. وأوردت تخريجه من طرقه هناك.

69- إسناده حسن، وأخرجه أحمد 1/437 عن عبد الرزاق، عن إسرائيل، بهذا الإسناد، وتقدم تخريجه من طرقه برقم 66 .

ذِكْرُ عَدَدِ الْاَشْيَاءِ الَّتِي اسْتَأْثَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِعِلْمِهَا دُوْنَ خَلْقِهِ

ان اشیاء کی تعداد کا تذکرہ' جن کا علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے' اس کی مخلوق کے پاس نہیں ہے

70 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الدُّوْرِيُّ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُ مَا تَضَعُ الْاَرْحَامُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا يَعْلَمُ مَتٰى يَاْتِي الْمَطَرُ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ وَلَا يَعْلَمُ مَتٰى تَقُوْمُ السَّاعَةُ. (3:30)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''غیب کی کنجیاں پانچ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی اس بات کا علم نہیں رکھتا کہ رحم کس چیز کو جنم دے گا (یعنی لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی پیدا ہوگی) اور اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اس بات کا علم نہیں رکھتا کہ کل کیا ہوگا؟

اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی اس بات کا علم نہیں رکھتا کہ بارش کب ہوگی؟ اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وہ کون سی سرزمین پر مرے گا؟ اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ قیامت کب قائم ہوگی؟''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

71 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا اللّٰهُ لَا يَعْلَمُ مَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا مَا فِيْ

70- حديث صحيح، حفص بن عمر الدوري ضعيف في الحديث. وأخرجه البغوي في شرح السنة 1170 من طريق علي بن حجر، عن إسماعيل بن جعفر بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 4679 في التفسير: باب (اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى) من طريق مالك و 7379 في التوحيد: باب (عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا) من طريق سليمان بن بلال، كلاهما عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، به. وأخرجه أحمد 2/24 و52 و58، والبخاري 1039 في الاستسقاء: باب لا يدري متى يجيء المطر إلا الله، والطبري 21/88 من طريق سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، به وأخرجه أحمد 2/85، 86، ومن طريقه الطبراني 13344 من طريق شعبة، والبخاري مختصرًا 4778 في التفسير: (اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ) من طريق ابن وهب، كلاهما عن عمر بن محمد بن زيد بن عبد الله بن عمر، عن أبيه، عن ابن عمر. وأخرجه البخاري 4627 في التفسير: باب (وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ)، والنسائي في النعوت كما في التحفة 5/365 من طريق إبراهيم بن سعد، عن الزهري، عن سالم بن عبد الله، عن ابن عمر. وأخرجه الطبراني 13246 من طريق الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، عن ابن عمر.

71- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله.

غَدٍ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا يَعْلَمُ مَتَى يَاْتِي الْمَطَرُ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوتُ وَلَا يَعْلَمُ مَتَى تَقُومُ السَّاعَةُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰهُ. (3:30)

عبداللہ بن دینار بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''غیب کی کنجیاں پانچ ہیں۔ان کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہے۔اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی نہیں جانتا کہ رحم کس چیز کو جنم دے گا؟ اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور یہ بات جانتا ہے کل کیا ہوگا؟''

اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی یہ بات نہیں جانتا کہ بارش کب آئے گی؟ کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وہ کون سی جگہ پر فوت ہوگا؟

اور اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی یہ نہیں جانتا کہ قیامت کب آئے گی؟

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْعِلْمِ بِاَمْرِ الدُّنْيَا مَعَ الْاِنْهِمَاكِ فِيهَا وَالْجَهْلِ بِاَمْرِ الْاٰخِرَةِ وَمُجَانَبَةِ اَسْبَابِهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی دنیاوی اُمور کا علم حاصل کرے اور پھر اس میں انہماک اختیار کر لے اور آخرت کے اُمور سے ناواقف رہے اور اس کے اسباب سے لاتعلق رہے

72 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ السُّلَمِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ كُلَّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ سَخَّابٍ بِالْاَسْوَاقِ جِيفَةٍ بِاللَّيْلِ حِمَارٍ بِالنَّهَارِ عَالِمٍ بِاَمْرِ الدُّنْيَا جَاهِلٍ بِاَمْرِ الْاٰخِرَةِ. (2:76)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ ہر سخت مزاج، متکبر، کنجوس اور بازاروں میں چیخ کر بولنے والے شخص کو ناپسند کرتا ہے جو رات کو مردار (کی طرح) سوتا ہے اور دن کے وقت گدھے (کی طرح وقت گزارتا ہے)۔

وہ دنیاوی امور کے بارے میں واقفیت رکھتا ہے لیکن آخرت کے بارے میں جاہل ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَتَبُّعِ الْمُتَشَابِهِ مِنَ الْقُرْاٰنِ لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ

مسلمان شخص کے لئے قرآن کے متشابہات کی پیروی کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

72- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه البيهقي في السنن 10/194 من طريق أبي بكر القطان، عن أحمد بن يوسف السلمي، بهذا الإسناد.

73 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا يزيد بن إبراهيم التسترى قال حدثنى بن اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَا قَوْلَ اللّٰهِ (هُوَ الَّذِىْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ اٰيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ) اِلٰى اٰخِرِهَا فَقَالَ: اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ فَاعْلَمُوا اَنَّهُمُ الَّذِيْنَ عَنَى اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ. (2:3)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تلاوت کی۔

''وہی وہ ذات ہے' جس نے تم پر کتاب نازل کی ہے' جس میں سے بعض محکم آیات ہیں۔''

یہ آیت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر تک تلاوت کی پھر ارشاد فرمایا:

''جب تم ان لوگوں کو دیکھو' جو اس کی متشابہ آیات کی تلاوت کرتے ہیں' تو تم یہ بات جان لو! یہ وہ لوگ ہیں' جو اللہ تعالیٰ نے مراد لئے ہیں' تو تم ان سے بچو۔''

74 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ وَالْمِرَاءُ فِى الْقُرْاٰنِ كُفْرٌ ثَلَاثًا مَا عَرَفْتُمْ مِنْهُ فَاعْمَلُوْا بِهٖ وَمَا جَهِلْتُمْ مِنْهُ فَرُدُّوْهُ اِلٰى عَالِمِهٖ. (1:27)

توضیح مصنف: اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا عَرَفْتُمْ مِنْهُ فَاعْمَلُوْا بِهٖ اَضْمَرَ فِيْهِ الِاسْتِطَاعَةَ يُرِيْدُ اعْمَلُوْا بِمَا عَرَفْتُمْ مِنَ الْكِتَابِ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَقَوْلُهٗ: وَمَا جَهِلْتُمْ مِنْهُ فَرُدُّوْهُ اِلٰى عَالِمِهٖ فِيْهِ الزَّجْرُ عَنْ ضِدِّ هٰذَا الْاَمْرِ وَهُوَ اَنْ لَا يَسْاَلُوْا مَنْ لَا يَعْلَمُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مجھ پر قرآن سات حروف میں نازل کیا گیا ہے۔'' ''قرآن کے بارے میں بحث کرنا کفر ہے۔

73– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 6/256، والبخارى 4547 فى التفسير: باب (مِنْهُ اٰيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ) ، ومسلم 2665 فى العلم: باب النهى عن اتباع متشابه القرآن، وأبو داؤد 4598 فى السنة: باب النهى عن الجدال واتباع المتشابه من القرآن، والترمذى 2993 و 2994 فى التفسير: باب ومن سورة آل عمران، والدارمى 1/55، والبيهقى فى دلائل النبوة 6/545، والطبرى 6610 ، والطحاوى فى مشكل الآثار 3/208 من طريق عن يزيد بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

74– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو حازم: هو سلمة بن دينار، وأخرجه أحمد 2/300، والطبرى 7 ، والنسائى فى فضائل القرآن 118 ثلاثتهم من طريق أنس بن عياض بهذا الإسناد . وأخرجه الخطيب فى تاريخ بغداد 11/26، من طريق عبد الوهاب الوراق، عن أبى ضمرة، عن أبى حازم، به، وقد تصحف فيه حازم بالحاء المهملة إلى خازم بالخاء المعجمة. وأخرجه أحمد 2/332، والبزار 2313 من طريق محمد بن بشر، وأحمد 2/440، من طريق ابن نمير، وذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد 7/151.

(یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی' پھر فرمایا:)

''تمہیں اس میں سے جو چیز سمجھ آ جائے' تم اس پر عمل کرو اور جس چیز کے بارے میں تمہیں علم حاصل نہ ہو سکے' تم اسے اس کے عالم کی طرف لوٹا دو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تمہیں اس میں سے جو چیز سمجھ آ جائے' تم اس پر عمل کرو''۔اس میں استطاعت کا ذکر پوشیدہ ہے۔آپ کی مراد یہ ہے: کتاب کے حوالے سے تم جس حکم کو شناخت کر لو' اس پر اپنی استطاعت کے مطابق عمل کرو۔

روایت کے یہ الفاظ: ''اور جس چیز کے بارے میں تمہیں علم حاصل نہ ہو سکے' تم اسے اس کے عالم کی طرف لوٹا دو''۔

اس میں اس حکم کی خلاف ورزی کی ممانعت ہے اور وہ حکم یہ ہے: لوگ ایسے شخص سے مسائل دریافت نہ کریں جو علم نہیں رکھتا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا جَهِلْتُمْ مِنْهُ فَرُدُّوْهُ اِلٰى عَالِمِهِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ''تم لوگ جس چیز سے ناواقف ہو' اس کو اس کے عالم کی طرف لوٹا دو''

75 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُوَيْدٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَخِي عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ عن أبي الأحوص عَنِ ابْنِ مسعود رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ لِكُلِّ اٰيَةٍ مِّنْهَا ظَهْرٌ وَّبَطْنٌ. (1:27)

❁❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''قرآن کو سات حروف پر نازل کیا گیا ہے۔ہر آیت کا ایک ظاہری مفہوم ہے' اور ایک باطنی مفہوم ہے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ مُجَادَلَةِ النَّاسِ فِي كِتَابِ اللّٰهِ مَعَ الْاَمْرِ بِمُجَانَبَةِ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ لوگ اللہ تعالیٰ کی کتاب کے بارے میں بحث مباحثہ کریں اور جو شخص ایسا کرتا ہے' اس سے لاتعلق رہنے کا حکم ہونا

76– (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ الْاَحْوَلُ قَالَ حَدَّثَنَا

75– إسناده حسن، وأخرجه الطبراني في الكبير 10090 والبزار 2312 من طريقين. وأخرجه الطبري 10 من طريق محمد بن حميد الرازي.

الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أيوب يحدث عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): قَرَاَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (هُوَ الَّذِىْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ اٰيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتَابِ وَاُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ) (آل عمران: 7) إلى قوله: (أولى الْاَلْبَابِ) قَالَتْ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْهِ فَهُمُ الَّذِيْنَ عَنَى اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ قَالَ مَطَرٌ: حَفِظْتُ اَنَّهُ قَالَ: لَا تُجَالِسُوْهُمْ فَهُمُ الَّذِيْنَ عَنَى اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ. (2:3)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ اَيُّوْبُ عَنْ مَطَرٍ الوراق وابن أبى مليكة جميعا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی۔

''وہی وہ ذات ہے' جس نے تم پر کتاب نازل کی ہے' جس میں بعض محکم آیات ہیں اور دوسری متشابہ ہیں۔''

(یہ آیت یہاں تک ہے) ''سمجھدار لوگ''۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو اس بارے میں بحث کرتے ہیں' تو یہ وہ لوگ ہیں' جو اللہ تعالیٰ نے مراد لئے ہیں' تو تم ان لوگوں سے بچو''۔

مطر نامی راوی کہتے ہیں: مجھے یہ بات یاد ہے' روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں۔

''تم ان لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھنا' کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں' جو اللہ تعالیٰ نے مراد لئے ہیں' تو تم ان سے بچنا۔''

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایوب نے یہ روایت مطر وراق اور ابن ابوملیکہ دونوں سے سنی ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْعِلْمِ الَّذِىْ يُتَوَقَّعُ دُخُوْلُ النَّارِ فِى الْقِيَامَةِ لِمَنْ طَلَبَهُ

اس علم کی صفت کا تذکرہ جس کے طلب گار کے بارے میں یہ توقع ہے' وہ قیامت کے دن جہنم میں داخل ہوگا

77 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَرْوَزِيُّ بِالْبَصْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا بن اَبِىْ مَرْيَمَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ عَنِ بن جُرَيْجٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ لِتُبَاهُوْا بِهِ الْعُلَمَاءَ وَلَا تُمَارُوْا بِهِ السُّفَهَاءَ وَلَا تَخَيَّرُوْا بِهِ الْمَجَالِسَ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَالنَّارُ النَّارُ. (2:109)

76- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه الطبرى فى جامع البيان 6606 من طريق المعتمر بن سليمان بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/48، وابن ماجة 47 فى المقدمة: باب اجتناب البدع والجدل، والطبرى 6605 و 6607 و 6609، والطحاوى فى مشكل الآثار 3/208، من طريق أيوب، عن ابن أبى مليكة، عن عائشة.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم علم اس لئے حاصل نہ کرو' تاکہ اس کی وجہ سے علماء کے سامنے فخر کا اظہار کرو' اور تم لوگ اس کے ذریعے بے وقوفوں کے ساتھ بحث کرو' اور اس کے ذریعے خود کو محفل میں نمایاں کرنے کی کوشش کرو' جو شخص ایسا کرے گا (تو اس کا انجام) جہنم ہے''۔

78 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَخْلَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ قال حدثنا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْخُزَاعِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغَى بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ لَا يَتَعَلَّمُهُ اِلَّا لِيُصِيبَ بِهِ عَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

وَاَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ أَنْبَأَنَا بْنُ وَهْبٍ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ. (2:109)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص کوئی ایسا علم حاصل کرتا ہے' جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کی جاسکتی ہے' لیکن وہ شخص اسے کسی دنیاوی فائدے کے لئے حاصل کرتا ہے' تو وہ شخص قیامت کے دن جنت کی خوشبو کو بھی نہیں پاسکے گا''۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ مُجَالَسَةِ اَهْلِ الْكَلَامِ وَالْقَدَرِ وَمُفَاتَحَتِهِمْ بِالنَّظَرِ وَالْجِدَالِ

اہل کلام اور تقدیر کے منکرین کی ہم نشینی اور ان کے ساتھ بحث ومباحثہ کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

79 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ وَهَارُوْنُ بن معروف قالا حدثنا المقرىء قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ شَرِيْكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ مَيْمُوْنٍ

77– رجاله ثقات رجال الصحيح، إلا ان فيه عنعنة ابن جريج، وأبى الزبير . يحيى بن أيوب: هو الغافقى المصرى، وابن أبى مريم: هو سعيد بن الحكم الجمحى بالولاء ، وأخرجه ابن ماجة 254 فى المقدمة: باب الانتفاع بالعلم والعمل به، عن محمد بن يحيى، عن ابن أبى مريم، بهذا الإسناد، قال البوصيرى فى زوائده ورقة 20: هذا إسناد رجاله ثقات على شرط مسلم. وأخرجه الحاكم 1/86، وابن عبد البر ص 226، من طرق عن ابن أبى مريم، بهذا الإسناد . وفى الباب عن ابن عمر عند ابن ماجة 253 ، وإسناده ضعيف، وعن كعب بن مالك عند الترمذى 2656 ، والحاكم 1/86، وإسناده ضعيف، وعن حذيفة عند ابن ماجة 259 ، وعن أبى هريرة عند ابن ماجة 260 ، وإسنادهما ضعيف، وعن أنس عند البزار 178 ، فيتقوى الحديث بهذه الشواهد، ويصح.

78– حديث صحيح، وأخرجه الحاكم فى المستدرك 1/85 من طريق مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ المصرى، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/338، وأبو داؤد 3664 فى العلم: باب فى طلب العلم لغير الله، وابن ماجة 252 فى المقدمة، وابن عبد البر فى جامع بيان العلم ص230، والبغدادى فى اقتضاء العلم العمل برقم 102 .

الْحَضْرَمِيِّ عَنْ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا تُجَالِسُوْا اَهْلَ الْقَدَرِ وَلَا تُفَاتِحُوْهُمْ. (1:23)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"قدریہ فرقے سے تعلق رکھنے والوں کے ساتھ نہ بیٹھو اور انہیں پہلے مخاطب نہ کرو۔"

ذِكْرُ مَا كَانَ يَتَخَوَّفُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمَّتِهٖ جِدَالَ الْمُنَافِقِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اُمت کے حوالے سے اس بات کا اندیشہ تھا' کہ منافق کے ساتھ بحث کی جائے گی

80 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَخْوَفُ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ جِدَالُ الْمُنَافِقِ عَلِيمُ اللِّسَانِ. (3:22)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"تم لوگوں کے بارے میں مجھے سب سے زیادہ اندیشہ اس بات کا ہے' تم چرب زبان منافق کے ساتھ بحث کرو گے۔"

81 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ حَدَّثَنَا جُنْدُبٌ الْبَجَلِيُّ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ اَنَّ حُذَيْفَةَ حَدَّثَهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

79- إسناده ضعيف لجهالة حكيم بن شريك الهذلي. وأخرجه أحمد 1/30، ومن طريقه ابنه عبد الله في السنة 673، وأبو داؤد 4710 في السنة: باب في القدر، وأخرجه البخاري في التاريخ الكبير 3/15 كلاهما عن المقرء، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي عاصم 330 عن ابن أبي شيبة، والحاكم 1/85، والبيهقي في السنن 10/204 من طريق عبد الصمد بن الفضل البلخي، كلاهما عن المقرء، به. وأخرجه أبو داؤد 4720 في السنة: باب في ذراري المشركين، عن أحمد بن سعيد الهمداني.

80- إسناده صحيح على شرط البخاري، وأخرجه البزار 170 عن محمد بن عبد الملك، عن خالد بن الحارث، بهذا الإسناد. وقال: لا نحفظه إلا عن عمر، وإسناد عمر صالح، فأخرجناه عنه (برقمي 168 و169) وأعدناه عن عمران لحسن إسناد عمران. أخرجه الطبراني في الكبير 18/ 593 من طريق عبيد الله بن معاذ، عن أبيه، عن حسين المعلم، به، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 1/187، ونسبه إلى الطبراني والبزار، وقال: ورجاله رجال الصحيح. وفي الباب عن عمر عند أحمد 1/22 و44، والبزار 168 و 169، ذكره الهيثمي في المجمع 1/187، وزاد نسبته إلى أبي يعلى، وقال: ورجاله موثوقون.

(متن حدیث): إِن مَا اَتَخَوَّفُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ قَرَاَ الْقُرآنَ حَتّٰى إِذَا رُئِيَتْ بَهْجَتُهُ عَلَيْهِ وَكَانَ رِدْئًا لِلْإِسْلَامِ غَيَّرَهُ إِلٰى مَا شَاءَ اللّٰهُ فَانْسَلَخَ مِنْهُ وَنَبَذَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهٖ وَسَعٰى عَلٰى جَارِهٖ بِالسَّيْفِ وَرَمَاهُ بِالشِّرْكِ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَيُّهُمَا اَوْلٰى بِالشِّرْكِ الْمَرْمِيُّ اَمِ الرَّامِي قَالَ بَلِ الرَّامِي . (3:22)

❀❀ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے تم لوگوں کے بارے میں یہ اندیشہ ہے ایک شخص قرآن کا علم حاصل کرے گا۔ یہاں تک کہ جب اس کا قرآن کا عالم ہونا معروف ہو جائے گا اور وہ شخص اسلام (کی تعلیمات) کا محافظ ہوگا' تو وہ جو اللہ کو منظور ہوگا' تو وہ اس میں کوئی تبدیلی کرے گا' وہ اس سے کھسک جائے گا اور اسے اپنی پشت کے پیچھے رکھ دے گا۔ وہ اپنے پڑوسی کے پیچھے تلوار لے کر دوڑے گا اور اس پر شرک کا الزام عائد کرے گا''۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ان میں سے کون مشرک ہونے کے زیادہ قریب ہوگا' جس پر الزام عائد کیا گیا ہے؟ یا وہ شخص جو الزام عائد کر رہا ہے۔ آپ نے فرمایا: جو الزام عائد کر رہا ہے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا الْعِلْمَ النَّافِعَ رَزَقَنَا اللّٰهُ اِيَّاهُ وَكُلَّ مُسْلِمٍ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اللہ تعالیٰ سے نفع دینے والے علم کا سوال کرے اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہر مسلمان کو یہ چیز عطا کرے

82 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ . (5:12)

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم کا سوال کرتا ہوں اور میں ایسے علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں' جو نفع نہ دے''۔

81- أخرجه البزار برقم 175 عن محمد بن مرزوق، والحسن بن أبي كبشة كلاهما عن محمد بن بكر البُرساني، بهذا الإسناد، وقال: لا نعلمه يروى إلا عن حذيفة، وإسناده حسن، والصلت مشهور، ومن بعده لا يسأل عن أمثالهم. وقد نسبه الهيثمي في مجمع الزوائد 1/187، 188 إلى البزار، وقال: إسناده حسن.

82- إسناده حسن، رجاله رجال مسلم، أسامة بن زيد وهو الليثي مولاهم، أبو زيد المدني، صدوق يهم، فهو حسن الحديث، وهو في المصنف لابن أبي شيبة 10/185 ومن طريقه أخرجه ابن عبد البر في جامع بيان العلم ص215، وأخرجه ابن ماجة 3843 في الدعاء: باب ما تعوذ منه رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، عن علي بن محمد، عن وكيع، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/181-182، بلفظ المؤلف هنا، ونسبه إلى الطبراني في الأوسط وقال: إسناده حسن. وانظر حديث أنس الآتي، مع تخريجه.

AlHidayah - الهداية

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّقْرُنَ اِلٰى مَا ذَكَرْنَا فِي التَّعَوُّذِ مِنْهَا اَشْيَاءَ مَعْلُوْمَةً

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے ہم نے جس چیز کا تذکرہ کیا ہے (یعنی نفع دینے والے علم کے ہمراہ) چند دیگر چیزوں سے بھی پناہ مانگے

83 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرِ التَّمَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَعَمَلٍ لَا يُرْفَعُ وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَقَوْلٍ لَا يُسْمَعُ . (5:12)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! میں ایسے علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں' جو نفع نہ دے اور ایسے عمل سے جو بلند نہ ہو' اور ایسے دل سے' جو ڈرے نہیں اور ایسی بات سے' جو سنی نہ جائے۔ (ان سب سے تیری پناہ مانگتا ہوں)''۔

ذِكْرُ تَسْهِيْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا طَرِيْقَ الْجَنَّةِ عَلٰى مَنْ يَّسْلُكُ فِي الدُّنْيَا طَرِيْقًا يَطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا

اس بات کا تذکرہ کہ جو شخص دنیا میں علم کے حصول کے راستے پر چلتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کے راستے کو آسان کر دیتا ہے

84 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ الزَّاهِدُ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

83- إسناده صحيح على شرط مسلم.وأخرجه الطيالسي 2007 ، وابن أبي شيبة 10/187، 188، وأحمد 3/192، 255، وأبو نعيم في الحلية 6/252 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/283، والنسائي 8/264 في الاستعاذة: باب الاستعاذة من الشقاق والنفاق وسوء الأخلاق، والحاكم 1/104، من طريقين عن خلف بن خليفة، عن حفص بن أخي أنس، عن أنس، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.وأخرجه عبد الرزاق في المصنف 19635 ، ومن طريقه البغوي عن معمر بن راشد، عن أبان هو ابن أبي عياش، وهو متروك، عن أنس، به.وفي الباب عن زيد بن أرقم عند ابن أبي شيبة 10/187، ومسلم 2722 ، وابن عبد البر ص 215وعن عبد الله بن عمرو عند الترمذي 3482 ، والنسائي .8/255وعن أبي هريرة عند ابن أبي شيبة 10/187، والنسائي 8/263، والحاكم 1/104، وابن عبد البر ص.215وعن ابن مسعود عند ابن أبي شيبة .10/187وعن ابن عباس عند ابن عبد البر ص 214، .215

84- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه ابن أبي شيبة 8/729، وأحمد 2/407، وأبو داؤد 3643 في العلم: باب الحث على طلب العلم، والترمذي 2646 في العلم: باب فضل العلم، والدارمي 1/99، والحاكم 1/88، و89، والبغوي في شرح السنة 130 ، وابن عبد البر في جامع بيان العلم وفضله ص 13و14 من طرق عن الأعمش بهذا الإسناد . وأخرجه باطول مما هنا أحمد 2/252، ومسلم 2696 في القراء ات وابن ماجة 225 في المقدمة: باب فضل العلماء والحث على طلب العلم، من طريقين، عن الأعمش بهذا الإسناد.

(متن حدیث): مَن سَلَكَ طَرِيقًا يَطْلُبُ فِيهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ بِهِ طَرِيقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ وَمَنْ اَبْطَاَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ. (1:2)

۞۞ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص علم کے حصول کے راستے پہ چلتا ہے' اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے جنت کے راستے کو آسان کر دیتا ہے' اور جس شخص کا عمل اسے سست کر دے۔ اس کا نسب اسے تیز نہیں کر سکتا''۔

ذِكْرُ بَسْطِ الْمَلَائِكَةِ اَجْنِحَتَهَا لِطَلَبَةِ الْعِلْمِ رِضًا بصنيعهم ذلك

اس بات کا تذکرہ کہ علم کے طلب گار کے طرزِ عمل سے راضی ہو کر فرشتے اس کے لیے اپنے پر بچھا دیتے ہیں

85 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ قَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ قَالَ: جِئْتُ اَنْبُطُ الْعِلْمَ قَالَ: فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ خَارِجٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ يَطْلُبُ الْعِلْمَ اِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ اَجْنِحَتَهَا رِضًا بِمَا يَصْنَعُ. (1:2)

۞۞ زر بیان کرتے ہیں: میں حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' انہوں نے دریافت کیا: تم کیوں آئے؟ تو زر نے جواب دیا: میں علم حاصل کرنے کے لئے آیا ہوں' تو حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اپنے گھر سے علم کے حصول کے لئے نکلتا ہے' تو فرشتے اس شخص کے اس عمل سے راضی ہو کر اپنے پر اس کے لیے بچھا دیتے ہیں''۔

ذِكْرُ اَمَانِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ النَّارِ مَنْ اَوَى اِلَى مَجْلِسِ عِلْمٍ وَنِيَّتُهُ فِيهِ صَحِيحَةٌ

اس بات کا تذکرہ کہ جو شخص علم کی مجلس میں جاتا ہے' اور اس بارے میں اس کی نیت صحیح ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے امان دے دیتا ہے

85- إسناده حسن من أجل عاصم وهو ابن أبى النجود. وهو فى مصنف عبد الرزاق برقم 795، ومن طريقه وأخرجه أحمد 4/239، وابن ماجة 226 فى المقدمة: باب فضل العلماء والحث على طلب العلم، والطبرانى 7352 وصححه ابن خزيمة 193. وأخرجه أحمد 4/239و 240و 241، والنسائى 1/98 فى الطهارة، والطبرانى 7373 و 7382 و 7388، ابن عبد البر فى جامع بيان العلم وفضله ص 1/32 من طرق عن عاصم، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 1/100 من طريق عبد الوهاب بن بخت، عن زر بن حبيش، عن صفوان، وصححه، ووافقه الذهبى. وأخرجه الطبرانى 7348 من طريق المنهال بن عمرو، عن زر بن حبيش، عن عبد الله بن مسعود، عن صفان بن عسال.

86 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ اَنَّ اَبَا مُرَّةَ مَوْلٰى عَقِيلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَالنَّاسُ مَعَهُ اِذْ اَقْبَلَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ فَاَقْبَلَ اثْنَانِ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَهَبَ وَاحِدٌ فَلَمَّا وَقَفَا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَّمَا فَاَمَّا اَحَدُهُمَا فَرَاٰى فُرْجَةً فِي الْحَلْقَةِ فَجَلَسَ فِيهَا وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَجَلَسَ خَلْفَهُمْ وَاَمَّا الثَّالِثُ فَاَدْبَرَ ذَاهِبًا فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلَاثَةِ اَمَّا اَحَدُهُمْ فَاَوٰى اِلَى اللّٰهِ فَآوَاهُ اللّٰهُ و أما الآخر فَاسْتَحْيَى اللّٰهُ مِنْهُ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَاَعْرَضَ فَاَعْرَضَ اللّٰهُ عنه . (1:2)

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے کچھ لوگ آپ کے ساتھ موجود تھے۔ تین آدمی آئے اوران میں سے دو آدمی آپ کی طرف آگئے اور ایک شخص چلا گیا' جب وہ دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے' توان دونوں نے سلام کیا۔ ان دونوں میں سے ایک نے حلقے میں گنجائش دیکھی تو وہاں بیٹھ گیا' جبکہ دوسرا شخص لوگوں کے پیچھے بیٹھ گیا۔

جہاں تک تیسرے شخص کا تعلق تھا' تو وہ منہ پھیر کر چلا گیا۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (اپنی گفتگو) سے فارغ ہوئے' تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''کیا میں تمہیں ان تین لوگوں کے بارے میں بتاؤں؟ ان میں سے ایک شخص اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آیا' تو اللہ تعالیٰ نے اسے پناہ عطا کی۔ دوسرے شخص نے حیا کی' تو اللہ تعالیٰ نے بھی اس سے حیا کی اور تیسرے شخص نے منہ پھیر لیا' تو اللہ تعالیٰ نے بھی اس سے منہ پھیر لیا''۔

ذِكْرُ التَّسْوِيَةِ بَيْنَ طَالِبِ الْعِلْمِ وَمُعَلِّمِهِ وَبَيْنَ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

اس بات کا تذکرہ کہ علم کا طالب اور معلم اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا شخص برابر ہوتے ہیں

87 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قال حدثنا المقرىء قَالَ اَنْبَاَنَا حَيْوَةُ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُو صَخْرٍ اَنَّ سَعِيدًا الْمَقْبُرِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ اِنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

86- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البغوي في شرح السنة 3334 من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد. وهو عند مالك في الموطأ 3/132 في جامع السلام، ومن طريقه أخرجه البخاري 66 في العلم: باب من قعد حيث ينتهي به المجلس، و 474 في الصلاة: باب الحلق والجلوس في المسجد، ومسلم 2176 في السلام: باب من أتى مجلسًا فوجد فرجة فجلس فيها، والترمذي 2724 في الاستئذان، والنسائي في العلم كما في التحفة 11/111. وأخرجه أحمد 5/219 من طريق يحيى بن أبي كثير، عن ابن أبي طلحة، به.

(متن حدیث): مَنْ دَخَلَ مَسْجِدَنَا هٰذَا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا اَوْ يُعَلِّمَهُ كَانَ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَنْ دَخَلَهُ لِغَيْرِ ذٰلِكَ كَانَ كَالنَّاظِرِ اِلٰى مَا لَيْسَ لَهُ . (1:2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جو شخص ہماری اس مسجد میں بھلائی کا علم حاصل کرنے کے لئے اس کی تعلیم دینے کے لئے آتا ہے وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے شخص کی مانند ہے اور جو شخص اس میں اس کی بجائے کسی اور وجہ سے آتا ہے تو اس کی مثال اس شخص کی مانند ہے جو اس چیز پر نظر رکھے ہوئے ہو جو اس کی نہ ہو۔"

ذِكْرُ وَصْفِ الْعُلَمَاءِ الَّذِيْنَ لَهُمُ الْفَضْلُ الَّذِيْ ذَكَرْنَا قَبْلُ

ان علماء کی صفت کا تذکرہ جنہیں وہ فضیلت حاصل ہوتی ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

88 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَاصِمَ بْنَ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ جَمِيْلٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنْتُ جَالِسًا مَعَ اَبِي الدَّرْدَاءِ فِي مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا اَبَا الدَّرْدَاءِ اِنِّي اَتَيْتُكَ مِنْ مَدِيْنَةِ الرَّسُوْلِ فِي حَدِيْثٍ بَلَغَنِي اَنَّكَ تُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ اَمَا جِئْتَ لِحَاجَةٍ اَمَا جِئْتَ لِتِجَارَةٍ اَمَا جِئْتَ اِلَّا لِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا سَلَكَ اللّٰهُ بِهٖ طَرِيْقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ وَالْمَلَائِكَةُ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ وَاِنَّ الْعَالِمَ يَسْتَغْفِرُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالْحِيْتَانُ فِي الْمَاءِ وَفَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ عَلٰى سَائِرِ الْكَوَاكِبِ اِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوْا دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَاَوْرَثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ اَخَذَهُ اَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ . (1:2)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ بَيَانٌ وَاضِحٌ اَنَّ الْعُلَمَاءَ الَّذِيْنَ لَهُمُ الْفَضْلُ الَّذِيْ ذَكَرْنَا هُمُ الَّذِيْنَ يُعَلِّمُوْنَ عِلْمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنَ غَيْرِهٖ مِنْ سَائِرِ الْعُلُوْمِ اَلَا تَرَاهُ

87- إسناده حسن، وأخرجه الحاكم في المستدرك 1/91 من طريق عبد الله بن يزيد المقرء، بهذا الإسناد، وقال: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، فقد احتجا بجميع رواته، ثم لم يخرجاه، ولا أعلم له علة.

88- حديث حسن، إسناده ضعيف لضعف داوٗد بن جميل ويقال: الوليد بن جميل وكثير بن قيس ويقال: قيس بن كثير- والأول أكثر، وأخرجه أبو داوٗد 3641 في أول كتاب العلم، وابن ماجة 223 في المقدمة: باب فضل العلماء والحث على طلب العلم، والدارمي 1/98، وابن عبد البر في جامع بيان العلم ص 39و40، والطحاوي في مشكل الآثار 1/429، والبغوي 129 ، من طرق عن عبد الله بن داوٗد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/196، وابن عبد البر، 37 و38 و41 من طرق عن عاصم بن رجاء، به . وأخرجه أبو داوٗد 3642 من طريق محمد بن الوزير الدمشقي، حدثنا الوليد قال: لقيتُ شبيب بن شيبة، فحدثني عن عثمان بن أبي سودة، عن أبي الدرداء ... وهذا سند حسن في الشواهد، فيتقوى الحديث به.

AlHidayah - الهداية

يَقُوْلُ: اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاَنْبِيَاءُ لَمْ يُوَرِّثُوا اِلَّا الْعِلْمَ وَعِلْمُ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَّتُهُ فَمَنْ تَعَرَّى عَنْ مَّعْرِفَتِهَا لَمْ يَكُنْ مِّنْ وَّرَثَةِ الْاَنْبِيَاءِ .

کثیر بن قیس بیان کرتے ہیں: میں مسجد دمشق میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ ایک شخص آیا اور بولا: اے حضرت ابودرداء! میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر سے آپ کے پاس آیا ہوں۔ ایک حدیث کے بارے میں (دریافت کرنے کے لئے)

مجھے یہ پتہ چلا ہے' آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے وہ حدیث بیان کرتے ہیں: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا تم کسی اور کام کے سلسلے میں نہیں آئے؟ کیا تم تجارت کے لئے نہیں آئے؟ کیا تم صرف اس حدیث کے لئے آئے ہو؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص علم کے حصول کے راستے پر چلتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے' اس شخص کو جنت کے راستے پر چلاتا ہے' اور طالب علم سے خوش ہو کر' فرشتے اپنے پر اس پر بچھا دیتے ہیں۔ بے شک عالم شخص کے لئے آسمانوں اور زمین میں موجود ہر چیز' یہاں تک کہ پانی میں موجود مچھلیاں' بھی دعائے مغفرت کرتی ہیں اور عالم شخص کو عبادت گزار شخص پر وہی فضیلت حاصل ہے' جو چودھویں رات کے چاند کو تمام ستاروں پر حاصل ہوتی۔ بے شک علماء' انبیاء کے وارث ہیں۔ انبیاء' وراثت میں دینار یا درہم نہیں چھوڑتے ہیں۔ وہ وراثت میں علم چھوڑتے ہیں' جو شخص اسے حاصل کر لیتا ہے۔ وہ بڑا حصہ حاصل کرتا ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس حدیث میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ ہم نے جس فضیلت کا ذکر کیا ہے یہ ان علماء کو حاصل ہوگی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کی تعلیم دیتے ہیں' انہیں حاصل نہیں ہوگی جو دوسرے علوم سکھاتے ہیں۔ کیا آپ نے غور نہیں کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''علماء' انبیاء کے وارث ہیں''۔

تو انبیاء وراثت میں صرف علم چھوڑتے ہیں اور ہمارے نبی کا علم آپ کی سنت ہے۔ جو شخص اس کی معرفت سے بے بہرہ ہوگا وہ انبیاء کا وارث نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ اِرَادَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا خَيْرَ الدَّارَيْنِ بِمَنْ تَفَقَّهَ فِي الدِّيْنِ

جو شخص دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرے' اللہ تعالیٰ کے' اس کیلئے' دونوں جہانوں میں بھلائی کے ارادے کا تذکرہ

89 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ . (1:2)

17
17

❀❀ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''اللہ تعالیٰ جس شخص کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کرلے' اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کردیتا ہے۔''

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْحَسَدِ لِمَنْ اُوتِیَ الْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهَا النَّاسَ

جس شخص کو حکمت دی گئی ہو' اور وہ شخص لوگوں کو اس کی تعلیم دے' اس پر رشک کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

90 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدٍ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ الطَّائِيُّ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

89- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيحه 1037 في الزكاة: باب النهي عن المسألة، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 71 في العلم: باب مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدين . ومن طريقه 131 ، وابن عبد البر في جامع بيان العلم وفضله 1/19، عن سعيد بن عفير، و 7312 في الاعتصام: باب قول النبي: لا تزال طائفة من أمتي ظاهرين على الحق وهم أهل العلم ، عن إسماعيل بن أبي أويس، والطحاوي في مشكل الآثار 2/278 عن أحمد بن عبد الرحمٰن بن وهب، وابن عبد البر 1/18 من طريق سحنون، أربعتهم عن ابن وهب، به. وأخرجه البخاري 3116 في: باب قوله تعالى: (فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ) عن حبان بن موسى، عن عبد الله ابن المبارك، عن يونس بن يزيد، به وأخرجه أحمد 4/101، والدارمي 1/73، 74 من طريق عبد الوهاب بن أبي بكر، عن الزهري، به . وأخرجه مالك 2/ 900، و901، وأحمد 92 و93 و95 و96 و97 و98 و99 و104، ومسلم 1037 98 ، وابن ماجة 221 في المقدمة: باب فضل العلماء ، والدارمي 1/74، والطحاوي في المشكل 2/278 و279 و280، والطبراني في الكبير /19 729 و 782 783 و 784 و 785 و 786 و 787 و 792 و 797 و 810 و 815 و 860 و 864 و 868 و 869 و 871 و 904 و 906 911 و 912 و 918 و 929 ، والقضاعي في مسند الشهاب 346 و 954 . وابن عبد البر 1/18 و19، من طرق عن معاوية. وفي الباب عن ابن عباس عند أحمد 1/306، والترمذي 2647 في العلم: إذا أراد الله بعبد خيرًا فقهه في دينه ، والدارمي 2/297، والبغوي 132 . وعن أبي هريرة عند أحمد 2/234، وابن ماجة 220 ، والطبراني في الصغير 2/18، والطحاوي في مشكل الآثار 2/280، والقضاعي 345 ، وابن عبد البر .1/19 وعن ابن عمر عند ابن عبد البر 1/17، والطحاوي في مشكل الآثار .2/281

90- حديث صحيح، رجاله رجال مسلم غير داوُد الطائي، وهو ثقة 99 ومن طريقه البخاري 73 في العلم: باب الاغتباط في العلم، والبيهقي في السنن 10/88، وابن عبد البر في جامع بيان العلم ص 14، عن سفيان بن عيينة عن إسماعيل بن أبي خالد، بهذا الإسناد . وأخرجه الطحاوي في مشكل الآثار 1/190 من طريق أبي عامر العقدي، وابن عبد البر ص 14 من طريق حامد بن يحيى ، كلاهما عن ابن عيينة، عن ابن أبي خالد، به. وأخرجه أحمد 1/358 و432، والبخاري 1409 في الزكاة: باب إنفاق المال في حقه، و 7141 في الأحكام: باب أجر من قضى بالحكمة، و 7316 باب ما جاء في اجتهاد القضاة بما أنزل الله، ومسلم 816 في صلاة المسافرين: باب من يقوم بالقرآن ويعلمه، وابن ماجة 4208 في الزهد: باب الحسد، والنسائي في العلم كما في التحفة 7/134، ووكيع في الزهد 440 ، وابن المبارك فيه أيضًا 1205 وكذا المروزي في زياداته 994 ، البغوي 138 من طرق، عن إسماعيل بن أبي خالد، به . وفي الباب عن ابن عمر، سيأتي عند المصنف برقم 125 و 126 و 1937 . وعن أبي هريرة عند أحمد 3/279، والبخاري 5026 في فضائل القرآن: باب اغتباط صاحب القرآن، و 7232 في التمني، و 7528 في التوحيد، والنسائي في فضائل القرآن 098 ، والبيهقي في السنن 4/189 والطحاوي .1/191 وعن أبي سعيد الخدري عند ابن أبي شيبة 10/557، والطحاوي .1/191

(متن حدیث):لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ رَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَسَلَّطَهُ عَلٰى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً فَهُوَ يَقْضِي بِهَا وَيُعَلِّمُهَا . (1:2)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''صرف دوطرح کے لوگوں پر رشک کیا جاسکتا ہے' ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا کیا ہو' اور اسے حق کے راستے میں خرچ کرنے کی توفیق دی ہو۔ ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے حکمت عطا کی ہے' اور وہ اس کے مطابق فیصلے کرتا ہو' اور اس کی تعلیم دیتا ہو۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ مَنْ حَسُنَ خُلُقُهُ فِي فِقْهِهِ

اس بات کا بیان کہ لوگوں میں سب سے بہتر وہ شخص ہے
جس کو دین کی سمجھ بوجھ بھی حاصل ہو' اور اس کا اخلاق بھی اچھا ہو

91 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنُ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:
(متن حدیث):خَيْرُكُمْ أَحَاسِنُكُمْ أَخْلَاقًا إِذَا فَقِهُوا . (1:2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''تم لوگوں میں سے سب سے زیادہ بہتر وہ لوگ ہیں' جن کے اخلاق سب سے اچھے ہوں' جبکہ وہ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرلیں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خِيَارَ الْمُشْرِكِيْنَ هُمُ الْخِيَارُ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مشرکین میں سے جو لوگ بہتر سمجھے جاتے تھے' وہ اسلام میں بھی بہتر سمجھے جائیں گے' جب کہ انہیں دین کی سمجھ بوجھ حاصل ہوجائے

92 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
(متن حدیث):اَلنَّاسُ مَعَادِنُ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوا .

(3:9)

91- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 2/466، 467 و469 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، و481 عن وكيع، والبخاري في الأدب المفرد 285 عن حجاج بن منهال، ثلاثتهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي 2476 ، وأحمد 2/485 عن حسن بن موسى، وعفان، وعبد الرحمٰن بن مهدي.

AlHidayah - الهداية

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''لوگ بھلائی یا برائی کی کان (یعنی معدن) ہوتے ہیں۔ زمانہ جاہلیت میں جو لوگ ان میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر شمار ہوں گے جبکہ وہ (دین کی سمجھ بوجھ) حاصل کرلیں۔''

ذكر البيان بأن العلم من خيار مَا يَخْلُفُ الْمَرْءَ بَعْدَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی اپنے پیچھے جو چیز چھوڑ کر جاتا ہے ان میں سب سے بہتر علم ہے

114- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين، غير عبد الرحمٰن بن شماسة، فهو من رجال مسلم وحده. وأخرجه الترمذى 3954 فى المناقب: باب فى فضل الشام واليمن، عن محمد بن بشار، والحاكم 2/611، ومن طريقه البيهقى فى دلائل النبوة 7/147 وصححه الحاكم ووافقه الذهبى، وقال الترمذى: هذا حديث حسن غريب. وأخرجه ابن أبى شيبة 12/191-192، وأحمد 5/185، والطبرانى فى الكبير 4933، والحاكم 2/229 من طريق يحيى بن إسحاق، عن يحيى بن أيوب، بهذا الإسناد. وقال الحاكم: حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه، ووافقه الذهبى.

AlHidayah - الهداية

''ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں مختلف ٹکڑوں سے قرآن جمع کیا کرتے تھے''۔

ذِكْرُ الْحَثِّ عَلٰى تَعْلِيمِ كِتَابِ اللّٰهِ وَاِنْ لَمْ يَتَعَلَّمِ الْاِنْسَانُ بِالتَّمَامِ

اللہ کی کتاب کی تعلیم دینے کی ترغیب کا تذکرہ اگرچہ آدمی اس کا مکمل طور پر علم حاصل نہ کرے

115 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ يَقُوْلُ

(متن حدیث): خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الصُّفَّةِ فَقَالَ: اَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنْ يَّغْدُوَ اِلٰى بُطْحَانَ اَوِ الْعَقِيْقِ فَيَاْتِيَ كُلَّ يَوْمٍ بِنَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ زَهْرَاوَيْنِ يَاْخُذُهُمَا فِيْ غَيْرِ اِثْمٍ وَلَا قَطِيْعَةِ رَحِمٍ ؟ قَالُوْا: كُلُّنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يُحِبُّ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَاَنْ يَّغْدُوَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْمَسْجِدِ فَيَتَعَلَّمَ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ نَاقَتَيْنِ وَثَلَاثٌ خَيْرٌ مِّنْ ثَلَاثٍ وَاَرْبَعٌ خَيْرٌ مِّنْ عِدَادِهِنَّ مِنَ الْاِبِلِ . (1:2)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الْخَبَرُ اُضْمِرَ فِيْهِ كَلِمَةٌ وَهِيَ لَوْ تَصَدَّقَ بِهَا يُرِيْدُ بِقَوْلِهٖ فَيَتَعَلَّمَ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ نَاقَتَيْنِ وَثَلَاثٍ لَوْ تَصَدَّقَ بِهَا لِاَنَّ فَضْلَ تَعَلُّمِ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ فَضْلِ نَاقَتَيْنِ وَثَلَاثٍ وَعِدَادِهِنَّ مِنَ الْاِبِلِ لَوْ تَصَدَّقَ بِهَا اِذْ مُحَالٌ اَنْ يُّشَبَّهَ مَنْ تَعَلَّمَ اٰيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فِي الْاَجْرِ بِمَنْ نَالَ بَعْضَ حُطَامِ الدُّنْيَا فَصَحَّ بِمَا وصفت صحة ما ذكرت.

❁❁ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ باہر تشریف لائے ہم اس وقت صفہ میں موجود تھے۔ آپ نے فرمایا: تم میں سے کون شخص اس بات کو پسند کرتا ہے وہ بطحان یا عقیق جائے اور روزانہ وہاں سے دو ایسی اونٹنیاں لے آیا کرے جن کی کوہان بلند ہو اور ان کی رنگت چمکدار ہو۔

وہ کسی گناہ اور کسی قطع رحمی کے بغیر انہیں حاصل کرلے۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم میں سے ہر ایک شخص اس بات کو پسند کرے گا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''کوئی شخص مسجد جائے اور اللہ کی کتاب کی دو آیات کا علم حاصل کرے۔ یہ اس کے لئے دو اونٹنیوں سے زیادہ بہتر ہے اور تین (آیات کا علم حاصل کرنا) تین اونٹنیاں حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے اور چار (آیات کا علم حاصل کرنا) ان کی تعداد کے جتنے اونٹ حاصل کرنے سے بہتر ہے''۔

115- إسناده صحيح على شرط مسلم، وحبان هو ابن موسى بن سوار السلمي المروزي، وعبد الله هو ابن المبارك، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/503، 504، ومسلم 803 في صلاة المسافرين: باب فضل قراءة القرآن في الصلاة وتعلمه، من طريق الفضل بن دكين، وأحمد 4/154 عن أبي عبد الرحمٰن المقرء، وأبو داوٗد 1456 في الصلاة: باب في ثواب قراءة القرآن، من طريق ابن وهب، والطبراني في الكبير /17 799.

AlHidayah - الهداية

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں ایک کلمہ پوشیدہ (یعنی محذوف) ہے اور وہ یہ ہے: ''اگر وہ اسے صدقہ کردے'' ۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان سے مراد یہ ہوگی: آدمی کا اللہ کی کتاب کی دو آیات کا علم حاصل کرنا اس کے لئے دو یا تین اونٹنیوں کو صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے: اللہ کی کتاب کی دو آیات کا علم حاصل کرنا دو یا تین اونٹنیوں یا ان جتنے اونٹوں کو صدقہ کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی کتاب کی دو آیات کا علم حاصل کرنے کے اجر کو دنیاوی ساز و سامان کے حصول سے تشبیہ دیں۔ اس لئے میں نے جو وضاحت کی ہے: وہ درست ہوگی۔ جیسا کہ میں نے ذکر کیا ہے۔

116 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ اَبِى اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ فَاِنَّهٗ يَاْتِى يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَافِعًا لِاَصْحَابِهٖ وَعَلَيْكُمْ بِالزَّهْرَاوَيْنِ الْبَقَرَةِ وَآلِ عِمْرَانَ فَاِنَّهُمَا تَاْتِيَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ اَوْ كَاَنَّهُمَا غَيَايَتَانِ اَوْ فِرْقَانِ مِنْ طَيْرٍ تُحَاجَّانِ عَنْ اَصْحَابِهِمَا وَعَلَيْكُمْ بِسُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فَاِنَّ اَخْذَهَا بَرَكَةٌ وَتَرْكَهَا حَسْرَةٌ وَلَا يَسْتَطِيعُهَا الْبَطَلَةُ . (1:88)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''قرآن کا علم حاصل کرو' کیونکہ یہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کے لئے شفاعت کرنے والا بن کے آئے گا اور تم لوگوں پر دو چمکدار چیزوں کو اختیار کرنا لازم ہے۔

سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران' کیونکہ یہ دونوں قیامت کے دن یوں آئیں گی' جیسے دو بادل ہیں' یا جیسے یہ دو سایہ دار چیزیں ہیں' یا جیسے یہ پرندوں کی دو قطاریں ہیں اور یہ اپنے پڑھنے والوں کے بارے میں بحث کریں گی۔ (یعنی ان کی شفاعت کریں گی)

تم لوگوں پر سورہ بقرہ پڑھنا لازم ہے۔ اسے اختیار کرنا برکت ہے' اور اسے ترک کردینا حسرت ہے۔

اور باطل لوگ (یعنی جادوگر) اس کی استطاعت نہیں رکھتے''۔

116- حديث صحيح رجاله ثقات، رجاله رجال مسلم . وأخرجه الطبرانى 7542 عن على بن عبد العزيز، عن مسلم بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

وأخرجه أحمد 5/249 و254-255 عن عفان، والطبرانى 7543 من طريق موسى بن إسماعيل . وهو فى المستدرك 1/564 . وأخرجه مسلم 804 فى صلاة المسافرين: باب فضل قراءة القرآن، والطبرانى 7544 ،والبيهقى فى السنن 2/395 . وأخرجه أحمد 5/249 و257، والبغوى 1193 . وأخرجه عبد الرزاق فى المصنف 5991 أخرجه الطبرانى 8118 . وفى الباب عن عقبة بن عامر الجهنى عند أحمد 4/154، وأبى داؤد 1456 وعن بريدة عند الحاكم 1/ 560 وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبى.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَعَلُّمِ كِتَابِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَاتِّبَاعِ مَا فِيهِ عِنْدَ وُقُوعِ الْفِتَنِ خَاصَّةً

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ بطور خاص فتنے کے زمانے میں اللہ تعالیٰ کی کتاب کا علم حاصل کرے اور اس میں موجود احکام کی پیروی کرے

117 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ

(متن حدیث): قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ الَّذِىْ نَحْنُ فِيْهِ مِنْ شَرٍّ نَحْذَرُهُ قَالَ: يَا حُذَيْفَةُ عَلَيْكَ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَتَعَلَّمْهُ وَاتَّبِعْ مَا فِيْهِ خَيْرًا لَّكَ. (3:65)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس وقت جس بھلائی پر گامزن ہیں کیا اس کے بعد کوئی ایسی برائی بھی آئے گی جس سے بچنا چاہیے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اے حذیفہ! تم پر اللہ کی کتاب کو اختیار کرنا لازم ہے"۔

اس کا علم حاصل کرو اور اس میں تمہارے لیے جو بھلائی ہے اس کی پیروی کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ لوگوں میں زیادہ بہتر وہ شخص ہے جو قرآن کا علم حاصل کرے اور اس کی تعلیم دے

118 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْغُدَانِيُّ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ.

117- إسناده صحيح على شرط الشيخين، سوى عبد الله بن الصامت؛ فإنه من رجال مسلم، وأخرجه أحمد 5/406 عن عبد الصمد، وأخرجه مطولًا أحمد 5/386، وأبو داؤد 4246 في الفتن والملاحم: باب ذكر الفتن ودلائلها، والنسائي في فضائل القرآن 57 من طرق. وأخرجه النسائي في فضائل القرآن 58، والحاكم 4/432، من طريق حميد بن هلال.

118- إسناده صحيح على شرط البخاري، وأخرجه الطيالسي 73 عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/58، والبخاري 5027 في فضائل القرآن: باب خيركم من تعلم القرآن وعلمه، وأبو داؤد 1452 في الصلاة: باب ثواب قراءة القرآن، والترمذي 2907 في ثواب القرآن: باب ما جاء في تعليم القرآن، والدارمي 2/437 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه عبد الرزاق 5995 عن سفيان الثوري، عن علقمة بن مرثد، عن أبي عبد الرحمن السلمي، به. وأخرجه أحمد 1/57، والبخاري 5028، والترمذي 2908، وابن ماجة 212، من طرق عن سفيان الثوري بإسناد عبد الرزاق السالف.

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: فَهٰذَا الَّذِىْ اَقْعَدَنِىْ هٰذَا الْمَقْعَدَ. (1:2)

❀❀ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں زیادہ بہتر شخص وہ ہے' جو قرآن کا علم حاصل کرے اور اس کی تعلیم دے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاقْتِنَاءِ الْقُرْآنِ مَعَ تَعْلِيْمِهِ

قرآن کی تعلیم کے ہمراہ اسے محفوظ رکھنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

119 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَاقْتَنُوْهُ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِّنَ الْمَخَاضِ فِى الْعُقُلِ. (1:2)

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''قرآن کا علم حاصل کرو اور اسے سنبھال کے رکھو۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ یہ آدمی کے ذہن سے اس سے زیادہ تیزی سے نکلتا ہے' جتنی تیزی سے کوئی اونٹنی رسی میں سے نکلتی ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ لَا يَسْتَغْنِىَ الْمَرْءُ بِمَا اُوْتِىَ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کو اللہ کی کتاب کا جو علم دیا گیا ہے' آدمی اسے خوش الحانی سے نہ پڑھے

120 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ نَهِيْكٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

119- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو فى المصنف 10/477 لابن أبى شيبة . وأخرجه أحمد 4/146، والدارمى 2/439، والنسائى فى فضائل القرآن 59 ، والطبرانى فى الكبير 17/ 801 من طرق عن موسى بن على، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/150 و153، والنسائى فى فضائل القرآن 60 و 74 ، والطبرانى 17/ 801 و 802 من طرق عن قباث بن رزين، عن على بن رباح، به. وقد نسبه الهيثمى فى مجمع الزوائد 7/169 لأحمد والطبرانى، وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح . وفى الباب عن ابن مسعود سيرد عند المؤلف برقم 762 ، وعن أبى موسى عند ابن أبى شيبة 10/477، ومسلم 791 فى صلاة المسافرين.

120- إسناده صحيح وأخرجه أبو داوُد 1469 فى الصلاة: باب استحباب الترتيل فى القراء ة، عن يزيد بن خالد بن موهب الرملى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/175، وأبو داوُد 1469 ، والدارمى 2/471، والطحاوى فى مشكل الآثار 2/127-128 من طرق عن الليث، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم 1/569 ووافقه الذهبى. وأخرجه الحميدى 76 ، وابن أبى شيبة 2/522 و10/464، وأحمد 1/179، وأبو داوُد 1470 فى الصلاة، والدارمى 1/349، والطحاوى 2/127، والبيهقى 10/230، من طرق عن سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، عن ابن أبى مليكة، به، ومن طريق الحميدى وصححه الحاكم 1/569 ووافقه الذهبى. وأخرجه الحميدى 77 ، عن سفيان بن عيينة، عن ابن جريج، عن ابن أبى مليكة، به . وأخرجه الطيالسى 201 ، وابن أبى شيبة 2/522، وأحمد 1/172 من طريق وكيع، كلاهما عن سعيد بن حسان، عن ابن أبى مليكة، به وفى الباب عن أبى هريرة عند البخارى 7527 فى التوحيد، ومن طريقه البغوى فى شرح السنة 1218 . وعن ابن عباس عند الحاكم فى المستدرك 1/570.

(متن حدیث): قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ . (2:61)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنَى قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا ، فِي هٰذِهِ الْاَخْبَارِ يُرِيْدُ بِهِ لَيْسَ مِثْلَنَا فِي اسْتِعْمَالِ هٰذَا الْفِعْلِ لِاَنَّا لَا نَفْعَلُهُ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِثْلَنَا.

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص قرآن کو خوش الحانی سے نہیں پڑھتا' وہ ہم میں سے نہیں ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''وہ ہم میں سے نہیں ہے''۔ یہ اطلاع دینے کے حوالے سے ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ جو شخص یہ عمل کرتا ہے' وہ ہماری مانند (عمل کرنے والا) نہیں ہے' کیونکہ ہم یہ عمل نہیں کرتے ہیں' اس لئے جو ایسا کرے گا وہ ہماری مانند نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَنْ اُعْطِيَ الْقُرْآنَ وَالْاِيْمَانَ اَوْ اُعْطِيَ اَحَدَهُمَا دُوْنَ الْاٰخَرِ

جس شخص کو قرآن اور ایمان دیا گیا ہے' اور جس شخص کو ان دونوں میں سے کوئی ایک چیز دی گئی ہے' اس کی مثال کا تذکرہ

121 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عَوْفًا يَقُوْلُ سَمِعْتُ قَسَامَةَ هُوَ بْنُ زُهَيْرٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي مُوْسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَثَلُ مَنْ اُعْطِيَ الْقُرْآنَ وَالْاِيْمَانَ كَمَثَلِ اُتْرُجَّةٍ طَيِّبِ الطَّعْمِ طَيِّبِ الرِّيْحِ وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يُعْطَ الْقُرْآنَ وَلَمْ يُعْطَ الْاِيْمَانَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ مُرَّةِ الطَّعْمِ لَا رِيحَ لَهَا وَمَثَلُ مَنْ اُعْطِيَ الْاِيْمَانَ وَلَمْ يُعْطَ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ التَّمْرَةِ طَيِّبَةِ الطَّعْمِ وَلَا رِيحَ لَهَا وَمَثَلُ مَنْ اُعْطِيَ الْقُرْآنَ وَلَمْ يُعْطَ الْاِيْمَانَ كَمَثَلِ الرَّيْحَانَةِ مُرَّةِ الطَّعْمِ طَيِّبَةِ الرِّيْحِ . (1:2)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس شخص کو قرآن اور ایمان دیا جائے' اس شخص کی مثال ناشپاتی کی طرح ہے' جس کا ذائقہ بھی اچھا ہوتا ہے' اور خوشبو بھی اچھی ہوتی ہے' اور جس شخص کو قرآن بھی نہ دیا جائے' اور ایمان بھی نہ دیا جائے اس کی مثال حنظلہ نامی بوٹی کی طرح ہوتی ہے' جس کا ذائقہ بھی کڑوا ہوتا ہے' اور اس کی خوشبو بھی نہیں ہوتی''۔

جس شخص کو ایمان دیا جائے' لیکن (قرآن کا علم) نہ دیا جائے' اس کی مثال کھجور کی طرح ہے' جس کا ذائقہ اچھا ہوتا ہے' لیکن اس کی خوشبو نہیں ہوتی۔

121- إسناده صحيح، وسيورده المؤلف في باب قراء ة القرآن برقم 770 من طريق همام، و 771 من طريق سعيد بن أبي عروبة،

اور جس شخص کو (قرآن کا علم دیا جائے) اور اسے ایمان نہ دیا جائے اس کی مثال ریحانہ نامی بوٹی کی طرح ہوتی ہے' جس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے' لیکن خوشبو اچھی ہوتی ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ الضَّلَالِ عَنِ الْاٰخِذِ بِالْقُرْآنِ

قرآن کا علم حاصل کرنے والے سے گمراہی کی نفی کا تذکرہ

122 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِیْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ

(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَبْشِرُوْا وَاَبْشِرُوْا اَلَيْسَ تَشْهَدُوْنَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالُوْا: نَعَمْ قَالَ: فَاِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ سَبَبٌ طَرَفُهُ بِيَدِ اللّٰهِ وَطَرَفُهُ بِاَيْدِيكُمْ فَتَمَسَّكُوا بِهٖ فَاِنَّكُمْ لَنْ تَضِلُّوْا وَلَنْ تَهْلِكُوْا بَعْدَهٗ اَبَدًا

❀❀ حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ خوشخبری قبول کرو۔ تم لوگ خوشخبری قبول کرو۔

کیا تم لوگ اس بات کی گواہی نہیں دیتے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور بے شک میں اللہ کا رسول ہوں؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک یہ قرآن ایک رسی کی طرح ہے' جس کا ایک کنارہ اللہ تعالیٰ کے دست قدرت میں ہے' اور ایک کنارہ تمہارے ہاتھوں میں ہے۔

تم اسے مضبوطی سے تھام لو تو اس کے بعد تم کبھی بھی گمراہ نہیں ہو گے اور ہلاکت کا شکار نہیں ہو گے''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْهُدٰى لِمَنِ اتَّبَعَ الْقُرْآنَ وَالضَّلَالَةِ لِمَنْ تَرَكَهٗ

جو شخص قرآن کی پیروی کرے' اس کیلئے ہدایت اور جو قرآن کو ترک کرے اس کیلئے گمراہی کے اثبات کا تذکرہ

123 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ حَيَّانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْنَا عَلَيْهِ فَقُلْنَا لَهٗ: لَقَدْ رَاَيْتَ خَيْرًا صَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّيْتَ خَلْفَهٗ فَقَالَ: نَعَمْ وَاِنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَنَا فَقَالَ: اِنِّیْ تَارِكٌ فِيْكُمْ كِتَابَ اللّٰهِ هُوَ حَبْلُ اللّٰهِ مَنِ اتَّبَعَهٗ

122- إسناده حسن على شرط مسلم وأخرجه ابن أبي شيبة في المصنف 10/481، ومن طريقه عبد بن حميد في المنتخب من السند 1/85. وأخرجه محمد بن نصر المروزي في قيام الليل كما في مختصره للمقريزي ص 78 من طريق أبي حاتم الرازي، عن يوسف بن عدي، عن أبي خالد الأحمر، به، وقال الهيثمي في مجمع الزوائد 1/169: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح. وأخرجه من حديث جبير بن مطعم البزار 120، والطبراني في الكبير 1539، و الصغير 2/98. قال الهيثمي في المجمع 1/169 فيه أبو عبادة الزرقي، وهو متروك الحديث.

AlHidayah - الهداية

كَانَ عَلَى الْهُدَى وَمَنْ تَرَكَهُ كَانَ عَلَى الضَّلَالَةِ . (1:2)

حدیث 123: یزید بن حیان' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے بارے میں بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم ان کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو ہم نے ان سے گزارش کی آپ نے بھلائی کو دیکھا ہے آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے ہیں۔

آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نمازیں ادا کی ہیں۔

انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''میں تمہارے درمیان اللہ کی کتاب کو چھوڑ کر جارہا ہوں' یہ اللہ کی رسی ہے' جو شخص اس کی پیروی کرے گا' وہ ہدایت پر گامزن رہے گا اور جو شخص اسے چھوڑ دے گا' وہ گمراہی کے راستے پر ہوگا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقُرْآنَ مَنْ جَعَلَهُ اِمَامَهُ بِالْعَمَلِ قَادَهُ اِلَى الْجَنَّةِ وَمَنْ جَعَلَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ بِتَرْكِ الْعَمَلِ سَاقَهُ اِلَى النَّارِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص عمل کے حوالے سے قرآن کو اپنا پیشوا بنالے گا قرآن اسے جنت کی طرف لے جائے گا اور جو شخص عمل ترک کرنے کے حوالے سے قرآن کو پس پشت ڈال دے گا' یہ اسے جہنم کی طرف لے جائے گا

124 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِى سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: (متن حدیث): اَلْقُرْآنُ مُشَفَّعٌ وَمَاحِلٌ مُصَدَّقٌ مَنْ جَعَلَهُ اِمَامَهُ قَادَهُ اِلَى الْجَنَّةِ وَمَنْ جَعَلَهُ خَلْفَ ظَهْرِهِ سَاقَهُ اِلَى النَّارِ . (1:2)

123- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في المصنف 10/505 لابن أبي شيبة، وأخرجه مسلم 2408 37 في فضائل الصحابة: باب من فضائل عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، عن محمد بن بكار بن الريان، والطبراني 5026 من طريق كثير بن يحيى، كلاهما عن حسان بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/366، ومسلم 2408 ، والدارمي 2/431، والنسائي في المناقب كما في التحفة 2/203، وابن أبي عاصم في السنة 1551 ،والطحاوي في مشكل الآثار 4/368-369، والطبراني 5028 ، والبيهقي في السنن 10/114، من طرق عن يزيد بن حيان، به. وأخرجه الترمذي 3788 في المناقب: باب مناقب أهل بيت النبي صلى الله عليه وآله وسلم، عن علي بن المنذر الكوفي، عن محمد بن فُضيل، عن الأعمش، عن حبيب بن أبي ثابت، عن زيد بن أرقم. وفي الباب عن جابر بن عبد الله عند الترمذي 3786 ، وعن أبي سعيد عنده 3788 ، وعن ابن عباس عند البيهقي في السنن 10/114، وغيرهم.

124- إسناده جيد، رجاله رجال الشيخين غير عبد الله بن الأجلح . وفي الباب عن ابن مسعود عند أبي نعيم في الحلية 4/108، والطبراني 10450 في المعجم الكبير ، وفي سنده الربيع بن بدر الملقب بعُلَيْلَة، وهو متروك، كما قال الحافظ في التقريب ، فلا يصلح شاهدًا، وانظر مجمع الزوائد 7/164. وأخرجه عبد الرزاق 6010 ، وابن أبي شيبة 1/497 -498، والبزار 121 من طريقين عن ابن مسعود موقوفًا عليه، قال الهيثمي في المجمع 1/171: رواه البزار هكذا موقوفًا على ابن مسعود.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا خَبَرٌ يُوْهِمُ لَفْظُهُ مَنْ جَهِلَ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ الْقُرْآنَ مَجْعُوْلٌ مَرْبُوْبٌ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ لٰكِنَّ لَفْظَهُ مِمَّا نَقُوْلُ فِيْ كُتُبِنَا اِنَّ الْعَرَبَ فِيْ لُغَتِهَا تُطْلِقُ اسْمَ الشَّيْءِ عَلٰى سَبَبِهٖ كَمَا تُطْلِقُ اسْمَ السَّبَبِ عَلَى الشَّيْءِ فَلَمَّا كَانَ الْعَمَلُ بِالْقُرْآنِ قَادَ صَاحِبَهُ اِلَى الْجَنَّةِ اُطْلِقَ اسْمُ ذٰلِكَ الشَّيْءِ الَّذِيْ هُوَ الْعَمَلُ بِالْقُرْآنِ عَلٰى سَبَبِهِ الَّذِيْ هُوَ الْقُرْآنُ لَا أَنَّ الْقُرْآنَ يَكُوْنُ مَخْلُوْقًا.

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قرآن ایسا سفارشی ہے' جس کی سفارش قبول کی جائے گی اور ایسا جھگڑالو ہے (یعنی وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنے پڑھنے والے کے لئے بحث کرے گا)' جس کی تصدیق کی جائے گی' جو شخص اسے اپنا پیشوا بنائے گا' یہ اسے جنت کی طرف لے جائے گا اور جو شخص اسے پس پشت ڈال دے گا' یہ اسے جہنم کی طرف لے جائے گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جو شخص علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا' اس روایت کے الفاظ میں اسے اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ قرآن کو بنایا گیا ہے اور یہ مخلوق ہے' حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ ان الفاظ سے مراد یہ ہے: جیسا کہ ہم نے اپنی کتابوں میں یہ بات تحریر کی ہے: عرب اپنے محاورے میں بعض اوقات کسی چیز کے اسم کا اطلاق اس کے سبب پر کرتے ہیں' جس طرح وہ اس سبب کے اسم کا اطلاق اس چیز پر کر دیتے ہیں۔

تو جب قرآن پر عمل کرنا' کرنے والے شخص کو جنت کی طرف لے جائے گا تو اس چیز یعنی قرآن پر عمل کرنے کے اسم کا اطلاق اس کے سبب یعنی قرآن پر کیا گیا۔ اس سے مراد یہ نہیں ہے کہ قرآن مخلوق ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْحَسَدِ لِمَنْ اُوْتِيَ كِتَابَ اللّٰهِ تعالى فقام به آناء الليل والنهار

جس شخص کو اللہ کی کتاب کا علم دیا گیا ہو' وہ دن رات اس کے ساتھ مصروف رہتا ہو اس پر رشک کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

125 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ حدثنا ابن اَبِيْ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

125- إسناده صحيح على شرط مسلم والترمذي 1963 في البر: باب ما جاء في الحسد، عن ابن أبي عمر، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي 617 ، وابن أبي شيبة 10/557، والبخاري 7529 في التوحيد: باب قول النبي صلى الله عليه وآله وسلم: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُوْمُ بِهِ ، وفي كتابه خلق أفعال العباد ص 124، ومسلم 815 في صلاة المسافرين: باب فضل من يقوم بالقرآن ويعلمه، والنسائي في فضائل القرآن 97 ، وابن ماجة 4209 في الزهد، والبيهقي في السنن 4/188، والبغوي 3537 من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد.. وأخرجه أحمد 2/36 و88 عن عبد الرزاق، عن معمر، عن الزهري، به . وأخرجه البخاري 5025 في فضائل القرآن: باب اغتباط صاحب القرآن، من طريق شعيب، عن الزهري، به. وسيرد بعده من طريق يونس، عن الزهري، به، ويرد تخريجه في موضعه. وأخرجه أحمد 2/133، والطبراني 13162 و 13351 ، والطحاوي 1/191 .

(متن حدیث): لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ رَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُومُ بِهِ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ . (1:2)

حدیث 125: سالم اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''رشک صرف دو طرح کے آدمیوں پر کیا جاسکتا ہے۔ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن (کا علم) عطا کیا ہوٴ اور وہ دن رات اس کے حوالے سے مصروف رہتا ہوٴ اور ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا کیا ہوٴ اور وہ شخص دن رات اسے خرچ کرتا ہو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ اَرَادَ بِهِ فَهُوَ يَتَصَدَّقُ بِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''وہ اس میں سے رات دن خرچ کرتا رہتا ہے''

اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے' وہ شخص اسے صدقہ کرتا ہے

126 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا حَسَدَ اِلَّا عَلَى اثْنَتَيْنِ رَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ هٰذَا الْكِتَابَ فَقَامَ بِهِ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَرَجُلٌ اَعْطَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَتَصَدَّقَ بِهِ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ . (1:2)

حدیث 126: سالم بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''رشک صرف دو آدمیوں پر کیا جاسکتا ہے۔ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے اس کتاب (کا علم) عطا کیا ہوٴ اور وہ دن رات اس کے ساتھ مصروف رہتا ہوٴ اور ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا کیا ہوٴ اور وہ دن رات اسے صدقہ کرتا رہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْخُلَفَاءَ الرَّاشِدِينَ وَالْكِبَارَ مِنَ الصَّحَابَةِ غَيْرُ جَائِزٍ أن يخفى عليهم بعض أحكام الوضوء والصَّلاةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' خلفائے راشدین اور اکابر صحابہ کے بارے میں یہ بات ممکن نہیں ہے' وضو اور نماز کے بعض احکام ان سے مخفی رہ گئے ہوں

126- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 815 267 في صلاة المسافرين، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي في مشكل الآثار 1/190، 191 عن يونس بن عبد الأعلى عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/152، والطحا 1/191، عن عثمان بن عمر بن فارس.

127 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ اَنَّ يَحْيَى بْنَ اَبِیْ كَثِيْرٍ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ

(متن حدیث): اَنَّهُ سَاَلَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ عَنِ الرَّجُلِ اِذَا جَامَعَ وَلَمْ يُنْزِلْ فَقَالَ: لَيْسَ عَلَيْهِ شَیْءٌ ثُمَّ قَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَسَاَلْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَلِيَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ وَطَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَاُبَیَّ بْنَ كَعْبٍ فَقَالُوْا: مِثْلَ ذٰلِكَ قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: وَحَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِیَّ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (3:57)

❀❀ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا: جو صحبت کرتا ہے لیکن اسے انزال نہیں ہوتا' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس پر کوئی چیز یعنی غسل لازم نہیں ہوگا۔

پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔

زید بن خالد کہتے ہیں: میں نے اس کے بعد حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ' حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: تو ان حضرات نے بھی اس کی مانند جواب دیا۔

ابوسلمہ نامی راوی کہتے ہیں: عروہ بن زبیر نے مجھے یہ بات بتائی کہ انہوں نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند جواب دیا۔

127- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد 1/63، ومسلم 347 في الحيض: باب إنما الماء من الماء إلا أنه لم يذكر قول علي ومن معه والطحاوي في مشكل الآثار 1/53، والبيهقي في السنن 1/164، طريق عبد الصمد، بهذا الإسناد.. وصححه ابن خزيمة برقم 224 ، ومن طريق ابن خزيمة عن عبد الصمد، به، سيورده المؤلف برقم 1172 في باب الغسل. وأخرجه البخاري 292 في الغسل: باب غسل ما يصيب من فرج المرأة، عن أبي معمر، والطحاوي في مشكل الآثار 1/54 من طريق موسى بن إسماعيل، كلاهما عن عبد الوارث، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/90، وأحمد 1/64، والبخاري 179 في الوضوء: باب من لم يرَ الوضوء إلا من المخرجين، والبيهقي في السنن 1/165 من طرق.

AlHidayah - الهداية

5- كِتَابُ الْإِيْمَان

(کتاب: ایمان کے بارے میں روایات)

۱-بَابُ الْفِطْرَةِ

(فطرت کا بیان)

128 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ وَيُمَجِّسَانِهِ . (3:35)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے' لیکن اس کے ماں باپ اسے یہودی' عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْاِلْفِ بَيْنَ الْاَشْيَاءِ الثَّلَاثَةِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا

جن تین اشیاء کا ہم نے ذکر کیا ہے' ان کے درمیان مناسبت کے اثبات کا تذکرہ

129 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ اَوْ يُنَصِّرَانِهِ اَوْ يُمَجِّسَانِهِ .

128- إسناده صحيح وأخرجه البخاري 1358 في الجنائز: باب إذا أسلم الصبي، من طريق شعيب، عن الزهري، عن أبي هريرة، من غير ذكر واسطة بينهما . وأخرجه أحمد 2/393، والبخاري 1359 في الجنائز، و 1385 باب ما قيل في أولاد المشركين، و 4775 في التفسير: باب لا تبديل لخلق الله، ومسلم 2658 في القدر: باب معنى كل مولود يولد على الفطرة، والطحاوي 2/162، من طريقين عن الزهري، عن أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن أبي هريرة وأخرجه أحمد 2/282 من طريق عمرو بن دينار، و 2/346 من طريق قيس كلاهما عن طاوس، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/410 من طريق الأعمش، عن ذكوان، عن أبي هريرة. وأخرجه مسلم 2658 25 من طريق الدراوردي، عن العلاء، عن أبيه، عن أبي هريرة. وسيورده المؤلف بعده من طرق متعددة عن أبي هريرة، ويأتي تخريج كل طريق في موضعه.

AlHidayah - الهداية

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ اَرَادَ بِهٖ عَلَى الْفِطْرَةِ الَّتِي فَطَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهَا جَلَّ وَعَلَا يَوْمَ اَخْرَجَهُمْ مِنْ صُلْبِ اٰدَمَ لِقَوْلِهٖ جَلَّ وَعَلَا (فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ).

يَقُوْلُ: لَا تَبْدِيلَ لِتِلْكَ الْخِلْقَةِ الَّتِي خَلَقَهُمْ لَهَا اِمَّا لِجَنَّةٍ وَاِمَّا لِنَارٍ حَيْثُ اَخْرَجَهُمْ مِنْ صُلْبِ اٰدَمَ فَقَالَ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ وَهٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ اَلَا تَرٰى اَنَّ غُلَامَ الْخَضِرِ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَبَعَهُ اللّٰهُ يَوْمَ طَبَعَهُ كَافِرًا وَهُوَ بَيْنَ اَبَوَيْنِ مُؤْمِنَيْنِ فَاَعْلَمَ اللّٰهُ ذٰلِكَ عَبْدَهُ الْخَضِرَ وَلَمْ يُعْلِمْ ذٰلِكَ كَلِيمَهُ مُوْسٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فِي غَيْرِ مَوْضِعٍ مِّنْ كُتُبِنَا.

❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر پیدا ہونیوالا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے' لیکن اس کے ماں باپ اسے یہودی یا عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''ہر پیدا ہونیوالا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے''۔ اس سے مراد یہ ہے: وہ اس فطرت پر پیدا ہوتا ہے جو فطرت اللہ تعالیٰ نے اس دن مقرر کی تھی' جب ان لوگوں کو حضرت آدم کی پشت سے نکالا تھا۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''اللہ کی (مقرر کردہ) وہ فطرت جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے تو اللہ کی تخلیق میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی''۔

وہ یہ فرماتا ہے: اس خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی' جس کے لئے اس نے ان لوگوں کو پیدا کیا ہے' خواہ وہ جنت کے لئے' خواہ جہنم کے لئے ہو' اس وقت جب اس نے انہیں حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے باہر نکالا تھا' اور یہ فرمایا تھا: یہ لوگ جنت کے لئے ہیں اور یہ لوگ جہنم کے لئے ہیں۔

کیا آپ نے غور نہیں کیا: حضرت خضر علیہ السلام نے جس لڑکے کو قتل کر دیا تھا اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا:

''اللہ تعالیٰ نے اسے فطری طور پر کافر بنایا تھا''۔

حالانکہ وہ مؤمن ماں باپ کے درمیان تھا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے حضرت خضر علیہ السلام کو اس بارے میں علم دیا' حالانکہ اس نے اپنے کلیم حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس بارے میں علم نہیں دیا۔ جیسا کہ ہم اپنی کتابوں میں دیگر مقامات پر اس کی وضاحت کر چکے ہیں۔

---

129 - إسناده صحيح على شرط مسلم، والطحاوي في مشكل الآثار 2/162 من طريق عبد العزيز بن المختار . وأخرجه الطيالسي 2433 ، وأحمد 2/253 و481، ومسلم 2658 23 في القدر: باب معنى كل مولود يولد على الفطرة، والترمذي 2138 في القدر: باب ما جاء كل مولود يولد على الفطرة، والآجري في الشريعة ص 194، والبغوي في شرح السنة برقم 85 ، وأبو نعيم في الحلية 9/26، من طرق عن الأعمش، عن أبي صالح، به . وانظر ما قبله. 1 أخرجه من حديث أبي بن كعب مسلمّ 2380 172 في الفضائل: باب من فضائل الخضر، و 2661 في القدر: باب معنى كل مولود يولد على الفطرة، وأبو داوٗد 4705 و 4706 في السنة: باب في القدر، والترمذي 3150 في تفسير سورة الكهف.

AlHidayah - الهداية

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے‘ جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں حمید بن عبدالرحمٰن نامی راوی منفرد ہے

130 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ وَيُنَصِّرَانِهٖ وَيُمَجِّسَانِهٖ كَمَا تَنْتِجُوْنَ اِبِلَكُمْ هٰذِهٖ هَلْ تُحِسُّوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ؟

ثُمَّ يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَاقْرَؤُوا اِنْ شِئْتُمْ (فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ) . (3:35)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ وَيُنَصِّرَانِهٖ وَيُمَجِّسَانِهٖ مِمَّا نَقُوْلُ فِيْ كُتُبِنَا اِنَّ الْعَرَبَ تُضِيْفُ الْفِعْلَ اِلَى الْاٰمِرِ كَمَا تُضِيْفُهٗ اِلَى الْفَاعِلِ فَاَطْلَقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ التَّهَوُّدِ وَالتَّنَصُّرِ وَالتَّمَجُّسِ عَلٰى مَنْ اَمَرَ وَلَدَهٗ بِشَيْءٍ مِّنْهَا بِلَفْظِ الْفِعْلِ لَا اَنَّ الْمُشْرِكِيْنَ هُمُ الَّذِيْنَ يُهَوِّدُوْنَ اَوْلَادَهُمْ اَوْ يُنَصِّرُوْنَهُمْ اَوْ يُمَجِّسُوْنَهُمْ دُوْنَ قَضَاءِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ سَابِقِ عِلْمِهٖ فِيْ عبيده على حسب مَا ذَكَرْنَاهُ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعٍ مِّنْ كُتُبِنَا وهذا كقول بن عُمَرَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَقَ رَاْسَهٗ فِيْ حَجَّتِهٖ يُرِيْدُ بِهٖ اَنَّ الْحَالِقَ فَعَلَ ذٰلِكَ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَفْسَهٗ وَهٰذَا كَقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حِيْنَ يَخْرُجُ اَحَدُكُمْ مِنْ بَيْتِهٖ اِلَى الصَّلَاةِ فَخُطْوَتَاهُ اِحْدَاهُمَا تَحُطُّ خَطِيْئَةً وَالْاُخْرٰى تَرْفَعُ دَرَجَةً يُرِيْدُ اَنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِذٰلِكَ لَا اَنَّ الْخُطْوَةَ تَحُطُّ الْخَطِيْئَةَ اَوْ تَرْفَعُ الدَّرَجَةَ وَهٰذَا كَقَوْلِ النَّاسِ الْاَمِيْرُ ضَرَبَ فُلَانًا اَلْفَ سَوْطٍ يُرِيْدُوْنَ اَنَّهٗ اَمَرَ بِذٰلِكَ لَا اَنَّهٗ فَعَلَ بِنَفْسِهٖ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے‘ اس کے ماں باپ اسے یہودی‘ عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔ جس طرح تمہارے اونٹوں کے ہاں بچہ پیدا ہوتا ہے‘ تو کیا تمہیں ان میں سے کوئی ایسا نظر آتا ہے‘ جس کے کان کٹے ہوئے ہوں؟“

130- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فى مصنف عبد الرزاق 20087 ومن طريقه أخرجه أحمد 2/275، ومسلم 2658 فى القدر. وأخرجه أحمد 2/233، ومسلم 2658 22 من طريق عبد الأعلى، عن معمر، به. وأخرجه مسلم أيضًا 2658 22 من طريق الزبيدى، عن الزهرى، به. وأخرجه الخطيب فى تاريخ بغداد 3/308 من طريق قتادة، عن سعيد بن السيب، به. وأخرجه أحمد 2/315، والبخارى 6599 فى القدر: باب الله أعلم بما كانوا عاملين، ومسلم 2658 22 والبغوى فى شرح السنة 84 من طريق عبد الرزاق، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هريرة. وانظر الحديثين قبله.

AlHidayah - الهداية

پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی: تم لوگ چاہو تو (اس حدیث کی تائید میں) یہ آیت تلاوت کر سکتے ہو۔

''یہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ وہ فطرت ہے جس پر اس نے لوگوں کو بنایا ہے اور اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''اس کے ماں باپ اسے یہودی عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں''

یہ ان باتوں میں سے ایک ہے جس کے بارے میں ہم اپنی کتابوں میں یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ عرب بعض اوقات فعل کی نسبت حکم دینے والے کی طرف کرتے ہیں جس طرح وہ فعل کی نسبت فاعل کی طرف کرتے ہیں۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں یہودی بنانے یا عیسائی بنانے یا مجوسی بنانے کے لفظ کا اطلاق اس شخص پر کیا ہے جو اپنے بچے کو ان میں سے کسی ایک چیز کا حکم دیتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا استعمال فعل کے لفظ کے ذریعے کیا ہے۔

اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ مشرکین اپنی اولاد کو یہودی بنا دیتے ہیں یا عیسائی بنا دیتے ہیں یا مجوسی بنا دیتے ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کے اس فیصلے کے علاوہ ہوتا ہے جو اس کے اپنے بندوں کے بارے میں علم کے حوالے سے ہے۔

یہ اس کے مطابق ہوگا جس کا ذکر ہم اپنی کتابوں میں دوسری جگہ کر چکے ہیں۔

اور یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس بیان کے مطابق ہوگا۔

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر اپنا سر منڈوایا''۔

اس سے مراد یہ ہے: سر مونڈ وانے والے نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہ فعل کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود یہ نہیں کیا تھا۔

اس کی مثال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے۔

''جب کوئی شخص اپنے گھر سے نماز کے لئے نکلتا ہے تو اس کے دونوں قدم ان میں سے ایک برائی کو مٹا دیتا ہے اور دوسرا درجے کو بلند کرتا ہے''۔

اس سے مراد یہ ہے: اللہ تعالیٰ اس بات کا حکم دیتا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ وہ قدم اس برائی کو مٹاتا ہے یا درجے کو بلند کرتا ہے۔

اور یہ لوگوں کے اس مقولے کی طرح ہوگا کہ امیر نے فلاں شخص کو ایک سو کوڑے مارے۔

اس سے مراد یہ ہے: امیر نے ایسا کرنے کا حکم دیا۔

اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ اس نے خود ایسا کیا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا قَبْلُ

اس روایات کا تذکرہ جس نے بہت سے لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا ہے یہ اس روایت کے برخلاف ہے جو روایات ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

131 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا بْنُ وَهْبٍ اَنْبَاَنَا

AlHidayah - الهداية

يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَزِيْدَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَرَارِيِّ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ: اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ. (3:35)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کے نابالغ فوت ہو جانے والے بچوں کے بارے میں دریافت کیا گیا: تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ اس بارے میں زیادہ بہتر جانتا ہے' جوانہوں نے عمل کرنا تھا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جوعلم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا کہ یہ روایت اس روایت کے برخلاف ہے' جوحضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے' جسے ہم ذکر کر چکے ہیں

132 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى اَبُو الْهَيْثَمِ وَكَانَ عَاقِلًا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ

(متن حدیث): عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيْعٍ وَكَانَ شَاعِرًا وَكَانَ اَوَّلَ مَنْ قَصَّ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ قَالَ: اَفْضَى بِهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى اَنْ قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ اَوْلَادَ الْمُشْرِكِيْنَ مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ اِلَّا عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ حَتّٰى يُعْرِبَ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ وَيُمَجِّسَانِهِ. (3:35)

131- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد عبد الرزاق 20077، وأحمد 2/259 و268، والبخاري 1384 في الجنائز: باب ما قيل في أولاد المشركين، و 6600 في القدر: باب الله أعلم بما كانوا عاملين، ومسلم 2659 في القدر: باب معنى كل مولود يولد على الفطرة، والنسائي 4/58 في الجنائز: باب أولاد المشركين، والآجري في الشريعة ص 194. وأخرجه أحمد 2/471 من طريق مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أبي هريرة. وفي الباب عن ابن عباس عند البخاري 1383 في الجنائز: باب ما قيل في أولاد المشركين، و 6597 في القدر: باب الله أعلم بما كانوا عاملين، ومسلم 2660 في القدر: وأبي داوُد 4711 في السنة: باب في القدر، والنسائي 4/59 في الجنائز: باب أولاد المشركين. وعن عائشة عند أبي داوُد 4712.

132- رجاله ثقات، وأخرجه الطبراني في الكبير 827 عن الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري التاريخ الكبير 1/445، و الصغير 1/89، عن مسلم بن إبراهيم، بهذا الإسناد، وصرح عنده بسماعه من الأسود. وأخرجه الطحاوي في مشكل الآثار 2/163 من طريق عمرو بن الربيع الهلالي، عن السري بن يحيى، به. وعنده التصريح بسماع الحسن. وأخرجه من طرق عن الحسن، عن الأسود: عبد الرزاق 20090 وابن أبي شيبة 12/386 وأحمد 3/435 و4/24، والدارمي 2/223، والنسائي في السير، كما في التحفة 1/70، والحازمي ص213، والطبراني 826 و 828 و 829 و 830 و 831 و 832 و 833 و 834 و 835، والحاكم في المستدرك 2/123، وصححه، ووافقه الذهبي، والبيهقي في السنن 9/77، 78، 130، وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد 5/316، ونسبه إلى أحمد، والطبراني في الكبير و الأوسط، وقال: وبعض أسانيد أحمد رجاله رجال الصحيح. وقوله: حتى يعرب أي يفصح ويتكلم، وفي رواية ابن أبي شيبة: حتى يبلغ فيعبر عن نفسه، وفي رواية عبد الرزاق: حتى يعرب عنه لسانه، ووقع في المطبوع من موارد الظمآن ص399 حتى يعرف وهو خطأ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: فِيْ خَبَرِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ هٰذَا: مَا مِنْ مَّوْلُوْدٍ يُوْلَدُ اِلَّا عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ اَرَادَ بِهِ الْفِطْرَةَ الَّتِيْ يَعْتَقِدُهَا اَهْلُ الْاِسْلَامِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ حَيْثُ اَخْرَجَ الْخَلْقَ مِنْ صُلْبِ اٰدَمَ فَاِقْرَارُ الْمَرْءِ بِتِلْكَ الْفِطْرَةِ مِنَ الْاِسْلَامِ فَنَسَبُ الْفِطْرَةَ اِلَى الْاِسْلَامِ عِنْدَ الْاِعْتِقَادِ عَلٰى سَبِيْلِ الْمُجَاوَرَةِ.

حدیث **132**: حسن نامی راوی' اسود بن سریع کے حوالے سے نقل کرتے ہیں' جو ایک شاعر تھے یہ وہ پہلے شخص ہیں' جنہوں نے اس مسجد میں وعظ کہنا شروع کیا تھا' وہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ صورتحال ایسی ہوگئی کہ (مشرکین کے) نابالغ بچوں کو قتل کرنا پڑ گیا۔

جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم ﷺ کو ملی' تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تمہارے بہترین لوگ مشرکین کی اولاد نہیں ہیں؟ جس بھی بچے نے پیدا ہونا ہوتا ہے' وہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ جب وہ بولنا شروع کرتا ہے تو اس کے ماں باپ اسے یہودی یا عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ: ''جس بھی بچے نے پیدا ہونا ہوتا ہے' وہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے''۔ اس سے مراد وہ فطرت ہے' جس کا اعتقاد اہلِ اسلام رکھتے ہیں' جس کے بارے میں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق (بنی نوع انسان) کو حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے باہر نکالا تھا تو آدمی کا اس فطرت کا اقرار کرنا اسلام کا حصہ ہے تو اس فطرت کی نسبت اعتقاد کے وقت مجاورت کے طور پر اسلام کی طرف کی جائے گی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ ، كَانَ بَعْدَ قَوْلِهٖ: كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''ان لوگوں نے جو عمل کرنے تھے' ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے''

یہ نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کے بعد ہے

''ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے''

133 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ الطَّائِيُّ بِمَنْبِجَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الزُّهْرِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ وَيُنَصِّرَانِهٖ كَمَا تُنَاتِجُ الْاِبِلُ مِنْ بَهِيْمَةٍ جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّ مِنْ جَدْعَاءَ؟ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَرَاَيْتَ مَنْ يَّمُوْتُ وَهُوَ صَغِيْرٌ قَالَ: اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ. (3:35)

133- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في الموطأ 1/239 في الجنائز: باب جامع الجنائز . ومن طريق مالك أخرجه أبو داوٗد 4714 في السنة: باب في ذراري المشركين، والآجري في الشريعة ص 194، والبيهقي في الاعتقاد والهداية ص 107، 108. وأخرجه الحميدي 1113 من طريق سفيان، عن أبي الزناد، به. وتقدم من طرق عن أبي هريرة بالأرقام 128 و 129 و 130 و 132 .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے' لیکن اس کے ماں باپ اسے یہودی یا عیسائی بنا دیتے ہیں' جس طرح اونٹنیاں صحیح وسالم بچے کو جنم دیتی ہیں۔ کیا تمہیں ان میں سے کوئی کان کٹا ہوا ملتا ہے''۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسے بچے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو کمسنی میں انتقال کر جائے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے' جو اس نے عمل کرنے تھے''۔

ذكر العلة مِنْ اَجْلِهَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ اَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی ''کیا تمہارے بہترین لوگ مشرکین کی اولاد نہیں ہیں؟''

134 - سَمِعْتُ اَبَا خَلِيفَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ بَكْرِ بْنِ الرَّبِيْعِ بْنِ مُسْلِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الرَّبِيْعَ بْنَ مُسْلِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ زِيَادٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): عَجِبَ رَبُّنَا مِنْ اَقْوَامٍ يُقَادُوْنَ اِلَى الْجَنَّةِ فِي السَّلَاسِلِ. (3:35)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبَ رَبُّنَا، مِنْ اَلْفَاظِ التَّعَارُفِ الَّتِي لَا يَتَهَيَّأُ عِلْمُ الْمُخَاطَبِ بِمَا يُخَاطَبُ بِهِ فِي الْقَصْدِ اِلَّا بِهٰذِهِ الْاَلْفَاظِ الَّتِي اسْتَعْمَلَهَا النَّاسُ فِيمَا بَيْنَهُمْ وَالْقَصْدُ فِي هٰذَا الْخَبَرِ السَّبْيُ الَّذِي يَسْبِيهِمُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ دَارِ الشِّرْكِ مُكَتَّفِينَ فِي السَّلَاسِلِ يُقَادُوْنَ بِهَا اِلَى دُوْرِ الْاِسْلَامِ حَتّٰى يُسْلِمُوا فَيَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلِهٰذَا الْمَعْنَى اَرَادَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِ فِي خَبَرِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيْعٍ أَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ اَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ وَهٰذِهِ اللَّفْظَةُ اُطْلِقَتْ اَيْضًا بِحَذْفِ مِنْ عَنْهَا يُرِيْدُ أَوَلَيْسَ مِنْ خِيَارِكُمْ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ہمارا پروردگار ان لوگوں پر حیران ہوتا ہے' جنہیں بیڑیوں میں جکڑ کر جنت میں لے جایا جائے گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''ہمارا پروردگار ان لوگوں پر حیران ہوتا ہے''۔ یہ لوگوں کے محاورے کے مطابق ہے' کیونکہ جب کسی شخص کے ساتھ کلام کیا جاتا ہے تو وہی الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں جو لوگوں کے درمیان

134- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 2/457، والبخاري 3010 في الجهاد: باب الأسارى في السلاسل، ومن طريقه البغوي في شرح السنة 2711 عن محمد بن بشار، كلاهما أحمد وبندار عن غندر، عن شعبة، عن محمد بن زياد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/302 و406 عن عبد الرحمن بن مهدي وعفان، وأبو داوُد 2677 في الجهاد: باب في الأسير يوثق، عن موسى بن إسماعيل، وأخرجه البخاري 4557 في التفسير: باب (كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ) من طريق محمد بن يوسف، والنسائي في التفسير كما في التحفة 10/91 من طريق أبي داوُد الحفري، كلاهما عن سفيان، عن ميسرة، عن أبي حازم، عن أبي هريرة.

AlHidayah - الهداية

رائج ہوتے ہیں اور اس روایت میں جکڑے جانے سے مراد یہ ہے: مسلمانوں نے ان لوگوں کو مشرکین کے علاقوں سے قیدی بنایا ہوگا' انہیں زنجیروں میں باندھا گیا ہوگا اور پھر اسلامی سلطنت کی طرف لایا گیا ہوگا' یہاں تک کہ انہوں نے اسلام قبول کرلیا اور وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے۔

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے منقول روایت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان سے بھی یہی مراد ہے:

''کیا تمہارے بہترین لوگ مشرکین کی اولاد نہیں ہیں''۔

ان الفاظ سے یہ مراد بھی ہوسکتی ہے: یہاں لفظ ''من'' کو محذوف سمجھا جائے اور مراد یہ ہو: ''مشرکین کی اولاد میں سے کچھ لوگ تمہارے بہترین لوگوں میں سے نہیں ہیں''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْسِنْ طَلَبَ الْعِلْمِ مِنْ مَّظَانِّهِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِّلْاَخْبَارِ الَّتِىْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جس نے علم حدیث کو اچھے طریقے سے' اس کے ماخذ سے حاصل نہیں کیا ہے

اور وہ اس غلط فہمی کا شکار ہے' یہ ان روایات کے برخلاف ہے' جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

135 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى فِىْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ امْرَاَةً مَقْتُوْلَةً فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ وَنَهٰى عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالصِّبْيَانِ (3:35)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنگ کے دوران کسی عورت کو مقتول پایا' تو آپ نے اس پر ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے جنگ کے دوران خواتین اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کیا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِّلْاَخْبَارِ الَّتِىْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

135- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البغوى فى شرح السنة 2694 من طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر، عن مالك، بهذا الإسناد. وهو فى الموطأ 2/6 فى الجهاد: باب النهى عن قتل النساء والولدان فى الغزو، ومن طريق مالك أخرجه الشافعى 2/103، وأحمد 2/34 و75، 76، وابن ماجة 2841 فى الجهاد: باب الغارة والبيات وقتل النساء والصبيان والطحاوى فى شرح معانى الآثار 3/221، وأبو عوانة 4/94. وأخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف 12/381 من طريق أبى أسامة، عن عبيد الله بن عمر، عن نافع، به، ومن طريقه وأخرجه مسلم 1744 25 فى الجهاد والسير: باب تحريم قتل النساء والصبيان، والطحاوى 3/220، والبيهقى فى السنن 9/77 وأخرجه من طرق عن نافع به: أحمد 2/100و115، وأخرجه البخارى 3014 فى الجهاد: باب قتل الصبيان فى الحرب، و 3015 باب قتل النساء فى الحرب، ومسلم 1744 24 فى الجهاد، وأبو داوُد 2668 فى الجهاد: باب فى قتل النساء، والترمذى 1569 فى السير: باب ما جاء فى النهى عن قتل النساء والصبيان، والدارمى 2/222، والنسائى فى السير كما فى التحفة 6/196، والطحاوى 3/221، والبيهقى 9/77، والطبرانى 13416، وأبو عوانة 4/94.

AlHidayah - الهداية

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا کہ یہ ان روایات کے برخلاف ہے' جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

136 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ عَوْدًا وَبَدْءً ا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَخْبَرَنِي الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا بِالْاَبْوَاءِ اَوْ بِوَدَّانَ فَاَهْدَيْتُ اِلَيْهِ لَحْمَ حِمَارِ وَحْشٍ فَرَدَّهُ عَلَيَّ فَلَمَّا رَاَى الْكَرَاهِيَةَ فِيْ وَجْهِيْ قَالَ: اِنَّهُ لَيْسَ بِنَا رَدٌّ عَلَيْكَ وَلٰكِنَّا حُرُمٌ.

وَسُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّارِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُبَيَّتُوْنَ فَيُصَابُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ قَالَ:

136- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه بتمامه أحمد 4/37، 38 و71، والبيهقي 9/78، من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرج القسمين الأولين منه أحمد 4/37 من طريق سفيان، به. والقسم الأول منه أخرجه الشافعي 2/103، والحميدى 783 ، ومسلم 1194 52 في الحج: باب تحريم الصيد للمحرم، وابن ماجة 3090 في المناسك: باب ما ينهى عنه المحرم من الصيد، والدارمي 2/39 في المناسك من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد . وأخرجه مالك 1/325 في الحج: باب ما لايحل للمحرم أكله من الصيد، عن الزهرى، بهذا الإسناد. ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/25، وأحمد 4/38، والبخارى 1825 في جزاء الصيد: باب إذا أهدى للمحرم حمارًا وحشيًا حيًا لم يقبل، و 2573 في الهبة: باب في قبول الهدية، ومسلم 1193 50 ، والنسائى 5/183، 184 في الحج: باب ما يجوز للمحرم أكله من الصيد والبغوى في شرح السنة 1987 ، وابن الجارود في المنتقى 436 ، والطبرانى 7430 ، والبيهقي 5/191. وأخرجه عبد الرزاق 8322 عن معمر، عن الزهرى، به، ومن طريق عبد الرزاق وأخرجه أحمد 4/72، ومسلم 1193 51 في الحج، وابن الجارود 436 ، والطبرانى 7429 . وأخرجه من طرق عن الزهرى به: أحمد 4/72، والبخارى 2596 في الهبة: باب من لم يقبل الهدية لعلة، ومسلم 1193 51 ، وابن ماجة 3090 ، والترمذى 849 في الحج: باب ما جاء في كراهية لحم الصيد، والطبرانى 7431 و 7436 ، والبيهقي 5/192 وأخرجه أحمد 1/362، ومسلم 1194 53 والنسائى 5/185، من طرق عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس، به والقسم الثانى أخرجه الشافعي 2/103، والحميدى 781 ، وابن أبي شيبة 12/388، وأحمد 4/37، 38 و71 و72 و73، والبخارى 3012 في الجهاد: باب أهل الدار يُبَيَّتُون فيصاب الولدان والذرارى، ومسلم 1745 في الجهاد: باب جواز قتل النساء والصبيان في البيات من غير تعمد، وأبو داوُد 2672 في الجهاد: باب في قتل النساء ، والترمذى 1570 في الجهاد: باب ما جاء في النهى عن قتل النساء والصبيان، وابن ماجة 2839 في الجهاد: باب الغارة والبيات، والبغوى في شرح السنة 2697 ، والبيهقي 9/78، والحازمي في الاعتبار ص 212، وأبو عوانة 4/96، والطبرانى 7446 من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق 9385 ومن طريقه أحمد 4/38 و72، وأبو عوانة 4/95، 96، والطبرانى 7445 عن معمر عن الزهرى، به . وأخرجه أحمد 4/72 و73، والطحاوى 3/222، وأبو عوانة 4/95، 96، 97، والطبرانى 7447 و 7448 و 7450 و 7451 و 7452 و 7453 و 7454 من طرق عن الزهرى، به. ثم نهى النبى صلى الله عليه وآله وسلم عن قتل أولاد المشركين. انظر الحديث التالي. والقسم الثالث: أخرجه الحميدى 782 ، وأحمد 4/73، وابنه عبد الله في زياداته على المسند 4/71و73، والبخارى 3012 في الجهاد: باب أهل الدار يبيتون، من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق 19750 ومن طريقه أحمد 4/38، وابن الجارود 436 ، والطبرانى 7419 ، والبيهقي في السنن 6/146، والبغوى في شرح السنة 2190 عن معمر، عن الزهرى، به . وأخرجه الطيالسي 1230 ، وأحمد 4/71، وابنه عبد الله 4/71، والبخارى 2370 في المساقاة: باب لا حمى إلا لله ولرسوله، وأبو داوُد 3083 و 3084 في الخراج: باب في الأرض يحميها الإمام أو الرجل، والنسائى في السير كما في التحفة 4/186، والدارقطنى 4/238، والطبرانى 7419 7428 ، والبيهقي في السنن 4/186 من طرق عن الزهرى، به.

هُمْ مِنْهُمْ.

قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: لَا حِمَى اِلَّا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ. (3:35)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے: ''ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے، میں اس وقت ''ابواء'' یا شاید ''ودان'' کے مقام پر موجود تھا میں نے آپ کی خدمت میں حمار وحشی کا گوشت پیش کیا' تو آپ نے وہ مجھے واپس کر دیا۔ جب آپ نے میرے چہرے پر ناپسندیدگی کے آثار دیکھے' تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''ہم نے تمہیں یہ واپس نہیں کرنا تھا' لیکن ہم احرام (باندھے ہوئے ہیں)''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی اس آبادی کے بارے میں دریافت کیا گیا: جہاں رات کے وقت حملہ کیا جاتا ہے' اور اس حملے میں ان کی خواتین اور بچے مارے جاتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ لوگ ان کا حصہ ہیں''۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے بھی سنا ہے۔

''چراگاہ' صرف اللہ اور اس کے رسول کی ملکیت ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ نَهْيَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ الذَّرَارِيِّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ كَانَ بَعْدَ قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ مِنْهُمْ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مشرکین کے بچوں کو قتل کرنے سے منع کرنا' آپ کے اس فرمان کے بعد ہے: ''وہ بچے ان مشرکین کا حصہ ہیں''

137 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سِنَانِ الْقَطَّانُ بِوَاسِطَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابن عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا حِمَى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَسَاَلْتُهُ عَنْ اَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ اَنَقْتُلُهُمْ مَعَهُمْ قَالَ: نَعَمْ فَاِنَّهُمْ مِنْهُمْ ثُمَّ نَهَى عَنْ قَتْلِهِمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ. (3:35)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو

137- إسناده حسن، قال الحافظ في الفتح 6/147: ويؤكد كون النهي في غزوة حنين ما سيأتي من حديث رباح بن الربيع فقال لأحدهم: إلحق خالدًا، فقل له: لا تقتل ذرية ولا عسيفًا . وخالد أول مشاهده مع النبي صلى الله عليه وآله وسلم غزوة الفتح، وفي ذلك العام كانت غزوة حنين. والحديث أورده الهيثمي في مجمع الزوائد 5/315، وقال: رواه عبد الله بن أحمد والطبراني ... ورجال المسند رجال الصحيح.

یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''چراگاہ صرف اللہ اور اس کے رسول کی ملکیت ہے''۔

راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ سے مشرکین کی اولاد کے بارے میں دریافت کیا: کیا ہم ان لوگوں کو ان کے ساتھ قتل کر دیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جی ہاں! یہ ان لوگوں کا حصہ ہیں۔

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ نے غزوہ حنین کے موقع پر انہیں قتل کرنے سے منع کر دیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ اَوْهَمَ مَنْ اَغْضَى عَنْ عِلْمِ السُّنَنِ وَاشْتَغَلَ بِضِدِّهَا اَنَّهُ يُضَادُّ الْاَخْبَارَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جس نے سنت کے علم سے چشم پوشی کی اور اس کے متضاد میں مشغول ہوا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت ان روایات کے برخلاف ہے' جنہیں ہم ذکر کر چکے ہیں

138 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ

(متنِ حدیث): تُوُفِّيَ صَبِيٌّ فَقُلْتُ طُوبَى لَهُ عُصْفُورٌ مِنْ عَصَافِيرِ الْجَنَّةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَلَا تَدْرِينَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْجَنَّةَ وَخَلَقَ النَّارَ فَخَلَقَ لِهٰذِهِ اَهْلًا وَلِهٰذِهِ اَهْلًا. (3:35)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِ هٰذَا تَرْكَ التَّزْكِيَةِ لِاَحَدٍ مَاتَ عَلَى الْاِسْلَامِ وَلِئَلَّا يُشْهَدَ بِالْجَنَّةِ لِاَحَدٍ وَاِنْ عُرِفَ مِنْهُ اِتْيَانُ الطَّاعَاتِ وَالْاِنْتِهَاءُ عَنِ الْمَزْجُورَاتِ لِيَكُونَ الْقَوْمُ اَحْرَصَ عَلَى الْخَيْرِ وَاَخْوَفَ مِنَ الرَّبِّ لَا اَنَّ الصَّبِيَّ الطِّفْلَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يُخَافُ عَلَيْهِ النَّارُ وَهٰذِهِ مَسْاَلَةٌ طَوِيلَةٌ قَدْ اَمْلَيْنَاهَا بِفُصُولِهَا وَالْجَمْعُ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ فِي كِتَابِ فُصُولِ السُّنَنِ وَسَنُمْلِيهَا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بَعْدَ هٰذَا الْكِتَابِ فِي كِتَابِ الْجَمْعِ بَيْنَ الْاَخْبَارِ وَنَفْيِ التَّضَادِّ عَنِ الْآثَارِ اِنْ يَسَّرَ اللّٰهُ تَعَالٰى ذٰلِكَ وَشَاءَ.

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک بچے کا انتقال ہو گیا۔ میں نے کہا: یہ کتنا خوش نصیب ہے' جو جنت کی

138- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه مسلم 2662 في القدر: باب معنى كل مولود يولد على الفطرة، عن زهير بن حرب، عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/41 و208، ومسلم 2662، وأبو داؤد 4713 في السنة: باب في ذراري المشركين، والنسائي 4/57 في الجنائز: باب الصلاة على الصبيان، وابن ماجة 82 في المقدمة، والآجري في الشريعة ص195-196 من طريقين عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَمَّتِهِ عَائِشَةَ بنت طلحة، به. وأخرجه الطيالسي 1574 من طريق يحيى بن إسحاق، عن عائشة بنت طلحة، به.

ایک چڑیا ہے‘ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

”کیا تم یہ بات نہیں جانتی ہو کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا ہے‘ اور جہنم کو پیدا کیا ہے‘ اور اس (جنت) نے اس کے لئے بھی اہل پیدا کر دیے ہیں اور اس (جہنم) کے لئے بھی اہل پیدا کر دیے ہیں“۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس فرمان کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کی مراد یہ ہے: اسلام کی حالت میں مرنے والے کسی بھی شخص کا تزکیہ نہ کیا جائے‘ یعنی اسے باقاعدہ جنتی قرار نہ دیا جائے‘ اگرچہ اس شخص کا نیکوکار ہونا اور برائیوں سے بچنا معروف ہو‘ کیونکہ لوگ بھلائی کے بارے میں زیادہ حریص ہوتے ہیں اور اپنے پروردگار سے زیادہ ڈرتے ہیں۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے: مسلمانوں کے فوت ہونے والے کم سن بچے کے جہنم میں جانے کا اندیشہ ہے۔ یہ ایک طویل مسئلہ ہے‘ جسے ہم نے اس سے متعلقہ فصول میں املاء کروایا ہے اور ان روایات کے درمیان تطبیق‘ کتاب ”فصول السنن“ میں ہے۔ اگر اللہ نے چاہا تو اس کتاب کے بعد ہم (اپنی دوسری) کتاب ”الجمع بین الاخبار ونفی التضاد عن الآثار“ میں اسے املاء کروائیں گے‘ اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا اور اسے (ہمارے لئے) آسان کیا۔

2- بَابُ التَّكْلِيفِ

باب 2: تکلیف (یعنی مکلّف کرنے کا بیان)

ذِكْرُ الْاَخْبَارِ عَنْ نَفْيِ تَكْلِيفِ اللّٰهِ عِبَادَهُ مَا لَا يُطِيقُونَ

ان روایات کا تذکرہ جو اس بارے میں ہیں' اللہ تعالیٰ نے بندوں کو ان احکام کا پابند نہیں کیا' جن کی وہ طاقت نہیں رکھتے

139 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (لِلّٰهِ مَا فِى السَّمَاوَاتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَاِنْ تُبْدُوا مَا فِىْ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ) اَتَوَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَثَوْا عَلَى الرُّكَبِ وَقَالُوْا لَا نُطِيقُ لَا نَسْتَطِيْعُ كُلِّفْنَا مِنَ الْعَمَلِ مَا لَا نُطِيقُ وَلَا نَسْتَطِيْعُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ) إلى قوله: (غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيرُ) فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْلُوْا كَمَا قَالَ اَهْلُ الْكِتَابِ مِنْ قَبْلِكُمْ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا بَلْ قُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيرُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَسِينَا اَوْ اَخْطَاْنَا) قَالَ: نَعَمْ (رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا) قَالَ: نَعَمْ (رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ) قَالَ نَعَمْ. (3:64)

✿✿ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی۔

''آسمانوں میں جو کچھ ہے' اور زمین میں جو کچھ ہے' وہ اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے' تمہارے دلوں میں جو کچھ ہے۔ اگر تم

139- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 125 في الإيمان: باب بيان أن الله سبحانه لم يكلف إلا ما يطاق. وأبو عوانة 1/76، من طريق محمد بن المنهال الضرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو عوانة 1/76 و77 من طرق عن يزيد بن زريع. بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/412 عن عفان، عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم، والطبرى 3/143، من طريق مصعب بن ثابت. كلاهما عن العلاء بن عبد الرحمٰن، بهذا الإسناد. وزاد السيوطى نسبته فى الدر المنثور 1/374 إلى أبى داوٗد فى ناسخه، وابن المنذر، وابن أبى حاتم.

AlHidayah - الهداية

اسے ظاہر کر دیتے ہو' یا پوشیدہ رکھتے ہو' تو اللہ تعالیٰ اس بارے میں تم سے حساب لے گا' اور پھر وہ جس شخص کی چاہے گا مغفرت کر دے گا اور جس کو چاہے گا' وہ عذاب دے گا' اللہ تعالیٰ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' وہ گھٹنوں کے بل جھک گئے اور انہوں نے عرض کی: ہم اس کی طاقت نہیں رکھتے۔ ہم اس کی استطاعت نہیں رکھتے۔

ہمیں ایک ایسی چیز کا پابند کر دیا گیا ہے' جس کی ہم طاقت بھی نہیں رکھتے اور استطاعت بھی نہیں رکھتے۔

تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''رسول اس چیز پر ایمان لایا ہے' جو اس کے پروردگار کی طرف سے اس پر نازل کی گئی ہے' اور اہل ایمان بھی ایمان لائے ہیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے:

''تجھ سے مغفرت طلب کرتے ہیں اے ہمارے پروردگار! اور بے شک تیری ہی طرف لوٹنا ہے''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''تم لوگ اس طرح نہ کہو' جس طرح تم سے پہلے اہل کتاب نے کہا تھا ہم نے یہ بات سن لی ہے' ہم اس کی نافرمانی کرتے ہیں' بلکہ تم لوگ یہ کہو: ہم نے یہ بات سن لی ہے' اور ہم اس کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار! مغفرت تجھ سے حاصل ہو سکتی ہے' اور تیری طرف لوٹنا ہے''۔

تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اللہ تعالیٰ ہر نفس کو اس کی استطاعت کے مطابق پابند کرتا ہے' جو وہ کمائے گا' وہ اسے مل جائے گا اور جو وہ خرابی کرے گا اس کا وبال اس کے ذمے ہوگا۔ اے ہمارے پروردگار! اگر ہم بھول جائیں' یا غلطی کریں' تو ہم سے مواخذہ نہ کرنا''۔

پروردگار نے فرمایا: جی ہاں!

(وہ لوگ یہ دعا کریں گے)

''اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں اس چیز کا پابند نہ کرنا' جس کی ہم میں طاقت نہ ہو' اور تو ہم سے درگزر کرنا اور ہماری مغفرت کرنا اور ہم پر رحم کرنا تو ہمارا آقا ہے' اور تو کافر لوگوں کے مقابلے میں ہماری مدد کرنا''۔

تو پروردگار فرمائے گا: جی ہاں! (یعنی میں ایسا ہی کروں گا)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْحَالَةِ الَّتِىْ مِنْ اَجْلِهَا اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (لَا اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ)

ان روایات کا تذکرہ جو ایسی حالت کے بارے میں ہیں' جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: ''دین میں زبردستی نہیں ہے''

140 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ قَالَ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيّ

الْحُلْوَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ

(متن حدیث):عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: (لَا اِكْرَاهَ فِي الدِّينِ) (البقرة: 256) قَالَ: كَانَتِ الْمَرْاَةُ مِنَ الْاَنْصَارِ لَا يَكَادُ يَعِيشُ لَهَا وَلَدٌ فَتَحْلِفُ لَئِنْ عَاشَ لَهَا وَلَدٌ لَتُهَوِّدَنَّهُ فَلَمَّا اُجْلِيَتْ بَنُو النَّضِيرِ اِذَا فِيهِمْ نَاسٌ مِنْ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَبْنَاؤُنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (لَا اِكْرَاهَ فِي الدِّينِ)

قَالَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ: فَمَنْ شَاءَ لَحِقَ بِهِمْ وَمَنْ شَاءَ دَخَلَ فِي الْاِسْلَامِ. (3:64)

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں "دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے"۔

یہ بیان کرتے ہیں: (پہلے یہ رواج تھا) کہ اگر انصار کی کسی عورت کا کوئی بچہ زندہ نہیں رہتا تھا' تو وہ یہ قسم اٹھایا کرتی تھی: اگر اس کا بچہ زندہ رہ گیا' تو وہ اسے یہودی بنا دے گی۔

جب بنو نضیر کو جلاوطن کیا گیا' تو ان کے درمیان کچھ ایسے لوگ بھی تھے' جو انصار کی اولاد تھے۔

انصار نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے ان بچوں کا کیا بنے گا؟ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

"دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے"۔

سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں' جس بچے نے چاہا' وہ ان یہودیوں (کے ساتھ) مل گیا اور جس نے چاہا وہ اسلام میں داخل ہو گیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْفَرْضَ الَّذِي جَعَلَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا نَفْلًا جَائِزٌ اَنْ يُفْرَضَ ثَانِيًا فَيَكُونُ ذٰلِكَ الْفِعْلُ الَّذِي كَانَ فَرْضًا فِي الْبِدَايَةِ فَرْضًا ثَانِيًا فِي النِّهَايَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ فرض جسے اللہ تعالیٰ نے نفل قرار دیا ہو' یہ ممکن ہے' اسے دوبارہ فرض قرار دے دیا جائے' تو وہ عمل جو پہلے آغاز میں فرض تھا' وہ اختتام میں دوسرا فرض بن جائے

141 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ بِمَنْبِجَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ حَفْصٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ قَرَاْنَا عَلٰى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ:

(متن حدیث):اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لَيْلَةً فِي رَمَضَانَ فَصَلَّى فِي الْمَسْجِدِ فَصَلَّى رِجَالٌ وَرَاءَهُ بِصَلَاتِهِ فَاَصْبَحَ النَّاسُ فَتَحَدَّثُوا بِذٰلِكَ فَاجْتَمَعَ اَكْثَرُهُمْ مِنْهُمْ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

140- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أبو داوُد 2682 في الجهاد: باب في الأسير يكرهُ على الإسلام، عن الحسن بن على الحلواني، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي في السنن 9/186 من طريق إبراهيم بن مرزوق، عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داؤد أيضًا 2682، والنسائي في التفسير من الكبرى كما في التحفة 4/401، وأبو جعفر النحاس في الناسخ والمنسوخ ص 82 والطبري في تفسيره 3/14، من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي في السنن 9/186 من طريق أبي عوانة، عن أبي بشر، به. مرسلًا وذكره السيوطي في الدر المنثور 1/329 وزاد نسبته إلى ابن المنذر، وابن أبي حاتم، وابن مندة، وابن مردويه، والضياء في المختارة.

وَسَلَّمَ الثَّانِيَةَ فَصَلَّوْا بِصَلَاتِهِ فَأَصْبَحَ النَّاسُ فَتَحَدَّثُوا بِذٰلِكَ فَاجْتَمَعَ اَهْلُ الْمَسْجِدِ لَيْلَةَ الثَّالِثَةِ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّوْا بِصَلَاتِهِ فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الرَّابِعَةُ عَجَزَ الْمَسْجِدُ عَنْ اَهْلِهِ فَلَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا لِصَلَاةِ الْفَجْرِ فَلَمَّا قُضِيَتْ صَلَاةُ الْفَجْرِ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّهُ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ مَكَانُكُمْ وَلٰكِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ فَتَعْجِزُوا عَنْهَا .

وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَغِّبُهُمْ فِيْ قِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّاْمُرَهُمْ بِقَضَاءِ اَمْرٍ فِيْهِ يَقُوْلُ: مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ .

فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ ثُمَّ كَانَ الْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ فِيْ خِلَافَةِ اَبِيْ بَكْرٍ وَصَدْرًا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ. (5:1)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رمضان کے مہینے میں ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر (یعنی مسجد میں) تشریف لائے۔ آپ نے نماز (تراویح) ادا کی کچھ لوگوں نے آپ کی نماز کی پیروی کرتے ہوئے آپ کے پیچھے نماز ادا کی۔

اگلے دن صبح لوگوں نے اس بارے میں بات چیت کی' تو (اگلے دن) لوگوں کی تعداد زیادہ ہوگئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے دن بھی تشریف لائے' تو لوگوں نے آپ کی نماز کی اقتداء میں نماز ادا کی۔

اگلے دن لوگوں نے اس بارے میں بات چیت کی' تو تیسری رات مسجد میں بہت سے لوگ جمع ہو گئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے۔ لوگوں نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی' جب چوتھی رات آئی تو پوری مسجد بھر چکی تھی۔ اس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (تشریف نہیں لائے' آپ) فجر کی نماز ادا کرنے کے لئے لوگوں کے پاس تشریف لائے' جب فجر کی نماز مکمل ہو

141- إسناده حسن. وأخرجه مسلم 761 178 في صلاة المسافرين: باب الترغيب في قيام الليل، من طرق يونس بن يزيد، عن ابن شهاب الزهري، بهذا الإسناد. عدا القسم الثاني منه. وأخرجه مالك 1/134 في الصلاة: باب الترغيب في الصلاة في رمضان، عن ابن شهاب الزهري، بهذا الإسناد. ومن طريق مالك وأخرجه البخاري 1129 في التهجد: باب تحريض النبي صلى الله عليه وآله وسلم على صلاة الليل، ومسلم 761، وأبو داؤد 1373 في رمضان: باب قيام شهر رمضان، والنسائي 3/202 في قيام الليل: باب قيام شهر رمضان، والبغوي في شرح السنة 989. وأخرجه بنحوه عبد الرزاق في المصنف 7747، ومن طريقه ابن الجارود 402 عن معمر، وابن جريج، عن الزهري، به. وأما القسم الثاني من الحديث وهو: وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يرغبهم في قيام شهر رمضان ... من ذنبه فلم أقف عليه من حديث عائشة عند غير المصنف، وقد أشار إليه الترمذي بعد إيراده من حديث أبي هريرة، فقال وقد رُوي هذا الحديث عن الزهري، عن عروة، عن عائشة. وأخرجه من حديث أبي هريرة: عبد الرزاق في المصنف 7719، وابن أبي شيبة في المصنف 2/395، وأحمد في المسند 2/281 و408 و423 473 و486 و529، ومالك في الموطأ 1/135، 136، والبخاري 2008 و 2009 في صلاة التراويح: باب فضل من قام رمضان، ومسلم 759 0173 و 174 في صلاة المسافرين: باب الترغيب في قيام رمضان وهو التروايح، وأبو داؤد في رمضان: باب قيام شهر رمضان، والترمذي 808 في الصوم: باب الترغيب في قيام رمضان وما جاء فيه من الفضل، والنسائي 3/201 و202 في قيام رمضان: باب ثواب من قام رمضان إيمانًا واحتسابًا، والدارمي 2/26 في الصوم: باب فضل قيام شهر رمضان، والبغوي في شرح السنة برقم 988. وقوله: فخرج رسول الله ... إلى آخر الحديث هو من كلام ابن شهاب كما هو مصرح به عند مالك وفي إحدى روايات البخاري.

AlHidayah - الهداية

گئی' تو آپ نے لوگوں کی طرف رخ کیا۔ آپ نے کلمہ شہادت پڑھا اور پھر یہ بات ارشاد فرمائی۔

''امابعد! تمہارا یہاں ٹھہرنا مجھ سے مخفی نہیں تھا' لیکن مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ یہ تم پر فرض ہو جائے گی اور تم اسے ادا نہیں کر پاؤ گے''۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو رمضان کے مہینے میں نوافل ادا کرنے کی ترغیب کرتے تھے' تاہم آپ انہیں اس بارے میں باقاعدہ کوئی حکم نہیں دیتے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات ارشاد فرماتے تھے:

''جو شخص ایمان کی حالت میں ثواب کی امید رکھتے ہوئے' رمضان میں نوافل ادا کرے گا' اس شخص کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہو جائے گی''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے' تو یہ معاملہ یوں ہی رہا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں بھی یہ معاملہ یوں ہی رہا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ابتدائی دور میں بھی ایسے ہی رہا۔

(یعنی اس کے بعد لوگوں نے تراویح کی نماز باجماعت ادا کرنا شروع کی)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اِذَا عُدِمَتْ رُفِعَتِ الْاَقْلَامُ عَنِ النَّاسِ فِي كِتْبَةِ الشَّيْءِ عَلَيْهِمْ

ان روایات کا تذکرہ جو اس علت کے بارے میں ہیں (جن کی وجہ سے یہ حکم ہے) کہ جب وہ علت درپیش ہو' تو لوگوں سے قلم اٹھا لیا جاتا ہے' اور ان کا کوئی گناہ (نوٹ نہیں کیا جاتا)

142 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ عَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الْغُلَامِ حَتّٰى يَحْتَلِمَ وَعَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يُفِيْقَ . (3:18)

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تین لوگوں سے قلم اٹھا لیا گیا ہے۔ سوئے ہوئے شخص سے' یہاں تک کہ وہ بیدار ہو جائے' نابالغ بچے سے یہاں تک

142- إسناده صحيح على شرط مسلم وأخرجه أحمد 6/100، 101، والدارمي 2/171 عن عفان بن مسلم، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/144، وأبو داؤد 4398 في الحدود: باب في المجنون يسرق أو يصيب حدًا، من طريق يزيد بن هارون، عن حماد بن سلمة، به . وأخرجه النسائي 6/156 في الطلاق: باب من لا يقع طلاقه من الأزواج، وابن ماجة 204 في الطلاق: باب طلاق المعتوه والنائم والصغير.

AlHidayah - الهداية

کہ وہ بالغ ہو جائے' اور مجنون سے' یہاں تک کہ اسے افاقہ ہو جائے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

ہم نے جو ذکر کیا ہے' اس کے صحیح ہونے کی صراحت کرنے والی دوسری روایت کا تذکرہ

143 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنَا يونس بن عبد الأعلى حدثنا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ اَبِیْ ظَبْيَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ بِمَجْنُوْنَةِ بَنِیْ فُلَانٍ قَدْ زَنَتْ اَمَرَ عُمَرُ بِرَجْمِهَا فَرَدَّهَا عَلِیٌّ وَقَالَ لِعُمَرَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَتَرْجُمُ هٰذِهٖ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اَوَ مَا تَذْكُرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ عَنِ الْمَجْنُوْنِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰى عَقْلِهٖ وَعَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الصَّبِیِّ حَتّٰى يَحْتَلِمَ قَالَ صَدَقْتَ فَخَلّٰى عَنْهَا. (3:18)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا گزر بنوفلاں سے تعلق رکھنے والی ایک پاگل عورت کے پاس سے ہوا' جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا' اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے سنگسار کرنے کا حکم دے دیا تھا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو واپس کر دیا' پھر انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اے امیر المومنین! کیا آپ اسے سنگسار کرنا چاہتے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں!

تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تین لوگوں سے قلم اٹھا لیا گیا ہے۔ ایسا پاگل شخص جس کی عقل مغلوب ہو چکی ہو۔ سویا ہوا شخص جب تک وہ بیدار نہیں ہو جاتا اور (نابالغ بچہ) جب تک وہ بالغ نہ ہو جائے''۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے سچ کہا ہے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو چھوڑ دیا۔

143- رجاله ثقات رجال مسلم. وهو في صحيح ابن خزيمة برقم 1003 و 3048 . وأخرجه أبو داوُد 4401 في الحدود: باب في المجنون يسرق أو يصيب حدًا، والنسائي في الرجم من الكبرى كما في التحفة 7/413، والدارقطني 3/138-139، والبيهقي 8/264 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 1/258 و2/59، ووافقه الذهبي . وأخرجه أبو داوُد 4399 و 4400 ، والبيهقي 8/264، والحاكم 4/389 من طريقين عن الأعمش، به، ولم يصرح برفعه . وأخرجه أحمد 1/154و158، وأبو داوُد 4402 ، والنسائي في الرجم كما في التحفة 7/367، والطيالسي، والبيهقي 8/264-265 من طرق عن عطاء بن السائب، عن أبي ظبيان، عن علي مرفوعًا. وأخرجه النسائي من طريق إسرائيل، عن أبي حصين، عن أبي ظبيان، عن علي موقوفًا عليه. وأخرجه الترمذي 1423 ، والنسائي في الرجم كما في التحفة 7/360، وأحمد 1/116 و118، والبيهقي 8/265، من طريقين، عن الحسن البصري عن علي مرفوعًا. وأخرجه أبو داوُد 4403 ، والبيهقي 6/57 و 7/359 من طريق خالد الحذاء ، عن أبي الضحى، عن علي رفعه، وأبو الضحى لم يدرك عليًا . وفي الباب عن عائشة في الحديث الذي قبله، وعن أبي هريرة وأبي قتادة، وغيرهم، انظر نصب الراية 4/161-165 للزيلعي.

AlHidayah - الهداية

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا الْخَبَرَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا بِاَنَّ الْقَلَمَ رُفِعَ عَنِ الْاَقْوَامِ الَّذِيْنَ ذَكَرْنَاهُمْ فِيْ كِتْبَةِ الشَّرِّ عَلَيْهِمْ دُوْنَ كِتْبَةِ الْخَيْرِ لَهُمْ

اس روایت کا تذکرہ جواس بات پر دلالت کرتی ہے ہم نے سابقہ ذکر کردہ روایات کی جوتاویل بیان کی ہے وہ صحیح ہے اوران لوگوں سے قلم کواٹھالیا گیا ہے جن کا ذکر ہم نے کیا ہے اور یہ قلم ان کی برائیاں لکھنے کے حوالے سے اٹھایا گیا ہے ان کی نیکیاں لکھنے کے حوالے سے نہیں اٹھایا گیا

144 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُهُ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ كُرَيْبًا يُخْبِرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَرَ مِنْ مَكَّةَ فَلَمَّا كَانَ بِالرَّوْحَاءِ اسْتَقْبَلَهُ رَكْبٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ: مَنِ الْقَوْمُ؟ قَالُوْا: الْمُسْلِمُوْنَ فَمَنْ اَنْتُمْ؟ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَزِعَتِ امْرَاَةٌ مِنْهُمْ فَرَفَعَتْ صَبِيًّا لَهَا مِنْ مِحَفَّةٍ وَاَخَذَتْ بِعَضُدِهِ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لِهٰذَا حَجٌّ؟ قَالَ: نَعَمْ وَلَكِ اَجْرٌ

قَالَ اِبْرَاهِيْمُ: فَحَدَّثْتُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ فَحَجَّ بِاَهْلِهِ اَجْمَعِيْنَ. (3:18)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے واپس تشریف لائے جب آپ ''روحاء'' کے مقام پر پہنچے تو کچھ سوار آپ کے سامنے آئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سلام کیا اور دریافت کیا: آپ لوگ کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہم مسلمان ہیں۔

آپ لوگ کون ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (میں) اللہ کا رسول ہوں تو ان میں سے ایک عورت تیزی سے اٹھی اور اس نے اپنے پالان میں سے اپنے بچے کو بلند کیا اس نے اس بچے کے بازو کو پکڑا ہوا تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! (کیا اس بچے کا) حج ہوا ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اور تمہیں بھی (اس کا) اجر ملے گا۔

144- إسناده صحيح على شرط مسلم، وابن خزيمة 3049 عن عبد الجبار بن العلاء، بهذا الإسناد وأخرجه الشافعي في مسنده 1/289، والحميدي 504، والطيالسي 2707، وأحمد 1/219، ومسلم 1336 في الحج: باب صحة حج الصبي وأجر من حج به، وأبو داؤد 1736 في المناسك: باب في الصبي يحج، والنسائي 5/120-12 في الحج / باب الحج بالصغير، والبيهقي 5/155، والطحاوي في شرح معاني الآثار 2/256، وفي المشكل 3/229، وابن الجارود في المنتقى 411، والطبراني 12176، والبغوي 1852، من طرق، بهذا الإسناد. وأخرجه مالك 1/368، 369 في جامع الحج، عن إبراهيم بن عقبة، به، ومن طريق مالك أخرجه الطحاوي في المشكل 2/229، والبيهقي في السنن 5/155، والبغوي في شرح السنة 1853. وأخرجه الطحاوي في المعاني 2/256 من طريق الماجشون، وفي المشكل 2/229 من طريق يحيى بن معين وسفيان الثوري، ثلاثتهم عن إبراهيم بن عقبة، به. وأخرجه مسلم 1336 410، والنسائي 4/120، والطحاوي في المشكل 3/230، والطبراني 12183 من طرق عن محمد بن عقبة، عن كريب، به.

ابراہیم نامی راوی کہتے ہیں: میں نے یہ روایت ابن منکدر کو سنائی' تو انہوں نے اپنے تمام گھر والوں سمیت حج کیا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا وَضَعَ اللّٰهُ مِنَ الْحَرَجِ عَنِ الْوَاجِدِ فِيْ نَفْسِهِ مَا لَا يَحِلُّ لَهُ اَنْ يَّنْطِقَ بِهِ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے گناہ کو معاف کر دیا ہے' جس کے ذہن میں ایسا خیال آتا ہے' جسے بیان کرنا اس کے لئے جائز نہیں ہے

145- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَنَجِدُ فِيْ اَنْفُسِنَا اَشْيَاءَ مَا نُحِبُّ اَنْ نَتَكَلَّمَ بِهَا وَاِنَّ لَنَا مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ وَجَدْتُمْ ذٰلِكَ ؟ قالوا: نعم، قال: ذاك صريح الإيمان . (3:65)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں اپنے ذہن میں ایسے خیالات آتے ہیں کہ ہمیں انہیں بیان کرنا پسند نہیں ہے' اگرچہ اس کے عوض میں ہمیں ساری دنیا مل جائے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تمہیں اس صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یہ صریح ایمان ہے"۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَّمْ يَتَفَقَّهْ فِيْ صَحِيْحِ الْاٰثَارِ وَلَا اَمْعَنَ فِيْ مَعَانِي الْاَخْبَارِ اَنَّ وُجُوْدَ مَا ذَكَرْنَا هُوَ مَحْضُ الْإِيْمَانِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جو مستند روایات کی سمجھ بوجھ نہیں رکھتا اور احادیث کے مفہوم میں غور و فکر نہیں کرتا کہ ہم نے جو چیز ذکر کی ہے' اس کا پایا جانا "محض ایمان" ہے

146 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا بْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّهُمْ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَنَجِدُ فِيْ اَنْفُسِنَا شَيْئًا لَاَنْ يَّكُوْنَ اَحَدُنَا حُمَمَةً اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَّتَكَلَّمَ بِهٖ قَالَ: ذَاكَ مَحْضُ الْإِيْمَانِ . (3:65)

145- إسناده حسن وسيورده بعده برقم 146 من طريق عاصم بن بهدلة، عن أبي صالح، عن أبي هريرة . وبرقم 148 من طريق سهيل بن أبي صالح عن أبيه، عن أبي هريرة به. وبرقم 147 من حديث ابن عباس، وبرقم 149 من حديث ابن مسعود.

146-وأخرجه الطيالسي 2401 ، وأحمد 2/456، وابن منده في الإيمان 341 من طريق شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/397، وأبو عوانة 1/79، وابن منده 340 و 342 من طريقين، عن الأعمش، عن أبي صالح، به.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: اِذَا وَجَدَ الْمُسْلِمُ فِيْ قَلْبِهِ اَوْ خَطَرَ بِبَالِهِ مِنَ الْاَشْيَاءِ الَّتِيْ لَا يَحِلُّ لَهُ النُّطْقُ بِهَا مِنْ كَيْفِيَّةِ الْبَارِيْ جَلَّ وَعَلَا اَوْ مَا يُشْبِهُ هٰذِهٖ فَرَدَّ ذٰلِكَ عَلٰى قَلْبِهٖ بِالْاِيْمَانِ الصَّحِيْحِ وَتَرَكَ الْعَزْمَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْهَا كَانَ رَدُّهُ اِيَّاهَا مِنَ الْاِيْمَانِ بَلْ هُوَ مِنْ صَرِيْحِ الْاِيْمَانِ لَا اَنَّ خَطَرَاتٌ مِّثْلَهَا مِنَ الْاِيْمَانِ.

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں اپنے ذہن میں ایسے خیالات آتے ہیں، ہم میں سے کسی ایک کا راکھ ہو جانا' یہ اس کے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہے کہ وہ اس خیال کو بیان کرے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ محض ایمان ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جب مسلمان اپنے دل میں ایسی چیز پائے یا اس کے ذہن میں ایسا خیال آئے جس کے بارے میں کلام کرنا اس کے لئے جائز نہ ہو' جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والی کیفیت ہو' یا اس کے ساتھ مشابہہ ہو' اور پھر وہ صحیح ایمان کے ہمراہ اپنے دل سے اسے مسترد کردے اور ان میں سے کسی بھی چیز پر پختہ ہونے کو ترک کر دے تو اس کا اس وسوسے کو مسترد کرنا ایمان کا حصہ ہے' بلکہ یہ صریح ایمان ہے۔ (حدیث کے الفاظ سے) یہ مراد نہیں ہے: اس طرح کے خیالات کا آنا ایمان کا حصہ ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّعْرِضَ بِقَلْبِهٖ شَيْءٌ مِّنْ وَسَاوِسِ الشَّيْطَانِ بَعْدَ اَنْ يَّرُدَّهَا مِنْ غَيْرِ اعْتِقَادِ الْقَلْبِ عَلٰى مَا وَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطَانُ

آدمی کیلئے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ کہ اس کے ذہن میں شیطانی وسوسے آئیں' اس کے بعد کہ جب اس کے ذہن میں شیطان وسوسہ ڈالے' تو وہ ان کے بارے میں قلبی اعتقاد نہ رکھتا ہو' اور وہ انہیں مسترد کردے

147 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ ذَرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَحَدَنَا لَيَجِدُ فِيْ نَفْسِهِ الشَّيْءَ لَاَنْ يَّكُوْنَ حُمَمَةً اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَّتَكَلَّمَ بِهٖ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ رَدَّ اَمْرَهُ اِلَى الْوَسْوَسَةِ. (4:30)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی:

147- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه الطيالسي 2704 ، وأحمد 1/235 و340، وأبو داؤد 5112 في الأدب: باب رد الوسوسة، والنسائي في اليوم والليلة كما في التحفة 5/ 39، والطحاوي في المشكل 2/251و252، وابن منده في الإيمان 345 ، والبغوي 60 من طرق عن منصور، بهذا الإسناد.

ہم میں سے کسی ایک شخص کو اپنے ذہن میں سے کوئی چیز (یعنی کوئی وسوسہ) محسوس ہوتا ہے' تو اس کا راکھ ہو جانا' یہ اس کے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ ہوگا کہ وہ آدمی اس وسوسے کو بیان کرے۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اللہ اکبر! ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لئے مخصوص ہے' جس نے اس معاملے کو وسوسے کی طرف لوٹا دیا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُكْمَ الْوَاجِدِ فِيْ نَفْسِهِ مَا وَصَفْنَا وَحُكْمَ الْمُحَدِّثِ اِيَّاهَا بِهٖ سِيَّانَ مَا لَمْ يَنْطِقْ بِهٖ لِسَانُهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ہم نے جو کیفیت ذکر کی ہے' اس کو اپنے ذہن میں محسوس کرنے والے شخص کا حکم اور اس بارے میں سوچنے والے شخص کا حکم برابر ہے

جبکہ وہ زبان کے ذریعے اس چیز کے بارے میں بات چیت نہ کرے

148 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَحَدَنَا لَيُحَدِّثُ نَفْسَهُ بِالشَّيْءِ يَعْظُمُ عَلٰى اَحَدِنَا اَنْ يَّتَكَلَّمَ بِهٖ قَالَ: اَوَقَدْ وَجَدْتُّمُوْهُ؟ ذَاكَ صَرِيْحُ الْاِيْمَانِ. (3:65)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم میں سے کسی ایک شخص کو ایسے خیالات آتے ہیں' جنہیں بیان کرنا اس کیلئے بہت بڑی بات ہو' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''کیا تم لوگوں کو یہ صورتحال پیش آتی ہے؟ یہ صریح ایمان ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

149 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُوْلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْمُنْذِرِ النَّيْسَابُوْرِيُّ بِمَكَّةَ وَعِدَّةٌ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْفَرَّاءُ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ عَثَّامٍ يَقُوْلُ

(متن حدیث): اَتَيْتُ سُعَيْرَ بْنَ الْخِمْسِ اَسْاَلُهُ عَنْ حَدِيْثِ الْوَسْوَسَةِ فَلَمْ يُحَدِّثْنِيْ فَاَدْبَرْتُ اَبْكِيْ ثُمَّ لَقِيَنِيْ فَقَالَ تَعَالَ حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَاَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

148- إسناده صحيح على شرط الصحيح. وأخرجه مسلم 132 في الإيمان: باب بيان الوسوسة في الإيمان، وما يقول من وجدها، وأبو داوٗد 5111 في الأدب: باب رد الوسوسة، والنسائي في اليوم والليلة كما في التحفة 9/396، وأبو عوانة 1/78، وابن منده في الإيمان 344، من طرق عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد.

AlHidayah - الهداية

وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَجِدُ الشَّىْءَ لَوْ خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ كَانَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَتَكَلَّمَ قَالَ: ذَاكَ صَرِيْحُ الْاِيْمَانِ . (3:65)

حدیث **149**: علی بن عثام بیان کرتے ہیں: میں سعیر بن خمس کی خدمت میں آیا' تا کہ ان سے وسوسے کے بارے میں حدیث کے بارے میں دریافت کروں' تو انہوں نے مجھے وہ حدیث بیان نہیں کی' میں روتا ہوا واپس آ گیا' پھر میری ان سے ملاقات ہوئی' تو انہوں نے فرمایا: آ گے آؤ۔

مغیرہ نے ابراہیم کے حوالے سے' علقمہ کے حوالے سے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا: جو ایسی چیز کو پاتا ہے یعنی وسوسہ یا منفی خیال پاتا ہے) کہ اگر وہ آسمان سے نیچے گر جائے' اور پرندے اسے اچک لیں تو یہ بات اس کے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہو کہ وہ اس (وسوسے کے بارے میں) کلام کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''یہ صریح ایمان ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ بِالْاِقْرَارِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَلِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرِّسَالَةِ عِنْدَ وَسْوَسَةِ الشَّيْطَانِ اِيَّاهُ

آدمی کو اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کرے اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اقرار کرے جب شیطان اس کے ذہن میں وسوسہ ڈالتا ہے

150 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَسَّانَ السَّامِيُّ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِيُّ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

149– إسناده صحيح . محمد بن عبد الوهاب الفراء ، ثقة، وباقي رجال السند على شرط مسلم، وأخرجه مسلم 133 في الإيمان، والنسائي في اليوم والليلة كما في التحفة 7/107، وأبو عوانة 1/79، وابن منده في الإيمان 347 ، والطحاوي في مشكل الآثار 2/251، والبغوي 59 من طرق عن علي بن عثّام، بهذا الإسناد.

150– إسناده صحيح. كثير بن عبيد المذحجي: ثقة، وباقي السند على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 6/257، والبزار 50 عن حميد بن مسعدة، كلاهما عن محمد بن إسماعيل بن أَبِيْ فُدَيْكٍ، حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ هشام بن عروة، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 1/33 وزاد نسبته إلى أبي يعلى، وقال: ورجاله ثقات . وفي الباب عن أبي هريرة عند أحمد 2/331، والبخاري 6/240 في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، ومسلم 134 في الإيمان: باب بيان الوسوسة في الإيمان وما يقوله من وجدها، وأبي عوانة 1/81 و82، وأبي داوٗد 4721 في السنة: باب في الجهمية. وعن أنس عند أبي عوانة .1/82 وعن خزيمة بن ثابت عند أحمد .5/214 وعن عبد الله بن عمرو ذكره الهيثمي في المجمع 1/34 ونسبه للطبراني في الأوسط والكبير .

(متن حدیث): لَنْ يَدَعَ الشَّيْطَانُ اَنْ يَأْتِيَ اَحَدَكُمْ فَيَقُوْلُ: مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ؟ فَيَقُوْلُ: اَللّٰهُ، فَيَقُوْلُ: فَمَنْ خَلَقَكَ؟ فَيَقُوْلُ: اَللّٰهُ، فَيَقُوْلُ: مَنْ خَلَقَ اللّٰهَ؟ فَاِذَا حَسَّ اَحَدُكُمْ بِذٰلِكَ فَلْيَقُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرُسُلِهٖ. (1:95)

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''شیطان اس بات کو ترک نہیں کرے گا کہ وہ کسی شخص کے پاس آ کر یہ کہے: آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ تو آدمی جواب دے گا: اللہ تعالیٰ نے' وہ دریافت کرے گا: اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا ہے؟''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) جب کسی شخص کو اس صورتحال کا سامنا کرنا پڑے' تو وہ یہ کہے: میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں۔

AlHidayah - الهداية

3- بَابُ فَضْلِ الْإِيْمَانِ

باب: ایمان کی فضیلت

151 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ حَدَّثَنَا مُحَرَّرُ بْنُ قَعْنَبِ الْبَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا رِيَاحُ بْنُ عُبَيْدَةَ عَنْ ذَكْوَانَ السَّمَّانِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: نَادِ فِي النَّاسِ مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَخَرَجَ فَلَقِيَهُ عُمَرُ فِي الطَّرِيْقِ فَقَالَ: اَيْنَ تُرِيْدُ؟ قُلْتُ: بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَذَا وَكَذَا قَالَ: ارْجِعْ، فَاَبَيْتُ فَلَهَزَنِي لَهْزَةً فِي صَدْرِي اَلَمُهَا فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَجِدْ بُدًّا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَعَثْتَ هٰذَا بِكَذَا وَكَذَا قَالَ: نَعَمْ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ النَّاسَ قَدْ طَمِعُوْا وَخَشُوْا فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أقعد. (3:36)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھیجتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا:

''لوگوں میں یہ اعلان کردو کہ جو شخص یہ اعتراف کرے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ وہاں سے نکلے' راستے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ان سے ملاقات ہوئی' تو انہوں نے دریافت کیا: تم کہاں جا رہے ہو؟ میں نے جواب دیا: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پیغام کے ہمراہ بھیجا ہے۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم واپس جاؤ! میں نے ان کی یہ بات نہیں مانی' تو انہوں نے میرے سینے پر ہاتھ مارا' جس کی تکلیف میں نے محسوس کی۔

میں واپس آ گیا میرے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں تھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے اسے اس' اس ''پیغام'' کے ہمراہ بھیجا ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جی ہاں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ خوشخبری سن کر (لوگ) جنت کی امید رکھیں گے۔

اور وہ ڈریں گے (حاشیے میں وضاحت ہے' یہاں لفظ غلط نقل ہوا ہے۔ اصل لفظ یہ ہے' وہ لوگ خراب ہو جائیں گے)

151- وذكره السيوطي في الجامع الكبير ص 96 وزاد نسبته إلى ابن خزيمة، وسعيد بن منصور . وفي الباب عن أبي هريرة عند مسلم 31 في الإيمان: باب الدليل على من مات على التوحيد دخل الجنة، وعن معاذ بن جبل عنده أيضًا برقم 32 .

AlHidayah - الهداية

تو نبی اکرم ﷺ نے (حضرت جابر) سے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَفْضَلَ الْاَعْمَالِ هُوَ الْإِيمَانُ بِاللّٰهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنا سب سے افضل عمل ہے

152 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ حدثنا سفيان والدراوردی عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي مُرَاوِحٍ الْغِفَارِيِّ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اِيمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِي سَبِيلِهِ. (1:2)

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا عمل زیادہ فضیلت رکھتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ پر ایمان رکھنا اوراس کی راہ میں جہاد کرنا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْوَاوَ الَّذِي فِي خَبَرِ اَبِي ذَرٍّ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ لَيْسَ بِوَاوِ وَصْلٍ وَاِنَّمَا هُوَ وَاوٌ بِمَعْنَى ثُمَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول وہ روایت، جس کا تذکرہ ہم کر چکے ہیں، اس میں مذکور ''واؤ'' وصل کے لئے نہیں ہے بلکہ یہ واؤ ''ثم'' کے معنی میں ہے

153 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ اللَّخْمِيُّ بِعَسْقَلَانَ حَدَّثَنَا بن اَبِي السَّرِيِّ

152- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه عبد الرزاق 20299، والحميدي 131، وأحمد 5/150 و171، والبخاري 2518 في العتق: باب أي الرقاب أفضل، ومسلم 84 في الإيمان: باب بيان كون الإيمان بالله تعالى أفضل الأعمال، والدارمي 2/307، والنسائي في العتق كما في التحفة 9/195، وابن الجارود 969 والبغوي 2418، وابن منده في الإيمان 232، والبيهقي في السنن 6/273، و9/272، و10/373 من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 20289 عن معمر، عن الزهري، عن حبيب مولى عروة، والنسائي 6/19 في الجهاد: باب ما يعدل الجهاد في سبيل الله عزوجل، وفي العتق من الكبرى كما في التحفة 9/159 من طريق شعيب، عن الليث، عن عبيد الله بن أبي جعفر، كلاهما عن عروة، بهذا الإسناد. ومن طريق عبد الرزاق وأخرجه أحمد 5/163، ومسلم 84، وابن منده في الإيمان 233، والبيهقي في السنن 6/81. وفي الباب عن أبي هريرة في الحديث الذي بعده. وعن عبد الله بن حُبْشي الخثعمي عند النسائي 8/94 في الإيمان وشرائعه، والبيهقي في السنن 3/9 و4/180 و9/164.

153- وهو في مصنف عبد الرزاق برقم 20296، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/268، ومسلم 83 في الإيمان: باب بيان كون الإيمان بالله تعالى أفضل الأعمال، والنسائي 5/113 في المناسك: باب الحج المبرور، و 6/19 في الجهاد، وابن منده في الإيمان 227، والبيهقي في السنن 5/262، وأبو عوانة 1/62. وأخرجه أحمد 2/264، والبخاري 26 في الإيمان: باب من قال: الإيمان هو العمل، و 1519 في الحج: باب فضل الحج المبرور، ومسلم 83، والنسائي 8/93 في الإيمان وشرائعه: باب ذكر أفضل الأعمال، والدارمي 2/201 وأبو عوانة، والبيهقي في السنن 9/157، والبغوي 1840، من طريق إبراهيم بن سعد، عن الزهري، به.

AlHidayah - الهداية

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: سَالَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: الْاِيمَانُ بِاللّٰهِ قَالَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ حج مَبْرُوْرٍ . (1:2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: یارسول اللہ! کون سا عمل سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنا''۔ اس نے دریافت کیا: پھر کون سا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''پھر اللہ کی راہ میں جہاد کرنا''۔

اس نے دریافت کیا: پھر کون سا؟ آپ نے فرمایا: پھر ''مبرور حج''۔

4- بَابُ فَرْضِ الْإِيمَانِ

(باب 4: فرض ایمان کا بیان)

154- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ:

(متن حدیث): بَيْنَا نَحْنُ جُلُوسٌ فِي الْمَسْجِدِ دَخَلَ رَجُلٌ عَلٰى جَمَلٍ فَاَنَاخَهُ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ عَقَلَهُ ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: اَيُّكُمْ مُحَمَّدٌ؟ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ قال: فقلنا له: هذا الأبيض المتكيء، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَجَبْتُكَ فَقَالَ الرَّجُلُ: يَا مُحَمَّدُ اِنِّي سَائِلُكَ فَمُشْتَدٌّ عَلَيْكَ فِي الْمَسْاَلَةِ فَلَا تَجِدَنَّ عَلَيَّ فِي نَفْسِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ مَا بَدَا لَكَ فَقَالَ الرَّجُلُ: نَشَدْتُكَ بِرَبِّكَ وَرَبِّ مَنْ قَبْلَكَ اللَّهُ اَرْسَلَكَ اِلَى النَّاسِ كُلِّهِمْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ نعم قال: فأنشدك الله الله أمرك أن نُصَلِّيَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ نعم قال: فأنشدك الله الله أمرك أن نصوم هذا الشَّهْرَ مِنَ السَّنَةِ؟ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ: فَاَنْشُدُكَ اللَّهَ اللَّهُ اَمَرَكَ اَنْ تَاْخُذَ هٰذِهِ الصَّدَقَةَ مِنْ اَغْنِيَائِنَا فَتَقْسِمَهَا عَلٰى فُقَرَائِنَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ فَقَالَ الرَّجُلُ: اٰمَنْتُ بِمَا جِئْتَ بِهِ وَاَنَا رَسُولُ مَنْ وَرَائِي مِنْ قَوْمِي وَاَنَا ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ اَخُو بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ. (3:65)

حدیث 154: شریک بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا:

ایک مرتبہ ہم لوگ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک شخص اونٹ پر سوار ہو کر آیا۔ اس نے مسجد میں اس اونٹ کو بٹھایا اور پھر اسے باندھ دیا۔ پھر اس نے لوگوں سے دریافت کیا: آپ میں سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کون ہیں؟ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے

154- إسناده صحيح؛ عيسى بن حماد: هو ابن مسلم التجيبي، وباقي السند من رجال الشيخين، وأخرجه أبو داوُد 486 في الصلاة: باب ما جاء في المشرك يدخل المسجد، والنسائي 4/122-123 في الصوم: باب وجوب الصوم، وابن ماجة 1402 في الإقامة: باب ما جاء في فرض الصلوات الخمس والمحافظة عليها، كلهم عن عيسى بن حماد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/168، والبخاري 63 في العلم: باب ما جاء في العلم، وابن منده 130، والبغوي في شرح السنة برقم 3، من طرق عن الليث، بهذا الإسناد. وقدوم ضمام كان في سنة تسع بعد فتح مكة، جزم بذلك ابن إسحاق وأبو عبيد، وغيرهما كما في الفتح 1/152. وأخرجه ابن أبي شيبة في الإيمان 4، وأحمد 1/264 من حديث ابن عباس.

درمیان ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔

راوی کہتے ہیں: ہم نے اسے کہا: یہ سفید رنگت کے مالک' ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے صاحب (نبی اکرم ﷺ) ہیں۔

اس شخص نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: اے عبدالمطلب کے صاحبزادے! نبی اکرم ﷺ نے اسے جواب دیا: میں تمہیں جواب دینے کے لئے تیار ہوں۔

اس نے دریافت کیا: اے حضرت محمد ﷺ! میں آپ سے کچھ سوال کروں گا اور سوال کرتے ہوئے ذرا سختی کا اظہار کروں گا' تو آپ مجھ سے ناراض نہ ہوئیے گا۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہیں' جو مناسب لگتا ہے تم پوچھو۔

اس نے کہا: میں آپ کو آپ کے پروردگار اور آپ سے پہلے لوگوں کے پروردگار کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام بنی نوع انسان کی طرف بھیجا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: اللہ (جانتا ہے) جی ہاں۔

اس نے دریافت کیا: میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے' ہم روزانہ پانچ نمازیں پڑھا کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ (جانتا ہے) جی ہاں۔

اس نے دریافت کیا: میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے' ہم سال میں اس مہینے میں روزے رکھیں۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ (جانتا ہے) جی ہاں۔

اس نے دریافت کیا: میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے' آپ ہمارے خوشحال لوگوں سے زکوٰۃ وصول کریں اور اسے ہمارے غریب لوگوں میں تقسیم کردیں؟

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ (جانتا ہے) جی ہاں!

اس شخص نے کہا: آپ جو کچھ لے کر آئے ہیں' میں اس پر ایمان لاتا ہوں' میں اپنے پیچھے (موجود) اپنی قوم کا نمائندہ ہوں۔ میرا نام ضمام بن ثعلبہ ہے' جس کا تعلق بنوسعد بن بنوبکر سے ہے۔

155 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ الْبَلَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْجُدِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ

155– إسناده صحيح . وأخرجه أبو عوانة في المسند 1/ 2 من طريقين عن عبد الملك بن إبراهيم الجدي، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة في المصنف 11/9، 10، وفي كتابه الإيمان 5 ، ومسلم 12 في الإيمان: باب السؤال عن أركان الإسلام، والترمذي 614 في الزكاة: باب ما جاء إذا أديت الزكاة، والنسائي 4/121، في الصوم، وابن منده 129 . وأبو عوانة 1/ 2 و3، والحاكم في معرفة علوم الحديث ص 5. والبغوي في شرح السنة 4 و 5 ، من طرق عن سليمان بن المغيرة، بهذا الإسناد.

مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نُهِينَا اَنْ نَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ فَكَانَ يُعْجِبُنَا اَنْ يَّاْتِيَهُ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ فَيَسْاَلَهُ وَنَحْنُ نَسْمَعُ فَاَتَاهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اَتَانَا رَسُوْلُكَ فَزَعَمَ اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَكَ قَالَ: صدق قال فمن خلق السَّماءَ قَالَ: اَللّٰهُ قَالَ: فَمَنْ خَلَقَ الْاَرْضَ قَالَ: اَللّٰهُ قَالَ: فَمَنْ نَصَبَ هٰذِهِ الْجِبَالَ قَالَ: اَللّٰهُ قَالَ: فَمَنْ جَعَلَ فِيْهَا هٰذِهِ الْمَنَافِعَ قَالَ: اَللّٰهُ قَالَ: فَبِالَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاءَ وَالْاَرْضَ وَنَصَبَ الْجِبَالَ وَجَعَلَ فِيْهَا هٰذِهِ الْمَنَافِعَ اَللّٰهُ اَرْسَلَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: زَعَمَ رَسُوْلُكَ اَنَّ عَلَيْنَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ يَوْمِنَا وَلَيْلَتِنَا قَالَ: صَدَقَ قَالَ: فَبِالَّذِيْ اَرْسَلَكَ اَللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: زَعَمَ رَسُوْلُكَ اَنَّ عَلَيْنَا صَدَقَةً فِيْ اَمْوَالِنَا قَالَ: صَدَقَ قَالَ: فَبِالَّذِيْ اَرْسَلَكَ اَللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: زَعَمَ رَسُوْلُكَ اَنَّ عَلَيْنَا صَوْمَ شَهْرٍ فِيْ سَنَتِنَا قَالَ: صَدَقَ قَالَ: فَبِالَّذِيْ اَرْسَلَكَ اَللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: زَعَمَ رَسُوْلُكَ اَنَّ عَلَيْنَا حَجَّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا قَالَ: صَدَقَ قَالَ: فَبِالَّذِيْ اَرْسَلَكَ اَللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَزِيْدُ عَلَيْهِنَّ وَلَا اَنْقُصُ مِنْهُنَّ شَيْئًا فَلَمَّا قَفّٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَئِنْ صَدَقَ ليدخلن الجنة. (1:3)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: هٰذَا النَّوْعُ مِثْلُ الْوُضُوْءِ وَالتَّيَمُّمِ وَالِاغْتِسَالِ مِنَ الْجَنَابَةِ وَالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ وَالصَّوْمِ الْفَرْضِ وَمَا اَشْبَهَ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ الَّتِيْ هِيَ فَرْضٌ عَلَى الْمُخَاطَبِيْنَ فِيْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الكل.

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمیں اس بات سے منع کر دیا گیا کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی چیز کے بارے میں دریافت کریں۔

توہماری یہ خواہش ہوتی تھی کہ کوئی دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو اور آپ سے سوال کرے تو ہم اسے سن لیا کریں۔

ایک مرتبہ ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا پیغام رساں ہمارے پاس آیا تھا۔

اس نے یہ بات بیان کی: آپ یہ کہتے ہیں' اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے۔

اس شخص نے دریافت کیا: آسمان کو کس نے پیدا کیا ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے' اس نے دریافت کیا: زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے۔

اس نے دریافت کیا: ان پہاڑوں کو کس نے قائم کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے۔

اس نے دریافت کیا: ان میں فائدے کس نے رکھے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے۔

AlHidayah - الهداية

اس نے کہا: پھر وہ ذات جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور پہاڑوں کو نصب کیا ہے اور ان میں منافع رکھے ہیں۔ اس کی قسم دے کر میں (آپ سے دریافت کرتا ہوں) کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو بھیجا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: جی ہاں۔

اس نے کہا: آپ کے مبلغ نے یہ بات بتائی ہے ہم پر (روزانہ) پانچ نمازیں پڑھنا لازم ہوگا۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے اس نے دریافت کیا: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو بھیجا ہے کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کا حکم دیا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: جی ہاں! اس نے کہا: آپ کے مبلغ نے یہ بات بتائی ہے ہمارے اموال میں زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے۔ اس شخص نے کہا: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کا حکم دیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں!

اس نے کہا: آپ کے مبلغ نے یہ بات بھی بتائی ہے ہم پر پورے سال میں ایک مہینے کے روزے رکھنا فرض ہوگا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے۔ اس شخص نے کہا: آپ کو اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کا حکم دیا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں!

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس نوعیت کے احکام جیسے وضو، تیمم، غسل جنابت، پانچ نمازیں، فرض روزہ اور اس جیسے دیگر احکام مخاطب افراد پر بعض حالتوں میں فرض ہوتے ہیں، تمام حالتوں میں فرض نہیں ہوتے۔

156 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ اَبِيْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ

156– إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه البخارى 1458 فى الزكاة: باب لا تؤخذ كرائم أموال الناس فى الصدقة، ومسلم 19 31 فى الإيمان: باب الدعاء إلى الشهادتين وشرائع الإسلام، وابن منده فى الإيمان 214 ، والطبرانى فى الكبير 12207 . من طريق أمية بن بسطام، بهذا الإسناد.وأخرجه البخارى 7372 فى التوحيد: باب ما جاء فى دعاء النبى صلى الله عليه وآله وسلم إلى توحيد الله تبارك وتعالى، من طريق عبد الله بن أبى الأسود، عن الفضل بن العلاء ، عن إسماعيل بن أمية، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن أبى شيبة 3/114، وأحمد 1/233، والبخارى 1395 فى الزكاة، باب وجوب الزكاة، و 1496 باب أخذ الصدقة من الأغنياء ، و 2448 فى المظالم: باب الاتقاء والحذر من دعوة المظلوم، و 4347 فى المغازى: باب بعث أبى موسى ومعاذ إلى اليمن قبل حجة الوداع، و 7371 فى التوحيد، ومسلم 19 فى الإيمان: باب الدعاء إلى الشهادتين وشرائع الإسلام، وأبو داوُد 1584 فى الزكاة: باب زكاة السائمة، والترمذى 625 فى الزكاة: باب ما جاء فى كراهية أخذ خيار المال فى الصدقة، والنسائى 5/2 فى الزكاة: باب وجوب الزكاة، وابن ماجة 1783 فى الزكاة: باب فرض الزكاة، والدارمى 1/379 و384 فى الزكاة، وابن منده 116 و 117 و 213 ، والبغوى فى شرح السنة 1557 ، والدارقطنى 2/136، والطبرانى 12408 ، من طرق عن زكريا بن إسحاق المكى، عن يحيى بن عبد الله بن صيفى، بهذا الإسناد.

AlHidayah - الهداية

عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ قَالَ: اِنَّكَ تَقْدُمُ عَلٰى قَوْمٍ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ فَلْيَكُنْ اَوَّلَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ عِبَادَةُ اللّٰهِ فَاِذَا عَرَفُوا اللّٰهَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ يَوْمِهِمْ وَلَيْلَتِهِمْ وَاِذَا فَعَلُوْهَا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ فَرَضَ عَلَيْهِمْ زَكَاةً تُؤْخَذُ مِنْ اَمْوَالِهِمْ فَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ فَاِذَا اَطَاعُوْا بِهٰذَا فَخُذْ مِنْهُمْ وَتَوَقَّ كَرَائِمَ أموال الناس. (1:4)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: هٰذَا النَّوْعُ مِثْلُ الْحَجِّ وَالزَّكَاةِ وَمَا اَشْبَهَهُمَا مِنَ الْفَرَائِضِ الَّتِيْ فُرِضَتْ عَلٰى بَعْضِ الْعَاقِلِيْنَ الْبَالِغِيْنَ فِيْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الْكُلِّ.

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا' تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''تم اہل کتاب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی طرف جا رہے ہو' تم انہیں سب سے پہلے اللہ کی عبادت کی دعوت دینا' جب وہ اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لیں' تو تم انہیں بتانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر روزانہ پانچ نمازیں فرض کی ہیں جب وہ ایسا کر لیں' تو انہیں بتانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر زکوٰۃ فرض کی ہے' جو ان کے اموال میں سے وصول کی جائے گی اور ان کے غریب لوگوں کی طرف لوٹا دی جائے گی' جب وہ اس حکم کی فرمانبرداری کریں' تو تم ان سے زکوٰۃ وصول کر لینا اور لوگوں کے عمدہ مال حاصل کرنے سے بچنا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ قسم جیسے حج اور زکوٰۃ اور ان جیسے دیگر فرائض (وہ ہیں) جو بعض عاقل و بالغ لوگوں پر بعض مخصوص حالتوں میں فرض قرار دیئے گئے ہیں' یہ ہر حال میں فرض نہیں ہیں (یعنی زکوٰۃ اس پر فرض ہوگی جو صاحب نصاب ہو اور اس نصاب پر ایک سال گزر جائے اور حج اس پر فرض ہوگا جس کے لئے حج کے مخصوص ایام میں مکہ تک جانا ممکن ہو۔ یہ ہر مسلمان پر ہر حال میں فرض نہیں ہے۔)

157- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ

157- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أبو عبيد في الإيمان 1 ص58، 59، والبخارى 523 فى مواقيت الصلاة: باب (مُنِيبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلاةَ وَلا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ) ، ومسلم 17 فى الإيمان: باب الأمر بالإيمان بالله تعالى، وأبو داوٗد 3692 فى الأشربة: باب فى الأوعية، والترمذى 2611 فى الإيمان: باب ما جاء فى إضافة الفرائض إلى الإيمان، والنسائى 8/120 فى الإيمان: باب أداء الخمس، وابن مندة 22 و 153 من طرق عن عباد بن عباد، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 16927 عن معمر، عن أبى جمرة، به مختصرًا، ومن طريق عبد الرزاق وأخرجه أحمد 1/333، 334. وسيورده المؤلف برقم 172 من طريق شعبة، عن أبى جمرة، به، ويأتى تخريجه فى موضعه. وأخرجه من طرق أخرى عن أبى جمرة، به: البخارى 1398 فى الزكاة، و 3095 فى فرض الخمس، و 3510 فى المناقب، و 4369 فى المغازى، و 6176 فى الأدب: باب قول الرجل مرحبًا، و 7556 فى التوحيد: باب قول الله تعالى: (وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ) ، ومسلم 3/1579 17 39 فى الأشربة: باب النهى عن الانتباذ فى المزفت، والبيهقى فى. دلائل النبوة 5/323-324، وابن منده 18 و 19 و 20 و 151 و 169 .

AlHidayah - الهداية

حدثنا أبو جمرة عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

2 (متن حدیث): قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا هٰذَا الْحَيَّ مِنْ رَبِيْعَةَ قَدْ حَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ وَلَا نَخْلُصُ اِلَيْكَ اِلَّا فِيْ شَهْرِ حَرَامٍ فَمُرْنَا بِاَمْرٍ نَعْمَلُ بِهٖ وَنَدْعُوْ اِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَ نَا قَالَ: آمُرُكُمْ بِاَرْبَعٍ اَلْاِيمَانِ بِاللّٰهِ شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رسول الله وإقام الصَّلَاةِ وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ وَاَنْ تُؤَدُّوا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُقَيَّرِ. (1:1)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: رَوٰى هٰذَا الْخَبَرَ قَتَادَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ[1] وَاَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ[2]

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عبدالقیس قبیلے کا وفد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ان لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارا تعلق ربیعہ قبیلے سے ہے۔

ہمارے اور آپ کے درمیان مضر قبیلے کے کفار رکاوٹ بن جاتے ہیں۔ اس لئے ہم صرف حرمت والے مہینوں میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوسکتے ہیں۔

آپ ہمیں کسی ایسی چیز کا حکم دیں جس پر ہم عمل کریں اور اپنے پیچھے لوگوں کو اس کی دعوت دیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں چار باتوں کا حکم دیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنا' یعنی اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ دینا اور مالِ غنیمت میں سے خمس کی ادائیگی کرنا اور تمہیں دُباء، حنتم، نقیر اور مقیر سے منع کرتا ہوں۔

یہ روایت قتادہ نے سعید بن مسیب اور عکرمہ کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے' جبکہ ابونضرہ کے حوالے سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِيمَانَ وَالْاِسْلَامَ اسْمَانِ لِمَعْنًى وَاحِدٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ایمان اور اسلام ایک ہی مفہوم کے دونام ہیں

158 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ بْنَ خَالِدٍ يُحَدِّثُ طَاوُسًا

---

[1] أخرجه أحمد 1/361 عن بهز وعفان، وابن منده في الإيمان 156 من طريق مسلم بن إبراهيم، ثلاثتهم عن أبان بن يزيد العطار، عن قتادة، بهذا الإسناد.

[2] وأخرجه أحمد 3/22، 23 عن يحيى بن سعيد، ومسلم 18 في الإيمان، من طريق ابن علية، كلاهما عن سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، عن أبي نضرة عن أبي سعيد الخدري. وأخرجه عبد الرزاق 16929 عن ابن جريج، عن أبي قزعة، عن أبي نضرة، عن أبي سعيد.

21
21

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِابْنِ عُمَرَ: اَلَا تَغْزُو؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ وَصِيَامِ رَمَضَانَ وَحَجِّ البيت. (1:1)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَانِ خَبَرَانِ خَرَجَ خِطَابُهُمَا عَلٰى حَسَبِ الْحَالِ لِاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الْاِيمَانَ ثُمَّ عَدَّهُ اَرْبَعَ خِصَالٍ ثُمَّ ذَكَرَ الْاِسْلَامَ وَعَدَّهُ خَمْسَ خِصَالٍ وَهٰذَا مَا نَقُوْلُ فِيْ كُتُبِنَا بِاَنَّ الْعَرَبَ تَذْكُرُ الشَّيْءَ فِيْ لُغَتِهَا بِعَدَدٍ مَعْلُوْمٍ وَلَا تُرِيْدُ بِذِكْرِهَا ذٰلِكَ الْعَدَدَ نَفْيًا عَمَّا وَرَاءَهُ وَلَمْ يُرِدْ بِقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْاِيمَانَ لَا يَكُوْنُ اِلَّا مَا عُدَّ فِيْ خبر بن عَبَّاسٍ لِاَنَّهُ ذَكَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَيْرِ خَبَرٍ اَشْيَاءَ كَثِيْرَةً مِنَ الْاِيمَانِ ليست في خبر بن عمر ولا بن عباس اللذين ذكرناهما.

❀❀ حنظلہ بن ابوسفیان بیان کرتے ہیں: میں نے عکرمہ بن خالد کو طاؤس کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا۔

ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ جہاد میں حصہ کیوں نہیں لیتے؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اسلام کی بنیاد پانچ باتوں پر ہے۔ اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، رمضان کے روزے رکھنا اور بیت اللہ کا حج کرنا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ دو روایات جن میں الفاظ کا مخصوص پس منظر ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان کا ذکر کیا ہے اور پھر آپ نے اس کے لئے چار خصلتوں کا تذکرہ کیا ہے' پھر آپ نے اسلام کا تذکرہ کیا اور اس کے لئے پانچ خصلتوں کا تذکرہ کیا۔

یہ وہ صورت ہے' جس کے بارے میں ہم اپنی کتابوں میں یہ بیان کر چکے ہیں کہ عرب اپنے محاورے میں کسی متعین تعداد کے ہمراہ کسی چیز کا ذکر کرتے ہیں اور اس متعین تعداد کے تذکرے سے مراد یہ نہیں ہوتا کہ اس کے علاوہ تعداد کی نفی کر دی جائے۔ اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مراد نہیں لیا کہ ایمان سے مراد صرف وہی امور ہوں گے جن کا ذکر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول

158- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه الترمذى 2609 فى الإيمان، عن أبى كريب، والآجرى فى الشريعة ص 106 من طريق إسماعيل، كلاهما عن وكيع، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/143، والبخارى 8 فى الإيمان: باب دعاؤكم إيمانكم، ومسلم 16 22 فى الإيمان: باب بيان أركان الإسلام، والنسائى 8/107 فى الإيمان: باب على كم بنى الإسلام، وأبو عبيد فى الإيمان 4 ص59 وأبو نعيم فى أخبار أصبهان 1/146، والبيهقى فى السنن 1/358، وابن منده 40 و 148 والبغوى فى شرح السنة 6 ، من طرق عن حنظلة به، وصححه ابن خزيمة برقم 308 .ومن طرق عن ابن عمر أخرجه الحميدى 703 ، وأحمد 2/26 و93و120، ومسلم 16 فى الإيمان، والترمذى 2609 فى الإيمان، وأبو عبيد فى كتاب الإيمان ص 59، والآجرى فى الشريعة ص 106، وابن منده فى الإيمان 41 و 42 و 43 و 149 و 150 ، والطبرانى فى الكبير 13203 و 13518 ، وأبو نعيم فى حلية الأولياء 3/62، والبيهقى فى السنن 3/367، وصححه ابن خزيمة برقم 309 . وسيورده المؤلف أيضًا برقم 1446 فى أول كتاب الصلاة.

روایت میں ہے۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے دیگر روایات میں دیگر بہت سی اشیاء کا ایمان کا حصہ ہونے کا ذکر کیا ہے' جن کا تذکرہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ان دو روایات میں نہیں ہے' جنہیں ہم نے ابھی ذکر کیا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ الْإِيمَانَ وَالْإِسْلَامَ اسْمَانِ بِمَعْنًى وَاحِدٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ایمان اور اسلام ایک ہی چیز کے دو نام ہیں

159 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَارِزًا لِلنَّاسِ اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ يَمْشِي فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا الْاِيمَانُ؟ قَالَ: اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَلِقَائِهِ وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ الْاٰخِرِ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَمَا الْاِسْلَامُ؟ قَالَ: لَا تُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ وَتُؤَدِّي الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ وَتَصُومُ رَمَضَانَ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَا الْاِحْسَانُ؟ قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهُ يَرَاكَ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ فَمَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا الْمَسْؤُولُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَسَاُحَدِّثُكَ عَنْ اَشْرَاطِهَا اِذَا وَلَدَتِ الْاَمَةُ رَبَّتَهَا وَرَاَيْتَ الْعُرَاةَ الْحُفَاةَ رُؤُوسَ النَّاسِ فِي خَمْسٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ (اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ) (لقمان: 34) الْاٰيَةَ ثُمَّ انْصَرَفَ الرَّجُلُ فَالْتَمَسُوهُ فَلَمْ يَجِدُوهُ فَقَالَ: ذَاكَ جِبْرِيلُ جَاءَ لِيُعَلِّمَ النَّاسَ دِينَهُمْ. (3:26)

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ لوگوں کے پاس تشریف فرما تھے۔ اس دوران ایک شخص چلتا ہوا آپ کے پاس حاضر ہوا اس نے عرض کی: اے حضرت محمد ﷺ! ایمان سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ کہ تم اللہ تعالیٰ اس کے فرشتوں، اس کے رسولوں، اس کی بارگاہ میں حاضری پر ایمان رکھو اور تم دوبارہ زندہ ہونے پر ایمان رکھو'

اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اسلام سے مراد کیا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ کہ تم کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراؤ' فرض نماز ادا کرو' تم فرض زکوٰۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو۔

159- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخارى 4777 فى التفسير: باب (إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ)، عن إسحاق بن إبراهيم وهو الحنظلى المعروف بابن راهويه، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبى شيبة 11/5، 6، والبخارى 50 فى الإيمان: باب سؤال جبريل النبى صلى الله عليه وآله وسلم عن الإيمان والإسلام، ومسلم 9 فى الإيمان: باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان، وابن ماجة 64 فى المقدمة: باب فى الإيمان، وابن منده فى الإيمان 15 من طرق عن إسماعيل بن عُلية، عن أبى حيان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 9 6 عن ابن نمير، عن محمد بن بشر، عن أبى حيان، به. وأخرجه مسلم 10 فى الإيمان من طريق زهير بن حرب، وابن منده 16 و 159 من طريق إسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن جرير، عن عمارة بن القعقاع، عن أبى زرعة، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائى 8/101 فى الإيمان: باب صفة الإيمان والإسلام، عن محمد بن قدامة، عن جرير، عن أبى فروة، عن أبى زرعة، عن أبى هريرة وأبى ذر. وأخرجه دون ذكر السؤال عن الإيمان وما بعده أبو داوٗد 4698 فى السنة: باب فى القدر، عن عثمان بن أبى شيبة، عن جرير بإسناد النسائى المذكور. وسيرد برقم 168 من حديث ابن عمر.

AlHidayah - الهداية

اس نے دریافت کیا: اے حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ! احسان سے مراد کیا ہے؟

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرو کہ تم اسے دیکھ رہے ہو۔

اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ! قیامت کب آئے گی؟ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: اس بارے میں جس شخص سے دریافت کیا گیا ہے وہ دریافت کرنے والے سے زیادہ علم نہیں رکھتا' تاہم میں تمہیں اس کی نشانیوں کے بارے میں بتا دیتا ہوں۔

جب کنیز اپنے آقا کو جنم دے اور جب تم برہنہ جسم، برہنہ پاؤں (لوگوں) کو حکمران دیکھو (تو یہ قیامت کی نشانیاں ہوں گی)

پانچ چیزیں ایسی ہیں' جن کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہے۔ (ارشاد باری تعالیٰ ہے):

''بے شک قیامت کا علم اللہ تعالیٰ کو ہی ہے۔''

(اس کے بعد پوری آیت ہے)

پھر وہ شخص چلا گیا لوگوں نے اسے تلاش کیا' وہ انہیں نہیں ملا' تو نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا:

''یہ جبرائیل تھے' جو اس لئے آئے تھے تاکہ لوگوں کو ان کے دین کی تعلیم دیں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْاِسْلَامَ وَالْاِيمَانَ اسْمَانِ بِمَعْنًى وَاحِدٍ يَشْتَمِلُ ذٰلِكَ الْمَعْنَى عَلَى الأقوال و الأفعال معا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اسلام اور ایمان ایک ہی معنی کے دو نام ہیں اور وہ مفہوم اقوال اور افعال دونوں پر مشتمل ہے

160- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ قَزَعَةَ عَنْ حَكِيمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَتَيْتُكَ حَتّٰى حَلَفْتُ عَدَدَ اَصَابِعِىْ هٰذِهِ اَنْ لَا اٰتِيَكَ فَمَا الَّذِىْ بَعَثَكَ بِهٖ؟ قَالَ: الْاِسْلَامُ، قَالَ: وَمَا الْاِسْلَامُ؟ قَالَ: اَنْ تُسْلِمَ قَلْبَكَ لِلّٰهِ وَاَنْ تُوَجِّهَ وَجْهَكَ لِلّٰهِ وَاَنْ تُصَلِّيَ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ وَتُؤَدِّيَ الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ اَخَوَانِ نَصِيرَانِ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْ عَبْدٍ تَوْبَةً اَشْرَكَ بَعْدَ اِسْلَامِهٖ. (3:65)

160- إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 5/3 عن عفان، والطبراني 19/ 1036 من طريق أسد بن موسى، وأخرجه عبد الرزاق في المصنف 20115، وأحمد 5/5، والنسائي 5/4 في الزكاة: باب وجوب الزكاة و5/82، 83: باب من سأل بوجه الله عزوجل، وابن المبارك في الزهد 987، والطبراني 19/ 969 من طريق بهز بن حكيم بن معاوية، عن أبيه حكيم، بهذا الإسناد. وله طريقان آخران عند الطبراني 19/ 1033 و 1073. وقسمه الأخير وهو: لا يقبل الله ... أخرجه ابن ماجة 2536 في الحدود: باب المرتد عن دينه، من طريق أبي أسامة، عن بهز بن حكيم، عن أبيه، به.

AlHidayah - الهداية

❀❀ حکیم بن معاویہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ میں اس وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں' جب میں اپنی انگلیوں کی تعداد میں یہ قسم اٹھا چکا تھا کہ میں آپ کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

آپ کو کس چیز کے ہمراہ مبعوث کیا گیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسلام کے۔

انہوں نے دریافت کیا: اسلام کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ کہ تم اپنے دل کو اللہ تعالیٰ کے لئے جھکا دو اور تم اپنا رُخ اللہ تعالیٰ کی طرف کرلو۔

اور تم فرض نماز ادا کرو اور تم فرض زکوٰۃ ادا کرو۔

یہ دو بھائی ہیں' جو ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی بھی ایسے بندے کی توبہ قبول نہیں کرے گا' جو اسلام قبول کرنے کے بعد شرک کا ارتکاب کرے گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْإِيمَانَ وَالْإِسْلَامَ اسْمَانِ بِمَعْنًى وَاحِدٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ایمان اور اسلام ایک ہی چیز کے دو نام ہیں

161 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الْمُسْلِمُ يَاْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ يَاْكُلُ فِي سبعة أمعاء . (3:13)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''مسلمان ایک آنت میں کھاتا ہے' اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْخِطَابَ مَخْرَجُهُ مَخْرَجُ الْعُمُوْمِ وَالْقَصْدُ فِيْهِ الْخُصُوْصُ اَرَادَ بِهٖ بَعْضَ النَّاسِ لَا الْكُلَّ.

161- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 3/109 في الجامع: باب ما جاء في معي الكافر، ومن طريق مالك أخرجه البخاري 5396 في الأطعمة: باب المؤمن يأكل في معي واحد، والطحاوي في مشكل الآثار 2/407. وأخرجه أحمد 2/257 عن يزيد بن هارون، عن محمد بن إسحاق، عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق في المصنف 19558 ، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/318، والبغوي 2879 وأخرجه أحمد 2/415 و455، والبخاري 5397 في الأطعمة، وابن ماجة 3256 في الأطعمة: باب المؤمن يأكل في معي واحد، والنسائي في الوليمة كما في التحفة 10/85-86 من طرق عن شعبة، عن عدي بن ثابت، عن أبي حازم، عن أبي هريرة . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/321 عن محمد بن كثير، وأحمد 2/435، والدارمي 2/99 في الأطعمة، عن يحيى بن سعيد، كلاهما عن محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة . وفي الباب عن ابن عمر عند أحمد 2/21، وابن ماجة 3257 ، وعن جابر عند أحمد 3/357 و392، وعن ميمونة بنت الحارث عند أحمد 6/335، وعن أبي بصرة الغفاري عند أحمد 6/397، وعن أبي موسى الأشعري عند ابن ماجة 3258 .

AlHidayah - الهداية

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ روایت کے الفاظ کا مخرج عموم ہے لیکن مراد مخصوص ہے اس سے مراد بعض لوگ ہیں تمام لوگ مراد نہیں ہیں

162 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانِ الطَّائِيُّ بِمَنْبِجَ اَنْبَانَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَافَهُ ضَيْفٌ كَافِرٌ فَاَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَ حِلَابَهَا حَتّٰى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ ثُمَّ اِنَّهُ اَصْبَحَ فَاَسْلَمَ فَاَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اَمَرَ لَهُ بِاُخْرٰى فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَشْرَبُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرَ يَشْرَبُ فِيْ سبعة أمعاء . (3:13)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک کافر شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مہمان بنا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس کے لئے بکری کا دودھ دوہ لیا گیا اس نے اس کا دودھ پی لیا' تو دوسری بکری کا دودھ دوہ لیا گیا۔ اس نے اس کا دودھ بھی پی لیا یہاں تک کہ اس نے سات بکریوں کا دودھ پی لیا۔

پھر صبح کے وقت اس نے اسلام قبول کر لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس کے لئے ایک بکری کا دودھ دوہ لیا گیا۔ اس نے اس کا دودھ پی لیا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس کے لئے دوسری بکری کا دودھ دوہ لیا گیا' تو وہ اسے ختم نہیں کر سکا۔ (تو اس موقع پر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''بے شک مومن ایک آنت میں پیتا ہے اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْاِسْلَامَ وَالْاِيْمَانَ بَيْنَهُمَا فُرْقَانٌ

اس روایت کا تذکرہ جس نے بہت سے لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ اسلام اور ایمان کے مفہوم کے درمیان فرق ہے

163 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا بْنُ اَبِي السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ:

162- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في الموطا 3/109، 110 في الجامع: باب ما جاء في معي الكافر، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/375، ومسلم 2063 في الأشربة: باب المؤمن يأكل في معي واحد، والترمذي 1819 في الأطعمة: باب ما جاء أن المؤمن يأكل في معي واحد، والنسائي في الوليمة كما في التحفة 9/416 والبيهقي في دلائل النبوة 6/116 -117، والطحاوي في مشكل الآثار 2/408، 409 والبغوي 2880 .

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَى رِجَالًا وَلَمْ يُعْطِ رَجُلًا مِنْهُمْ شَيْئًا فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطَيْتَ فُلَانًا وَفُلَانًا وَلَمْ تُعْطِ فُلَانًا شَيْئًا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْ مُسْلِمٌ قَالَهَا ثَلَاثًا

قَالَ الزُّهْرِيُّ: نَرٰى اَنَّ الْإِسْلَامَ الْكَلِمَةُ والإيمان العمل. (3:65)

عامر بن سعد بن وقاص اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کچھ لوگوں کو کچھ عطیات دیئے۔ آپ نے ان میں سے ایک شخص کو کچھ نہیں دیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فلاں اور فلاں کو دے دیا ہے لیکن فلاں شخص کو کچھ نہیں دیا۔ حالانکہ وہ مومن ہے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ مومن ہے یا مسلمان ہے؟ یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

زہری کہتے ہیں: ہم یہ سمجھتے ہیں: اسلام سے مراد زبانی طور پر کلمہ پڑھنا ہے اور ایمان سے مراد عمل کرنا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ بَعْضَ الْمُسْتَمِعِيْنَ مِمَّنْ لَمْ يَطْلُبِ الْعِلْمَ مِنْ مَظَانِّهِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ اللذين ذكرناهما

اس روایت کا تذکرہ جس نے احادیث کا سماع کرنے والے بعض ایسے افراد کو غلط فہمی کا شکار کیا، جنہوں نے علم حدیث کو اس کے اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا (انہیں یہ غلط فہمی ہوئی کہ) یہ روایت ان دو روایات کے برخلاف ہے، جنہیں ہم ذکر کر چکے ہیں

164 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ قَالَ حدثني الليث بن سعد عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ لَقِيْتُ رَجُلًا مِنَ الْكُفَّارِ فَقَاتَلَنِيْ فَضَرَبَ اِحْدٰى يَدَيَّ بِالسَّيْفِ فَقَطَعَهَا ثُمَّ لَاذَ مِنِّيْ بِشَجَرَةٍ وَقَالَ: اَسْلَمْتُ لِلّٰهِ اَفَاَقْتُلُهُ بَعْدَ اَنْ قَالَهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْتُلْهُ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ قَدْ قَطَعَ يَدِيْ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ بَعْدَ اَنْ قَطَعَهَا اَفَاَقْتُلُهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْتُلْهُ فَاِنْ قَتَلْتَهُ فَاِنَّهُ بِمَنْزِلَتِكَ قبل أن تقتله وأنت بمنزلة قبل أن يقول كلمته التي قال. (3:65)

163- حديث صحيح، رجاله رجال الشيخين غير ابن أبي السرى، فإنه كثير الأوهام، وقد توبع، وأخرجه الحميدى 69، وأحمد 1/167، وابن منده في الإيمان 161 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدى 68، وأبو داؤد 4683 في السنة: باب الدليل على زيادة الإيمان ونقصانه، والنسائى 8/103 و104 في الإيمان: باب تأويل قوله تعالى: (قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا)، وابن منده في الإيمان 161 من طرق عن معمر، بهذا الإسناد وأخرجه الحميدى 67، والطيالسى 198، وابن أبي شيبة 11/31، وأحمد 1/182، والبخارى 27 في الإيمان: باب إذا لم يكن الإسلام على الحقيقة، و 1478 في الزكاة: باب لا يسألون الناس إلحافاً، ومسلم 150 في الإيمان: باب تألف قلب من يخاف على إيمانه، وابن منده 162، من طرق عن الزهرى، بهذا الإسناد.

AlHidayah - الهداية

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ: قَوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: فَاِنْ قتلته بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَقْتُلَہٗ یُرِیْدُ بِہٖ اَنَّكَ تُقْتَلُ قَوَدًا لِاَنَّہٗ كَانَ قَبْلَ اَنْ اَسْلَمَ حَلَالَ الدَّمِ وَاِذَا قَتَلْتَہٗ بَعْدَ اِسْلَامِہٖ صِرْتَ بِحَالَۃٍ تُقْتَلُ مِثْلَہٗ قَوَدًا بِہٖ لَا اَنَّ قَتْلَ الْمُسْلِمِ یُوجِبُ كُفْرًا یُخْرِجُ مِنَ الْمِلَّۃِ اِذِ اللّٰہُ قَالَ: (یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰی) (البقرۃ: 178).

⚘⚘ حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسی صورت حال کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' اگر میں کسی کافر کے مدمقابل آتا ہوں اور وہ میرے ساتھ لڑائی کرتا ہے' اور میرے ایک ہاتھ پر تلوار مار کر اسے کاٹ دیتا ہے' پھر (میں اس پر غالب آتا ہوں) تو وہ مجھ سے بچنے کے لئے درخت کے پیچھے جاتا ہے' اور کہتا ہے: میں اللہ تعالیٰ کے لئے اسلام قبول کرتا ہوں' تو اس شخص کے یہ کہنے کے بعد میں اسے قتل کردوں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے قتل نہ کرو۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے میرا ہاتھ کاٹ دیا تھا' اور اس نے اس ہاتھ کو کاٹنے کے بعد یہ بات کہی ہے۔ کیا میں اس کو قتل کردوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے قتل نہ کرو' کیونکہ اگر تم اسے قتل کردیتے ہو' تو وہ تمہاری اس جگہ پر آجائے گا' جس جگہ تم اسے قتل کرنے سے پہلے تھے۔

اور تم اس کی اس جگہ پر چلے جاؤ گے' جو اس کے کہے ہوئے کلمے سے پہلے اس کا مقام تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم اسے قتل نہ کرو' کیونکہ اگر تم اسے قتل کردیتے ہو' تو وہ تمہاری اس جگہ پر آجائے گا' جس جگہ تم اسے قتل کرنے سے پہلے تھے۔'' اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: تمہیں قصاص میں قتل کردیا جائے گا کیونکہ اسلام قبول کرنے سے پہلے اس کا خون بہانا جائز تھا' لیکن جب تم نے اس کے اسلام قبول کرنے کے بعد اسے قتل کیا تو تم ایسی حالت میں پہنچ جاؤ گے کہ تمہیں اس کے قصاص میں قتل کردیا جائے گا۔

اس حدیث سے یہ مراد نہیں ہے: کسی مسلمان کو قتل کرنا ایسے کفر کو واجب کردیتا ہے جو آدمی کو دین سے خارج کردے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے ایمان والو! مقتولین کے بارے میں تم پر قصاص پر لازم قرار دیا گیا ہے''۔

164–اسناده صحيح وأخرجه ابن أبى شيبة 10/126 و12/378، ومسلم 95 فى الإيمان: باب تحريم قتل الكافر بعد أن قال: لا إله إلا الله، وأبو داوُد 2644 فى الجهاد: باب علام يُقاتل المشركون، والنسائى فى السير كما فى التحفة 8/503، وابن منده 57 و 58 ، والطحاوى فى مشكل الآثار 1/704، من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/5، ومسلم 95 156 من طريق عبد الرزاق، عن ابن جريج، عن الزهرى، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق فى مصنفه 18719 عن مُعمر، عن الزهرى، به. ومن طريق أخرجه ابن منده 56. وأخرجه أحمد 6/3، 4، والبخارى 4019 فى المغازى، و 6765 فى الديات: باب قوله تعالى: (وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهٗ جَهَنَّمُ) ، وابن منده 55 و 58 و 60 ، والبيهقى 8/195 من طرق عن الزهرى، بهذا الإسناد.

AlHidayah - الهداية

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْاِيمَانِ لِلْمُقِرِّ بِالشَّهَادَتَيْنِ مَعًا

دوشہادتوں کاایک ساتھ اقرار کرنے والے کے لئے ایمان کے اثبات کا تذکرہ

165 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حدثنا بن اَبِىْ عَدِيِّ عَنْ حَجَّاجِ الصَّوَّافِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِىْ مَيْمُوْنَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ لِىْ غُنَيْمَةٌ تَرْعَاهَا جَارِيَةٌ لِىْ فِىْ قِبَلِ اُحُدٍ وَالْجَوَّانِيَّةِ فَاطَّلَعْتُ عَلَيْهَا ذَاتَ يَوْمٍ وَقَدْ ذَهَبَ الذِّئْبُ مِنْهَا بِشَاةٍ وَاَنَا مِنْ بَنِىْ اٰدَمَ اٰسَفُ كَمَا يَاْسَفُوْنَ فَصَكَكْتُهَا صَكَّةً فَعَظُمَ ذٰلِكَ عَلَىَّ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: اَفَلَا اُعْتِقُهَا؟ قَالَ: ائْتِنِىْ بِهَا فَاَتَيْتُهُ بِهَا فَقَالَ: اَيْنَ اللّٰهُ؟ قَالَتْ: فِى السَّمَاءِ قَالَ: مَنْ اَنَا؟ قَالَتْ: اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَعْتِقْهَا فَاِنَّهَا مؤمنة . (3:49)

✿✿ حضرت معاویہ بن حکم سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری کچھ بکریاں تھیں جنہیں میری ایک کنیز ''احد'' اور ''جوانیہ'' کی طرف چرایا کرتی تھی۔ ایک دن میں وہاں پہنچا' تو پتہ چلا کہ ان میں سے ایک بکری کو بھیڑیا لے گیا ہے۔

میں بھی انسان ہوں' مجھے بھی اسی طرح غصہ آ گیا' جس طرح لوگوں کو غصہ آتا ہے' تو میں نے اسے مکا مارا۔

پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کی: کیا میں اسے آزاد نہ کردوں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے میرے پاس لے کر آؤ۔

میں اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: آسمان میں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: میں کون ہوں؟ اس نے عرض کی: آپ اللہ کے رسول ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے آزاد کردو۔ وہ مومن ہے۔

165- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه ابن أبي شيبة 11/9 و20، وأحمد 5/447، 448، ومسلم 537 في المساجد: باب تحريم الكلام في الصلاة ونسخ ما كان من إباحة، وأبو داؤد 930 في الصلاة: باب تشميت العاطس في الصلاة، و 3282 في الأيمان والنذور: باب في الرقبة المؤمنة، والنسائي في السير كما في التحفة 8/427، وأبو عبيد في الإيمان 84 وابن الجارود 212 ، والطبراني في الكبير /19 938 من طريقين عن حجاج الصواف، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي 1105 ، وأحمد 5/448، ومسلم 537 في المساجد/ والنسائي 3/14 في السهو: باب الكلام في الصلاة، وابن خزيمة في التوحيد ص 121، وابن أبي عاصم 104 ، والبيهقي في السنن 10/57، وفي الأسماء والصفات ص 421، واللالكائي في السنة 652 ، والطبراني /19 927 و 939 ، من طرق عن يحيى بن أبي كثير، به . وأخرجه مالك 3/5، 6 في العتق والولاء : باب ما يجوز في العتق في الرقاب الواجبة، عن هلال بن أسامة، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عمر بن الحكم، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في الرسالة 242 ، والنسائي في النعوت والتفسير كما في التحفة 2/427، والبيهقي .10/57 وفي الباب عن الشريد بن سويد الثقفي سيورده المؤلف برقم 189 .

AlHidayah - الهداية

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْإِيمَانَ اَجْزَاءٌ وَشُعَبٌ لَهَا اَعْلَى وَاَدْنَى

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ایمان کے اجزاء ہوتے ہیں اور اس کے کچھ شعبے ہوتے ہیں جن میں سے کچھ اعلیٰ ہوتے ہیں' اور کچھ ادنیٰ ہوتے ہیں

166 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): اَلْإِيمَانُ بِضْعٌ وَسِتُّونَ شُعْبَةً اَوْ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ شُعْبَةً فَاَرْفَعُهَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذَى عَنِ الطريق والحياء شعبة من الإيمان . (1:1)

توضیحِ مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اَشَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْخَبَرِ اِلَى الشيء الذى هو فرض على المخاطبين فى جَمِيعِ الْاَحْوَالِ فَجَعَلَهُ اَعْلَى الْإِيمَانِ ثُمَّ اَشَارَ اِلَى الشَّيْءِ الَّذِي هُوَ نَفْلٌ لِلْمُخَاطَبِينَ فِي كُلِّ الْاَوْقَاتِ فَجَعَلَهُ اَدْنَى الْإِيمَانِ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى اَنَّ كُلَّ شَيْءٍ فَرْضٌ عَلَى الْمُخَاطَبِينَ فِي كُلِّ الْاَحْوَالِ وَكُلَّ شَيْءٍ فَرْضٌ عَلَى بَعْضِ الْمُخَاطَبِينَ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ وَكُلَّ شَيْءٍ هُوَ نَفْلٌ لِلْمُخَاطَبِينَ فِي كُلِّ الْاَحْوَالِ كُلُّهُ من الإيمان.

وَاَمَّا الشَّكُّ فِي اَحَدِ الْعَدَدَيْنِ فَهُوَ مِنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ فِي الْخَبَرِ كَذٰلِكَ قَالَهُ مَعْمَرٌ عَنْ سُهَيْلٍ وَقَدْ رَوَاهُ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِي صَالِحٍ مَرْفُوعًا وَقَالَ: اَلْإِيمَانُ بِضْعٌ وَسِتُّونَ شُعْبَةً وَلَمْ يَشُكَّ وَاِنَّمَا تَنَكَّبْنَا خَبَرَ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ فِي هٰذَا الْمَوْضِعِ وَاقْتَصَرْنَا عَلَى خَبَرِ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ لِنُبَيِّنَ اَنَّ الشَّكَّ فِي الْخَبَرِ لَيْسَ مِنْ كَلَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّمَا هُوَ كَلَامُ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ كَمَا ذكرناه.

166- إسناده صحيح على مسلم . وأخرجه مسلم 35 58 في الإيمان: باب بيان عدد شعب الإيمان، وابن ماجة 57 في المقدمة: باب في الإيمان، وابن منده في الإيمان 147 ، والبغوي في شرح السنة 17 ، والآجري في الشريعة 110 من طرق عن جرير هو ابن عبد الحميد ، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/414 عن عفان، وأبو داوٗد 4676 في السنة: باب في رد الإرجاء ، عن موسى بن إسماعيل، والبغوي في شرح السنة 18 ، من طريق حجاج الأنماطي، كلهم عن حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صالح، بهذا الإسناد . وسيورده برقم 191 من طريق سفيان الثوري، عن سهيل بن أبي صالح، به، ويرد تخريجه هناك . وأخرجه ابن أبي شيبة 11/40، والنسائي 8/110 في الإيمان: باب ذكر شعب الإيمان، وابن ماجة 57 . وسيورده بعده 167 و 190 من طريق سليمان بن بلال، عن ابن دينار، به. وبرقم 181 من طريق بن يزيد بن عبد الله بن الهاد، عن ابن دينار، به، ويرد تخريج كل طريق في موضعه. وأخرجه الطيالسي 2402 من طريق وهيب، عن سهيل بن أبي صالح، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/379، من طريق قتيبة.

AlHidayah - الهداية

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایمان کے ساٹھ سے کچھ زیادہ شعبے ہیں''۔

(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں)

''ستر سے کچھ زیادہ شعبے ہیں جن میں سب سے بلند ترین ''لا الہ الا اللہ'' پڑھنا ہے' اور سب سے کم تر راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا ہے' اور حیا بھی ایمان کا ایک شعبہ ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روایت میں اس چیز کی طرف اشارہ کیا ہے کہ جو تمام مخاطب لوگوں پر تمام حالتوں میں فرض ہے' اور آپ نے اسے ایمان کا بلند تر درجہ قرار دیا ہے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کی طرف اشارہ کیا ہے' جو مخاطب لوگوں کے لئے تمام اوقات میں نفل ہے' اور آپ نے اسے ایمان کا سب سے نیچے کا درجہ قرار دیا ہے۔

یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہر وہ چیز جو مخاطب لوگوں پر تمام حالتوں میں فرض کی گئی ہے' اور ہر وہ چیز جو بعض مخاطب لوگوں پر بعض حالتوں میں فرض کی گئی ہے' اور ہر وہ چیز جو مخاطب لوگوں کے لئے ہر حالت میں نفل ہے یہ سب کی سب ایمان کا حصہ ہیں۔

جہاں تک دو عددوں میں سے ایک کے بارے میں شک کا تعلق ہے' تو یہ شک سہیل بن ابوصالح نامی راوی کو اس روایت میں ہوا ہے۔

یہ بات معمر نے سہیل کے حوالے سے اسی طرح بیان کی ہے' اور سلیمان بن بلال نے اسے عبداللہ بن دینار کے حوالے سے ابوصالح کے حوالے سے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''ایمان کے ستر اور کچھ شعبے ہیں''

انہوں نے کسی شک کے بغیر یہ بات ذکر کی ہے۔

ہم نے اس جگہ پر سلیمان بن بلال کی نقل کردہ روایت کو پرے کر دیا ہے' اور سہیل بن ابوصالح کی نقل کردہ روایت پر اکتفا کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے: تاکہ ہم یہ بات بیان کر دیں کہ روایت کے الفاظ میں شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کا حصہ نہیں ہے بلکہ یہ سہیل بن ابوصالح کا کلام ہے جیسا کہ ہم نے یہ بات ذکر کی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ سُهَيْلُ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں سہیل بن ابوصالح نامی راوی منفرد ہے

167 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ قُدَامَةَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ

عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):اَلْإِيمَانُ بِضْعٌ وستون شعبة والحياء شعبة من الإيمان . (1:1)

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ اخْتَصَرَ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ هٰذَا الْخَبَرَ فَلَمْ يَذْكُرْ ذِكْرَ الْاَعْلٰى وَالْاَدْنٰى مِنَ الشُّعَبِ وَاقْتَصَرَ عَلٰى ذِكْرِ السِّتِّيْنَ دُوْنَ السَّبْعِيْنَ وَالْخَبَرُ فِىْ بِضْعٍ وَسَبْعِيْنَ خَبَرٌ مُتَقَصًّى صَحِيْحٌ لَا ارْتِيَابَ فِىْ ثُبُوْتِهٖ وَخَبَرُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ خَبَرٌ مُخْتَصَرٌ غَيْرُ مُتَقَصًّى وَاَمَّا الْبِضْعُ فَهُوَ اسْمٌ يَقَعُ عَلٰى اَحَدِ اَجْزَاءِ الْاَعْدَادِ لِاَنَّ الْحِسَابَ بِنَاؤُهٗ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَشْيَاءَ عَلَى الْاَعْدَادِ وَالْفُصُوْلِ وَالتَّرْكِيْبِ فَالْاَعْدَادُ مِنَ الْوَاحِدِ اِلَى التِّسْعَةِ وَالْفُصُوْلُ هِىَ الْعَشَرَاتُ وَالْمِئُوْنُ وَالْاُلُوْفُ وَالتَّرْكِيْبُ مَا عَدَا مَا ذَكَرْنَا وَقَدْ تَتَبَّعْتُ مَعْنَى الْخَبَرِ مُدَّةً وَذٰلِكَ اَنَّ مَذْهَبَنَا اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَتَكَلَّمْ قَطُّ اِلَّا بِفَائِدَةٍ وَلَا مِنْ سُنَنِهٖ شَىْءٌ لَا يُعْلَمُ مَعْنَاهُ فَجَعَلْتُ اَعُدُّ الطَّاعَاتِ مِنَ الْإِيمَانِ فَاِذَا هِىَ تَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا الْعَدَدِ شَيْئًا كَثِيْرًا فَرَجَعْتُ اِلَى السُّنَنِ فَعَدَدْتُ كُلَّ طَاعَةٍ عَدَّهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْإِيمَانِ فَاِذَا هِىَ تَنْقُصُ مِنَ الْبِضْعِ وَالسَّبْعِيْنَ فَرَجَعْتُ اِلٰى مَا بَيْنَ الدَّفَّتَيْنِ مِنْ كَلَامِ رَبِّنَا وَتَلَوْتُهٗ اٰيَةً اٰيَةً بِالتَّدَبُّرِ وَعَدَدْتُ كُلَّ طَاعَةٍ عَدَّهَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْإِيمَانِ فَاِذَا هِىَ تَنْقُصُ عَنِ الْبِضْعِ وَالسَّبْعِيْنَ فَضَمَمْتُ الْكِتَابَ اِلَى السُّنَنِ وَاَسْقَطْتُ الْمُعَادَ مِنْهَا فَاِذَا كُلُّ شَىْءٍ عَدَّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْإِيمَانِ فِىْ كِتَابِهٖ وَكُلُّ طَاعَةٍ جَعَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْإِيمَانِ فِىْ سُنَنِهٖ تِسْعٌ وَسَبْعُوْنَ شُعْبَةً لَا يَزِيْدُ عَلَيْهَا وَلَا يَنْقُصُ مِنْهَا شَىْءٌ فَعَلِمْتُ اَنَّ مُرَادَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِى الْخَبَرِ اَنَّ الْإِيمَانَ بِضْعٌ وَسَبْعُوْنَ شُعْبَةً فِى الْكِتَابِ وَالسُّنَنِ فَذَكَرْتُ هٰذِهِ المسألة بِكَمَالِهَا بِذِكْرِ شُعْبَةٍ فِىْ كِتَابِ وَصْفِ الْإِيمَانِ وَشُعَبِهٖ بِمَا اَرْجُوْ اَنَّ فِيْهَا الْغُنْيَةَ لِلْمُتَاَمِّلِ اِذَا تَاَمَّلَهَا فَاَغْنٰى ذٰلِكَ عَنْ تِكْرَارِهَا فِىْ هٰذَا الْكِتَابِ.

وَالدَّلِيْلُ عَلٰى اَنَّ الْإِيمَانَ اَجْزَاءٌ بِشُعَبٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِىْ خَبَرِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ: اَلْإِيمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُوْنَ شُعْبَةً اَعْلَاهَا شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَذَكَرَ جُزْءًا مِنْ اَجْزَاءِ شُعَبِهٖ هِىَ كُلُّهَا فَرْضٌ عَلَى الْمُخَاطَبِيْنَ فِىْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ لِاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقُلْ وَاَنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَالْإِيمَانُ بِمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَمَا يُشْبِهُ هٰذَا مِنْ اَجْزَاءِ هٰذِهِ الشُّعْبَةِ وَاقْتَصَرَ عَلٰى ذِكْرِ جُزْءٍ وَاحِدٍ مِنْهَا حَيْثُ قَالَ: اَعْلَاهَا شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَدَلَّ هٰذَا عَلٰى اَنَّ سَائِرَ الْاَجْزَاءِ مِنْ هٰذِهِ الشُّعْبَةِ كُلَّهَا مِنَ الْإِيمَانِ ثُمَّ

167– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه مسلم 35 فى الإيمان: باب بيان عدد شعب الإيمان، عن عبيد الله بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 9 فى الإيمان: باب أمور الإيمان، ومسلم 35 ، والنسائى 8/110 فى الإيمان: باب ذكر شعب الإيمان، وابن منده فى الإيمان 144 ، من طرق عن أبى عامر العقدى، بهذا الإسناد. وسيورده المؤلف برقم 190 من طريق الفضل بن يعقوب الرخامى، عن أبى عامر العقدى، به.

عَطَفَ فَقَالَ وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ فَذَكَرَ جُزْءً ا مِنْ اَجْزَاءِ شُعَبِهٖ هِىَ نَفْلٌ كُلُّهَا لِلْمُخَاطَبِيْنَ فِىْ كُلِّ الْاَوْقَاتِ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّ سَائِرَ الْاَجْزَاءِ الَّتِىْ هِىَ مِنْ هٰذِهِ الشُّعْبَةِ وَكُلَّ جُزْءٍ مِّنْ اَجْزَاءِ الشُّعَبِ الَّتِىْ هِىَ مِنْ بَيْنِ الْجُزْاَيْنِ الْمَذْكُوْرَيْنِ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ اللذين هما من اَعْلَى الْاِيْمَانِ وَاَدْنَاهُ كُلُّهُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَاَمَّا قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِيْمَانِ فَهُوَ لَفْظَةٌ اُطْلِقَتْ عَلٰى شَىْءٍ بِكِنَايَةِ سَبَبِهٖ وَذٰلِكَ اَنَّ الْحَيَاءَ جِبِلَّةٌ فِى الْاِنْسَانِ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّكْثِرُ فِيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّقِلُّ ذٰلِكَ فِيْهِ وَهٰذَا دَلِيْلٌ صَحِيْحٌ عَلٰى زِيَادَةِ الْاِيْمَانِ وَنُقْصَانِهٖ لِاَنَّ النَّاسَ لَيْسُوا كُلُّهُمْ عَلٰى مَرْتَبَةٍ وَاحِدَةٍ فِى الْحَيَاءِ فَلَمَّا اسْتَحَالَ اسْتِوَاؤُهُمْ عَلٰى مَرْتَبَةٍ وَاحِدَةٍ فِيْهِ صَحَّ اَنَّ مَنْ وُجِدَ فِيْهِ اَكْثَرُ كَانَ اِيْمَانُهُ اَزْيَدَ وَمَنْ وُجِدَ فِيْهِ مِنْهُ اَقَلُّ كَانَ اِيْمَانُهُ اَنْقَصَ وَالْحَيَاءُ فِىْ نَفْسِهٖ هُوَ الشَّىْءُ الْحَائِلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَبَيْنَ مَا يُبَاعِدُهُ مِنْ ربه عن الْمَحْظُوْرَاتِ فَكَاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ تَرْكَ الْمَحْظُوْرَاتِ شُعْبَةً مِّنَ الْاِيْمَانِ بِاِطْلَاقِ اسْمِ الحياء عليه على ما ذكرناه.

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایمان کے ساٹھ سے زیادہ شعبے ہیں اور حیا ایمان کا ایک شعبہ ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سلیمان بن بلال نے اس روایت کو مختصر کیا ہے انہوں نے سب سے بلند اور سب سے نیچے والے شعبے کا ذکر نہیں کیا۔ انہوں نے ستر کی بجائے صرف ساٹھ کا ذکر کرنے پر اکتفا کیا ہے' جبکہ روایت میں ستر اور کچھ شعبے بھی منقول ہے۔

اور یہ ایسی روایت ہے' جو تفصیلی ہے' اور صحیح ہے اس کے ثبوت میں کوئی شک نہیں ہے۔

سلیمان بن بلال کی نقل کردہ روایت مختصر ہے' اور تفصیلی نہیں ہے جہاں تک لفظ ''بضع'' اور کچھ) کا تعلق ہے' تو یہ ایک ایسا اسم ہے' جو اعداد کے اجزاء میں سے کسی ایک پر واقع ہوتا ہے' کیونکہ حساب کی بنیاد تین چیزوں پر ہے۔ اعداد پر' فصول پر اور ترکیب پر۔

جہاں تک اعداد کا تعلق ہے' تو وہ ایک سے لے کر نو تک ہوتے ہیں جہاں تک فصول کا تعلق ہے' تو وہ دہائیاں' سینکڑے اور ہزار ہوتے ہیں۔

جہاں تک ترکیب کا تعلق ہے' تو وہ اس کے علاوہ جو کچھ بھی ہے' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے (وہ ترکیب ہے)

میں ایک طویل عرصے تک اس روایت کے مفہوم کی تحقیق کرتا رہا اس کی وجہ یہ ہے: ہمارا مذہب یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بھی بات کی ہے وہ کسی فائدے کی وجہ سے کی ہوگی۔

اور آپ کے طریقے میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے' جس کا مفہوم معلوم نہ ہو' تو میں نے ایمان میں سے نیکیوں کو گننا شروع کیا' تو وہ اس تعداد سے کہیں زیادہ تھیں پھر میں نے سنت کی طرف رجوع کیا اور میں نے ان تمام نیکیوں کو گننا شروع کیا جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان کے حصے کے طور پر شمار کیا ہے' تو یہ ستر اور اس کی تعداد سے کچھ کم تھیں۔

پھر میں نے دو جلدوں کے درمیان پروردگار کے کلام کی طرف رجوع کیا میں نے ایک ایک آیت کو غور سے پڑھا اور ہر اس

نیکی کو شمار کیا جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے ایمان کے حوالے سے کیا ہے' تو وہ بھی ستر اور اس سے کچھ کم تھیں۔

پھر میں نے کتاب کو سنت کے ساتھ ملایا اور ان میں سے تکرار کے ساتھ آنے والی چیزوں کو ساقط کر دیا' تو ہر وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے ایمان کا حصہ اپنی کتاب میں شمار کیا ہے۔

اور ہر وہ نیکی جسے نبی اکرم ﷺ نے ایمان کا حصہ اپنی سنت میں قرار دیا ہے وہ **79** شعبے تھے۔ نہ اس سے زیادہ تھے نہ اس سے کم تھے۔

تو مجھے پتہ چل گیا کہ نبی اکرم ﷺ کی اس روایت میں مراد یہ ہے: ایمان کے ستر اور کچھ شعبے کتاب وسنت میں منقول ہیں' تو میں نے یہ مسئلہ مکمل طور پر ایمان کے شعبوں کے تذکرے کے ہمراہ کتاب ایمان کی صفت اور اس کے شعبے میں ذکر کر دیا ہے۔

مجھے یہ امید ہے کہ اس میں غور وفکر کرنیوالے شخص کے لئے کفایت ہو جائے گی اور اب مجھے اس بحث کو یہاں دوبارہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اس بات کی دلیل کہ ایمان کے شعبوں کے حوالے سے اجزاء ہوتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے' جو عبداللہ بن دینار کے حوالے سے منقول روایت میں ہے۔

''ایمان کے ستر اور کچھ شعبے ہوتے ہیں' جن میں سب سے بلند اس بات کی گواہی دینا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ایمان کے شعبوں کے اجزاء میں سے ایک جز کا ذکر کیا ہے' جو سارے کا سارا تمام مخاطب لوگوں پر تمام حالتوں میں فرض ہے' کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد نہیں فرمائی۔

کہ میں اللہ کا رسول ہوں' یا فرشتوں پر اس کی کتابوں پر اس کے رسولوں پر یا جنت پر یا جہنم پر اور اس جیسی دیگر چیزوں پر ایمان رکھنا اس شعبے کے اجزاء میں سے ایک ہے۔

بلکہ نبی اکرم ﷺ نے ان میں سے صرف ایک جز پر اکتفا کیا ہے۔

آپ نے ارشاد فرمایا ہے: اس کا سب سے بلند تر شعبہ ''اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''

یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ تمام اجزاء: اس شعبے سے تعلق رکھتے ہے یہ تمام کے تمام ایمان کا حصہ ہیں پھر آپ نے عطف کیا اور لفظ ''واؤ'' استعمال کیا اور فرمایا: اس میں سب سے کمتر راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا ہے۔

تو نبی اکرم ﷺ نے اس کے شعبوں میں سے ایک جز کا ذکر کیا ہے' جو نفل ہے' اور یہ تمام اوقات میں مخاطب لوگوں کے لئے نفل کی حیثیت رکھتا ہے' اور یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ تمام اجزاء' جو اس شعبے سے تعلق رکھتے ہیں' اور ان دو ذکر شدہ اجزاء کے درمیان موجود شعبوں کے تمام اجزاء میں سے ہر ایک جز۔ اس کا تذکرہ ان دو روایات میں ہے' جو ایمان کا بلند تر مرتبہ اور کمترین مرتبہ ہیں۔

AlHidayah - الهداية

یہ سب کے سب ایمان کا حصہ ہیں۔
جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا تعلق ہے۔
''حیا ایمان کا ایک شعبہ ہے''۔
تو یہ ایسے الفاظ ہیں' جن کا اطلاق کسی چیز پر اس کے سبب کے کنائے کے ساتھ کیا گیا ہے۔
اس کی صورت یوں ہے کہ جیسا ایک جبلت ہے' جو انسان میں موجود ہوتی ہے' تو کچھ لوگ ایسے ہیں' جن میں یہ زیادہ ہوتی ہے' اور کچھ میں یہ کم ہوتی ہے' تو یہ اس چیز کی صحیح دلیل ہے کہ ایمان زیادہ بھی ہوتا ہے' اور اس میں کمی بھی ہوتی ہے۔
اس کی وجہ یہ ہے: تمام لوگ حیا کے اعتبار سے ایک ہی مرتبے کے نہیں ہوتے ہیں' تو جب ایمان کے ایک مرتبے کے بارے میں ان لوگوں کا برابر ہونا ناممکن ہے' تو یہ بات درست ہوگی کہ جس میں یہ زیادہ پائی جائے گی اس کا ایمان زیادہ ہوگا' اور جس میں یہ کم پائی جائیگی اس کا ایمان کم ہوگا۔
تو اس کا ایمان ناقص ہوگا' اور حیا اپنے وجود کے اعتبار سے ایک ایسی چیز ہے' جو آدمی اور اس چیز کے درمیان رکاوٹ بن جاتی ہے' جو چیز آدمی کو اس کے پروردگار سے دور کرتی ہے' اور ممنوعہ چیزوں سے تعلق رکھتی ہے' تو گویا کہ اللہ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ممنوعہ چیزوں کو ترک کرنے کو ایمان کا ایک شعبہ قرار دیا ہے' اور اس کے لئے آپ نے لفظ حیا استعمال کیا ہے۔
جیسا کہ ہم نے پہلے یہ بات ذکر کی ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْإِسْلَامِ وَالْإِيمَانِ بِذِكْرِ جَوَامِعِ شُعَبِهِمَا

اس روایت کا تذکرہ جس میں اسلام اور ایمان کی صفت بیان کی گئی ہے اور ان دونوں کے تمام شعبوں کے ہمراہ (بیان کی گئی ہے)

168 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ قَالَ

(متنِ حدیث): خَرَجْتُ، اَنَا وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيُّ حَاجَّيْنِ اَوْ مُعْتَمِرَيْنِ وَقُلْنَا لَعَلَّنَا لَقِينَا رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فنسأله عن القدر فلقينا بن عُمَرَ فَظَنَنْتُ اَنَّهُ يَكِلُ الْكَلَامَ اِلَيَّ

168- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه ابن منده في الإيمان 7 من طريقين عن محمد بن المنهال، بهذا الإسناد. وأخرجه أيضًا من طريق محمد بن عبد الله بن بزيع، عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 8 في الإيمان: باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان، وأبو داوُد 3695 في السنة: باب في القدر، والترمذي 2610 في الإيمان: باب ما جاء في وصف جبريل للنبي الإسلامَ والإيمان، والنسائي 8/97 في الإيمان، وابن ماجة 63 في المقدمة: باب في الإيمان، والبغوي في شرح السنة 2 من طرق عن كهمس، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي ص21، ومسلم 8 2 و 3 ، ابن منده 9 و 10 من طرق عن عبد الله بن بريدة، به . وأخرجه أبو داوُد 4697 من طريق الفريأبي، بريدة، عن ابن يعمر، به. وأخرجه أحمد 1/52 و53 من طريقين، عن سفيان، عن علقمة بن مرثد، عن سليمان بن بُريدة، عن ابن يعمر، عن ابن عمر، ولم يذكر فيه عمر. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/44-45 من طريق عطاء بن السائب.

فَقُلْنَا: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَدْ ظَهَرَ عِنْدَنَا أناس يقرؤون الْقُرآنَ يَتَقَفَّرُوْنَ الْعِلْمَ تقفرًا يَزْعُمُوْنَ اَنْ لَا قَدَرَ وَاَنَّ الْاَمْرَ اُنُفٌ قَالَ: فَاِنْ لَقِيْتَهُمْ فَاَعْلِمْهُمْ اَنِّىْ مِنْهُمْ بَرِیءٌ وَهُمْ مِنِّىْ بُرَآءُ والذى يحلف به بن عُمَرَ لَوْ اَنَّ اَحَدَهُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا ثُمَّ لَمْ يُؤْمِنْ بِالْقَدَرِ لَمْ يُقْبَلْ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ: حَدَّثَنِىْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ: بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ جَالِسًا اِذْ جَاءَ شَدِيْدُ سَوَادِ اللِّحْيَةِ شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ فَوَضَعَ رُكْبَتَهُ عَلٰى رُكْبَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا الْاِسْلَامُ قَالَ: شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيْتَاءُ الزَّكَاةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ وَحَجُّ الْبَيْتِ قَالَ: صَدَقْتَ فَعَجِبْنَا مِنْ سُؤَالِهِ اِيَّاهُ وَتَصْدِيْقِهِ اِيَّاهُ قَالَ: فَاَخْبِرْنِىْ مَا الْاِيْمَانُ؟ قَالَ: اَنْ تؤمن بالله وملائكته وكتبه ورسله وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ حُلْوِهٖ وَمُرِّهٖ قَالَ: صَدَقْتَ قَالَ: فَعَجِبْنَا مِنْ سُؤَالِهِ إياه وَتَصْدِيْقِهِ اِيَّاهُ قَالَ: فَاَخْبِرْنِىْ مَا الْاِحْسَانُ؟ قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ قَالَ فَاَخْبِرْنِىْ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ: مَا الْمَسْؤُوْلُ بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ قَالَ: فَمَا اَمَارَتُهَا؟ قَالَ: اَنْ تَلِدَ الْاَمَةُ رَبَّتَهَا وَاَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُوْنَ فِى الْبُنْيَانِ قَالَ: فَتَوَلّٰى وَذَهَبَ فَقَالَ عُمَرُ فَلَقِيَنِى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ثَالِثَةٍ فَقَالَ: يَا عُمَرُ اَتَدْرِىْ مَنِ الرَّجُلُ؟ قُلْتُ: لَا قَالَ: ذَاكَ جِبْرِيْلُ اَتَاكُمْ يعلمكم دينكم . (3:30)

✿✿ یحییٰ بن یعمر بیان کرتے ہیں: میں اور حمید بن عبدالرحمٰن حمیری حج کرنے کے لئے یا شاید عمرہ کرنے کے لئے روانہ ہوئے۔ ہم نے یہ سوچا: ہوسکتا ہے ہماری ملاقات نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے کسی شخص سے ہوجائے تو ہم ان سے تقدیر کے بارے میں دریافت کرلیں گے۔

پھر ہماری ملاقات حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ مجھے اندازہ ہوگیا کہ میرا ساتھی یہ چاہے گا کہ اس بات کا آغاز میں کروں ہم نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! ہمارے ہاں کچھ لوگ پیدا ہوئے ہیں جو قرآن پڑھتے ہیں اور علم حاصل کرتے ہیں لیکن وہ یہ گمان رکھتے ہیں تقدیر کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

اور معاملہ (کسی گزشتہ تقدیر کے بغیر) نئے سرے سے شروع ہوتا ہے۔

تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تمہاری ان لوگوں سے ملاقات ہو تو انہیں بتا دینا کہ میرا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے اور ان کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

اس ذات کی قسم! جس کا نام لے کر عبداللہ بن عمر قسم اٹھاتا ہے اگر ان لوگوں میں سے کوئی ایک شخص اُحد پہاڑ جتنا سونا خرچ کرے اور وہ تقدیر پر ایمان نہ رکھتا ہو تو اس کا یہ عمل قبول نہیں کیا جائے گا۔

پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بتایا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے وہ بیان کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم ﷺ تشریف فرما تھے۔ اسی دوران ایک شخص وہاں آیا جس کی داڑھی انتہائی سیاہ تھی اور اس کے کپڑے انتہائی سفید تھے۔ اس نے اپنا گھٹنا نبی اکرم ﷺ کے گھٹنے کے ساتھ ملایا اور عرض کی: اے حضرت محمد ﷺ! اسلام سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا،

رمضان کے روزے رکھنا اور بیت اللہ کا حج کرنا۔

اس شخص نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں اس شخص کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنے پر اور آپ کی بات کی تصدیق کرنے پر حیرت ہوئی۔

اس شخص نے کہا: آپ مجھے بتائیے کہ ایمان سے مراد کیا ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کہ تم اللہ تعالیٰ اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں، مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے اور تقدیر پر ایمان رکھو خواہ وہ اچھی یا بری ہو، میٹھی ہو یا کڑوی ہو۔

اس شخص نے کہا: آپ نے ٹھیک کہا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں اس شخص کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنے پر اور آپ کے جواب کی تصدیق کرنے پر حیرت ہوئی۔ اس شخص نے کہا: آپ مجھے بتائیے احسان سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کی یوں عبادت کرو جیسے تم اسے دیکھ رہے ہو اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

اس شخص نے کہا: آپ مجھے بتائیے قیامت کب آئے گی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بارے میں جس شخص سے سوال کیا گیا ہے وہ سوال کرنے والے سے زیادہ علم نہیں رکھتا۔

اس شخص نے دریافت کیا: اس کی نشانیاں کیا ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ کنیز اپنے آقا کو جنم دے گی۔

یہ کہ تم برہنہ پاؤں برہنہ جسم یعنی ناکافی لباس والے بکریوں کے چرواہوں کو دیکھو گے۔ وہ ایک دوسرے کے مقابیل میں بلند عمارات تعمیر کریں گے۔

راوی کہتے ہیں: پھر وہ شخص مڑ کر چلا گیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: تین دن بعد میری ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے عمر! تم جانتے ہو وہ شخص کون تھا؟

میں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ حضرت جبرائیل علیہ السلام تھے۔ وہ تمہارے پاس اس لئے آئے تھے تاکہ تمہیں تمہارے دین کی تعلیم دیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّ الْاِيمَانَ بِكَمَالِهِ هُوَ الْاِقْرَارُ بِاللِّسَانِ دُوْنَ اَنْ يَّقْرِنَهُ الْاَعْمَالُ بِالْاَعْضَاءِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کامل ایمان سے مراد (صرف) زبان کے ذریعے اقرار کرنا ہے اس کے ساتھ اعضاء کے ذریعے کئے گئے اعمال کو نہیں ملایا جائے گا

169 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بِسْطَامٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا

شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ وَحَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ؟:

(متنِ حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقُلْتُ: وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ قَالَ: وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سرق. (3:26)

حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص لا الٰہ الا اللہ پڑھ لے وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

میں نے عرض کی: اگرچہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو اگرچہ اس نے چوری کی ہو؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ اس نے زنا کیا ہو اگرچہ اس نے چوری کی ہو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ مِنْ اَئِمَّتِنَا اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ كَانَ بِمَكَّةَ فِي اَوَّلِ الْاِسْلَامِ قَبْلَ نُزُوْلِ الْاَحْكَامِ

اس روایت کا تذکرہ جو ہمارے آئمہ میں سے ان صاحب کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کے قائل ہیں: یہ روایت مکہ سے تعلق رکھتی ہے اور احکام کے نازل ہونے سے پہلے ابتدائے اسلام کے زمانے سے تعلق رکھتی ہے

169- إسناده صحيح . رجال السند ثقات . أبو داوُد: هو سليمان بن داوُد الطيالسي، والحديث في مسنده 444 ، ومن طريقه أخرجه الترمذي 2644 في الإيمان: باب ما جاء في افتراق هذه الأمة، وابن منده في الإيمان 83 . وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة برقم 1122 من طريق بقية وأخرجه البخاري 3222 في بدء الخلق: باب ذكر الملائكة، من طريق ابن أبي عدي، والنسائي في عمل اليوم والليلة برقم 1120 من طريق يحيى بن أبي بكير، كلاهما عن شعبة، عن حبيب بن أبي ثابت، به . وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة برقم 1119 من طريق غندر، عن شعبة، عن الأعمش، به . وأخرجه البخاري 2388 في الاستقراض: باب أداء الديون من طريق أبي شهاب، و 6268 في الاستئذان: باب من أجاب بلبيك، من طريق حفص بن غياث، و 6444 في الرقاق: باب قول النبي صلى الله عليه وآله وسلم: ما يسرني أن عندي مثل أحد ذهبًا ومن طريقه البغوي في شرح السنة 54 من طريق أبي الأحوص، وأحمد 5/152، ومسلم 94 في الزكاة: باب الترغيب في الصدقة، وأخرجه ابن منده في الإيمان 84 من طريق أبي معاوية الضرير، أربعتهم عن الأعمش، به. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة 1118 ، وابن منده 85 من طريق حاتم بن أبي صغيرة، عن حبيب بن أبي ثابت، به . وأخرجه البخاري 6443 في الرقاق: باب المكثرون هم الأقلون، ومسلم 94 33 كلاهما عن قتيبة بن سعيد، عن جرير، عن عبد العزيز بن رفيع، به. وأخرجه أحمد 5/166، والبخاري 5827 في اللباس: باب الثياب البيض، ومسلم 94 154 في الإيمان: باب من مات لا يشرك بالله شيئًا دخل الجنة ، وأبو عوانة 1/19، وابن منده 87، والبغوي 51 من طريق حسين المعلم، عن ابن بريدة، عن يحيى بن يعمر، عن أبي الأسود عن أبي ذر وأخرجه أحمد 5/159 و161، والبخاري 1237 في الجنائز: باب من كان آخر كلامه لا إله إلا الله، و 7487 في التوحيد: باب كلام الرب مع جبريل، ومسلم 94 في الإيمان، وأبو عوانة 1/18، والنسائي في عمل اليوم والليلة برقم 1116 و 1117 من طرق عن واصل الأحدب، عن معرور بن سويد عن أبي ذر وأخرجه ابن منده 78 و 80 و 81 و 82 من طريق واصل الأحدب والأعمش، عن معرور بن سويد عن أبي ذر . وسيورده المؤلف بعده 170 مطولًا من طريق عيسى بن يونس، عن الأعمش، به. وبرقم 195 من طريق حماد بن أبي سليمان، عن زيد بن وهب، به. وبرقم 213 من طريق النضر بن شميل، عن شعبة، بهذا الإسناد.

170 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ يَقُوْلُ: كُنْتُ اَمْشِیْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَرَّةِ الْمَدِيْنَةِ فَاسْتَقْبَلَنَا اُحُدٌ فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ مَا يَسُرُّنِیْ اَنَّ اُحُدًا لِیْ ذَهَبًا اُمْسِیْ وَعِنْدِیْ مِنْهُ دِيْنَارٌ اِلَّا اَصْرِفُهُ لِدَيْنٍ، ثُمَّ مَشٰى وَمَشَيْتُ مَعَهُ فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ فَقَالَ: اِنَّ الْاَكْثَرِيْنَ هُمُ الْاَقَلُّوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ قَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ لَا تَبْرَحْ حَتّٰى اٰتِيَكَ؟ ثُمَّ انْطَلَقَ حَتّٰى تَوَارٰى فَسَمِعْتُ صَوْتًا فَقُلْتُ اَنْطَلِقُ ثُمَّ ذَكَرْتُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِیْ فَلَبِثْتُ حَتّٰى جَاءَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ سَمِعْتُ صَوْتًا فَاَرَدْتُ اَنْ اُدْرِكَكَ فَذَكَرْتُ قَوْلَكَ لِیْ فَقَالَ: ذٰلِكَ جِبْرِيْلُ اَتَانِیْ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّهٗ مَنْ مَّاتَ مِنْ اُمَّتِیْ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَاِنْ زنى وإن سرق.

اسنادِدیگر: أَخْبَرْنَاه القطان فى عقبه حدثنا هشام بن عَمَّارٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ل (3:26)

❀❀ زید بن وہیب بیان کرتے ہیں: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے ربذہ کے مقام پر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔ ایک مرتبہ میں مدینہ منورہ کی پتھریلی زمین پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ چلتا ہوا جارہا تھا۔

ہمارے سامنے ''اُحد'' پہاڑ آگیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! مجھے یہ بات پسند نہیں ہے' میرے پاس اُحد پہاڑ جتنا سونا ہواور پھر شام کے وقت ان میں سے ایک بھی دینار میرے پاس باقی رہے۔

ماسوائے اس کے' جسے میں نے قرض کی ادائیگی کے لئے رکھا ہو۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چلتے رہے۔ آپ کے ہمراہ میں بھی چلتا رہا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں حاضر ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (دنیا میں مال و دولت کے اعتبار سے) کثرت رکھنے والے لوگ قیامت کے دن (اجر وثواب کے اعتبار سے) قلت والے ہوں گے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! تم یہیں رہنا جب تک میں تمہارے پاس نہیں آجاتا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے' یہاں تک کہ نگاہوں سے اوجھل ہو گئے' پھر میں نے ایک آواز سنی میں نے سوچا میں آگے جاتا ہوں۔

170- إسناده صحيح على شرط البخارى، وتقدم تخريجه من طرقه فى الرواية التى قبله.

ل إسناده صحيح على شرط البخارى، وأخرجه أحمد 6/447 من طريق ابن نمير، والبخارى 6268 فى الاستئذان من طريق حفص بن غياث، وأخرجه النسائى فى عمل اليوم والليلة 1126 من طريق أبى معاوية، ثلاثتهم عن الأعمش، به. وانظر طرق هذا الحديث فى عمل اليوم والليلة 597-608 و فتح البارى 11/267.

AlHidayah - الهداية

لیکن پھر مجھے نبی اکرم ﷺ کا فرمان یاد آ گیا' جو آپ نے مجھ سے فرمایا تھا' تو میں وہاں ٹھہرا رہا' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آواز سنی تھی۔ پہلے میں نے ارادہ کیا کہ میں آپ کے پاس آتا ہوں' پھر مجھے آپ کا فرمان یاد آ گیا۔ جو آپ نے مجھ سے فرمایا تھا۔

تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ جبرائیل علیہ السلام تھے' جو میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھے بتایا کہ میری اُمت کا جو بھی شخص اس حالت میں مرے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو' تو وہ شخص جنت میں داخل ہوگا۔

(حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو' اور اگرچہ اس نے چوری کی ہو؟

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگرچہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو' اگرچہ اس نے چوری کی ہو۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْاِيْمَانَ هُوَ الْاِقْرَارُ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ دُوْنَ اَنْ تَكُوْنَ الطَّاعَاتُ مِنْ شُعَبِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جس نے بہت سے لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا: ایمان سے مراد اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتراف کرنا ہے اعمال' ایمان کا شعبہ نہیں ہے

171 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ اَبِىْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِىْ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ وَحَّدَ اللّٰهَ وَكَفَرَ بِمَا يُعْبَدُ مِنْ دُوْنِهٖ حرم ماله ودمه وحسابه على الله . (3:26)

ابو مالک اشجعی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتراف کرے اور اس کے علاوہ جتنی چیزوں کی عبادت کی جاتی ہے' ان کا انکار کرے' تو اس شخص کا مال اور اس کی جان قابل احترام ہوں گے اور اس شخص کا حساب اللہ کے ذمے ہوگا۔''

171- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في المصنف لابن أبي شيبة 10/123 و12/375 ومن طريقه مسلم 23 38 في الإيمان. وأخرجه أحمد 6/395، ومسلم 23، وابن منده 34، والطبراني 8193 من طريق مروان بن معاوية، عن أبي مالك الأشجعي، به. وأخرجه أحمد 3/472 و6/394، وابن منده 34، والطبراني 8194 من طريق يزيد بن هارون، عن أبي مالك الأشجعي، به. وأخرجه الطبراني 8190 و08191 و 8192 من ثلاثة طرق عن أبي مالك، به.

ذِكْرُ وَصْفِ قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَّدَ اللّٰهَ وَكَفَرَ بِمَا يُعْبَدُ مِنْ دُوْنِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی صفت کا تذکرہ ''وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتراف کرے اور اس کے علاوہ جس کسی کی بھی عبادت کی جاتی ہے اس کا انکار کرے''

172 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي جَمْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اُتَرْجِمُ بَيْنَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَبَيْنَ النَّاسِ فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ تَسْاَلُهُ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ فَقَالَ: اِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ الْوَفْدُ اَوْ مَنِ الْقَوْمُ؟ قَالُوْا: رَبِيعَةُ قَالَ: مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ اَوْ بِالْوَفْدِ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَدَامَى قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَاْتِيكَ مِنْ شُقَّةٍ بَعِيدَةٍ اِنَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ هٰذَا الْحَيُّ مِنْ كُفَّارِ مُضَرَ وَاِنَّا لَا نَسْتَطِيْعُ اَنْ نَاْتِيَكَ اِلَّا فِي شَهْرٍ حَرَامٍ فَمُرْنَا بِاَمْرٍ نُخْبِرُ بِهٖ مَنْ وَرَاءَنَا وَنَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ قَالَ: فَاَمَرَهُمْ بِاَرْبَعٍ وَنَهَاهُمْ عَنْ اَرْبَعٍ اَمَرَهُمْ بِالْاِيمَانِ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَقَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الْاِيمَانُ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ: شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاِقَامُ الصَّلَاةِ وَاِيتَاءُ الزَّكَاةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ وَاَنْ تُعْطُوا الْخُمُسَ مِنَ الْمَغْنَمِ وَنَهَاهُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ قَالَ شُعْبَةُ وَرُبَّمَا قَالَ: وَالنَّقِيرِ وَرُبَّمَا قَالَ: الْمُقَيَّرِ وَقَالَ: احْفَظُوْهُ وَاَخْبِرُوْهُ مَنْ وَرَاءَكُمْ. (3:26)

ابوجمرہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور لوگوں کے درمیان ترجمانی کے فرائض سرانجام دیتا تھا۔ (یعنی جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ گورنر تھے تو میں ان کا سیکرٹری تھا)

ایک مرتبہ ایک خاتون ان کے پاس آئی وہ ان سے مٹکے کی نبیذ کے بارے میں دریافت کرنا چاہتی تھی' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے بتایا: عبدالقیس قبیلے کا وفد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کہاں کا وفد ہے اور کون سی قوم ہے؟

انہوں نے جواب دیا: ربیعہ (قبیلے سے ہمارا تعلق ہے)۔

172- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخارى 87 فى العلم: باب تحريض النبى صلى الله عليه وآله وسلم وفد عبد القيس على أن يحفظوا الإيمان، ومسلم 17 24 فى الإيمان: باب الأمر بالإيمان بالله تعالى، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن أبى شيبة 11/6، وأحمد 1/228، عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد . ومن طريق ابن أبى شيبة أخرجه مسلم 17 24 . وأخرجه الطيالسى 2747 ومن طريقه البيهقى فى السنن 6/294، عن شعبة، به . وأخرجه البخارى 53 فى الإيمان: باب أداء الخمس من الإيمان، و 7266 فى أخبار الآحاد: باب وصاة النبى صلى الله عليه وآله وسلم وفود العرب أن يبلغوا من وراء هم، وابن منده فى الإيمان 21 ، والبغوى فى شرح السنة 20 من طريق على بن الجعد، عن شعبة، به. وأخرجه البخارى 7266 عن إسحاق بن راهويه، عن النضر بن شميل، عن شعبة، به. وتقدم برقم 157 من طريق عباد بن عباد، عن أبى جمرة، به. وورد تخريجه من طريقه هناك

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس قوم (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس وفد کو خوش آمدید جو کسی رسوائی اور ندامت کے بغیر ہو۔

ان لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم دور دراز کے علاقے سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔ ہمارے اور آپ کے درمیان مضر قبیلے کے کفار کا قبیلہ حائل ہے۔ اس لئے ہم صرف حرمت والے مہینوں میں آپ کی خدمت میں حاضر ہو سکتے ہیں۔

آپ ہمیں کسی ایسی چیز کا حکم دیجئے' جسے ہم اپنے پیچھے والوں کو بتادیں اور اس کی وجہ سے ہم لوگ جنت میں داخل ہو سکیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے انہیں چار باتوں کا حکم دیا اور انہیں چار چیزوں سے منع کیا۔

آپ نے انہیں ''صرف اللہ تعالیٰ پر'' ایمان رکھنے کا حکم دیا۔

آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو؟ ''صرف اللہ تعالیٰ پر'' ایمان رکھنے سے مراد کیا ہے؟ تو ان لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ اور بے شک حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں (مزید احکام یہ ہیں)

نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، رمضان کے روزے رکھنا اور یہ کہ تم مالِ غنیمت میں سے خمس ادا کرو۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے انہیں دُباء، حنتم، مزفت اور نقیر (استعمال کرنے سے منع کیا)

یہاں شعبہ نامی راوی بعض اوقات لفظ نقیر نقل کرتے ہیں اور بعض اوقات لفظ مقیر نقل کرتے ہیں:

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان باتوں کو یاد کرلو اور اپنے پیچھے موجود لوگوں کو ان کے بارے میں بتادینا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِيمَانَ وَالْاِسْلَامَ شُعَبٌ وَاَجْزَاءٌ غير ما ذكرنا في خبر بن عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ بِحُكْمِ الْاَمِينَيْنِ مُحَمَّدٍ وَجِبْرِيْلَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ایمان اور اسلام کے شعبے اور اجزاء ہوتے ہیں اور یہ بات دو امین افراد حضرت محمد ﷺ اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کے حکم کے ذریعے ثابت ہے اور یہ اس روایت کے علاوہ ہے' جسے ہم اس سے پہلے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کر چکے ہیں

173- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ وَاضِحٍ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ قَالَ:

173- إسناده صحيح، وأخرجه مسلم 8 4 في الإيمان، وابن منده 11 و 13 من طريقين عن يونس بن محمد المؤدب، عن المعتمر بن سليمان، بهذا الإسناد.

(متن حدیث):قُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَعْنِىْ لِابْنِ عُمَرَ اِنَّ اَقْوَامًا يَزْعُمُوْنَ اَنْ لَيْسَ قَدَرٌ قَالَ: هَلْ عِنْدَنَا مِنْهُمْ اَحَدٌ؟ قُلْتُ: لَا قَالَ: فَاَبْلِغْهُمْ عَنِّىْ اِذَا لَقِيْتَهُمْ اِنَّ ابْنَ عُمَرَ يَبْرَاُ اِلَى اللّٰهِ مِنْكُمْ وَاَنْتُمْ بُرَآءُ مِنْهُ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ اُنَاسٍ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ لَيْسَ عَلَيْهِ سَحْنَاءُ سَفَرٍ وَلَيْسَ مِنْ اَهْلِ الْبَلَدِ يَتَخَطّٰى حَتّٰى وَرَكَ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال: يَا مُحَمَّدُ مَا الْاِسْلَامُ؟ قَالَ: الْاِسْلَامُ اَنْ تَشْهَدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ محمد رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنْ تُقِيْمَ الصَّلَاةَ وَتُؤْتِىَ الزَّكَاةَ وَتَحُجَّ وَتَعْتَمِرَ وَتَغْتَسِلَ مِنَ الْجَنَابَةِ وَاَنْ تُتِمَّ الْوُضُوْءَ وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ قَالَ: فَاِذَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَنَا مُسْلِمٌ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: صَدَقْتَ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَا الْاِيْمَانُ؟ قَالَ: اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَتُؤْمِنَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَالْمِيْزَانِ وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ: فَاِذَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَنَا مُؤْمِنٌ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: صَدَقْتَ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَا الْاِحْسَانُ؟ قَالَ: الْاِحْسَانُ اَنْ تَعْمَلَ لِلّٰهِ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنَّكَ اِنْ لَا تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ قَالَ: فَاِذَا فَعَلْتُ هٰذَا فَاَنَا مُحْسِنٌ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: صَدَقْتَ قَالَ: فَمَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَلٰكِنْ اِنْ شِئْتَ نَبَّاْتُكَ عَنْ اَشْرَاطِهَا قَالَ: اَجَلْ قَالَ: اِذَا رَاَيْتَ الْعَالَةَ الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ يَتَطَاوَلُوْنَ فِى الْبِنَاءِ وَكَانُوْا مُلُوْكًا قَالَ: مَا الْعَالَةُ الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ قَالَ: الْعُرَيْبُ قَالَ: وَاِذَا رَاَيْتَ الْاَمَةَ تَلِدُ رَبَّتَهَا فَذٰلِكَ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ قَالَ: صَدَقْتَ ثُمَّ نَهَضَ فَوَلّٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَىَّ بِالرَّجُلِ فَطَلَبْنَاهُ كُلَّ مَطْلَبٍ فلم نقدر عليه فقال رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا جِبْرِيْلُ اَتَاكُمْ لِيُعَلِّمَكُمْ دِيْنَكُمْ خُذُوْا عَنْهُ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ مَا شُبِّهَ عَلَىَّ مُنْذُ اَتَانِىْ قَبْلَ مَرَّتِىْ هٰذِهٖ وَمَا عَرَفْتُهٗ حَتّٰى وَلّٰى. (1:1)

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: تَفَرَّدَ سُلَيْمَانُ التَّيْمِىُّ بِقَوْلِهٖ: خُذُوْا عَنْهُ وَبِقَوْلِهٖ: تعتمر وتغتسل وتتم الوضوء.

یحیٰی بن یعمر کہتے ہیں: میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! (یعنی انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے یہ کہا) کچھ لوگ ہیں' جو اس بات کا اعتقاد رکھتے ہیں' تقدیر کی کوئی حقیقت نہیں ہے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا ہمارے ہاں ان لوگوں میں سے کوئی شخص ہے؟

انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تمہاری ان لوگوں کے ساتھ ملاقات ہو' تو تم میری طرف سے انہیں یہ پیغام پہنچا دینا کہ عبداللہ بن عمر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تم سے بری الذمہ ہونے کا اعتراف کرتا ہے۔ اور تمہارا اس سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ بات بیان کی تھی۔

ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ لوگوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران ایک شخص آیا جس پر سفر کی کوئی علامت

نہیں تھی اور وہ شہر کا رہنے والا بھی نہیں تھا۔

وہ لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آگے آ کر نبی اکرم ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا۔

اس نے عرض کی: اے حضرت محمد ﷺ! اسلام سے مراد کیا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسلام یہ ہے' تم اس بات کی گواہی دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور بے شک حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں' تم نماز قائم کرو' تم زکوٰۃ ادا کرو' تم حج' عمرہ کرو' تم غسل جنابت کرو' وضو مکمل کرو اور تم رمضان کے روزے رکھو۔

اس نے دریافت کیا: جب میں ایسا کرلوں گا' تو کیا میں مسلمان ہوں گا؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔

اس نے کہا: آپ نے سچ فرمایا ہے۔

اس نے کہا: اے حضرت محمد ﷺ! ایمان سے مراد کیا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ کہ تم اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں، کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھو۔

تم جنت' جہنم اور میزان پر ایمان رکھو۔ تم مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر ایمان رکھو۔

تم تقدیر پر ایمان رکھو' خواہ وہ اچھی ہو' یا بری ہو۔

اس شخص نے دریافت کیا: جب میں یہ کرلوں گا' تو کیا میں مومن ہوں گا؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: آپ نے سچ فرمایا ہے۔

اس نے دریافت کیا: اے حضرت محمد ﷺ! احسان سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: احسان یہ ہے' تم عمل کو اللہ تعالیٰ کے لئے اس طرح کرو کہ تم اسے دیکھ رہے ہو' اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے' تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

اس نے دریافت کیا: اگر میں ایسا کرلوں گا' تو کیا میں احسان کرنے والا شمار ہوں گا؟

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: آپ نے سچ فرمایا ہے۔

اس نے دریافت کیا: قیامت کب آئے گی؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سبحان اللہ! اس بارے میں جس سے سوال کیا گیا ہے' وہ سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا' اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس کی نشانیوں کے بارے میں بتا دیتا ہوں۔ اس نے کہا: ٹھیک ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جب تم غریب' ننگے پاؤں اور نامناسب لباس والے لوگوں کو دیکھو کہ وہ ایک دوسرے کے مقابلے میں بلند عمارتیں تعمیر کریں اور وہ بادشاہ بن جائیں' تو اس نے دریافت کیا: ننگے پاؤں اور نامناسب لباس والے لوگوں سے مراد کیا ہے؟''

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: عریب (یعنی نچلے طبقے کے عرب)

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم کنیز کو دیکھو کہ وہ اپنے آقا کو جنم دے' تو یہ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک ہوگی' تو اس نے

کہا: آپ نے سچ کہا ہے۔

پھر وہ واپس چلا گیا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس شخص کو میرے پاس لے کر آئے۔

(راوی کہتے ہیں) ہم نے اسے ہر جگہ تلاش کیا لیکن وہ ہمیں نہیں ملا۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو یہ کون تھا؟ یہ جبرائیل علیہ السلام تھے' جو تمہارے پاس اس لئے آئے تھے' تاکہ تمہیں تمہارے دین کی تعلیم دیں' تو تم اس سے حاصل کرلو۔

اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔

اس ایک مرتبہ سے پہلے کبھی مجھے اسے پہچاننے میں دقت نہیں ہوئی' لیکن اس مرتبہ میں نے اسے اس وقت پہچانا' جب وہ واپس چلا گیا۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: سلیمان تیمی نامی راوی روایت کے یہ الفاظ نقل کرنے میں منفرد ہیں۔

''تم اس سے حاصل کرلو۔''

اور یہ الفاظ بھی

''اور یہ کہ تم عمرہ کرو اور تم غسل کرو اور تم وضو مکمل کرو۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِيمَانَ بِكُلِّ مَا جَاءَ بِهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاِيمَانِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ جو بھی تعلیمات لے کر آئے ہیں ان پر ایمان رکھنا' ایمان کا حصہ ہے

174 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

174- إسناده صحيح على شرط مسلم. وسيورده المؤلف برقم 220 من طريق أحمد بن عبدة الضبي، عن عبد العزيز الدراوردي، بهذا الإسناد. ويرد تخريجه هناك. وأخرجه مسلم 21 34 في الإيمان: باب الأمر بقتال النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ محمد رسول الله، وابن منده 196 و 402 ، والبيهقي 8/202، من طريق روح بن القاسم، وابن منده 403 ، والدارقطني 2/89، من طريق سعيد بن سلمة بن أبي الحسام، كلاهما عن العلاء ، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/122، و12/374، ومسلم 21 35 في الإيمان، وأبو داوُد 2640 في الجهاد: باب علام يقاتل المشركون، والترمذي 2606 في الإيمان: باب ما جاء أمرت أن أقاتل الناس حتى يقولوا: لا إله إلا الله، وابن ماجة 3927 في الفتن: باب الكف عمّن قال: لا إله إلا الله، وابن منده 26 و 28 ، والبيهقي /1 196 و3/92 و8/19و196 و9/182 من طرق عن الأعمش، عن أبي صالح عن أبي هريرة. وأخرجه الطيالسي 2441 ، وابن أبي شيبة 10/124، وأحمد 2/314 و377 و423 و439 و475 و482 و502 و528، والنسائي 6/6، 7 في الجهاد، و 7/77، 78، 79 في تحريم الدم، والدارقطني 1/231 232و2/89، وابن منده 23 و 27 و 199 و 200 ، وابن الجارود 1032 ، والبغوي 31 و 32 من طرق عن أبي هريرة، به. وسيورده المصنف 218 من طريق الزهري، عن ابن المسيب، عن عبد الله، عن أبي هريرة، عن عمر، ويرد تخريج كل طريق في موضعه. 2 هذا وهم من ابن حبان، فقد تابعه عليه روح بن القاسم، وسعيد بن سلمة بن أبي الحسام كما تقدم تخريجه.

(متن حدیث): اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاِذَا شَهِدُوْا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاِذَا شَهِدُوْا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَآمَنُوْا بِىْ وَبِمَا جِئْتُ بِهِ عَصَمُوْا مِنِّىْ دِمَاءَ هُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ.

تفرد به الدراوردی قاله الشيخ. (1:1)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے' میں اس وقت تک ان کے ساتھ جنگ کرتا رہوں' جب تک وہ یہ اعتراف نہ کرلیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے' جب وہ اس بات کی گواہی دے دیں' اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور جو کچھ میں لے کر آیا ہوں اس پر ایمان لے آئیں' تو وہ اپنی جان و مال کو مجھ سے محفوظ کرلیں گے' البتہ اسلام کے حق کا معاملہ مختلف ہے' اور ان لوگوں کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا۔''

اس روایت کو نقل کرنے میں دراوردی نامی راوی منفرد ہے۔ یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِيْمَانَ بِكُلِّ مَا اَتٰى بِهِ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاِيْمَانِ مَعَ الْعَمَلِ بِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ بھی لے کر آئے ہیں' اس پر ایمان رکھنے کے ہمراہ' اس پر عمل کرنا ایمان کا حصہ ہے۔

175 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِالْمَوْصِلِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ حَدَّثَنَا حَرَمِىُّ بْنُ عُمَارَةَ حدثنا شعبة عن واقد بن محمد عن أبيه عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَيُقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوْا مِنِّىْ دِمَاءَ هُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّ الْاِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ. (1:1)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: تَفَرَّدَ بِهِ شُعْبَةُ وَفِىْ هٰذَا الْخَبَرِ بيان واضح بأن الْاِيْمَانَ اَجْزَاءٌ وَشُعَبٌ تَتَبَايَنُ اَحْوَالُ الْمُخَاطَبِيْنَ فِيْهَا لِاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّىْ

175- إسناده صحيح، إبراهيم بن محمد بن عرعرة: ثقة، وباقى السند رجاله رجال الشيخين . وأخرجه الدارقطنى 1/232 من طريقين، عن إبراهيم بن محمد بن عرعرة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 25 فى الإيمان: باب (فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ) ، وابن منده فى الإيمان 25 ، والبيهقى فى السنن 3/367 و8/177، والبغوى فى شرح السنة 33 من طريق عبد الله بن محمد المسندى، عن حَرَمى بن عُمارة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 22 فى الإيمان: باب الأمر بقتال الناس حتى يقولوا: لا إله إلا الله، والبيهقى فى السنن 3/92 من طريق أبى المثنى العنبرى، كلاهما عن أبى غسان مالك بن عبد الواحد المِسْمَعِىّ، عن عبد الملك بن الصّباح، عن شعبة، بهذا الإسناد . وسيعيده المصنف برقم 219 بإسناده هنا.

رَسُوْلُ اللّٰهِ فَهٰذَا هُوَ الْإِشَارَةُ إِلَى الشُّعْبَةِ الَّتِي هِيَ فَرْضٌ عَلَى الْمُخَاطَبِينَ فِي جَمِيعِ الْاَحْوَالِ ثُمَّ قَالَ: وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ فَذَكَرَ الشَّيْءَ الَّذِي هُوَ فَرْضٌ عَلَى الْمُخَاطَبِينَ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ ثُمَّ قَالَ: وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ فَذَكَرَ الشَّيْءَ الَّذِي هُوَ فَرْضٌ عَلَى الْمُخَاطَبِينَ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّ كُلَّ شَيْءٍ مِّنَ الطَّاعَاتِ الَّتِي تُشْبِهُ الْاَشْيَاءَ الثَّلَاثَةَ الَّتِي ذَكَرَهَا فِي هٰذَا الْخَبَرِ من الإيمان.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے' میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرتا رہوں' جب تک وہ اس بات کی گواہی نہ دیں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور میں اللہ کا رسول ہوں اور وہ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں' جب وہ ایسا کرلیں گے' تو اپنی جانوں اور اپنے اموال کو مجھ سے محفوظ کرلیں گے' البتہ اسلام کے حق کا معاملہ مختلف ہے' اور ان لوگوں کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوگا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کو نقل کرنے میں شعبہ نامی راوی منفرد ہے' اور اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ ایمان کے اجزاء اور شعبے ہوتے ہیں' جو اس بارے میں مخاطب لوگوں کے احوال کے حوالے سے مختلف ہوتے ہیں' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روایت میں اس بات کا تذکرہ کیا ہے۔

''یہاں تک کہ وہ لوگ اس بات کی گواہی دیں گے اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور بے شک میں اللہ کا رسول ہوں''۔

تو اس میں اس بات کی طرف اشارہ موجود ہے کہ یہ وہ شعبہ ہے' جو تمام مخاطب لوگوں پر تمام حالتوں میں فرض ہے۔

پھر آپ نے یہ فرمایا اور وہ نماز قائم کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کا تذکرہ کیا ہے' جو مخاطب لوگوں پر بعض حالتوں میں فرض ہوتی ہے۔

پھر آپ نے فرمایا اور وہ زکوٰۃ ادا کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کا تذکرہ کیا ہے' جو مخاطب لوگوں پر بعض حالتوں میں فرض ہوتی ہے۔

تو یہ بات اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ تمام نیکیوں' جو ان تین چیزوں کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے' جس کا آپ نے اس روایت میں ذکر کیا ہے یہ سب ایمان کا حصہ ہیں۔

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الْإِيمَانِ عَلٰى مَنْ اَتٰى بِبَعْضِ اَجْزَائِهٖ

ایسے شخص پر ''ایمان'' کے لفظ کا اطلاق کرنا' جو اس کے بعض اجزاء پر عمل کرے

176 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ عَنْ جَدِّهٖ

(متن حدیث): عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِيمَانُ قَالَ: اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَاتُكَ وَسَاءَ

تُكَ سَيِّئَاتُكَ فَأَنْتَ مُؤْمِنٌ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا الْإِثْمُ؟ قَالَ: إِذَا حَاكَ فِي قَلْبِكَ شَيْءٌ فَدَعْهُ. (3:23)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! ایمان سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تمہاری نیکیاں تمہیں اچھی لگیں اور تمہاری برائیاں تمہیں بری لگیں' تو تم مومن ہو۔

اس نے عرض کی: یارسول اللہ! گناہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جب کوئی چیز تمہارے دل میں کھٹکے تو تم اسے چھوڑ دو''۔

ذِكْرُ إِطْلَاقِ اسْمِ الْإِيْمَانِ عَلٰى مَنْ اَتٰى جُزْءًا مِنْ بَعْضِ اَجْزَائِهٖ

ایسے شخص پر ''ایمان'' کے لفظ کا اطلاق کرنا' جو اس کے بعض اجزاء میں سے کسی ایک جزء کا ارتکاب کرے

177 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ السِّمْطِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ ثُمَّ اسْتَكْتَمَنِيْ اَنْ اُحَدِّثَ بِهٖ مَا عَاشَ مُعَاوِيَةُ فَذَكَرَ عَامِرٌ قَالَ سَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ حَدَّثَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ وَهُوَ قَاضِي الْمَدِيْنَةِ قَالَ: سمعت بن مَسْعُوْدٍ وَهُوَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَيَكُوْنُ اُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِيْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وَيَفْعَلُوْنَ مَا لا يقولون فَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ لَا اِيْمَانَ بَعْدَهُ.

قَالَ عَطَاءٌ: فَحِيْنَ سَمِعْتُ الْحَدِيْثَ مِنْهُ انْطَلَقْتُ بِهٖ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ اَنْتَ سَمِعْتَ بن مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ هٰذَا؟ كَالْمُدْخَلِ عَلَيْهِ فِيْ حَدِيْثِهٖ قَالَ عَطَاءٌ فَقُلْتُ هُوَ مَرِيْضٌ فَمَا يَمْنَعُكَ اَنْ تَعُوْدَهُ قَالَ فَانْطَلِقْ بِنَا اِلَيْهِ فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَسَاَلَهُ عَنْ شَكْوَاهُ ثُمَّ سَاَلَهُ عن الحديث قال فخرج ابن عُمَرَ وَهُوَ يُقَلِّبُ كَفَّهُ وَهُوَ يَقُوْلُ مَا كان ابن اُمِّ عَبْدٍ يَكْذِبُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (3:49)

عطاء بن یسار' جو مدینہ منورہ کے قاضی ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

عنقریب میرے بعد ایسے حکمران آئیں گے' جو وہ بات کہیں گے' جو وہ کرتے نہیں ہوں گے' اور وہ لوگ ایسے کام کریں گے

176- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 5/252، والقضاعي في مسند الشهاب 402 من طريق روح، والحاكم 1/141 من طريق مسلم بن إبراهيم، وابن منده 1088 من طريق أبي عامر العقدي، ثلاثتهم عن هشام الدستوائي، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 20104، ومن طريقه الحاكم 1/14، والقضاعي 401، والطبراني 7539 بهذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 5/251 من طريق رباح، وابن منده 1089 من طريق عبد الله بن المبارك.

177- إسناده جيد، رجاله رجال الصحيح غير عامر بن السمط، وهو ثقة، وأخرجه مسلم 50 في الإيمان: باب بيان كون النهي عن المنكر من الإيمان، وأبو عوانة في مسنده 1/35 و36، والبيهقي في السنن 10/91، من طرق.

AlHidayah - الهداية

جن کا انہیں حکم نہیں دیا گیا ہوگا۔

تو جو شخص اپنے ہاتھ کے ذریعے ان کے ساتھ جہاد کرے گا' وہ مومن ہوگا اور جو اپنی زبان کے ذریعے ان کے ساتھ جہاد کرے گا' وہ مومن ہوگا اور جو شخص اپنی زبان کے ذریعے ان کے ساتھ جہاد کرے گا' وہ مومن ہوگا اور جو شخص اپنے دل کے ذریعے ان کے ساتھ جہاد کرے گا' وہ مومن ہوگا۔ اس کے بعد ایمان نہیں ہوگا۔

عطاء نامی راوی کہتے ہیں: جب میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی زبانی یہ حدیث سنی' تو میں یہ روایت لے کر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور میں نے انہیں اس بارے میں بتایا تو انہوں نے دریافت کیا: کیا تم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بات بیان کرتے ہوئے خود سنا ہے؟

عطاء کہتے ہیں: میں نے کہا: وہ بیمار ہیں۔ کیا وجہ ہے' آپ ان کی عیادت کے لئے نہیں جاتے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ہمیں ان کے پاس لے جاؤ۔

جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ وہاں تشریف لے گئے' تو ان کے ساتھ میں بھی گیا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے ان کی بیماری کے بارے میں دریافت کیا: پھر ان سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا۔

راوی کہتے ہیں: جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ وہاں سے نکلے' تو وہ اپنی ہتھیلی پلٹ رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے: ابن اُم عبد (یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جھوٹی بات منسوب نہیں کر سکتے۔

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الْاِيْمَانِ عَلٰى مَنْ اَتٰى بِجُزْءٍ مِّنْ اَجْزَاءِ شُعَبِ الْاِقْرَارِ

ایسے شخص پر ''ایمان'' کے لفظ کا اطلاق کرنا' جو اقرار کے شعبوں میں سے کسی ایک جزء کا ارتکاب کرے

178 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يُؤْمِنُ الْعَبْدُ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِاَرْبَعٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ويؤمن بالبعث بعد الموت ويؤمن بالقدر . (3:49)

❁❁ حضرت علی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوتا جب تک وہ چار چیزوں پر ایمان نہیں رکھتا۔ وہ اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور بے شک میں اللہ کا رسول ہوں' اور وہ مرنے کے بعد زندہ ہونے پر ایمان رکھے اور وہ تقدیر پر ایمان رکھے۔''

178- إسناده صحيح على شرطهما وأخرجه الطيالسي 106 ومن طريقه الترمذي 2145 في القدر: باب ما جاء في الإيمان بالقدر خيره وشره، وأحمد 1/97 عن محمد بن جعفر، كلاهما عن شعبة، وابن ماجة 81 في المقدمة: باب في القدر من طريق شريك، والحاكم 1/33 من طريق جرير بن عبد الحميد.

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الْاِيمَانِ عَلٰى مَنْ اَتٰى بِجُزْءٍ مِّنْ اَجْزَاءِ الشُّعْبَةِ الَّتِىْ هِىَ الْمَعْرِفَةُ

ایسے شخص پر''ایمان'' کے لفظ کا اطلاق کرنا' جو اس شعبے کے اجزاء میں سے ایسے جزء کا ارتکاب کرے' جو شعبہ معرفت ہو

179 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَلَدِهٖ ووالده والناس أجمعين. (3:49)

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی بھی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا' جب تک میں اس کے نزدیک' اس کی اولاد اس کے والدین اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہیں ہوجاتا۔''

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الْاِيمَانِ عَلٰى مَنْ اٰمَنَهُ النَّاسُ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَاَمْلَاكِهِمْ

ایسے شخص پر''ایمان'' کے لفظ کا اطلاق کرنا' کہ لوگ اپنی جانوں اور اموال کے حوالے سے اس سے محفوظ ہوں

180 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابن عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

179– إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أحمد 3/177 و275، ومسلم 44 70 فى الإيمان: باب وجوب محبة رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، وابن ماجة 67 فى المقدمة: باب فى الإيمان، من طريق محمد بن جعفر، وأحمد 3/207 و278 عن روح، والبخارى 15 فى الإيمان: باب ابن حبان الرسول من الإيمان، ومن طريقه البغوى فى شرح السنة 22 عن آدم بن إياس، والنسائى 8/114، 115 من طريق بشر بن المفضل، والدارمى 2/307 عن يزيد بن هارون، وهاشم بن القاسم، وأبو عوانة 1/33 من طريق حجاج وأبى النضر، وابن منده فى الإيمان 284 من طريق آدم ومحمد بن جعفر وبشر بن المفضل وأحمد بن مهدى، كلهم عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 15 ، ومسلم 44 ، والنسائى 8/115، وابن منده 286 من طريق إسماعيل ابن علية، عن عبد العزيز بن صهيب، عن أنس. وأخرجه أيضًا مسلم 44 ، والنسائى 8/115، وابن منده 285 من طريق عبد الوارث بن سعيد، عن عبد العزيز بن صهيب، عن أنس.

180– إسناده قوى. ابن عجلان واسمه محمد: صدوق. أخرج له مسلم فى صحيحه متابعة، وباقى السند على شرط مسلم. وأخرجه الترمذى 2627 فى الإيمان: باب ما جاء أن الْمُسْلِمَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ، والنسائى 8/104، 105 فى الإيمان: باب صفة المؤمن عن قتيبة بن سعيد، والحاكم 1/10 من طريق يحيى بن بكير، كلاهما عن الليث، بهذا الإسناد قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح. وقال الحاكم: قد اتفقا على إخراج طرف حديث المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده ولم يخرجا هذه الزيادة، وهى صحيحة على شرط مسلم، ووافقه الذهبى. وفى الباب عن عبد الله بن عمرو سيرد برقم 196 ، وعن جابر سيرد برقم 197 ، وعن أنس بن مالك سيرد برقم 510. وعن فضالة بن عبيد عند أحمد 6/21 و22، وابن ماجة 3934 فى الفتن: باب حرمة دم المؤمن وماله، وابن منده فى الإيمان 315. قال البوصيرى فى الزوائد: إسناده صحيح وصححه الحاكم 1/10، 11 على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى.

(متن حدیث):اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَالْمُؤْمِنُ مَنْ أمنه الناس على دمائهم وأموالهم . (3:49)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مسلمان وہ ہے' جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں اور مومن وہ ہے کہ دوسرے اپنی جان اور مال کے حوالے سے اس سے امن میں رہیں۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْاِيْمَانَ شَيْءٌ وَاحِدٌ وَلَا يَزِيْدُ وَلَا يَنْقُصُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: ایمان ایک ہی حقیقت ہے' جس میں کوئی اضافہ یا کمی نہیں ہوتی

181 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ بِخَبَرٍ غَرِيبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ السِّنْجِيُّ سُلَيْمَانُ بْنُ مَعْبَدٍ حدثنا ابن اَبِىْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال:

(متن حدیث):اَلْاِيْمَانُ سَبْعُوْنَ اَوِ اثْنَانِ وَسَبْعُوْنَ بَابًا اَرْفَعُهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَدْنَاهُ اِمَاطَةُ الْاَذٰى عن الطريق والحياء شعبة من الإيمان . (1:1)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَلْاِقْتِصَارُ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ على هذا العدد المذكور فى خبر بن الْهَادِ مِمَّا نَقُوْلُ فِىْ كُتُبِنَا اِنَّ الْعَرَبَ تَذْكُرُ الْعَدَدَ لِلشَّيْءِ وَلَا تُرِيْدُ بِذِكْرِهَا ذٰلِكَ الْعَدَدَ نَفْيًا عَمَّا وَرَاءَهُ وَلِهٰذَا نَظَائِرُ نَوَّعْنَا لِهٰذَا اَنْوَاعًا سَنَذْكُرُهَا بِفُصُوْلِهَا فِيْمَا بَعْدُ اِنْ شاء الله .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایمان کے 70 (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) 72 دروازے ہیں' جن میں سب سے بلند ''لا الہ الا اللہ'' ہے اور سب سے کمتر راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا ہے' اور حیاء ایمان کا ایک شعبہ ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس ذکر شدہ عدد پر' جو اکتفا کیا گیا ہے' جو ابن ہاد سے منقول روایت میں ہے' یہ ان صورتوں میں سے ہے' جس کے بارے میں ہم اپنی کتابوں میں یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ بعض اوقات عرب کسی چیز کے لئے کوئی عدد ذکر کرتے ہیں' لیکن اس سے یہ مراد نہیں ہوتا کہ اس عدد کے علاوہ کی نفی کر دی جائے۔

اس کی کئی مثالیں موجود ہیں' اور ہم نے اس کی کئی انواع بیان کی ہیں۔

181- إسناده صحيح على شرطهما . وتقدم برقم 166 من طريق سهيل بن أبي صالح، وبرقم 167 من طريق سليمان بن بلال، كلاهما عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، به. وسيرد أيضًا برقم 190 و 191 .

جن میں سے چند ایک کا ہم ان کی متعلقہ فصول میں بعد میں ذکر کریں گے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اِيمَانَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدٌ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّكُوْنَ فِيهِ زِيَادَةٌ اَوْ نُقْصَانٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: تمام مسلمانوں کا ایمان ایک سی حیثیت رکھتا ہے اس میں کوئی اضافہ یا کمی نہیں ہوتی

182 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسٰى قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يُدْخِلُ اللّٰهُ اَهْلَ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ يُدْخِلُ مَنْ يَّشَاءُ بِرَحْمَتِهِ وَيُدْخِلُ اَهْلَ النَّارِ (النَّارَ) ثُمَّ يَقُوْلُ اَخْرِجُوا مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ حَبَّةُ خَرْدَلٍ مِّنْ اِيمَانٍ فَيُخْرَجُوْنَ مِنْهَا حُمَمًا فَيُلْقَوْنَ فِي نَهْرٍ فِي الْجَنَّةِ فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ حَبَّةٌ فِي جَانِبِ السَّيْلِ اَلَمْ تَرَهَا صفراء ملتوية. (3:80)

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ اہل جنت کو جنت میں داخل کر دے گا' وہ جسے چاہے گا اپنی رحمت کی وجہ سے داخل کرے گا۔

اور وہ اہل جہنم کو جہنم میں داخل کر دے گا' پھر وہ یہ فرمائے گا: اس شخص کو جہنم سے نکال دو' جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان موجود ہے۔

تو ان لوگوں کو جہنم سے نکالا جائے گا اور وہ کوئلہ بن چکے ہوں گے۔

پھر انہیں جنت کی نہر میں ڈالا جائے گا' تو وہ اس میں سے یوں پھوٹ پڑیں گے' جس طرح سیلابی پانی کی گزرگاہ میں سے دانہ پھوٹتا ہے۔ کیا تم نے اسے دیکھا نہیں ہے' وہ زرد ہوتا ہے' اور ادھر ادھر جھکتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْرِجُوا مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ حَبَّةُ خَرْدَلٍ مِّنْ اِيمَانٍ اَرَادَ بِهِ بَعْدَ اِخْرَاجِ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ قَدْرُ قِيرَاطٍ مِّنْ اِيمَانٍ

182- إسناده صحيح على شرط البخاري، وليس هو في الموطأ برواية يحيى، وقد تابع معنَ ابنِ عيسى في روايته عن مالك، عبدُ الله بن وهب، وإسماعيل بن أبي أويس، ومن طريق عبد الله بن وهب سيورده المصنف برقم 222 ، ويخرج هناك. ومن طريق إسماعيل بن أبي أويس عن مالك، به: أخرجه البخاري 22 في الإيمان: باب تفاضل أهل الإيمان في الأعمال، والبغوي في شرح السنة 4357 ، وابن منده في الإيمان 821 . وأخرجه أحمد 3/56، والبخاري 6560 في الرقاق: باب صفة الجنة والنار، ومسلم 184 305 في الإيمان، وابن منده 822 من طرق عن وُهَيْبِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، به.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان (قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائے گا): ''اس شخص کو جہنم سے نکال دو جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان موجود ہو''

نبی اکرم ﷺ کی اس سے مراد یہ ہے: ان لوگوں کو ان لوگوں کے بعد میں نکالا جائے گا' جن کے دلوں میں ایمان ایک قیراط کی مقدار جتنا تھا

183- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ رَجَاءِ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدَةَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا مُيِّزَ اَهْلُ الْجَنَّةِ وَاَهْلُ النَّارِ يَدْخُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَاَهْلُ النَّارِ النَّارَ قَامَتِ الرُّسُلُ فَشَفَعُوا فَيُقَالُ اذْهَبُوا فَمَنْ عَرَفْتُمْ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ قِيْرَاطٍ مِّنْ اِيْمَانٍ فَاَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ بَشَرًا كَثِيْرًا ثُمَّ يُقَالُ اذْهَبُوا فَمَنْ عَرَفْتُمْ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ خَرْدَلَةٍ مِّنْ اِيْمَانٍ فَاَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ بَشَرًا كَثِيْرًا ثُمَّ يَقُوْلُ جَلَّ وَعَلَا اَنَا الْاٰنَ اُخْرِجُ بِنِعْمَتِيْ وَبِرَحْمَتِيْ فَيُخْرِجُ اَضْعَافَ مَا اَخْرَجُوا وَاَضْعَافَهُمْ قَدِ امْتَحَشُوْا وَصَارُوْا فَحْمًا فَيُلْقَوْنَ فِيْ نَهْرٍ اَوْ فِيْ نَهْرٍ مِّنْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ فَتَسْقُطُ مُحَاشُهُمْ عَلٰى حَافَةِ ذٰلِكَ النَّهْرِ فَيَعُوْدُوْنَ بِيضًا مِثْلَ الثَّعَارِيْرِ فَيُكْتَبُ فِيْ رِقَابِهِمْ عُتَقَاءُ اللّٰهِ وَيُسَمَّوْنَ فِيْهَا الْجَهَنَّمِيِّيْنَ. (3:80)

الثَّعَارِيْرُ: اَلْقِثَّاءُ الصِّغَارُ قَالَهُ الشَّيْخُ.

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب اہل جنت اور اہل جہنم کو ایک دوسرے سے نمایاں کر دیا جائے گا اور اہل جنت' جنت میں داخل ہو جائیں گے اور اہل جہنم' جہنم میں داخل ہو جائیں گے' تو رسول کھڑے ہوں گے اور وہ شفاعت کریں گے۔

تو یہ کہا جائے گا: تم لوگ جاؤ اور جس شخص کے بارے میں تمہیں یہ لگتا ہے' اس کے دل میں ایک قیراط کے برابر ایمان ہے' تم اسے (جہنم سے نکال دو)

تو وہ لوگ بہت زیادہ لوگوں کو نکال دیں گے' پھر یہ کہا جائے گا: تم لوگ جاؤ اور جس کے بارے میں تمہیں یہ پتہ چلتا ہے' اس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہے' تو تم اسے بھی نکال دو' تو وہ لوگ بہت سے لوگوں کو نکال دیں گے۔

183–وأخرجه أحمد 3/325، 326 عن أبي النضر، عن زهير بن معاوية، بهذا الإسناد وأخرجه أحمد 3/379 مختصرًا من طريق زيد بن الحباب، عن الحسين بن واقد، عن أبي الزبير، حدثني جابر. وهذا سند جيد. وأخرجه أبو عوانة 1/139 من طريقين عن ابن جريج، عن أبي الزبير، عن جابر، بنحوه. وأخرجه مختصرًا مسلم 191 320 في الإيمان: باب أدنى أهل الجنة منزلة، من طريق يزيد الفقير، عن جابر، بنحوه. وللبخاري 6558 في الرقاق، باب صفة الجنة والنار، ومسلم 191 317، وابن أبي عاصم في السنة 842، والآجري في الشريعة 344، وابن خزيمة في التوحيد ص 277، من طرق عن حماد بن زيد، عن عمرو بن دينار، عن جابر مرفوعًا إن الله يخرج قومًا من النار بالشفاعة. وذكره السيوطي في الجامع الطبير 1/90، وزاد نسبته لابن منيع والبغوي في الجعديات. وفي الباب عن أبي سعيد الخدري في الحديث التالي.

AlHidayah - الهداية

(پھر) اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اب میں اپنی نعمت اور رحمت کی وجہ سے (لوگوں کو جہنم سے) نکالوں گا۔
تو ان رسولوں نے جتنے لوگوں کو نکالا تھا' اللہ تعالیٰ اس سے کئی گنا زیادہ لوگوں کو جہنم سے نکالے گا۔
وہ لوگ جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے' انہیں نہر میں ڈالا جائے گا۔
(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جنت کی ایک نہر میں ڈالا جائے گا' تو ان کا جلا ہوا حصہ اس نہر کے کنارے پر گر پڑے گا اور وہ لوگ "ثعاریر" کی مانند سفید ہو جائیں گے' ان کی گردنوں پر یہ لکھا جائے گا: یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزاد کئے ہوئے ہیں اور (جنت میں) ان کا نام جہنمی ہوگا۔
امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ثعاریر" ایک چھوٹی قسم کا پھول ہوتا ہے۔
یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّهُمْ يَعُوْدُوْنَ بِيضًا بَعْدَ اَنَّ كَانُوْا فَحمًا يَرُشُّ اَهْلُ الْجَنَّةِ عَلَيْهِمُ الْمَاءَ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق وہ لوگ پہلے کوئلہ ہو جانے کے بعد دوبارہ سفید ہو جائیں گے اور اہل جنت ان پر پانی چھڑکیں گے

184 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ اَبِيْ مَسْلَمَةَ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَمَّا اَهْلُ النَّارِ الَّذِيْنَ هُمْ اَهْلُهَا فَاِنَّهُمْ لَا يَمُوْتُوْنَ فِيْهَا وَلَا يَحْيَوْنَ وَلٰكِنْ نَاسٌ اَصَابَتْهُمُ النَّارُ بِذُنُوْبِهِمْ اَوْ قَالَ بِخَطَايَاهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا فَحمًا اُذِنَ فِي الشَّفَاعَةِ فَجِيءَ بِهِمْ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ فَبُثُّوْا عَلٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ قِيْلَ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ اَفِيْضُوْا عَلَيْهِمْ قَالَ فَيَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحِبَّةِ تَكُوْنُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: كَاَنَّهُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالبادية. (3:80)

207 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ عَنِ ابْنِ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ حَدَّثَنِيْ جُنَادَةُ بْنُ اَبِيْ اُمَيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):مَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ وَاَنَّ عِيْسٰى عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ وَكَلِمَتُهُ اَلْقَاهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِنْهُ وَاَنَّ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ حَقٌّ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ شَاءَ. (1:2)

✿ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:
''جو شخص اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ وہی ایک معبود ہے' اس کا کوئی شریک نہیں ہے' اور حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندے' اس کے رسول اور اس کا کلمہ ہیں' جو اس نے سیدہ مریم رضی اللہ عنہا کی طرف القاء کیا تھا' اور اس کی طرف سے آنے والی روح ہیں' جنت اور جہنم حق ہیں' تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کر دے گا کہ وہ جنت کے آٹھ دروازوں میں سے' جس میں سے چاہے' جنت میں داخل ہو جائے۔''

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ شَهِدَ بِالرِّسَالَةِ لَهُ وَعَلٰى مَنْ اَبٰى ذٰلِكَ

نبی اکرم ﷺ کے اس شخص کو دعا دینے کا تذکرہ جو آپ کی رسالت کی گواہی دیتا ہے اور اس شخص کے خلاف دعائے ضرر کرنا' جو اس حوالے سے انکار کرتا ہے

208- إسناده صحيح، صفوان بن صالح: وثقه غير واحد، وأخرج له أصحاب السنن وباقي السند من رجال الشيخين، وأخرجه أحمد 5/314، والبخاري 3435 في أحاديث الأنبياء: باب قوله: (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ) عن صدقة بن الفضل، ومسلم 28 في الإيمان: باب من مات على الإيمان دخل الجنة قطعًا . وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة 1130 ، وأبو عوانة 1/6، وابن منده 45 و 404 من طرق عن ابن جابر، به. وأخرجه أحمد 5/313، والبخاري 3435 ومن طريقه البغوي في شرح السنة 55 عن صدقة بن الفضل، وأبو عوانة 1/6 .

208 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيْدُ بْنُ اَبِي اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي هَانِئٍ عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الْجَنْبِيِّ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ مَنْ اٰمَنَ بِكَ وَشَهِدَ اَنِّي رَسُوْلُكَ فَحَبِّبْ اِلَيْهِ لِقَاءَكَ وَسَهِّلْ عَلَيْهِ قَضَاءَكَ وَاَقْلِلْ لَهُ مِنَ الدُّنْيَا وَمَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِكَ وَلَمْ يَشْهَدْ اَنِّي رَسُوْلُكَ فَلَا تُحَبِّبْ اِلَيْهِ لِقَاءَكَ وَلَا تُسَهِّلْ عَلَيْهِ قَضَاءَكَ وَاَكْثِرْ لَهُ مِنَ الدُّنْيَا. (5:12)

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اے اللہ! جو شخص تجھ پر ایمان لائے' اور اس بات کی گواہی دے کہ میں تیرا رسول ہوں' تو اپنی بارگاہ میں حاضری اس کے لئے محبوب کر دے اور اپنے فیصلے (یعنی موت کو) اس کے لئے آسان کر دے اور دنیا کو اس کے لئے تھوڑا کر دے اور جو شخص تجھ پر ایمان نہ لائے' اور اس بات کی گواہی نہ دے کہ میں تیرا رسول ہوں' تو اپنی بارگاہ میں حاضری کو اس کے نزدیک محبوب نہ کرنا اور تو اپنے فیصلے (یعنی اس شخص کی موت) کو اس کے لئے آسان نہ کرنا اور اس کے لئے (دنیا کی) پریشانیاں اور مشکلات کو زیادہ کر دینا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الدَّرَجَاتِ فِي الْجِنَانِ لِمَنْ صَدَّقَ الْاَنْبِيَاءَ وَالْمُرْسَلِينَ عِنْدَ شَهَادَتِهِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِالْوَحْدَانِيَّةِ

جو شخص اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دینے کے ہمراہ انبیاء و مرسلین کی تصدیق کرتا ہے' اس کے لئے جنتوں میں درجات کی صفت کا تذکرہ

209 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا وَصِيفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ بِاَنْطَاكِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

208- إسناده صحيح، يزيد وهو ابنُ خالد بن يزيد بن عبد الله بن موهب ثقة، وما فوقه من رجال الصحيح، وأبو هانىء: هو حميد بن هانىء، وأبو علي: هو عمرو بن مالك الهمداني الجنبي. وأخرجه الطبراني في الكبير /18 808 من طريق ابن وهب، بهذا الإسناد.

209- إسناده حسن، رجاله ثقات خلا أيوب بن سُوَيد، وأخرجه الطبراني في الكبير /18 808 من طريق ياسين بن عبد الأحد المصري، عن أيوب بن سويد، بهذا الإسناد. وأخرجه مختصرًا أحمد 5/340، والبخاري 6555 في الرقاق: باب صفة الجنة والنار، ومسلم 2830 في الجنة وصفة نعيمها: باب ترائي أهل الجنة أهل الغرف . وأخرجه البخاري 3256 في بدء الخلق: باب ما جاء في صفة الجنة، ومسلم 2831 من طرق عن مالك، عن صفوان بن سليم، عن عطاء بن يسار، عن أبي سعيد الخدري. قلت: وأخرجه الطبراني 5740 و 5762 و 5878 و 5940 و 5998 من طرق عن أبي حازم، عن سهل بن سعد. وفي الباب عن أبي هريرة عند أحمد 2/339، والترمذي 2556 في صفة الجنة: باب ما جاء في ترائي أهل الجنة في الغرف.

AlHidayah - الهداية

(متن حدیث): إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ يَرَوْنَ أَهْلَ الْغُرَفِ كَمَا تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ الْغَابِرَ فِي الْأُفُقِ مِنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لِتَفَاضُلِ مَا بَيْنَهُمَا قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ تِلْكَ مَنَازِلُ الْأَنْبِيَاءِ لَا يَبْلُغُهَا غَيْرُهُمْ قَالَ: بَلٰى وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ رجال آمنوا بالله وصدقوا المرسلين . (1:2)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اہل جنت بالا خانے میں (یعنی اپنے سے اوپر کے مرتبے میں رہنے والے لوگوں) کو یوں دیکھیں گے جس طرح تم لوگ مشرق یا مغرب کے اُفق میں چمکتے ہوئے ستارے کو دیکھتے ہو اس کی وجہ یہ ہے ان دونوں درجات میں رہنے والے لوگوں کے درمیان اتنا فرق ہوگا''۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا یہ انبیاء کی مخصوص منازل ہوں گی؟ جہاں کوئی دوسرا نہیں پہنچ سکے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جی ہاں۔

اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ کچھ لوگ ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائیں گے اور انہوں نے رسولوں کی تصدیق کی ہوگی۔ (تو انہیں اس کا یہ اجر و ثواب ملے گا)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجَنَّةَ اِنَّمَا تَجِبُ لِمَنْ اَتٰى بِمَا وَصَفْنَا مِنْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَرَنَ ذٰلِكَ بِسَائِرِ الْعِبَادَاتِ الَّتِيْ هِيَ اَعْمَالٌ بِالْاَبْدَانِ لَا اَنَّ مَنْ اَتٰى بِالْاِقْرَارِ دُوْنَ الْعَمَلِ تَجِبُ الْجَنَّةُ لَهٗ فِيْ كُلِّ حَالٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جنت اس شخص کے لئے واجب ہو جاتی ہے جو ان امور کو سرانجام دیتا ہے ایمان کے جن شعبوں کا ہم نے ذکر کیا ہے اور اس کے ہمراہ ان تمام عبادات کو ملا دیتا ہے جو جسم کے اعمال ہیں

ایسا نہیں ہے کہ جو شخص اقرار کر لیتا ہے لیکن عمل نہیں کرتا اس کے لئے بہرصورت جنت واجب ہو جائے

210- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الشَّرْقِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ زَاجُ قَالَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: اَنْ يَّعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهٖ ، قَالَ: فَمَا حَقُّهُمْ عَلَى اللّٰهِ اِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ ؟ قَالُوْا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: يَغْفِرُ لَهُمْ ولا يعذبهم . (1:2)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ بِاَنَّ الْاَخْبَارَ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ كُلُّهَا مُخْتَصَرَةٌ غَيْرُ مُتَقَصَّاةٍ وَاَنَّ بَعْضَ شُعَبِ الْاِيْمَانِ اِذَا اَتَى الْمَرْءُ بِهٖ لَا تُوْجِبُ لَهُ الْجَنَّةَ فِيْ دَائِمِ الْاَوْقَاتِ اَلَا تَرَاهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ حَقَّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ اَنْ يَّعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَعِبَادَةُ اللّٰهِ

AlHidayah - الهداية

جَلَّ وَعَلا اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيقٌ بِالْقَلْبِ وَعَمَلٌ بِالْاَرْكَانِ ثُمَّ الْمُسْلِمُوْنَ لَمَّا سَأَلُوهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَقِّهِمْ عَلَى اللّٰهِ فَقَالُوْا فَمَا حَقُّهُمْ عَلَى اللّٰهِ اِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ وَلَمْ يَقُوْلُوْا فَمَا حَقُّهُمْ عَلَى اللّٰهِ اِذَا قَالُوْا ذٰلِكَ وَلَا اَنْكَرَ عَلَيْهِمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ فَفِيمَا قُلْنَا اَبْيَنُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجَنَّةَ لَا تَجِبُ لِمَنْ اَتٰى بِبَعْضِ شُعَبِ الْاِيْمَانِ فِيْ كُلِّ الْاَحْوَالِ بَلْ يُسْتَعْمَلُ كُلُّ خَبَرٍ فِيْ عُمُوْمِ مَا وَرَدَ خِطَابُهٗ عَلٰى حَسَبِ الْحَالِ فِيْهِ عَلٰى مَا ذكرناه قبل

❁ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اللہ تعالیٰ کا بندوں پر کیا حق ہے؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ کہ لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب وہ لوگ ایسا کریں' تو پھر ان لوگوں کا اللہ تعالیٰ پر کیا حق ہوگا؟

لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (یہ کہ) اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کردے اور ان کو عذاب نہ دے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ وہ روایات جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں وہ مختصر ہیں وہ تفصیلی نہیں ہیں' اور ایمان کے بعض شعبے ایسے ہیں کہ جب آدمی ان کا ارتکاب کرتا ہے' تو تمام اوقات میں اس کے لئے جنت واجب نہیں ہوتی۔ کیا آپ نے غور نہیں کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے بندوں پر اللہ حق قرار دیا ہے کہ وہ اس کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں۔

210- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه الطيالسى 565 ، ومن طريقه أبو عوانة 1/16، وابن منده 107 عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 20546 ومن طريقه الطبرانى فى الكبير /20 254 والبغوى فى شرح السنة 48 عن معمر، وأحمد 5/228 من طريق إسرائيل، والطيالسى 565 ، والبخارى 2856 فى الجهاد: باب اسم الفرس والحمار، ومسلم 30 49 فى الإيمان: باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعًا، وأبو عوانة 1/61، وابن منده 108 ، والطبرانى /20 256 من طريق أبى الأحوص سلاّم بن سليم، والترمذى 2643 فى الإيمان: باب ما جاء فى افتراق هذه الأمة، وابن منده 106 من طريق سفيان، والنسائى فى العلم من الكبرى كما فى التحفة 8/411، 412 من طريق عمار بن زريق، خمستهم عن أبى إسحاق، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/242، والبخارى 5967 فى اللباس: باب إرداف الرجل خلف الرجل، و 6267 فى الاستئذان: باب من أجاب بلبيك أو سعديك، و 6500 فى الرقاق: باب من جاهد نفسه فى طاعة الله، ومسلم 30 48 فى الإيمان، وأبو عوانة 1/17، وابن منده فى الإيمان 92 من طرق عن همام، عن قتادة، عن أنس بن مالك، عن معاذ. وأخرجه أحمد 5/229، 230، والبخارى 7373 فى التوحيد: باب ما جاء فى دعاء النبى صلى الله عليه وآله وسلم أمته إلى توحيد الله، ومسلم 30، 50 و 51 فى الإيما، وأبو عوانة 1/16، 17، وابن منده فى الإيمان 106 و 109 و 110 من طرق عن أبى حصين والأشعث ابن سُليم، عن الأسود بن هلال، عن معاذ ... وأخرجه من طرق عن معاذ بن جبل: البخاريُّ فى الأدب المفرد 943 ، وأحمد 5/230 و234 و236 و238، وابن ماجة 4296 فى الزهد: باب ما يرجى من رجمة الله يوم القيامة، وابن منده 92 و 102 و 105 ، والطبراني /10 81 و 83 و 84 و 85 و 86 و 87 و 88 و 140 و 245 و 273 و 274 و 275 و 276 و 317 و 318 و 319 و 320 و 372 .

اوراللہ کی عبادت زبان کے ذریعے اقرار دل کے ذریعے تصدیق اوراعضاء کے ذریعے عمل ہے۔

پھر مسلمانوں نے جب نبی اکرم ﷺ سے اللہ تعالیٰ پر اپنے حق کے بارے میں دریافت کیا انہوں نے دریافت کیا ان لوگوں کا اللہ تعالیٰ پر کیا حق ہوگا جب وہ ایسا کریں۔

ان لوگوں نے یہ نہیں کہا: ان لوگوں کا اللہ تعالیٰ پر کیا حق ہوگا جب وہ یہ کہہ دے۔

اور نبی اکرم ﷺ نے ان الفاظ کا انکار بھی نہیں کیا۔

تو ہم نے جو یہ بات بیان کی ہے اس میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ جنت اس شخص کے لئے واجب نہیں ہوتی ہے جو ایمان کے کچھ شعبوں کو تمام حالتوں میں بجالاتا ہے بلکہ ہر روایت کا اپنا عموم ہوتا ہے اوراس کے حکم کا مخصوص پس منظر ہوتا ہے۔

جیسا کہ ہم پہلے یہ بات ذکر کر چکے ہیں۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الشَّفَاعَةِ لِمَنْ مَّاتَ مِنْ اُمَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی اُمت میں سے جو شخص ایسی حالت میں مرجائے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو اس کے لئے شفاعت واجب ہونے کا تذکرہ

211 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِى الْمَلِيحِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): عَرَّسَ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَافْتَرَشَ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا ذِرَاعَ رَاحِلَتِهِ قَالَ فَانْتَبَهْتُ فِىْ بَعْضِ اللَّيْلِ فَاِذَا نَاقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ قُدَّامَهَا اَحَدٌ فَانْطَلَقْتُ اَطْلُبُ رسول لله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَيْسٍ قَائِمَانِ فَقُلْتُ: اَيْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَا: لَا نَدْرِىْ غَيْرَ اَنَّا سَمِعْنَا صَوْتًا بِاَعْلَى الْوَادِىْ فَاِذَا مِثْلُ هَدِيْرِ الرَّحٰى قَالَ: فَلَبِثْنَا

211- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير عبد الواحد بن غياث، وأخرجه أحمد 6/28، والترمذى 2441 فى صفة القيامة، والطبرانى /18 134 من طرق، عن أبى عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسى 998، وأحمد 6/29، والترمذى 2441 فى صفة القيامة، وابن خزيمة فى التوحيد ص 264 و265، وابن منده فى الإيمان 925 من طرق عن قتادة، به. وأخرجه الطبرانى /18 133 من طريق أبى قلابة، عن أبى المليح، به. وأخرجه عبد الرزاق فى المصنف 20865، وابن خزيمة فى التوحيد ص 267، والطبرانى فى الكبير /18 136 و 137 و 138 من طرق. وأخرجه أحمد 6/23، وابن ماجة 4317 فى الزهد: باب ذكر الشفاعة، وابن خزيمة فى التوحيد ص 263 و268، والطبرانى /18 135 من طرق عن عوف بن مالك. وصححه الحاكم 1/67 من طريق خالد بن عبد الله الواسطى، عن حميد بن هلال، عن أبى بردة، عن عوف. وأورده الهيثمى فى المجمع 10/369-370 مطولًا، وقال: رواه الطبرانى بأسانيد رجال بعضها ثقات. وفى الباب عن أبى موسى عند أحمد 4/404، 415، وابن خزيمة فى التوحيد ص 267، وابن منده فى الإيمان 2/870، وعن أبى موسى ومعاذ عند أحمد 5/232، وعن أبى هريرة عند ابن خزيمة فى التوحيد ص 260.

AlHidayah - الهداية

يَسِيْرًا ثُمَّ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّهُ اَتَانِيْ مِنْ ربى ات فيخبرنى بِاَنْ يَّدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ وَاِنِّي اخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ وَالصُّحْبَةِ لَمَا جَعَلْتَنَا مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِكَ قَالَ: فَاَنْتُمْ مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِيْ قَالَ: فَلَمَّا رَكِبُوا قَالَ: فَاِنِّيْ اُشْهِدُ مَنْ حَضَرَ اَنَّ شَفَاعَتِيْ لِمَنْ مَّاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شيئا من أمتى .

❁❁ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت پڑاؤ کیا' ہم میں سے ہر شخص نے اپنی سواری کی بازو کو بچھالیا (یعنی آرام کرنے لگا)

راوی کہتے ہیں: رات کے کسی حصے میں' میں بیدار ہوا' میں نے دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کے سامنے کوئی موجود نہیں ہے۔

میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرنے کے لئے نکلا تو مجھے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ کھڑے نظر آئے۔ میں نے دریافت کیا: اللہ کے رسول کہاں ہیں؟

ان دونوں نے جواب دیا: ہمیں نہیں معلوم' البتہ ہم نے وادی کے بالائی حصے کی طرف سے ایک آواز سنی ہے۔

وہ چکی چلنے کی آواز کی مانند تھی۔

راوی کہتے ہیں: ہم کچھ دیر وہیں ٹھہرے رہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے آپ نے ارشاد فرمایا: میرے پروردگار کی طرف سے ایک فرشتہ میرے پاس آیا اور اس نے مجھے میری اُمت کے نصف حصے کے حساب اور شفاعت کے بغیر جنت میں داخل ہو جانے (یا مطلق طور پر مجھے) شفاعت کرنے کے بارے میں اختیار دیا' تو میں نے شفاعت کو اختیار کرلیا۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر' اپنے ساتھ کا واسطہ دے کر یہ گزارش کرتے ہیں' آپ ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کرلیں' جو آپ کی شفاعت کے اہل ہوں گے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ میری شفاعت کے اہل ہو گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب وہ لوگ سوار ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں یہاں موجود تمام لوگوں کو اس بات کا گواہ بناتا ہوں کہ میری شفاعت میری اُمت کے ہر فرد کو نصیب ہو گی' جو ایسی حالت میں مرے گا کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ سمجھتا ہو''۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْجَنَّةَ وَاِيْجَابِهَا لِمَنْ اٰمَنَ بِهٖ ثُمَّ سَدَّدَ بَعْدَ ذٰلِكَ

جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے' اور اس کے بعد سیدھا راستہ اختیار کرے' اللہ تعالیٰ کا اس کے لئے جنت کو نوٹ کر لینا اور اس کے لئے جنت کو واجب کر دینا

212 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ

حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي هِلَالُ بْنُ اَبِي مَيْمُونَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ: حَدَّثَنِي رِفَاعَةُ بْنُ عَرَابَةَ الْجُهَنِيُّ قَالَ

(متن حدیث): صَدَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ فَجَعَلَ نَاسٌ يَسْتَاْذِنُونَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَاْذَنُ لَهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَالُ شِقِّ الشَّجَرَةِ الَّتِي تَلِي رَسُوْلَ اللّٰهِ اَبْغَضَ اِلَيْكُمْ مِنَ الشِّقِّ الْاٰخَرِ قَالَ: فَلَمْ نَرَ مِنَ الْقَوْمِ اِلَّا بَاكِيًا قَالَ يَقُوْلُ اَبُو بَكْرٍ اِنَّ الَّذِي يَسْتَاْذِنُكَ بَعْدَ هٰذَا لَسَفِيهٌ فِي نَفْسِي فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَكَانَ اِذَا حَلَفَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ اَشْهَدُ عِنْدَ اللّٰهِ مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ ثُمَّ يُسَدِّدُ اِلَّا سُلِكَ بِهِ فِي الْجَنَّةِ وَلَقَدْ وَعَدَنِي رَبِّي اَنْ يُدْخِلَ مِنْ اُمَّتِي الْجَنَّةَ سَبْعِينَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلَا عَذَابٍ وَاِنِّي لَاَرْجُو اَنْ لَا يَدْخُلُوهَا حتى تتبوؤوا اَنْتُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَذَرَارِيكُمْ مَسَاكِنَ فِي الْجَنَّةِ ثُمَّ قَالَ: اِذَا مَضٰى شَطْرُ اللَّيْلِ اَوْ ثُلُثَاهُ يَنْزِلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ لَا اَسْاَلُ عَنْ عِبَادِي غَيْرِي مَنْ ذَا الَّذِي يَسْاَلُنِي فَاُعْطِيَهُ مَنْ ذَا الَّذِي يَسْتَغْفِرُنِي فَاَغْفِرَ لَهُ مَنْ ذَا الَّذِي يَدْعُونِي فَاَسْتَجِيبَ لَهُ حَتّٰى يَنْفَجِرَ الصبح . (3:66)

✿✿ حضرت رفاعہ بن عرابہ جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مکہ سے واپس آ رہے تھے۔ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لینی شروع کی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت عطا کرنا شروع کی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کیا وجہ ہے' اللہ کے رسول کی طرف والا درخت کا حصہ' تمہارے نزدیک دوسرے کے مقابلے میں زیادہ ناپسندیدہ ہے''۔

(یعنی تم لوگ میرے ساتھ نہیں چلنا چاہ رہے)

راوی کہتے ہیں: حاضرین میں سے ہر شخص مجھے روتا ہوا نظر آیا۔

راوی کہتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ کہنا شروع کیا' میرے خیال میں اس کے بعد آپ سے جو شخص اجازت مانگے گا' وہ بے وقوف ہوگا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے' آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی۔

آپ جب بھی قسم اٹھاتے تھے' تو یہ کہتے تھے: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے''۔

212– إسناده صحيح على شرط البخاري، وأخرجه أحمد 4/16، وابنُ ماجة مختصرًا 4285 في الزهد: باب صفة أمة محمد صلى الله عليه وآله وسلم، والطبراني 4556 من طرق عن الأوزاعي، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي 1291 و01292 ، وأحمد 4/16، والبزار 3543 والطبراني 4559 من طرق عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، به. وأخرجه أحمد 4/16، والطبراني 4557 و 4557 و 4560 من طرق عن يحيى بن أبي كثير، به. ونصفه الثاني وهو من قوله: إذا مضى شطر الليل .. إلخ أخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة 475 ، وابن ماجة 1367 في إقامة الصلاة: باب ما جاء في أي ساعات الليل أفضل، من طرق عن الأوزاعي، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في المجمع 10/408، وقال: رواه الطبراني والبزار بأسانيد، ورجال بعضها عند الطبراني والبزار رجال الصحيح.

(آپ نے فرمایا): ''میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ تم میں سے جو شخص بھی اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہوا اس کے بعد وہ ٹھیک رہے۔ (یعنی اسلامی احکام پر عمل کرتا رہے) تو وہ شخص جنت میں داخل ہوگا۔

میرے پروردگار نے مجھ سے یہ وعدہ کیا ہے' وہ میری اُمت کے ستر ہزار افراد کو حساب اور عذاب کے بغیر جنت میں داخل کرے گا اور مجھے یہ اُمید ہے' وہ لوگ اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہوں گے' جب تک تم لوگ اور تمہارے نیک بیوی بچے جنت میں اپنے ٹھکانوں پر پہنچ نہیں جاتے''۔

نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''جب نصف رات۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جب رات ہو جاتی ہے' تو اللہ تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف نزول کرتا ہے' اور فرماتا ہے:

میں اپنے بندوں سے اپنے علاوہ کسی اور کے بارے میں دریافت نہیں کرتا۔ کون شخص ہے' جو مجھ سے مانگتا ہے' تو میں اسے عطا کروں۔

کون شخص ہے' جو مجھ سے مغفرت طلب کرے' تو میں اس کی مغفرت کردوں۔

کون شخص ہے' جو مجھ سے دعا کرتا ہے' تو میں اس کی دعا قبول کروں''۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) ایسا صبح صادق تک ہوتا رہتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ حَلَّتِ الْمَنِيَّةُ بِهٖ وَهُوَ لَا يَجْعَلُ مَعَ اللّٰهِ ندا

ان روایات کا تذکرہ' جن کے مطابق جنت اس شخص کے لئے واجب ہو جاتی ہے جو ایسی حالت میں فوت ہوتا ہے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک قرار نہ دیتا ہو

213 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا محمد بن الحسن بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ وَسُلَيْمَانَ وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالُوا سَمِعْنَا زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَتَانِي جِبْرِيلُ فَبَشَّرَنِي اَنَّهُ مَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِي لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ.

قَالَ سُلَيْمَانُ: فَقُلْتُ لِزَيْدٍ: اِنَّمَا يُرْوٰى هٰذَا عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ. (3:42)

213- إسناده صحيح، خلاد بن أسلم: ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة برقم 1121 عن عبدة بن عبد الرحيم، عن النضر بن شميل، بهذا الإسناد. وقد أورده المؤلف برقم 169 من طريق أبي داوُد الطيالسي، عن شعبة، بهذا الإسناد. وتقدم تخريجه هناك، مع ذكر طرقه في الكتاب2. تقدم تخريجه من حديث أبي الدرداء عقب حديث 170.

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَّاتَ مِنْ اُمَّتِیْ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ يُرِيْدُ بِهِ اِلَّا اَنْ يرتكب شيئا أو عدته عَلَيْهِ دُخُوْلَ النَّارِ.

وَلَـهُ مَعْنًى اٰخَرُ وَهُوَ اَنَّ مَنْ لَمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَمَاتَ دَخَلَ الْجَنَّةَ لَا مَحَالَةَ وَاِنْ عُذِّبَ قَبْلَ دخوله إياها مدة معلومة.

❁❁ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جبرائیل میرے پاس آئے اورانہوں نے مجھے یہ خوشخبری دی کہ میری اُمت کا جو بھی شخص ایسی حالت میں مرے گا کہ وہ کسی کواللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو'تو وہ جنت میں داخل ہوگا' اگر چہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو'اوراس نے چوری کی ہو''۔

سلیمان نامی راوی کہتے ہیں: میں نے زید نامی راوی سے کہا: یہ روایت تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کی گئی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''میری امت کا جو شخص ایسی حالت میں مرے گا کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو'تو وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

اس سے مراد یہ ہے:اس نے کسی ایسی چیز کا ارتکاب نہ کیا ہو'جس کے حوالے سے میں نے جہنم میں داخل ہونے کی وعید سنائی ہو۔

اس کا دوسرا مطلب یہ ہوگا کہ جو شخص کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہراتا اور وہ اس حالت میں مرجاتا ہے وہ لامحالہ طور پر جنت میں داخل ہوگا' اگر چہ اس کے جنت میں داخل ہونے سے پہلے اسے ایک متعین مدت تک عذاب دیا جائے۔

214 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حدثنا على بن الجعد قال أَخْبَرَنَا بن ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَعَنْ عُمَيْرِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ اَنَّهُ سَمِعَ مُعَاذَ بن جبل عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):قُلْتُ: حَدِّثْنِيْ بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ قَالَ: بَخٍ بَخٍ سَاَلْتَ عَنْ اَمْرٍ عَظِيْمٍ وَهُوَ يَسِيْرٌ لِمَنْ يَّسَّرَهُ اللّٰهُ بِهِ تُقِيْمُ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوْبَةَ وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ وَلَا تُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا . (1:11)

214- إسناده حسن. ابن ثوبان: صدوق يخطىء. وباقى رجاله ثقات. وأخرجه الطبرانى فى الكبير /20 122 من طريق أحمد. وأخرجه من طرق عن عبد الرحمٰن بن غنم، عن معاذ: أحمد 5/245، والبزار 1653 و 1654، والطبرانى /20 115 و 137 و 141. وأخرجه من طرق عن معاذ بن جبل: الطيالسى 560، وابن أبى شيبة 7/11-8، وعبد الرزاق 20303، وأحمد 5/231 و237، والترمذى 2616 فى الإيمان: باب ما جاء فى حرمة الصلاة، والنسائى فى التفسير كما فى التحفة 8/399، وابن ماجة 3973 فى الفتن: باب كف اللسان فى الفتنة، والطبرانى /20 266 و 291 و 292 و 293 و 294 و 304 و 305، والبغوى فى شرح السنة 11.

AlHidayah - الهداية

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰہ تعالی عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا، اَرَادَ بِهِ الْاَمْرَ بِتَرْكِ الشِّرْكِ.

❁❁ عبدالرحمٰن بن غنم بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہوئے سنا' حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: آپ مجھے ایسے کسی عمل کے بارے میں بتائیے' جو مجھے جنت میں داخل کردے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے بڑی چیز کے بارے میں دریافت کیا ہے اور یہ اس کے لئے آسان ہے' جس کے لئے اللہ تعالیٰ اسے آسان کردے۔

''تم فرض نمازیں ادا کرو' زکوٰۃ ادا کرو اور (کسی کو) اللہ کا شریک نہ ٹھہراؤ۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''تم کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراؤ''

اس سے مراد شرک کو ترک کرنے کا حکم دینا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ يَجْمَعُ فِي الْجَنَّةِ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَقَاتِلِهِ مِنَ الْكُفَّارِ اِذْ سَدَّدَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاَسْلَمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ جنت میں مسلمان اور اس کے کافر قاتل کو جمع کردے گا' جبکہ وہ کافر شخص بعد میں سیدھا راستہ اختیار کرے اور اسلام قبول کرلے

215 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَضْحَكُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ وَكِلَاهُمَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلُ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُسْتَشْهَدُ. (3:67)

215- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البغوى فى شرح السنة 2632 من طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر، بهذا الإسناد. وهو فى الموطأ 2/460 فى الجهاد: باب الشهداء فى سبيل الله، ومن طريق مالك أخرجه البخارى 2826 فى الجهاد: باب الكافر يقتل المسلم، ثم يسلم، والنسائى 6/39 فى الجهاد: باب اجتماع القاتل والمقتول فى سبيل الله فى الجنة، وفى النعوت من الكبرى كما فى التحفة 10/194، والآجرى فى الشريعة ص 277، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص 467-468، وفى السنن 9/165، وابن خزيمة فى التوحيد ص.234 وأخرجه مسلم 1890 فى الإمارة: باب بيان الرجلين يقاتل أحدهما الآخر يدخلان الجنة، وابن ماجة 191 فى المقدمة: باب فيما أنكرت الجهمية، وابن خزيمة فى التوحيد ص 234، والآجرى فى الشريعة ص 278، من طريق سفيان، عن أبى الزناد، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق 20280 ومن طريقه مسلم 1890 129 ، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص 468وفى السنن 9/165، وابن خزيمة ص 234 و235، والآجرى ص 278، والبغوى 2633 عن معمر، وأخرجه الدارقطنى فى كتاب الصفات 31 ، وابن خزيمة فى التوحيد ص 234 من طريق أبى المغيرة.

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ ایسے دو آدمیوں پر مسکرا دیتا ہے' جن میں سے ایک دوسرے کو قتل کر دیتا ہے' اور وہ دونوں جنت میں داخل ہوں گے۔ ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے قتل ہو جاتا ہے' پھر اللہ تعالیٰ قاتل کو توبہ کی توفیق دیتا ہے' اور وہ بھی اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے جام شہادت نوش کر لیتا ہے''۔

ذِكْرُ اَمْرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِتَالِ النَّاسِ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرنے کا حکم دیا ہے' جب تک وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان نہ لے آئیں

216 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِىْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ أبو بكر رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ بَعْدَهُ وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ قَالَ عُمَرُ: يَا اَبَا بَكْرٍ كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّىْ مَالَهُ وَنَفْسَهُ اِلَّا بِحَقِّهِ وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ ؟ قَالَ أبا بكر رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: وَاللّٰهِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ فَاِنَّ الزَّكَاةَ مِنْ حَقِّ الْمَالِ وَوَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِىْ عَنَاقًا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهَا قَالَ عُمَرُ: فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ رَاَيْتُ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ شَرَحَ صَدْرَ أبى بكر لقتال عرفت أنه الحق. (3:7)

❁ عبید اللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا اور آپ کے بعد حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے' تو عربوں سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں نے کفر کیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے حضرت ابو بکر! آپ لوگوں کے ساتھ کیسے جنگ کریں گے؟ جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے' میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کروں' جب تک وہ یہ اعتراف نہ کر لیں کہ اللہ

216- إسناده صحيح؛ عمرو بن عثمان بن سعيد: صدوق، وأبوه ثقة، وباقي السند على شرطهما وأخرجه النسائي 6/5 في الجهاد: باب وجوب الجهاد و 7/78 في تحريم الدم، من طريق عثمان بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 1399 في الزكاة: باب وجوب الزكاة، و 1456 في الزكاة: باب أخذ العناق في الصدقة، وابن منده في الإيمان 215، والبيهقي في السنن 4/104، من طريق أبي اليمان، والنسائي 6/5 من طريق بقية، كلاهما عن شعيب بن أبي حمزة، به. وأخرجه عبد الرزاق 18718 عن معمر، وأحمد 2/528 من طريق محمد بن أبي حفصة، و 2/423، والنسائي 7/77 في تحريم الدم، من طريق سفيان بن حسين، والنسائي 6/5، وابن منده في الإيمان 216 من طريق محمد بن الوليد الزبيدي، أربعتهم عن الزهري، به. وسيورده المصنف في الرواية التالية من طريق عقيل عن الزهري، ويأتي تخريجها في موضعها.

AlHidayah - الهداية

تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو شخص یہ کہہ دے: اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو وہ اپنے مال اور اپنی جان کو مجھ سے محفوظ کرلیں گے' البتہ اس کے حق کا معاملہ مختلف ہے' اس کا حساب اللہ کے ذمے ہوگا''۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں ایسے شخص کے ساتھ جنگ کروں گا' جو نماز اور زکوٰۃ کے درمیان فرق کرے گا۔ بے شک زکوٰۃ مال کا حق ہے اللہ کی قسم! اگر وہ مجھے کوئی ایسا بکری کا بچہ دینے سے انکار کریں' جو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ادا کیا کرتے تھے' تو میں ان کے اس انکار کرنے پر بھی ان سے جنگ کروں گا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اندازہ لگالیا کہ جنگ کے حوالے سے اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو شرح صدر عطا کیا ہے' اور مجھے یہ پتہ چل گیا کہ یہی بات درست ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْخَيِّرَ الْفَاضِلَ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ قَدْ يَخْفٰى عَلَيْهِ مِنَ الْعِلْمِ بَعْضُ مَا يُدْرِكُهُ مَنْ هُوَ فَوْقَهُ فِيهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اہل ایمان میں سے بہترین فضیلت والے شخص سے بھی' بعض اوقات علم کی کوئی بات مخفی رہ جاتی ہے' جس کا علم اس شخص کو ہوتا ہے' جو اس حوالے سے اس سے بلند مرتبے کا مالک ہو

217 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ قَالَ عمر رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لِاَبِي بَكْرٍ: كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّي مَالَهُ وَنَفْسَهُ اِلَّا بحقه وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰه تعالى عَنْهُ: وَاللّٰهِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ فَاِنَّ الزَّكَاةَ حَقُّ الْمَالِ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِي عِقَالًا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهِ.

قَالَ عُمَرُ: فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ رَاَيْتُ اللّٰهَ شَرَحَ صَدْرَ اَبِي بَكْرٍ لِلْقِتَالِ عرفت أنه الحق. (3:7)

217- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخارى 7284 و 7285 باب الاقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، ومسلم 20 فى الإيمان، وأبو داؤد 1556 فى الزكاة، والترمذى 2607 فى الإيمان: باب ما جاء اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لا إله إلا الله، والنسائى 5/14 فى الزكاة: باب مانع الزكاة، و 7/77 فى تحريم الدم، وابن منده فى الإيمان 24 ، والبيهقى فى السنن 7/4 و4/104 و8/176 و9/182 كلهم من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 6024 فى استتابة المرتدين: باب قتل من أبى قبول الفرائض، والبيهقى فى السنن 4/114 و7/3 من طريق يحيى بن بكير، عن الليث، بهذا الإسناد. وتقدم قبله من طريق شعيب بن أبى حمزة، عن الزهرى، به، فانظر تخريجه ثمت.

AlHidayah - الهداية

❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بن گئے اور عربوں سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں نے کفر کیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ان لوگوں کے ساتھ کیسے جنگ کریں گے؟ جب کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے' میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرتا رہوں' جب تک وہ یہ نہیں کہہ دیتے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جو شخص یہ کہہ دے: اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ اپنے مال اور اپنی جان کو مجھ سے محفوظ کر لے گا' البتہ اس کے حق کا معاملہ مختلف ہے۔ اور اس شخص کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا"۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اللہ کی قسم! میں ایسے شخص کے ساتھ ضرور جنگ کروں گا' جو نماز اور زکوٰۃ کے درمیان فرق کرے گا۔

بے شک زکوٰۃ مال کا حق ہے۔ اللہ کی قسم! اگر وہ مجھے کوئی ایسی رسی دینے سے انکار کر دیں' جو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ادا کیا کرتے تھے' تو میں ان کے اس انکار کرنے پر بھی ان سے جنگ کروں گا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم! میں نے اندازہ لگا لیا کہ اللہ تعالیٰ نے جنگ کے حوالے سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو شرح صدر عطا کیا ہے' اور مجھے یہ پتہ چل گیا کہ یہ موقف درست ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِنَّمَا يَعْصِمُ مَالَهُ وَنَفْسَهُ بِالْاِقْرَارِ لِلّٰهِ اِذَا قَرَنَهُ بِالشَّهَادَةِ لِلْمُصْطَفٰى بِالرِّسَالَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی اپنی جان اور مال اسی صورت میں محفوظ کر سکتا ہے' جب وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کرے اور اس گواہی کے ہمراہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو بھی ملا دے (یعنی اس کا بھی اعتراف کرے)

218- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ

218- إسـناده صحيح، عمرو بن عثمان: صدوق، وأبوه ثقة، وباقي السند على شرطهما، وأخرج نصفه الأول النسائي 6/7 في وجوب الجهاد، عن عمرو بن عثمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أيضًا 6/7 في وجوب الجهاد، و7/78 في تحريم الدم، عن أحمد بن محمد بن المغيرة، عن عثمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أيضًا 7/78، 79من طريق الوليد بن مسلم، والبيهقي في السنن 9/49 من طريق أبي اليمان، كلاهما عن شعيب بن أبي حمزة، به . وأخرجه مسلم 21 33 في الإيمان، والنسائي 7/78 في تحريم الدم، وابن منده في الإيمان 23 ، والبيهقي في السنن 8/136 و9/182 من طريق ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزهري، به. وتقدم قبله 216 من طريق شعيب، و 0217 من طريق عقيل، وبرقم 174 من طريق الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ . وأخرجه بتمامه الطبري 26/104، والبيهقي في الأسماء والصفات ص 106 كلاهما من طريق إسماعيل بن أبي أويس، عن أخيه عبد الحميد بن عبد الله، عن سليمان بن بلال، عن يحيى بن سعيد، عن الزهري، به. وأخرج نصفه الثاني، وهو من قوله: وأنزل الله ... البيهقي في الأسماء والصفات ص 105، 106 من طريق ابن إسحاق.

AlHidayah - الهداية

حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَدْ عَصَمَ مِنِّیْ نَفْسَهٗ وَمَالَهٗ اِلَّا بِحَقِّهٖ وَحِسَابُهٗ عَلَى اللّٰهِ.

وَاَنْزَلَ اللّٰـهُ فِیْ كِتَابِهٖ فَذَكَرَ قَوْمًا اسْتَكْبَرُوْا فَقَالَ: (اِنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ) وَقَالَ: (اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى) (الفتح: 26) وَهِیَ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَمُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ استكبر عنها المشركون يوم الحديبية. (3:7)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے' میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرتا رہوں' جب تک وہ یہ نہیں کہہ دیتے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جو شخص یہ کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' وہ اپنی جان اور اپنے مال کو مجھ سے محفوظ کرلے گا' البتہ اس کے حق کا معاملہ مختلف ہے' اور اس شخص کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا"۔

تو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں آیت نازل کی۔ اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی قوم کا تذکرہ کیا جنہوں نے تکبر اختیار کیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"بے شک یہ وہ لوگ ہیں' جب ان سے یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو یہ لوگ تکبر کرتے ہیں۔"

اللہ تعالیٰ نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے:

(اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى) (الفتح: 26)

"جن لوگوں کے دلوں میں کفر تھا' جب انہوں نے وہ ہٹ دھرمی اختیار کی جو زمانہ جاہلیت کی تھی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اور اہلِ ایمان پر سکینت نازل کی اور انہیں تقویٰ کے کلمے پر لازم کردیا"۔

(حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) یہاں تقویٰ کے کلمے سے مراد یہ کہنا ہے' اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور حضرت محمد' اللہ کے رسول ہیں۔

مشرکین نے حدیبیہ کے موقع پر اس بارے میں تکبر کا اظہار کیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِنَّمَا يُحْقَنُ دَمُهٗ وَمَالُهٗ بِالْاِقْرَارِ بِالشَّهَادَتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَصَفْنَاهُمَا اِذَا اَقَرَّ بِهِمَا بِاِقَامَةِ الْفَرَائِضِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی اپنی جان اور مال کو ان دو شہادتوں کے اقرار کے ذریعے محفوظ کرتا ہے' جن کا ذکر ہم کر چکے ہیں اور ایسا اس وقت ہوتا ہے' جب وہ فرائض کی انجام دہی کے ہمراہ ان کا اقرار کرتا ہے

219 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوا اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوا مِنِّىْ دِمَاءَ هُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بحق الإسلام وحسابهم على الله (1) (3:7)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے' میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرتا رہوں' جب تک وہ اس بات کی گواہی نہیں دیتے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور میں اللہ کا رسول ہوں اور وہ نماز قائم کریں' اور زکوٰۃ ادا کریں جب وہ ایسا کرلیں گے' تو وہ اپنی جانیں اور مال مجھ سے محفوظ کرلیں گے' البتہ اسلام کے حق کا معاملہ مختلف ہے' اور ان لوگوں کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوگا"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِنَّمَا يُحْقَنُ دَمُهُ وَمَالُهُ اِذَا اٰمَنَ بِكُلِّ مَا جَاءَ بِهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَفَعَلَهَا دُوْنَ الْاِعْتِمَادِ عَلَى الشَّهَادَتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَصَفْنَاهُمَا قَبْلُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی اپنی جان اور مال کو اس وقت محفوظ کرتا ہے' جب وہ ہر اس چیز پر ایمان لے آتا ہے' جسے مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف سے لے کے آئے ہیں

اور جو عمل بھی آپ نے کیا ہے

ایسا نہیں ہے' وہ صرف ان دو گواہیوں پر اعتماد کرلے' جن کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

220 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَآمَنُوْا بِىْ وَبِمَا جئت به فإذا فعلوا

1- إسناده صحيح، وقد تقدم تخريجه برقم 175 .

220- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 21 34 في الإيمان: باب الأمر بقتال الناس حتى يقولوا: لا إله إلا الله، وابن منده في الإيمان 197 من طريق أحمد بن عبدة الضّبي، بهذا الإسناد . وتقدم برقم 174 من طريق القعنبي، عن الدراوردی، به، وتقدم عنده تخريجه.

عَصَمُوا مِنِّیْ دِمَاءَ هُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ . (3:7)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے اس بات کا حق دیا گیا ہے' میں ان لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرتا رہوں' جب تک وہ یہ اعتراف نہیں کر لیتے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ لوگ مجھ پر اور جو کچھ میں لے کر آیا ہوں اس پر ایمان نہیں لے آتے' جب وہ ایسا کریں گے' تو وہ اپنی جانیں اور اپنے مال محفوظ کر لیں گے' البتہ ان کے حق کا معاملہ مختلف ہے' اور ان لوگوں کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مُسْتَمِعَهٗ اَنَّ مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ بِالشَّهَادَةِ حَرُمَ عَلَيْهِ دُخُوْلُ النَّارِ فِيْ حَالَةٍ مِّنَ الْاَحْوَالِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے سننے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ جو شخص اس گواہی کے ہمراہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا' اس پر جہنم میں داخلہ ہر حالت میں حرام ہو جائے گا

221- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ وَمُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ حَدَّثَنِي الْمُطَّلِبُ بْنُ حَنْطَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِيِّ

(متن حدیث): عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةٍ فَاَصَابَ النَّاسَ مَخْمَصَةٌ شَدِيْدَةٌ فَاسْتَاْذَنُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ نَحْرِ بَعْضِ ظَهْرِهِمْ فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَكَيْفَ بِنَا اِذَا لَقِيْنَا عَدُوَّنَا جِيَاعًا رَجَّالَةً وَلٰكِنْ اِنْ رَاَيْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ تَدْعُوَ النَّاسَ بِبَقِيَّةِ اَزْوِدَتِهِمْ فَجَاؤُوا بِهٖ يَجِيْءُ الرَّجُلُ بِالْحِفْنَةِ مِنَ الطَّعَامِ وَفَوْقَ ذٰلِكَ وَكَانَ اَعْلَاهُمُ الَّذِيْ جَاءَ بِالصَّاعِ مِنَ التَّمْرِ فَجَمَعَهٗ عَلٰى نِطَعٍ ثُمَّ دَعَا اللّٰهَ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَدْعُوَ ثُمَّ دَعَا النَّاسَ بِاَوْعِيَتِهِمْ فَمَا بَقِيَ فِي الْجَيْشِ وِعَاءٌ اِلَّا مَمْلُوْءٌ وَبَقِيَ مِثْلُهٗ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ ثُمَّ قَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنِّيْ رسول اللّٰهِ وَاَشْهَدُ عِنْدَ اللّٰهِ لَا يَلْقَاهُ عَبْدٌ مُؤْمِنٌ بِهِمَا اِلَّا حَجَبَتَاهُ عَنِ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ .

221- المطلب بن حنطب: صدوق، وهو وإن كان موصوفًا بالتدليس قد صرح بالتحديث فى رواية أحمد والطبرانى والبيهقى، وباقى رجاله ثقات، وأخرجه أحمد 3/417، 418 عن على بن إسحاق، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 1140' بهذا الإسناد. وأخرجه الطبرانى فى الكبير 575، من طريق محمد بن يوسف الفريأبى، وعبد الله بن العلاء، والبيهقى فى دلائل النبوة 6/121 من طريق عمرو بن أبى سلمة، ثلاثتهم عن الأوزاعى، به. وأخرجه الطبرانى 575 من طريق عبد الله بن العلاء، عن الزهرى، عن المطلب بن حنطب، به. وأورده الهيثمى فى المجمع 1/20، وزاد نسبته إلى الأوسط وقال: رجاله ثقات. وأخرجه من حديث أبى هريرة: أحمد 2/421، ومسلم 27 44 فى الإيمان: باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعًا، وأبو عوانة 1/8 و9. وأخرجه مسلم أيضًا 27 45، وأبو عوانة 1/7 من حديث أبى هريرة أو أبى سعيد، شك الأعمش روای الحديث.

اَبُوْ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِیُّ هٰذَا اسْمُهٗ ثَعْلَبَةُ بن عمرو بن محصن. (3:41)

❁❁ عبدالرحمٰن بن ابوعمرہ انصاری اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم ایک غزوہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے' لوگوں کو شدید بھوک لاحق ہوگئی۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اجازت مانگی کہ وہ اپنے سواری کے بعض جانور قربان کر دیں۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر ہم بھوک کے عالم میں پیادہ ہو کر دشمن کا سامنا کریں گے' تو پھر ہمارا کیا بنے گا۔

یارسول اللہ! اگر آپ مناسب سمجھیں' تو آپ لوگوں کو کہیں' ان کے پاس جو کچھ بھی کھانے پینے کی چیز بچی ہوئی ہے' وہ لے آئیں۔ (نبی اکرم ﷺ نے یہ حکم دے دیا) تو لوگ وہ چیزیں لانے لگے' ایک شخص ایک مٹھی اناج یا اس سے زیادہ لے آیا۔

جو شخص سب سے زیادہ لے کر آیا تھا' وہ ایک صاع کھجور لے کر آیا تھا۔

نبی اکرم ﷺ نے اس سب کو ایک دستر خوان پر جمع کروایا' پھر جو اللہ تعالیٰ کو منظور تھا' وہ آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی' پھر آپ نے لوگوں کو بلایا کہ وہ اپنے برتن لے آئیں اور آپ نے وہ اناج ان میں ڈالنا شروع کیا' تو لشکر میں موجود کوئی برتن ایسا باقی نہیں رہا' جو بھر نہ گیا ہو اور وہ اناج پھر اتنا ہی باقی رہ گیا۔

تو نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے یہاں تک کہ آپ کے اطراف کے دانت نظر آنے لگے آپ ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی:

"میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ جو مومن بندہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ان دو باتوں کے ہمراہ حاضر ہوگا' تو یہ دونوں چیزیں اس شخص کے لئے قیامت کے دن جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ بن جائیں گی۔"

حضرت ابوعمرہ انصاری کا نام ثعلبہ بن عمرو بن محصن ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا حَجَبَتَاهُ عَنِ النَّارِ اَرَادَ بِهٖ اِلَّا اَنْ يَّرْتَكِبَ شَيْئًا يَسْتَوْجِبُ مِنْ اَجْلِهٖ دُخُوْلَ النَّارِ وَلَمْ يَتَفَضَّلِ الْمَوْلٰى جَلَّ وَعَلَا عَلَيْهِ بِعَفْوِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان:

"یہ کہ وہ دونوں اسے جہنم سے بچالیں گے"

اس سے نبی اکرم ﷺ کی مراد یہ ہے: وہ شخص کسی ایسے جرم کا ارتکاب نہ کرے' جس کی وجہ سے جہنم میں داخل ہونا اس کے لئے لازم ہو جائے اور اللہ تعالیٰ اس پر اپنی معافی کا فضل نہ کرے

222 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا وَصِيفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ بِاَنْطَاكِيَةَ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سليمان المرادی حدثنا بن وَهْبٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَيَدْخُلُ اَهْلُ النَّارِ النَّارَ ثُمَّ يَقُولُ جَلَّ وَعَلَا انْظُرُوا مَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنَ الْإِيمَانِ فَاَخْرِجُوهُ قَالَ فَيَخْرُجُونَ مِنْهَا حمما بعد ما امْتَحَشُوا فَيُلْقَوْنَ فِي نَهْرِ الْحَيَاةِ فَيَنْبُتُونَ فِيهِ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ اِلٰى جَانِبِ السَّيْلِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَمْ تروها كيف تخرج صفراء ملتوية. (3:41)

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اہل جنت' جنت میں داخل ہو جائیں گے' اہل جہنم' جہنم میں داخل ہو جائیں گے' پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم ان لوگوں کا جائزہ لو جس شخص کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان تمہیں مل جائے اسے (جہنم میں سے) نکال دو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: تو وہ لوگ جہنم سے یوں نکلیں گے کہ وہ جلنے کے بعد کوئلہ ہو چکے ہوں گے۔ انہیں نہر حیات میں ڈالا جائے گا' تو وہ اس میں سے یوں پھوٹ پڑیں گے' جس طرح سیلابی پانی کے کنارے پر دانہ پھوٹ پڑتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے اسے دیکھا نہیں ہے' وہ کس طرح زرد رنگ کا ہوتا ہے' اور ادھر ادھر لہرا رہا ہوتا ہے؟

ذِكْرُ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى النَّارِ مَنْ وَحَّدَهُ مُخْلِصًا فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ دُونَ الْبَعْضِ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے شخص پر جہنم کو حرام کیا ہے' جو خلوص کے ساتھ اس کی وحدانیت کا اعتراف ایک حالت میں کرتا ہے اور دوسری حالت میں نہیں کرتا

223 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا حرملة بن يحيى حدثنا بن وهب أَخْبَرَنَا يونس عَنِ ابْنِ شِهَابٍ

(متن حدیث): اَنَّ مَحْمُودَ بْنَ الرَّبِيعِ الْاَنْصَارِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رسول اللّٰهِ اِنِّي اَنْكَرْتُ بَصَرِي وَاَنَا اُصَلِّي لِقَوْمِي وَاِذَا كَانَ الْاَمْطَارُ سَالَ الْوَادِي الَّذِي بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ وَلَمْ اَسْتَطِعْ اَنْ اٰتِيَ مَسْجِدَهُمْ فَاُصَلِّيَ لَهُمْ وَدِدْتُ اَنَّكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ تَاْتِي فَتُصَلِّي فِي بَيْتِي اَتَّخِذُهُ مُصَلًّى قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَاَفْعَلُ قَالَ عِتْبَانُ: فَغَدَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ حِينَ ارْتَفَعَ النَّهَارُ فَاسْتَاْذَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذِنْتُ لَهُ فَلَمْ يَجْلِسْ حَتّٰى دَخَلَ الْبَيْتَ ثُمَّ قَالَ: اَيْنَ تُحِبُّ اَنْ اُصَلِّيَ مِنْ بَيْتِكَ؟ قَالَ: فَاَشَرْتُ اِلٰى نَاحِيَةٍ مِنَ الْبَيْتِ فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَبَّرَ

222– إسناده صحيح. الربيع بن سليمان: ثقة، ومن فوقه رجال الشيخين. وأخرجه مسلم 184 في الإيمان: باب إثبات الشفاعة وإخراج الموحدين من النار، وابن منده 821، كلاهما من طريق ابن وهب، بهذا الإسناد. وتقدم من طريق معن ابن عيسى عن مالك برقم 182، وخرّج هناك من طريق إسماعيل بن أبي أويس عن مالك أيضًا، فانظره.

وَقُمْنَا وَرَاءَهُ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ قَالَ وَحَبَسْنَاهُ عَلٰى خَزِيرَةٍ صَنَعْنَاهَا لَهُ قَالَ: فَثَابَ رِجَالٌ مِنْ اَهْلِ الدَّارِ حَوْلَهُ حتى اجتمع فى البيت رجال

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: ثُمَّ سَاَلْتُ الْحُصَيْنَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيَّ وَهُوَ اَحَدُ بَنِىْ سَالِمٍ وَهُوَ مِنْ سَرَاتِهِمْ عَنْ حَدِيْثِ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ فصدقه بذلك. (3:9)

ذُوْ عَدَدٍ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ: اَيْنَ مَالِكُ بْنُ الدُّخْشُنِ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: ذَاكَ مُنَافِقٌ وَلَا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُلْ لَهُ ذٰلِكَ اَلَا تَرَاهُ قَدْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يُرِيْدُ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ اِنَّمَا نَرٰى وَجْهَهُ وَنَصِيحَتَهُ لِلْمُنَافِقِيْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ

223– أو ابنُ الدُّخَيْشِن، وهما رواية البخارى 425 ومسلم 33 264 فى المساجد، ونقل الطبرانى فى المعجم الكبير 18/ 50 عن أحمد بن صالح أن الصواب: الدخشم بالميم، وهى رواية الطيالسى، ومسلم 33 فى الإيمان، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 1105 و 1108، والطبرانى. 2 إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه مسلم 33 263 فى المساجد: باب الرخصة فى التخلف عن الجماعة بعذر، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبرانى 18/ 50 من طريق أحمد بن صالح، عن ابن وهب، به. وأخرجه أحمد 5/450، والدارقطنى 2/80 من طريق عثمان بن عمر، والطبرانى 18/ 51 من طريق عنبسة بن خالد، كلاهما عن يونس بن يزيد، بهذا الإسناد مختصرًا. وأخرجه عبد الرزاق 1929 عن معمر، عن الزهرى، به، ومن طريقه أخرجه أحمد 4/144 و5/449، ومسلم 33 264 فى المساجد، وابن خزيمة فى التوحيد ص 329، وأبو عوانة فى مسنده 1/12، وابن منده فى الإيمان 50، والطبرانى فى الكبير 18/ 47. وأخرجه أحمد 4/44، والنسائى 2/105 فى الإمامة: باب الجماعة للنافلة، من طريق عبد الأعلى بن عبد الأعلى، وابن سعد 5/330 عن محمد بن عمر، كلاهما عن معمر، عن الزهرى، به. وأخرجه أحمد 4/43، والبخارى 686 فى الأذان: باب إذا زار الإمام قومًا فأمّهم، و 838 باب يسلم حين يسلّم الإمام، و 840 باب من لم يرد السلام على الإمام واكتفى بتسليم الصلاة، و 6423 فى الرقاق: باب العمل الذى يبتغى فيه وجه الله، و 6938 فى استتابة المرتدين: باب ما جاء فى المتأولين، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 1108، و3/64، 65 فى السهو: باب تسليم المأموم حين يسلّم الإمام، وفى التفسير من الكبرى كما فى التحفة 7/230، والبيهقى فى السنن 2/181، 182، من طرق عن عبد الله بن المبارك، عن معمر، عن الزهرى، به. وأخرجه الطيالسى 1241، والبخارى 424 فى الصلاة: باب إذا دخل بيتًا يصلى حيث شاء، و 1186 فى التهجد: باب صلاة النوافل جماعة، ولبن ماجة 754 فى المساجد: باب المساجد فى الدور، والبيهقى فى السنن 3/53 و87 و88، وابن خزيمة فى التوحيد ص 330 و333 و334، وأبو عوانة 1/11، والطبرانى 18/ 48 من طريق إبراهيم بن سعد، عن الزهرى، به وأخرجه البخارى 425 فى الصلاة و 4009 فى المغازى: باب شهود الملائكة بدرًا، و 5401 فى الأطعمة: باب الخزيرة، وابن خزيمة فى التوحيد ص 335، وأبو عوانة 1/11، والطبرانى 18/ 53، والبيهقى فى السنن 3/88، من طريق عقيل، عن الزهرى، به. وأخرجه أحمد 4/43، 44 من طريق سفيان بن حسين، ومسلم 33 265 فى المساجد، والطبرانى 18/ 55 من طريق الأوزاعى، كلاهما عن الزهرى، به. وأخرجه الطبرانى 18/ 52 من طريق إسماعيل بن أبى أويس، عن أبيه، و 18/ 54 من طريق عبد الرحمٰن بن نمر، و 18/ 56 من طريق الزبيرى، ثلاثتهم عن الزهرى به. وسيرد برقم 1612 فى كتاب المساجد، من طريق مالك، عن الزهرى، به. ويرد تخريجه من طريقه هناك. وأخرجه أحمد 5/449، ومسلم 33 فى الإيمانك باب الدليل على أن من مات على التوحد دخل الجنة قطعًا، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 1107، وأبو عوانة 1/13، وابن منده 52، والطبرانى 18/ 43 من طريق سليمان بن المغيرة، عن ثابت، عن أنس بن مالك، عن محمود بن الربيع، عن عتبان. وأخرجه مسلم 33 55، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 1105 و 1106، وابن خزيمة فى التوحيد ص 330 و331 و332، وابن منده 51 من طريق سليمان بن المغيرة، وحماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس، عن عتبان، ولم يذكر محمود بن الربيع، وله طرق أخرى عن أنس عند أحمد 4/44، والنسائى فى عمل اليوم والليلة 1103، والطبرانى 18/ 44 و 45 و 46.

اللَّهَ جَلَّ وَعَلَا حَرَّمَ عَلَى النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يبتغى به وجه الله.

✿✿ حضرت محمود بن ربیع انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ' ان کا تعلق انصار سے ہے' اور انہیں غزوہ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے' وہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری بینائی کمزور ہوگئی ہے۔ میں اپنے محلے کے لوگوں کو نماز پڑھاتا ہوں' جب بارش ہوتی ہے' تو نشیبی حصے میں میرے اور ان لوگوں کے درمیان پانی بہنے لگتا ہے' تو میں ان کی مسجد تک نہیں آسکتا کہ انہیں جا کر نماز پڑھاؤں اس لئے یارسول اللہ! میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ (میرے ہاں) تشریف لائیں اور میرے گھر میں کسی جگہ آپ نماز ادا کریں' تاکہ میں اس جگہ کو جائے نماز بنالوں۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں عنقریب ایسا کروں گا۔

حضرت عتبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ دن چڑھنے کے بعد تشریف لائے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اندر آنے کی اجازت طلب کی۔ میں نے آپ کی خدمت میں اجازت پیش کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں داخل ہونے کے بعد پہلے تشریف فرما نہیں ہوئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

تم اپنے گھر میں کہاں یہ پسند کرتے ہو کہ میں وہاں نماز ادا کروں؟

راوی کہتے ہیں: میں نے گھر کے ایک گوشے کی طرف اشارہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں کھڑے ہوئے آپ نے تکبیر کی۔ ہم آپ کے پیچھے کھڑے ہوگئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعات نماز پڑھائی اور آپ نے سلام پھیر دیا۔

راوی کہتے ہیں: ہم نے آپ کو خزیرہ (مخصوص قسم کا کھانا) کھانے کے لئے روک لیا' جو ہم نے آپ کے لئے تیار کیا تھا۔

راوی کہتے ہیں' محلے کے کچھ لوگ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد اکٹھے ہوگئے۔ یہاں تک کہ گھر میں متعدد افراد اکٹھے ہوگئے۔

ان میں سے ایک شخص نے کہا: مالک بن دخشن کہاں ہے؟ تو کسی دوسرے نے کہا: وہ منافق ہے' وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت نہیں رکھتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا: تم اس کے بارے میں یہ بات نہ کہو' کیا تم نے اسے دیکھا نہیں ہے' اس نے یہ کہا ہے' اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لئے یہ کلمہ پڑھا ہے۔

لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔

ہم نے تو یہ بات نوٹ کی ہے' اس کی توجہ اور اس کی خیرخواہی منافقین کے لئے ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے ایسے شخص پر جہنم کو حرام قرار دے دیا ہے' جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے حصول کے لئے ''لا الٰہ الا اللہ'' پڑھتا ہے''۔

ابن شہاب کہتے ہیں: میں نے حصین بن محمد انصاری سے سوال کیا: یہ بنو سالم سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب ہیں' اور ان

کے اکابرین میں سے ہیں۔

ان سے میں نے حضرت محمود بن ربیع رضی اللہ عنہ کی روایت کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے اس روایت کی تصدیق کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بِتَفَضُّلِهٖ لَا يُدْخِلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ اَدْنٰى شُعْبَةٍ مِّنْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَلٰى سَبِيْلِ الْخُلُوْدِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت ایسے شخص کو ہمیشہ کے لئے جہنم میں داخل نہیں کرے گا' جس کے دل میں ایمان کے شعبوں میں سے سب سے کم تر شعبہ ہوگا

224 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِّنْ كِبْرٍ وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ حَبَّةُ خَرْدَلٍ من إيمان. (3:79)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جنت میں ایسا کوئی شخص داخل نہیں ہوگا' جس کے دل میں رائی کے دانے کے وزن جتنا تکبر ہوگا اور جہنم میں وہ شخص داخل نہیں ہوگا' جس کے دل میں رائی کے دانے جتنا ایمان ہوگا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بِتَفَضُّلِهٖ قَدْ يَغْفِرُ لِمَنْ اَحَبَّ مِنْ عِبَادِهٖ ذُنُوْبَهٗ بِشَهَادَتِهٖ لَهٗ وَلِرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَهٗ فَضْلُ حَسَنَاتٍ يَرْجُوْ بِهَا تَكْفِيْرَ خَطَايَاهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت' اپنے بندوں میں سے جس کے گناہوں کی چاہے گا' مغفرت کردے گا' کیونکہ اس بندے نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کے رسول کی (رسالت) کی گواہی دی ہوگی

224- عبد الغفار بن عبد الله: ذكره المؤلف في الثقات 8/421، وباقي رجال الإسناد ثقات على شرطهما وأخرجه مسلم 91 148 في الإيمان: باب تحريم الكبر وبيانه، وابن ماجة 4173 في الزهد: باب البراءة من الكبر، وابن منده في الإيمان 542 من طرق عن علي بن مسهر، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 9/89، وأحمد 1/412و 416، وأبو داوُد 4091 في اللباس: باب ما جاء في الكبر، والترمذي 1998 في البر والصلة: باب ما جاء في الكبر، والطبراني 10000 و 10001 ، وأبو عوانة في مسنده 1/17، وابن منده 542 من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه مسلم 91 في الإيمان، والترمذي 1999 ، وابن خزيمة في التوحيد ص 384، وأبو عوانة 1/31، وابن منده 540 و 541 ، والبغوي في شرح السنة 3587 من طريق ابان بن تغلب، وأحمد 1/451 من طريق حجّاج، كلاهما عن فضيل بن عمرو الفقيمي، عن إبراهيم النخعي، بوأخرجه أحمد 1/399، والطبراني 10533 ، والحاكم 1/26 من طريق عبد العزيز القسملي. وأخرجه الطبراني 10066 من طريق قيس بن الربيع.

اگرچہ اس بندے کے پاس ایسی اضافی نیکیاں نہ ہوں، جن کی وجہ سے اس کے گناہوں کی معافی کی اُمید کی جا سکے

225- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَامِرُ بْنُ يَحْيَى عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَعَافِرِيِّ الْحُبُلِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إن الـلّـه سيخـلـص رجل من أمتي على رؤوس الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَنْشُرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ سِجِلًّا كُلُّ سِجِلٍّ مَدُّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَقُوْلُ لَهُ اَتُنْكِرُ شَيْئًا مِنْ هٰذَا اَظَلَمَكَ كَتَبَتِي الْحَافِظُوْنَ فَيَقُوْلُ: لَا يَا رَبِّ فَيَقُوْلُ: اَفَلَكَ عُذْرٌ اَوْ حَسَنَةٌ فَيُبْهَتُ الرَّجُلُ وَيَقُوْلُ: لَا يَا رَبِّ فَيَقُوْلُ: بَلٰى اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً وَاِنَّهُ لَا ظُلْمَ عَلَيْكَ الْيَوْمَ فَيُخْرِجُ لَهُ بِطَاقَةً فِيْهَا: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ فَيَقُوْلُ: احْضُرْ وَزْنَكَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ مَا هٰذِهِ الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلَّاتِ فَيَقُوْلُ: اِنَّكَ لَا تُظْلَمُ قَالَ: فَتُوضَعُ السِّجِلَّاتُ فِيْ كِفَّةٍ وَالْبِطَاقَةُ فِيْ كِفَّةٍ فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ قَالَ: فَلَا يَثْقُلُ اسْمَ اللّٰهِ شيء. (3:74)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ قیامت کے دن میری امت کے ایک فرد کو تمام مخلوق میں سے الگ کرے گا' پھر اس کے سامنے ننانوے رجسٹر کھول دے گا۔ ان میں سے ہر ایک اتنا بڑا ہوگا جہاں تک نگاہ کام کرتی ہے۔ پھر ارشاد فرمائے گا: کیا تم اس میں سے کسی چیز کا انکار کرتے ہو؟ کیا نوٹ کرنے والے محافظ فرشتوں نے تمہارے ساتھ کوئی زیادتی کی ہے؟

وہ جواب دے گا: جی نہیں۔ اے میرے پروردگار! اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تمہارے پاس کوئی عذر ہے یا نیکی ہے؟ تو وہ شخص مبہوت ہو جائے گا اور عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! جی نہیں۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جی ہاں! تمہاری ایک نیکی ہمارے پاس ہے' اور آج کے دن تم پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

پھر اس شخص کے سامنے کاغذ کا ایک ٹکڑا نکالا جائے گا' جس میں یہ تحریر ہوگا۔

''میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔''

اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میزان کے پاس آ جاؤ' وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! ان رجسٹروں کے مقابلے میں اس کاغذ کی کیا حیثیت ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تمہارے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہوگی۔

225- إسناده صحيح، عبد الوارث بن عبيد الله: صدوق، وباقي رجاله على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 2/213، والترمذي 2639 في الإيمان: باب ما جاء فيمن يموت وهو يشهد أن لا إله إلا الله، والبغوي 4321 من طرق عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة 4300 في الزهد: باب ما يرجى من رحمة الله يوم القيامة، من طريق محمد بن يحيى، عن ابن أبي مريم، والحاكم 1/529 من طريق يحيى بن عبد الله بن بكير، كلاهما عن الليث، به، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 2/222 من طريق قتيبة، عن ابن لهيعة.

AlHidayah - الهداية

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: تو وہ تمام رجسٹر ایک پلڑے میں رکھے جائیں گے اور وہ کاغذ کا ٹکڑا دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گا' تو رجسٹروں والا پلڑا اوپر چلا جائے گا اور کاغذ کے ٹکڑے والا پلڑا بھاری ہو جائے گا۔

تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا (یا شاید نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی یا شاید کسی راوی کے یہ الفاظ ہیں)

''اللہ تعالیٰ کے اسم سے زیادہ وزنی اور کوئی چیز نہیں ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ اللّٰهَ قَدْ يَغْفِرُ بِتَفَضُّلِهٖ لِمَنْ لَمْ يُشْرِكْ بِهٖ شَيْئًا جَمِيْعَ الذُّنُوْبِ الَّتِىْ كَانَتْ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت اس شخص کی مغفرت کردے گا' جو کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراتا ہو اس کے تمام گناہوں کی مغفرت کردے گا' جو اللہ تعالیٰ کے اور اس بندے کے درمیان میں ہوں گے

226 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): قال اللّٰه تبارك وتعالى: يا بن اٰدم لَوْ لَقِيْتَنِىْ بِمِثْلِ الْاَرْضِ خَطَايَا لَا تشرك بى شيئا لقيتك بملء الأرض مغفرة. (3:68)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے: اے آدم کے بیٹے! اگر تم زمین جتنی خطائیں لے کر میری بارگاہ میں حاضر ہو' لیکن تم کسی کو میرے ساتھ شریک نہ ٹھہراتے ہو' تو میں زمین جتنی مغفرت کے ہمراہ تم سے ملاقات کروں گا''

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَجْرَ مَرَّتَيْنِ لِمَنْ اَسْلَمَ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ

اللہ تعالیٰ کا اہل کتاب میں سے اسلام قبول کرنے والے شخص کو دو مرتبہ اجر دینے کا تذکرہ

227 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ صَالِحِ بْنِ صَالِحٍ الْهَمْدَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ خُرَاسَانَ اَتَاهُ فَقَالَ يَا اَبَا عَمْرٍو اِنَّ مَنْ قَبْلَنَا مِنْ اَهْلِ خُرَاسَانَ يَقُوْلُوْنَ

226- شريك: هو ابنُ عبد الله النخعي الكوفي، سيّء الحفظ، لكن تابعه أبو معاوية وباقي رجال الإسناد ثقات، فالحديث صحيح. وأخرجه أحمد 5/153، 169، ومسلم 2687 في الذكر والدعاء: باب فضل الذكر والدعاء والتقرب إلى الله تعالى، من طريق أبي معاوية، ومسلم 2687، وابن ماجة 3821 في الأدب: باب فضل العمل، من طريق وكيع، والبغوي في شرح السنة 1253 . وأخرجه أحمد 5/147 و148 و155 و180 من طرق عن المعرور بن سويد، به. وأخرجه أحمد 5/154 و167 و172، والدارمي 2/322 في الرقاق.

AlHidayah - الهداية

إِذَا عَتَقَ الرَّجُلُ اَمَتَهُ ثُمَّ تَزَوَّجَهَا فَهُوَ كَالرَّاكِبِ بَدَنَتَهُ فَقَالَ الشَّعْبِيُّ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اٰمَنَ بِنَبِيِّهٖ ثُمَّ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰمَنَ بِهٖ وَاتَّبَعَهُ فَلَهُ اَجْرَانِ وَعَبْدٌ مَمْلُوْكٌ يُؤَدِّيْ حَقَّ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عليه وحق الذى عليه لمولاه فله اَجْرَانِ وَرَجُلٌ كَانَتْ لَهُ اَمَةٌ فَغَذَّاهَا فَاَحْسَنَ غِذَاءَهَا وَاَدَّبَهَا فَاَحْسَنَ اَدَبَهَا ثُمَّ اَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا فله أجران. (1:2)

قَالَ الشَّعْبِيُّ لِلْخُرَاسَانِيِّ: خُذْ هٰذَا الْحَدِيْثَ بِغَيْرِ شَيْءٍ فَقَدْ كَانَ الرَّجُلُ يَرْحَلُ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فيما هو دونه.

❀❀ صالح ہمدانی' امام شعبی کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: میں نے خراسان سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ امام شعبی کے پاس آیا اور بولا: اے ابوعمرو! ہماری طرف اہل خراسان اس بات کے قائل ہیں' جب کوئی شخص اپنی کنیز کو آزاد کر کے پھر اس کے ساتھ شادی کرے' تو اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہے' جو اپنے قربانی کے جانور پر سوار ہو جاتا ہے' تو امام شعبی نے بتایا: ابوبردہ نے اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تین لوگ ایسے ہیں' جنہیں دگنا اجر عطا کیا جائے گا۔ اہل کتاب سے تعلق رکھنے والا وہ شخص جو اپنے نبی پر ایمان لائے' اور پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی ایمان لے آئے اور آپ کی پیروی کرے' تو اسے دگنا اجر ملے گا۔

ایک وہ غلام جو اللہ تعالیٰ کا اپنے ذمے حق ادا کرے اور اپنے ذمے اپنے آقا کا بھی حق ادا کرے اسے بھی دگنا اجر ملے گا۔

227– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه مسلم 154 فى الإيمان: باب وجوب الإيمان برسالة محمد صلى الله عليه وآله وسلم إلى جميع الناس، والدارمى 2/154 _ 155، وسعيد بن منصور فى سننه 913، والطحاوى فى مشكل الآثار 2/394، والبيهقى 7/128، من طرق عن هشيم، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدى 768، وأحمد 4/395، والبخارى 3011 فى الجهاد: باب فضل من أسلم من أهل الكتابين، ومسلم 154، والترمذى 1116 فى النكاح: باب ما جاء فى الفضل فى ذلك، وسعيد بن منصور 914، وأبو عوانة 1/103، والطحاوى 2/396، وابن منده 395 و 397، والحاكم فى معرفة علوم الحديث ص 7، والبيهقى 7/128، من طريق سفيان بن عيينة، وسفيان الثورى، وابن المبارك، عن صالح، به. وأخرجه الطيالسى 502، وأحمد 4/402 و414، والبخارى 97 فى العلم: باب تعليم الرجل أمته وأهله، 3446 فى الأنبياء: باب ﴿وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ﴾، و 5083 فى النكاح: باب اتخاذ السرارى، وفى الأدب المفرد 203، ومسلم 154 فى الإيمان، والنسائي 6/115 فى النكاح: باب عتق الرجل جاريته ثم يتزوجها، وابنُ ماجة 1956 فى النكاح: باب الرجل يعتق أمته ثم يتزوجها، والدارمى 2/155، وأبو عوانة 1/103، والطحاوى 2/395 و396، وابن منده 396 و 398 و 399 و 400، والبغوى 25 و 26 من طرق عن صالح، به. وأخرجه أحمد 4/405، والبخارى 2544 فى العتق باب فضل من أدب جاريته وعلمها، وأبو داوٗد 2053 فى النكاح: باب الرجل يعتق أمته ثم يتزوجها، والترمذى 1116 فى النكاح، والنسائى 6/115 فى النكاح، وأبو عوانةُ 1/103، وابن منده فى الإيمان 400، والطبرانى فى الصغير 1/44، والطحاوى فى المشكل 2/395، 396، من طرق عن الشعبى، به.

اورایک وہ شخص جس کی کوئی کنیز ہو وہ اسے اچھی خوراک فراہم کرے۔ اس کی اچھی تعلیم و تربیت کرے پھر اسے آزاد کر کے اس کے ساتھ شادی کرے تو اس کو دگنا اجر ملے گا''۔

امام شعبی نے خراسان کے رہنے والے اس شخص سے کہا: تم کسی معاوضے کے بغیر اس حدیث کو حاصل کر لو ورنہ پہلے اس سے کم (مضمون والی) روایت کے لئے مدینہ منورہ تک سفر کر کے جانا پڑتا تھا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا تَفَضَّلَ اللّٰهُ عَلَى الْمُحْسِنِ فِيْ إِسْلَامِهٖ بِتَضْعِيفِ الْحَسَنَاتِ لَهٗ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق اسلام میں اچھائی کرنے والے شخص کو اللہ تعالیٰ یہ فضیلت دے گا کہ اس کی نیکیوں کو دگنا کر دے گا (یا کئی گنا کر دے گا)

228 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

اِذَا اَحْسَنَ اَحَدُكُمْ اِسْلَامَهُ فَكُلُّ حَسَنَةٍ يَعْمَلُهَا بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ وَكُلُّ سَيِّئَةٍ يَعْمَلُهَا يُكْتَبُ لَهٗ مِثْلُهَا حتى يلقى الله جل وعلا. (3:66)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کسی شخص کا اسلام اچھا ہو جائے تو وہ جو بھی نیکی کرتا ہے اس کا اجر اسے دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک ملتا ہے اور ہر برائی جس کا وہ ارتکاب کرتا ہے وہ ایک برائی کے طور پر نوٹ کی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو جاتا ہے''۔

228- إسناده صحيح على شرط مسلم، والعباس بن عبد العظيم، هو العنبرى، ثقة، حافظ، أخرج له مسلم، ومن فوقه على شرطهما، وأخرجه أحمد 2/317 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 42 فى الإيمان: باب حسن إسلام المرء ومن طريقه البغوى 4148 عن إسحاق بن منصور، ومسلم 129 فى الإيمان: باب إذا همّ العبد بحسنة كتبت، وإذا همّ بسيئة لم تكتب، عن محمد بن رافع، وابن منده فى الإيمان 373 من طريق حماد بن حماد الطهرانى، وأحمد بن يوسف السلمى، كلهم عن عبد الرزاق، به.

5- بَابُ مَا جَاءَ فِيْ صِفَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ

(باب 5 اہل ایمان کی صفات کے بارے میں جو کچھ منقول ہے)

229 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ مِنْ حُسْنِ إسلام المرء تركه ما لا يعنيه . (2:88)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''آدمی کے اسلام کی خوبی میں سے ایک چیز لایعنی چیزوں کو ترک کرنا ہے۔''

230 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بِفَمِّ الصِّلْحِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هاجر ما نهى الله عنه . (3:49)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مسلمان وہ ہے، جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں' مہاجر وہ شخص ہے' جو ان چیزوں کو چھوڑ دے جس سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِمَعُوْنَةِ الْمُسْلِمِيْنَ بَعْضِهِمْ بَعْضًا فِي الْاَسْبَابِ الَّتِيْ تُقَرِّبُهُمْ اِلَى الْبَارِيْ جَلَّ وَعَلَا

وہ اُمور جن کے ذریعے مسلمان اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کر سکتے ہیں ان کے بارے میں مسلمانوں کو

229- حديث حسن لغيره، اسناده ضعيف لضعف قرة، وأخرجه ابن ماجة 3976 في الفتن: باب كف اللسان في الفتنة، عن هشام بن عمار، بهذا الإسناد. وأخرجه القضاعي في مسند الشهاب 192 من طريق الوليد بن مزيد، عن الأوزاعي، به . وأخرجه الترمذي 2317 في الزهد، عن أحمد بن نصر النيسابوري. وأخرجه مرسلًا مالك في الموطأ 3/96 في حسن الخلق: باب ما جاء في حسن الخلق.

230- إسناده صحيح على شرط البخاري، وعامر هو الشعبي . وتقدم برقم 196 من طريق داوٗد بن أبي هند، عن الشعبي، به، وأوردت تخريجه هناك.

ایک دوسرے کی مدد کرنے کا حکم ہونا

231 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْمُؤْمِنَ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يشد بعضه بعضا . (1:13)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک ایک مومن دوسرے مومن کے لئے ایک عمارت کی مانند ہے' جس کا ایک حصہ دوسرے کو مضبوط کرتا ہے۔''

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالْبُنْيَانِ الَّذِىْ يُمْسِكُ بَعْضُهُ بَعْضًا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اہل ایمان کو ایسی عمارت کے ساتھ تشبیہ دینا' جس کا ایک حصہ دوسرے کو تھامے ہوئے ہوتا ہے

232 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُقَدَّمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ عَنِ بْنِ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ كَمَثَلِ الْبُنْيَانِ قال: وأدخل أصابع يده فى الأرض وقال: يمسك بعضها بعضا . (3:28)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اہل ایمان کی آپس میں مثال ایک عمارت کی مانند ہے۔''

راوی کہتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں زمین میں داخل کر دیں اور ارشاد فرمایا: ''اس کا ایک حصہ دوسرے کو تھام کے رکھتا ہے''۔

231- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البخارى 2446 فى المظالم: باب نصر المظلوم، ومسلم 2585 فى البر والصلة: باب تراحم المؤمنين وتعاطفهم وتعاضدهم، والقضاعى فى طمسند الشهاب برقم 135 من طريق أبى كريب، بهذا الإسناد . وأخرجه الترمذى 1928 فى البر: باب ما جاء فى شفقة المسلم على المسلم من طريق الحسن بن على الخلال، والقضاعى 134 من طريق إبراهيم بن سعيد، كلاهما عن أبى أسامة، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن أبى شيبة 11/21 _ 22، وأحمد 4/405، والقضاعى 134 من طريق محمد بن إدريس، والطيالسى 503 من طريق ابن المبارك، كلاهما عن بُريد، به.

232- إسناده صحيح على شرط مسلم . أحمد بن عبدة الضبى: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه الحميدى 772 ، وأحمد 4/404، 405 عن سفيان، عن بريد بن عبد الله بن أبى بردة، عن جده أبى بردة، بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى 481 فى الصلاة: باب تشبيك الأصابع فى المسجد وغيره عن خلاد بن يحيى، و 6026 فى الأدب: باب تعاون المؤمنين بعضهم بعضًا، ومن طريقه البغوى 3461 عن محمد بن يوسف، والنسائى 5/79 فى الزكاة: باب الخازن إذا تصدق بإذن مولاه.

AlHidayah - الهداية

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنِينَ بِمَا يَجِبُ اَنْ يَّكُونُوْا عَلَيْهِ مِنَ الشفقة والرأفة

نبی اکرم ﷺ کا اہل ایمان کی مثال بیان کرنا' جو اس حوالے سے ہے کہ ان پر جو شفقت اور مہربانی لازم ہے

233 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قَحْطَبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متنِ حدیث): مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ الْجَسَدِ اِذَا اشْتَكَى مِنْهُ شَيْءٌ تَدَاعَى لَهُ سَائِرُ الجسد . (3:28)

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''مومن کی مثال جسم کی مانند ہے' جب اس کا ایک حصہ تکلیف کا شکار ہوتا ہے' تو پورا جسم اس تکلیف کو محسوس کرتا ہے''۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْإِيمَانِ عَمَّنْ لَا يُحِبُّ لِاَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

جو شخص اپنے بھائی کے لئے وہی چیز پسند نہیں کرتا' جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے' اس سے ایمان کی نفی کا تذکرہ

234 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ بِاللّٰهِ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ . (1:2)

233- إسناده صحيح رجاله رجال الصحيح، وأخرجه أحمد 4/270، والبخارى 6011 فى الأدب: باب رحمة الناس والبهائم، ومسلم 2586 فى البر: باب تراحم المؤمنين وتعاطفهم وتعاضدهم، والبيهقى فى السنن 3/353، والبغوى فى شرح السنة 3459 من طرق وأخرجه أحمد 4/268 و276، ومسلم 2586 67 ، والقضاعى فى مسند الشهاب 1367 ، والبغوى فى شرح السنة 3460 ، من طرق عن الأعمش، عن الشعبى، به . وأخرجه الحميدى 919 ، والطيالسى 790 ، والرامهرمزى فى الأمثال ص 84و85 من طرق عن الشعبى، به . وأخرجه أحمد 4/271 و276، ومسلم 2586 من طريق الأعمش، عن خيثمة، عن النعمان بن بشير . وأخرجه بنحوه أحمد 4/274، والطيالسى 793 من طريق سماك بن حرب، والرامهرمزى 84 85، والقضاعى 1366 و 1368 من طريق عبد الملك بن عمير، كلاهما عن النعمان بن بشير . وسيورده المؤلف برقم 297 من طريق المغيرة، عن الشعبى، عن النعمان بن بشير.

234- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد 3/176 و272، ومسلم 45 فى الإيمان: باب الدليل على أن من خصال الإيمان أن يحب لأخيه المسلم ما يحب لنفسه، وابن ماجة 66 فى المقدمة: باب الإيمان، وابن منده فى الإيمان 296 من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى 13 فى الإيمان، والترمذى 2515 فى صفة القيامة، والنسائى 8/125 باب علامة المؤمن، والدارمى 2/307، وابن المبارك فى الزهد 677 ، والقضاعى 889 ، وأبو عوانة 1/33، وابن منده 296 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد وأخرجه الطيالسي 2004 ، وأحمد 3/251 و289، وأبو عوانة 1/33، وابن منده 297 ، والبغوى 3474 من طرق عن همام، عن قتادة، به . وسيورده المصنف فى الرواية التالية من طريق حسين المعلم عن قتادة، به.

AlHidayah - الهداية

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی بھی شخص اللہ تعالیٰ پر اس وقت تک (کامل ایمان رکھنے والا) شمار نہیں ہوسکتا' جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے وہ چیز پسند نہ کرے' جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نَفْيَ الْإِيمَانِ عَمَّنْ لَا يُحِبُّ لِاَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ اِنَّمَا هُوَ نَفْيُ حَقِيقَةِ الْإِيمَانِ لَا الْإِيمَانَ نَفْسَهُ مَعَ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا يُحِبُّ لِاَخِيهِ اَرَادَ بِهِ الْخَيْرَ دُوْنَ الشَّرِّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص اپنے بھائی کے لئے وہ چیز پسند نہیں کرتا' جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے' تو ایسے شخص سے ایمان کی نفی سے مراد ایمان کی حقیقت کی نفی ہے نفس ایمان کی نفی مراد نہیں ہے

اور اس بات کا بیان کہ اپنے بھائی کے لئے پسند کرنے سے مراد بھلائی ہے برائی مراد نہیں ہے

235 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى سَمِينَةَ قال حدثنا بن اَبِى عَدِيٍّ عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَبْلُغُ عَبْدٌ حَقِيقَةَ الْإِيمَانِ حَتّٰى يُحِبَّ لِلنَّاسِ مَا يُحِبُّ لنفسه من الخير . (1:2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بندہ ایمان کی حقیقت تک اس وقت تک نہیں پہنچ سکتا' جب تک وہ لوگوں کے لئے اسی چیز کو پسند نہیں کرتا' جو بھلائی وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔''

ذِكْرُ نَفْيِ الْإِيمَانِ عَمَّنْ لَا يَتَحَابُّ فِي اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

جو دو لوگ ایک دوسرے کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے لئے محبت نہیں رکھتے ان سے ایمان کی نفی کا تذکرہ

(**236**) (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ الرَّمَّاحِ قَالَ

235- إسناده صحيح على شرط البخاري. وأخرجه أحمد 3/206، والبخاري 13 في الإيمان: باب من الإيمان أن يحب لأخيه ما يحب لنفسه، ومسلم 45 72 في الإيمان، والنسائي 8/115 في الإيمان: باب علامة الإيمان، وأخرجه ابن منده في الإيمان 294 و 295 .

236-وأخرجه ابن أبي شيبة 8/624، 625 ومن طريقه مسلم 54 في الإيمان: باب بيان لا يدخل الجنة إلا المؤمنون. وبن ماجة 68 في المقدمة: باب في الإيمان، و 3692 في الأدب: باب إفشاء السلام، عن أبي معاوية، بهذا الإسناد . وأخرجه الترمذي 2688 في الاستئذان: باب ما جاء في إفشاء السلام، عن هناد، وأبو عوانة 1/30 من طريق أبي عمر الكوفي، وابن منده في الإيمان 331 من طريق زكريا بن عدي، وإسحاق بن إبراهيم، وعبد الله بن محمد العبسي، ومحمد بن العلاء ، ستتهم عن أبي معاوية، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/624، وأحمد 2/495، وابن ماجة 3692 ، وأبو عوانة 1/30، وابن منده 329 من طريق عبد الله بن نمير، وأحمد 2/442 و477، ومسلم 54 93 ، وابن ماجة 68 ، وأبو عوانة 1/30، وابن منده 328 و 332 ، والبغوي في شرح السنة 3300 من طريق وكيع، وأحمد 2/391 من طريق شريك، ومسلم 54 94 ، وابن منده 332 من طريق جرير بن عبد الحميد، وأبو داوُد 5193 في الأدب: باب في إفشاء السلام، وأبو عوانة 1/30، وابن منده 330 وأخرجه أحمد 2/512 من طريق أسود بن عامر، عن أبي بكر، عن عاصم، عن أبي صالحوأخرجه البخاري في الأدب المفرد 980 ، وابن منده 333

حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَا تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَمْرٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بينكم. (1:2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے' تم لوگ اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہو گے جب تک تم مومن نہیں ہو جاتے اور تم اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے' جب تک ایک دوسرے سے محبت نہیں رکھتے۔ کیا میں ایسی چیز کے بارے میں تمہاری رہنمائی نہ کروں کہ جب وہ تم کر لو گے' تو تمہارے درمیان محبت پیدا ہو جائے گی' تم اپنے درمیان سلام کو پھیلاؤ''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ وُجُوْدِ حَلَاوَةِ الْاِيْمَانِ لِمَنْ اَحَبَّ قَوْمًا لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

جو شخص اللہ کے لئے کسی قوم سے محبت رکھتا ہے' اس کے لئے ایمان کی حلاوت کی موجودگی کے اثبات کا تذکرہ

237 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَالرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ لَا يُحِبُّهُمْ اِلَّا فِی اللّٰهِ وَالرَّجُلُ اِنْ قُذِفَ فِی النَّارِ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَّرْجِعَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا. (1:2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین چیزیں ایسی ہیں' جو کسی شخص میں ہوں گی' تو وہ ایمان کی حلاوت کو پا لے گا۔ وہ شخص کہ اللہ اور اس کا رسول' اس کے نزدیک ان دونوں کے علاوہ ہر چیز سے زیادہ محبوب ہوں۔

ایک وہ شخص جو کسی قوم کے ساتھ محبت رکھتا ہو اور وہ صرف اللہ کی رضا کے لئے ان لوگوں سے محبت رکھتا ہو۔

اور ایک وہ شخص جسے آگ میں ڈالا جانا' اس سے زیادہ محبوب ہو کہ وہ دوبارہ یہودی یا عیسائی ہو جائے۔

237- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 3/174 و248 عن المؤمل بن إسماعيل وعفان بن مسلم، و3/230 عن يونس وحسن بن موسى، ومسلم 43 68 في الإيمان: باب بيان خصال من اتصف بهن وجد حلاوة الإيمان، من طريق النضر بن شميل، وابن منده في الإيمان 283 من طريق حجاج بن منهال، كلهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي 1959، وأحمد 3/172 و275، والبخاري 21 في الإيمان: باب من كره أن يعود في الكفر، و 6041 في الأدب: باب الحب في الله، ومسلم 43 68 في الإيمان، والنسائي 8/96 في الإيمان: باب حلاوة الإيمان، وابن ماجة 4033 في الفتن: باب الصبر على البلاء، وابن المبارك في الزهد 827، وابن منده 282، والبغوي 21 من طريق 237–وأخرجه النسائي 8/94 في الإيمان وشرائعه: باب طعم الإيمان. وأخرجه أيضًا 8/97 عن علي بن حجر، عن إسماعيل، عن حميد عن أنس،. وأخرجه الطبراني في الكبير 724؛ و الصغير 1/257 _ 258 .

238 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَاَنْ يُحِبَّ الْمَرْءَ لا يحبه إلا الله وَاَنْ يَكْرَهَ اَنْ يَعُوْدَ فِى الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ اَنْ تُوْقَدَ لَهُ نَارٌ فَيُقْذَفَ فِيْهَا . (1:93)

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین خصوصیات جس شخص میں ہوں گی' وہ ایمان کی حلاوت کو پالے گا۔ ایک یہ کہ اللہ اور اس کا رسول' اس کے نزدیک ان دونوں کے علاوہ ہر چیز سے زیادہ محبوب ہوں۔

(دوسری) یہ کہ وہ کسی شخص کے ساتھ محبت رکھتا ہو اور وہ صرف اللہ کے لئے اس سے محبت رکھتا ہو۔

اور (تیسری) یہ کہ وہ کفر کی طرف واپس جانے کو اسی طرح ناپسند کرے' جس طرح وہ اس بات کو ناپسند کرتا ہے کہ آگ جلا کر اسے اس آگ میں ڈال دیا جائے''۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِ لِاَخِيْهِ الْمُسْلِمِ مِنَ الْقِيَامِ فِىْ اَدَاءِ حُقُوْقِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ ایک مسلمان پر اپنے مسلمان بھائی کے حقوق کی ادائیگی کو پورا کرنا واجب ہے

239 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثٌ كُلُّهُنَّ عَلَى الْمُسْلِمِ عِيَادَةُ الْمَرِيْضِ وَشُهُوْدُ الْجَنَازَةِ وَتَشْمِيْتُ الْعَاطِسِ اِذَا حَمِدَ اللّٰه . (3:32)

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین باتیں ہر مسلمان پر لازم ہیں' بیمار کی عیادت کرنا' جنازے میں شریک ہونا اور چھینکنے والا شخص جب ''الحمدللہ'' کہے

238- إسناده صحيح على شرط الشيخين، عبد الوهّاب هو ابن عبد المجيد الثقفي، ثقة تغير قبل موته بثلاث سنين، لكنه لم يحدث في زمن التغيير، إذ حجب الناس عنه، كما ذكره العقيلي في الضعفاء 3/75، ولم ينفرد به كما في الحديث السابق . وأخرجه البخاري 16 في الإيمان: باب حلاوة الإيمان، وابن منده في الإيمان 281 من طريق محمد بن المثنى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/103، والبخاري 6941 في الإكراه: باب من اختار الضرب والقتل والهوان على الكفر، ومسلم 43 في الإيمان: باب بيان خصالٍ من اتصف بهن وجد حلاوة الإيمان، والترمذي 2624 في الإيمان، وابن منده 281 ، من طرق عن عبد الوهاب الثقفي، بهذا الإسناد.

239- إسناده حسن، عمر بن أبي سلمة: صدوق يخطىء، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه الطيالسي 2342 عن أبي عوانة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/356 عن يحيى بن إسحاق، و 357 عن إسحاق بن عيسى، و 388 عن عفان بن مسلم، والبخاري في الأدب المفرد 519 عن مالك بن إسماعيل، أربعتهم عن أبي عوانة، بهذا الإسناد . وسيورده برقم 241 من طريق ابن المسيب، عن أبي هريرة . وبرقم 242 من طريق العلاء ، عن أبيه، عن أبي هريرة. وفي الباب عن أبي مسعود في الحديث التالي.

تو اسے جواب دینا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُرِدْ بِهٰذَا الْعَدَدِ الْمَذْكُورِ نَفْيًا عَمَّا وَرَاءَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مصطفیٰ کریم ﷺ نے اس مذکورہ عدد سے مراد
یہ نہیں لیا کہ اس کے علاوہ کی نفی کردی جائے

240 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ حَكِيمِ بْنِ اَفْلَحَ عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ اَرْبَعُ خِلَالٍ يَعُودُهُ اِذَا مَرِضَ وَيَشْهَدُهُ اِذَا مَاتَ وَيُشَمِّتُهُ اِذَا عَطَسَ ويجيبه إذا دعاه. (3:32)

✿✿ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چار حق ہیں۔ جب وہ بیمار ہو جائے' تو اس کی عیادت کرے' جب وہ فوت ہو جائے' تو اس کے جنازے میں شریک ہو' جب وہ چھینکے' تو وہ اسے چھینک کا جواب دے اور جب وہ اس کی دعوت کرے' تو وہ اس کی دعوت قبول کرے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْعَدَدَ الَّذِي ذَكَرَهُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَبَرِ اَبِي مَسْعُودٍ لَمْ يُرِدْ بِهِ النَّفْيَ عَمَّا وَرَاءَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ عدد جس کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں کیا ہے اس سے یہ مراد نہیں ہے: اس کے علاوہ کی نفی کردی جائے

241 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ رَدُّ السَّلَامِ وَعِيَادَةُ الْمَرِيضِ وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ وَاِجَابَةُ

240–وأخرجه أحمد 5/273، والبخاري في الأدب المفرد برقم 923 عن علي بن عبد الله، وابن ماجة 1434 في الجنائز: باب ما جاء في عيادة المريض؟

241– إسناده صحيح على شرط البخاري باب الأمر باتباع الجنائز، والنسائي في عمل اليوم والليلة 221، والطحاوي في مشكل الآثار 1/222، و4/150، والبيهقي في السنن 3/386، من طرق عن الأوزاعي، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي 2299 عن زمعة، ومسلم 2162 في السلام: باب من حق المسلم للمسلم، ردّ السلام، من طريق يونس بن يزيدن كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه عبد الرزاق 19679 .

الدعوة وتشميت العاطس. (3:32)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں۔ سلام کا جواب دینا، بیمار کی عیادت کرنا، جنازے کے ساتھ جانا، دعوت کو قبول کرنا اور چھینکنے والے کا جواب دینا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْعَدَدَ الْمَذْكُورَ فِىْ خَبَرِ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ لَمْ يُرِدْ بِهِ النَّفْىَ عَمَّا وَرَاءَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سعید بن مسیّب سے منقول روایت میں مذکور ''عدد'' سے مراد یہ نہیں ہے: اس کے علاوہ کی نفی کردی جائے

242 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ قَالُوْا: مَا هُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: اِذَا لَقِيَهُ سَلَّمَ عَلَيْهِ وَاِذَا دَعَاهُ اَجَابَهُ وَاِذَا اسْتَنْصَحَ نَصَحَهُ وَاِذَا عَطَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ يُشَمِّتُهُ وَاِذَا مرض عاده وإذا مات صحبه. (3:32)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون سے ہیں؟ آپ نے فرمایا: جب وہ اس سے ملاقات کرے' تو اسے سلام کرے اور جب وہ اس کی دعوت کرے' تو وہ اسے قبول کرے اور جب وہ اس سے خیر خواہی کا طلب گار ہو' تو اس کی خیر خواہی کرے اور جب وہ چھینک کر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے' تو یہ اسے جواب دے' جب وہ بیمار ہو' تو اس کی عیادت کرے اور جب وہ فوت ہو جائے' تو یہ اس کے جنازے کے ساتھ جائے''۔

242- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه البخارى فى الأدب المفرد 991 من طريق مالك، عن العلاء بن عبد الرحمٰن، بهذا الإسناد. وفيه خمس . وأخرجه أحمد 2/372، ومسلم 2162 5 فى السلام، والبخارى فى الأدب المفرد 925 ، والبيهقى فى السنن 5/347 و10/108، والبغوى 1405 من طريق إسماعيل بن جعفر، وأحمد 2/412 من طريق عبد الرحمٰن بن إبراهيم القاص، كلاهما عن العلاء ، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذى 2737 فى الأدب: باب ما جاء فى تشميت العاطس والنسائى 4/53 فى الجنائز: باب النهى عن سب الأموات، كلاهما عن قتيبة بن سعيدن عن محمد بن موسى المخزومى المدنى، عن سعيد بن أبى سعيد المقبرى، عن أبى هريرة . وأخرجه أحمد 2/321 من طريق أبى عبد الرحمٰن، عن سعيد، عن عبد الله بن الوليد، عن ابن حجيرة، عن أبيه، عن أبى هريرة. وفى الباب عن البراء عند البخارى 1239 فى الجنائز، و 2445 فى المظالم، و 5175 فى النكاح، و 5635 فى الأشربة، و 5650 فى المرضى، و 5849 و 5863 فى اللباس، و 6222 فى الأدب، و 6235 فى الاستئذان، وفى الأدب المفرد 924 ، ومسلم 2066 ، والبيهقى فى السنن .10/108 وعن على عند الترمذى 2736 ، وعن أبى أيوب الأنصارى عند البخارى فى الأدب المفرد 922 ، والطحاوى فى مشكل الآثار 1/223 و.4/149

AlHidayah - الهداية

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُشْبِهُ الْمُسْلِمِينَ مِنَ الْأَشْجَارِ

اس روایت کا تذکرہ جس میں مسلمانوں کو درخت سے تشبیہ دی گئی ہے

243 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الضَّرِيْرُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمِ الْقَسْمَلِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ يُخْبِرُنِىْ عَنْ شَجَرَةٍ مَثَلُهَا مَثَلُ الْمُؤْمِنِ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِى السَّمَاءِ تُؤْتِىْ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا ؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَاَرَدْتُ اَنْ اَقُوْلَ هِىَ النَّخْلَةُ فَمَنَعَنِىْ مَكَانُ اَبِىْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِىَ النَّخْلَةُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاَبِىْ فَقَالَ: لَوْ قُلْتَهَا كَانَ اَحَبَّ اِلَىَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا اَحْسَبُهُ قَالَ: حمر النعم. (3:66)

❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کون شخص مجھے ایسے درخت کے بارے میں بتائے گا' جس کی مثال بندہ مومن کی طرح ہے' جس کی بنیاد مضبوط ہے' اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں۔ وہ ہر وقت اپنے پروردگار کے اذن کے تحت پھل دیتا ہے''۔

حضرت عبداللہ کہتے ہیں: میں نے یہ کہنے کا ارادہ کیا کہ یہ کھجور کا درخت ہے' لیکن اپنے والد صاحب کی موجودگی کی وجہ سے میں ایسا نہیں کر سکا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کھجور کا درخت ہے۔

(حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں بعد میں) میں نے اپنے والد سے اس بات کا تذکرہ کیا' تو انہوں نے فرمایا: اگر تم اس وقت یہ بات کہہ دیتے' تو میرے نزدیک اس چیز سے زیادہ محبوب تھا۔

راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے' روایت میں یہ الفاظ ہیں: سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہوتا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مَا يُشْبِهُ الْمُسْلِمَ مِنَ الشَّجَرِ

اس روایت کا تذکرہ جس میں مسلمان کی درخت سے تشبیہ کی صفت بیان کی گئی ہے

243- إسناده صحيح. أبو عمر الضرير ومن فوقه على شرطهما . وأخرجه أحمد 2/123، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/61، والبخارى 131 فى العلم: باب الحياء فى العلم عن إسماعيل بن أبى أويس، والترمذى 2867 فى الأمثال: باب ما جاء فى مثل المؤمن القارء للقرآن من طريق معن، وابن منده 188 من طريق القعنبى، أربعتهم عن مالك، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، به. وأخرجه أحمد 2/61 أيضًا عن عبد الملك بن عمر، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، به . وأخرجه الحميدى 677 ، وأحمد 2/157، من طريق سفيان، والبخارى 62 فى العلم: باب طرح الإمام المسألة على أصحابه. وسيورده المؤلف برقم 246 من طريق إسماعيل بن جعفر، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، به. وأخرجه أحمد 2/31، والبخارى 6122 فى الأدب: باب ما لا يستحيى من الحق للتفقه فى الدين، وابن منده 190 من طريق شعبة، عن محارب بن دثار، عن ابن عمر. وأخرجه البخارى 4698 فى التفسير: باب (كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ ...) ، و 6144 فى الأدب: باب إكرام الكبير، ومسلم 2811 . وسيرد بعده من طريقين عن مجاهد، عن ابن عمر.

244- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مجاهد عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اُتِیَ بِجُمَّارٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةٌ بَرَكَتُهَا كَالْمُسْلِمِ قَالَ: فَاُرِيتُ اَنَّهَا النَّخْلَةُ ثُمَّ نَظَرْتُ اِلَى الْقَوْمِ فَاِذَا اَنَا عَاشِرُ عَشَرَةٍ وَاَنَا اَحْدَثُ الْقَوْمِ فَسَكَتُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِیَ النَّخْلَةُ. (3:28)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران "جمار" (کھجور کے درخت کا گوند) لایا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک درخت ایسا ہے' جس کی برکت مسلمان کی مانند ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے خیال آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہوگا۔ پھر میں نے حاضرین کا جائزہ لیا' تو میں وہاں دس آدمیوں میں سے دسواں فرد تھا' اور میں وہاں سب سے کم سن تھا۔ اس لئے میں خاموش رہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے۔

245- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو الطَّيِّبِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ ابی الخليل عن مجاهد عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا لِاَصْحَابِهٖ: اَخْبِرُوْنِیْ عَنْ شَجَرَةٍ مَثَلُهَا مَثَلُ الْمُؤْمِنِ قَالَ: فَجَعَلَ الْقَوْمُ يَتَذَاكَرُوْنَ شَجَرًا مِنْ شَجَرِ الْوَادِیْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاُلْقِیَ فِیْ نَفْسِیْ اَوْ رُوْعِیْ اَنَّهَا النَّخْلَةُ قَالَ: فَجَعَلْتُ اُرِيْدُ اَنْ اَقُوْلَ فَاَرٰی اَسْنَانًا مِنَ الْقَوْمِ فَاَهَابُ اَنْ اَتَكَلَّمَ فَلَمْ يَكْشِفُوا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِیَ النَّخْلَةُ.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: مجھے ایسے درخت کے بارے میں بتاؤ! جس کی مثال بندہ مومن کی طرح ہے۔

راوی کہتے ہیں: لوگ جنگلات کے مختلف درختوں کے بارے میں بات چیت کرنے لگے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے ذہن میں خیال آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہوسکتا ہے۔ پہلے میں یہ بات کہنے لگا' لیکن جب میں نے حاضرین کی عمر کا جائزہ لیا' تو

244- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أحمد 2/41 عن أبى معاوية، والبخارى 5444 فى الأطعمة: باب أكل الجُمّار، من طريق حفص بن غياث، كلاهما عن الأعمش، به. وأخرجه الحميدى 676، وأحمد 2/12و115، والبخارى 72 فى العلم: باب الفهم فى العلم، و 2209 فى البيوع: باب بيع الجُمّار وأكله، و 5448 فى الأطعمة: باب بركة النخلة، ومسلم 2811 فى صفات المنافقين: باب مثل المؤمن مثل النخلة، والبزار 43.

245- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو كامل الجحدرى: هو فضيل بن حسين، وأبو الخليل: هو صالح بن أبى مريم، وأخرجه مسلم 2811 64 فى صفات المنافقين: باب مثل المؤمن مثل النخلة، وابن منده 189.

AlHidayah - الهداية

مجھے بات کرنے کی ہمت نہیں ہوئی' کوئی بھی شخص اس سوال کا جواب نہیں دے سکا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ کھجور کا درخت ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

246 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لَا يَسْقُطُ وَرَقُهَا وَاِنَّهَا مِثْلُ الْمُسْلِمِ فَحَدِّثُوْنِيْ مَا هِيَ ؟ فَوَقَعَ النَّاسُ فِيْ شَجَرِ الْبَوَادِيْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ اَنَّهَا النَّخْلَةُ فَاسْتَحْيَيْتُ ثُمَّ قَالُوْا: حَدِّثْنَا مَا هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: هِيَ النَّخْلَةُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعُمَرَ فَقَالَ: لَاَنْ تَكُوْنَ قُلْتَ هِيَ النَّخْلَةُ اَحَبَّ اِلَيَّ من كذا و كذا. (3:53)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک درختوں میں سے ایک درخت ایسا ہے' جس کے پتے گرتے نہیں ہیں اور اس کی مثال مسلمان کی مانند ہے' تم لوگ مجھے بتاؤ وہ کون سا درخت ہے؟

لوگ جنگلات کے مختلف درختوں کے بارے میں غور وفکر کرنے لگے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے ذہن میں یہ آیا کہ یہ کھجور کا درخت ہے' لیکن مجھے شرم آ گئی۔

پھر لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیے کہ وہ کون سا درخت ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے۔

(راوی کہتے ہیں) بعد میں' میں نے اس کا تذکرہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کیا' تو انہوں نے فرمایا: اگر تم اس وقت یہ بات کہہ دیتے کہ یہ کھجور کا درخت ہے' تو یہ میرے نزدیک اس' اس چیز سے زیادہ محبوب ہوتی۔

ذِكْرُ تَمْثِيْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنَ بِالنَّخْلَةِ فِيْ اَكْلِ الطَّيِّبِ وَوَضْعِ الطَّيِّبِ

مصطفیٰ کریم ﷺ کا مومن کو شہد کی مکھی سے تشبیہ دینا' جو پاکیزہ چیز کھاتی ہے اور پاکیزہ چیز نکالتی ہے

247 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ وَكِيْعِ بْنِ عُدُسٍ عَنْ عَمِّهِ اَبِيْ رَزِيْنٍ قَالَ: قَالَ

246- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه فى صحيحه 2811 63 عن يحيى بن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 61 فى العلم: باب قول المحدث: حدثنا أو أخبرنا، ومسلم 2811 63 فى صفات المنافقين، والبغوى 143 من طريق قتيبة وعلى بن حجر، وتقدم برقم 243 فانظر تخريجه هناك.

AlHidayah - الهداية

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ النَّحْلَةِ لَا تَأْكُلُ إِلَّا طَيِّبًا وَلَا تَضَعُ إِلَّا طَيِّبًا. (1:2)

توضیحِ مصنف: قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ: شُعْبَةُ وَاهِمٌ فِي قَوْلِهِ: عُدُس إِنَّمَا هُوَ حُدُسٍ كما قاله حماد بن سلمة وأولئك.

❁❁ حضرت ابورزین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مومن کی مثال کھجور کے درخت کی مانند ہے جو صرف پاکیزہ چیز کھاتا ہے اور جو صرف پاکیزہ چیز دیتا ہے''۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: شعبہ نامی راوی کو روایت میں راوی کا نام ''عدس'' نقل کرنے میں وہم ہوا ہے۔ اصل لفظ ''حدس'' ہے جیسا کہ حماد بن سلمہ اور دیگر حضرات نے یہ لفظ بیان کیا ہے۔

247– حديث حسن. مؤمل بن إسماعيل سيّء الحفظ، ووكيع بن عُدُس لم يوثقه غير المؤلف. وأخرجه البخاري في التاريخ الكبير 7/248 من طريق حَرَميّ بن عمارة، والنسائي في التفسير، كما في التحفة 8/335، والطبراني في الكبير 19/ 460 من طريق محمد بن أبي عدي، والقضاعي 1353 و 1354 من طريق حجاج بن نصير، ثلاثتهم عن شعبة، به. ونسبه الهيثمي في المجمع 10/295 إلى الطبراني في الأوسط، وأعلّه بحجاج بن نصير.

AlHidayah - الهداية

فَصْلٌ: ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ مَنْ أَكْفَرَ إِنْسَانًا فَهُوَ كَافِرٌ لَا مَحَالَةَ

(فصل: اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص کسی انسان کو کافر قرار دے تو وہ لازمی طور پر کافر ہو جاتا ہے)

248 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ حَدَّثَنَا سلمة بن الفضل عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا أَكْفَرَ رَجُلٌ رَجُلًا قَطُّ إِلَّا بَاءَ أَحَدُهُمَا بِهَا إِنْ كَانَ كَافِرًا وَإِلَّا كَفَرَ بِتَكْفِيرِهِ. (2:54)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب بھی کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو کافر قرار دے تو وہ کفر ان دونوں میں سے کسی ایک شخص کی طرف لوٹ آتا ہے۔ اگر وہ (دوسرا شخص) کافر ہو (تو ٹھیک ہے) ورنہ (پہلا شخص) اسے کافر قرار دینے کی وجہ سے کافر ہو جاتا ہے''۔

